دار العلم والعمل فرنگی محل لکھنؤ کے علما و مشائخ کے احوال و آثار پر
۱۱۵ / برس قدیم مستند تذکرے کا عربی متن، ترجمہ، تدوین و تحشیہ

علمائے فرنگی محل

[آثَارُ الأُوَلُ مِنْ عُلَمَاءِ فَرَنْگِیْ مَحَلُ]

طالبِ دعا محمد ساجد صدیقی



تصنیف
مولانا قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی

ترجمہ، تدوین، تحشیہ
ڈاکٹر خوشتر نورانی

دارالعلم والعمل فرنگی محل لکھنؤ کے علما ومشائخ کے احوال وآثار پر
۱۱۵؍برس قدیم مستند تذکرے کا عربی متن، ترجمہ، تدوین وتحشیہ

علمائے فرنگی محل

[آثارُ الأُوَل مِنْ عُلَمَاءِ فَرَنْگِی مَحَلْ]

تصنیف
مولانا قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی
[وفات: ۱۹۲۶ء]

ترجمہ، تدوین، تحشیہ
ڈاکٹر خوشتر نورانی

ادارۂ فکر اسلامی دھلی

فہرست

● انتساب 03
● عکس کتاب 04
● ملاحظات 19
● اظہاریہ (مترجم) 25

پہلا باب

[اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد]

111——37

● نسب 40
● ولادت 41
● تعلیم وتربیت 41
● علمی ذوق 42
● تصوف کی تعلیم اور بیعت واجازت 43
● اجازت حدیث 44
● ازدواجی زندگی 45
● درس وتدریس 45
● بیعت وارشاد اور منصب سجادگی 47

- تصنیف وتالیف 48
- وسیع المشربی اور تعمیر ملت 51
- فرنگی محل میں ''مدرسہ عالیہ نظامیہ'' کا قیام 53
- سیاسی وملی فتوحات 58
- خلافت عثمانیہ سے جذباتی وابستگی کے اسباب 61
- پہلا سبب 61
- دوسرا سبب 61
- تیسرا سبب 61
- چوتھا سبب 62
- پانچواں سبب 62
- جنگ یونان وروم میں ترکوں کی فتح اور لکھنؤ میں جشن 62
- منٹو مارلے اصلاحات ۱۹۰۹ء کی حمایت 63
- مسلم لیگ کے مرکزی دفتر کی منتقلی 64
- خلافت عثمانیہ (ترکی) کی حمایت وتعاون 64
- جنگ طرابلس 65
- جنگ بلقان میں مولانا فرنگی محلی کے تیور 66
- انجمن ''خدام کعبہ'' کا قیام 67
- سانحہ مسجد کانپور 70
- جنگ عظیم میں حرمین کے تحفظ کی جدوجہد 72
- شریف مکہ کی بغاوت اور مولانا فرنگی محلی کی مستقبل شناسی 75
- وزیر ہند سے قضاۃ کی تقرری کے اختیارات کی کوشش 77
- مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں شرکت 79
- ''آل انڈیا خلافت کمیٹی'' کی بنیاد 80

دارالعلم والعمل فرنگی محل لکھنؤ کے علما و مشائخ کے احوال و آثار پر
۱۱۵ر برس قدیم مستند تذکرے کا عربی متن، ترجمہ، تدوین و تحشیہ

علماے فرنگی محل

[آثارُ الأُوَلْ مِنْ عُلَمَاءِ فَرَنْگِیْ مَحَلْ]

تصنیف
مولانا قیام الدین عبد الباری فرنگی محلی
[وفات: ۱۹۲۶ء]

ترجمہ، تدوین، تحشیہ
ڈاکٹر خوشتر نورانی

ادارۂ فکر اسلامی دهلی

© ادارۂ فکر اسلامی، دہلی

کتاب: علماے فرنگی محل [الطاف الرحمٰن بذکر علماء فرنگی محل]
مصنف: مولانا محمد قیام الدین عبد الباری فرنگی محلی [وفات: ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۶ء]
ترجمہ، تدوین، تحشیہ: ڈاکٹر خوشتر نورانی
صفحات: 478
پہلی اشاعت: جون 2020 (ورلڈ ویو پبلشرز، لاہور)
دوسری اشاعت: جولائی 2020 (ادارۂ فکر اسلامی، دہلی)
ناشر: ادارۂ فکر اسلامی، دہلی
تقسیم کار: مکتبہ جام نور، دہلی
قیمت: -/400 روپے

Tazkeraye Ulamaye Farangi Mahal
Author:
Maulana M. Qayamuddin Abdul Bari Farangi Mahli
Translated,compiled and Annotated:
Dr.Khushtar Noorani

دست یابی کا پتہ: مکتبہ جام نور، 422 مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی
فون: 23261418-23281418-11-91+ موبائل: 9958093786-91+
ای میل (تحقیق کار): k_noorani@yahoo.com

دبستان فرنگی محل

کے نام

متحدہ ہندوستان میں پچھلی تین صدیوں سے اب تک جس نے بھی علوم دینیہ
کی دستار فضیلت باندھی، اس کا شجرۂ تلمذ اسی دبستان علم وفن پر تمام ہوا

''آغاز الاوّل من علماء فرنگی محل'' کے سرورق کا عکس



اغاز الاول

من

علماء فرنگی محل

طبع ثانی

"الآثار الاول من علماء فرنگی محل" کے درمیانی صفحے کا عکس



"الآثار الأُوَل من علماء فرنگی محل" کے آخری صفحے کا عکس



فہرست

- انتساب 03
- عکس کتاب 04
- ملاحظات 19
- اظہاریہ (مترجم) 25

پہلا باب

[اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد]

37—111

- نسب 40
- ولادت 41
- تعلیم وتربیت 41
- علمی ذوق 42
- تصوف کی تعلیم اور بیعت واجازت 43
- اجازت حدیث 44
- ازدواجی زندگی 45
- درس وتدریس 45
- بیعت وارشاد اور منصب سجادگی 47

- تصنیف وتالیف 48
- وسیع المشربی اور تعمیر ملت 51
- فرنگی محل میں "مدرسہ عالیہ نظامیہ" کا قیام 53
- سیاسی وملی فتوحات 58
- خلافت عثمانیہ سے جذباتی وابستگی کے اسباب 61
- پہلا سبب 61
- دوسرا سبب 61
- تیسرا سبب 61
- چوتھا سبب 62
- پانچواں سبب 62
- جنگ یونان وروم میں ترکوں کی فتح اور لکھنؤ میں جشن 62
- منٹو مارلے اصلاحات ۱۹۰۹ء کی حمایت 63
- مسلم لیگ کے مرکزی دفتر کی منتقلی 64
- خلافت عثمانیہ (ترکی) کی حمایت وتعاون 64
- جنگ طرابلس 65
- جنگ بلقان میں مولانا فرنگی محلی کے تیور 66
- انجمن "خدام کعبہ" کا قیام 67
- سانحہ مسجد کان پور 70
- جنگ عظیم میں حرمین کے تحفظ کی جدوجہد 72
- شریف مکہ کی بغاوت اور مولانا فرنگی محلی کی مستقبل شناسی 75
- وزیر ہند سے قضاۃ کی تقرری کے اختیارات کی کوشش 77
- مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں شرکت 79
- "آل انڈیا خلافت کمیٹی" کی بنیاد 80

- مسئلہ خلافت پر علمائے ہند کا فتویٰ 83
- "جمعیۃ العلماء" کا قیام 88
- ہندو مسلم اتحاد اور قربانی گاؤ 90
- یورپ میں خلافت کا وفد 96
- ابن سعود کے حملے کی مذمت اور "خدام الحرمین" کی تشکیل 99
- غروب آفتاب فضل وکمال 107

دوسرا باب

[عربی متن]

209——113

تیسرا باب

[ترجمہ عربی متن]

308——211

- مقدمہ مصنف 213
- کتب مصادر 215
- نسب نامہ 217
- ملا قطب الدین شہید سہالوی 221
- فرنگی محل کی وجہ تسمیہ 224

الف

[1] ملا محمد اسعد 225
[2] ملا احمد عبد الحق 225
[3] ملا احمد انوار الحق 227
[4] ملا اسرار الحق 228

[5] ملا امین الحق 229
[6] ملا محمد احمد 229
[7] ملا ازہار الحق 229
[8] مفتی احمد ابوالرحم 230
[9] ملا محمد اکبر 230
[10] مفتی محمد اصغر 230
[11] ملا امین اللہ 231
[12] ملا اسد اللہ 231
[13] ملا احمد حسین 232
[14] ملا محمد اسحق 232
[15] ملا امان الحق 233
[16] ملا محمد اکرم 233
[17] ملا افہام اللہ 234

ب

[18] ملا برہان الحق 235

ج

[19] ملا جمال الدین احمد 236

ح

[20] ملا محمد حامد 237
[21] ملا حسن 237
[22] ملا محمد حبیب اللہ 238

[23] ملا محمد حیدر 239
[24] ملا حبیب اللہ 241
[25] ملا حفیظ اللہ 242
[26] ملا ابوالحسن محمد صالح 243

ــــــ خ ــــــ

[27] ملا خلیل اللہ ابن غلام یحییٰ 244
[28] ملا خلیل اللہ ابن حفیظ اللہ 244
[29] ملا خادم احمد 245
[30] ملا خیر اللہ 246

ــــــ ر ــــــ

[31] ملا محمد رضا 247
[32] ملا رحمت اللہ 247

ــــــ س ــــــ

[33] ملا محمد سعید 249
[34] ملا سلام اللہ 249
[35] ملا سراج الحق 250
[36] ملا سعد الدین 250

ــــــ ص ــــــ

[37] ملا محمد صفدر 251
[38] ملا صمصام الحق 251

ــــــ ظ ــــــ

[39] ملا ظہور الحق 252
[40] مفتی ظہور اللہ 252

[41] ملا ظہور علی 253
[42] ملا ظہور الحسن 254

ع

[43] ملا علاء الدین 255
[44] ملا عبدالعزیز ابن ملا سعید 255
[45] ملا عبدالقدوس 256
[46] ملا عبدالرحیم 256
[47] ملا عبدالوہاب ابن عبدالرحیم 256
[48] ملا عبدالاحد شمشاد 257
[49] ملا عبدالعزیز ابن عبدالرحیم 257
[50] ملا عبدالسلام محمد بقا 257
[51] مفتی عبدالقیوم محمد قائم 258
[52] مفتی عبدالقادر 258
[53] ملا عبدالوالی 258
[54] ملا عزیز اللہ 259
[55] ملا علی محمد 259
[56] ملا عبدالباقی 260
[57] ملا عبدالہادی 261
[58] ملا عبدالرزاق 262
[59] ملا عبدالباسط 263
[60] ملا عبدالوہاب 264
[61] ملا عبدالرؤف 265
[62] مولانا محمد قیام الدین عبدالباری 265

253	[63]	ملا عبدالحلیم	269
254	[64]	مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی	271
	[65]	بحرالعلوم ملا عبدالعلی	276
255	[66]	ملا عبدالاعلیٰ	277
255	[67]	ملا عبدالواحد	278
256	[68]	ملا عبدالواجد	278
256	[69]	ملا عبدالنافع	279
256	[70]	ملا عبدالجامع	279
257	[71]	ملا عبدالرحمن	279
257	[72]	ملا محمد عبدالغفار	279
257	[73]	ملا عبدالعلی کنی بابی تراب	280
258	[74]	ملا عبدالرب	280
258	[75]	ملا عبدالحکیم	281
258	[76]	ملا عبدالحلیم ابوالحیا	281
259	[77]	ملا عبدالخالق	281
259	[78]	مولوی محمد عبدالغنی	282
260	[79]	ملا عبدالمجید ابوالغنا	282
261	[80]	مولوی عبدالرشید	282
262	[81]	حافظ عبدالماجد	282
263	[82]	ملا عبدالحمید	283
264	[83]	ملا عبادالحق	283
265	[84]	ملا عظمت اللہ	284
265	[85]	ملا علیم اللہ	284

غ

[86] ملا غلام مصطفیٰ 285
[87] ملا غلام دوست محمد 285
[88] ملا غلام یحییٰ 286
[89] ملا غلام ذکریا 286
[90] ملا غلام محمد 287
[91] ملا محمد غضنفر 287

ف

[92] ملا ابوالفضل 288
[93] ملا فضل اللہ 288

ق

[94] مولانا قطب الدین 289

ک

[95] ملا ابوالکرم 290
[96] ملا کرامت اللہ 290

ل

[97] ملا لمعان الحق 292

م

[98] ملا مراد اللہ 294
[99] ملا محب اللہ 294
[100] ملا محمد مبین 295
[101] ملا محمد محسن 295
[102] ملا محمد مہدی 296

ـــــ ن ـــــ

[103] ملا کلام الدین محمد 297
[104] ملا نور الحق 298
[105] ملا کلام الحق 298
[106] ملا حکیم نصیر الحق 298
[107] ملا نور اللہ 299
[108] ملا نعمت اللہ 300
[109] ملا محمد نعیم اللہ 301
[110] ملا کلام الدین ابن کلام یحییٰ 302
[111] ملا محمد نعیم 303

ـــــ و ـــــ

[112] ملا محمد ولی 304
[113] ملا ولی اللہ 304

ـــــ ی ـــــ

[114] مفتی محمد یعقوب 307
[115] مفتی محمد یوسف ابن محمد اصغر 307
[116] مفتی محمد یوسف ابن محمد قاسم 308

[متن میں بعض علما کا ضمنی تذکرہ]

● مولوی محمد یوسف 232
● مولوی محمد عیسیٰ 233
● مولوی محمد یعقوب 232

● مولوی رعایت اللہ 239
● مولوی عبداللہ 245
● مولوی مسیح اللہ 245
● ملا افضل حسن 254
● ملا محمد ابراہیم 260
● مولوی شرافت اللہ 290
● مولوی ہدایت اللہ 291
● مولوی سلامت اللہ 291
● مولوی عنایت اللہ 291
● ملا شمس الحق 292
● ملا وہاج الحق 292
● ملا امتیاز الحق 293
● ملا احمد اللہ 300
● ملا برکت اللہ 300
● ملا احسان اللہ 301
● ملا مجیب اللہ 302
● ملا محب اللہ 302
● ملا انعام اللہ 305
● ملا افضال اللہ 306
● ملا صفی اللہ 306

[والدۂ ماجدہ]
314——309

چوتھا باب

[حواشی و تعلیقات]

315—421

ضمیمہ

[تعارف کتب مصادر]

423—433

وضاحتی اشاریہ

435—474

- اشخاص 437
- اسمائے کتب 458

کتابیات

475—478

ملاحظات

[اس تذکرے کے مطالعے سے قبل مندرجۂ ذیل ملاحظات کا مطالعہ مفید ہوگا]

ایک سو پندرہ سالہ قدیم اس مستند تذکرے کے عربی متن کے اردو ترجمے، اس کی تدوین، ترتیب، تحقیق اور ان پر حواشی و تعلیقات کے حوالے سے اصولِ تحقیق و تدوینِ متن کی روشنی میں تحقیق کار نے مندرجۂ ذیل کام انجام دیے ہیں:

- مصنف نے اس تذکرے کا نام آثار الاول من علماء فرنگی محل رکھا تھا۔ موجودہ عہد میں اس نام کی تفہیم اور ادائیگی آسان نہیں ہے، اس لیے راقم نے مذکورہ نام کے آخری حصے کو کتاب کا عرفی نام "علمائے فرنگی محل" رکھ دیا ہے۔
- "آثار الاول" کی پہلی اشاعت ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء میں "مطبع مجتبائی" لکھنؤ سے ہوئی۔ اس کے بعد یہ شائع نہیں ہو سکی۔ راقم کو اسی اشاعت کے متعدد نسخے رضا لائبریری رام پور، کتب خانہ قادریہ بدایوں، پنجاب پبلک لائبریری لاہور اور مولانا ابوالکلام آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے ملے۔ ان تمام مطبوعہ نسخوں کی مدد سے اس کے عربی متن کو مرتب و مدون کیا گیا اور پھر اس کا اردو ترجمہ کیا گیا ہے۔
- کتاب کی اشاعت کے بعد عربی متن میں اچھی خاصی غلطیاں رہ گئی تھیں، اس لیے مصنف نے کتاب کے آخر میں ایک صفحے میں "اغلاط نامہ" شائع کیا تھا، جس میں صفحہ و سطر کی قید کے ساتھ ایک کالم میں اغلاط اور اس کے متوازی دوسرے کالم میں تصحیح درج کی گئی تھی۔ تحقیق کار نے

"اغلاط نامہ" کے مطابق اصل مقام پر تصحیح کردی ہے، اس لیے "یہ اغلاط نامہ" شائع نہیں کیا ہے۔ تاہم اس "اغلاط نامہ" کے باوجود کافی غلطیاں باقی رہ گئی تھیں، جن کی ترتیب جدید اور ترجمے کے دوران اس طور پر تصحیح کی گئی ہے کہ متن میں اغلاط کتابت کو علی حالہ باقی رہنے دیا گیا ہے اور اس کے بعد اس بریکٹ[ ] کے اندر تصحیح درج کردی گئی ہے۔

- مصنف نے کتاب کی کوئی فہرست مرتب نہیں کی تھی، موجودہ تحقیقی اسلوب کے پیش نظر اس تذکرے کی فہرست مرتب کی گئی ہے۔
- مصنف نے یہ کتاب کسی کے نام معنون نہیں کی تھی، کتاب کے موضوع کی مناسبت سے اس کی ترتیب جدید، تحقیق، تدوین اور ترجمے کے بعد اس کو "دبستان فرنگی محل" کے نام منسوب کیا گیا ہے۔
- مصنف نے یہ تذکرہ الف بائی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کیا ہے، تاہم شخصیات کے تذکروں میں یہ ترتیب برقرار نہ رہ سکی، جیسے "حرف الف" کے تحت ملا محمد اکبر کے بعد ملا محمد اصغر کا ذکر ہے، جب کہ اس کے برعکس ہونا چاہیے تھا، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ مصنف نے علما کے تذکروں میں الف بائی ترتیب کے ساتھ نسبی رشتے کا بھی لحاظ رکھا ہے، چوں کہ ملا اکبر، ملا اصغر کے بڑے بھائی ہیں، اس لیے ان کا ذکر پہلے کیا ہے۔ اسی طرح بعض مقامات پر الف بائی ترتیب کا بالکل بھی لحاظ نہیں رکھا گیا ہے، جیسے ملا ابو الکرم کا تذکرہ الف میں ہونا چاہیے تھا، مگر اسے "حرف کاف" کے تحت درج کیا گیا ہے۔ تحقیق کار نے مصنف کی اس ترتیب کو علی حالہ باقی رہنے دیا ہے۔
- عربی متن اور اس کے اردو ترجمے میں ہر شخصیت کے تذکرے کے آغاز سے قبل، تحقیق کار نے جدید تذکرہ نگاری کے مروجہ اسلوب کے پیش نظر بطور عنوان (ہیڈنگ) ان کا نام اور اس کے نیچے ان کے سنین وفات کا اضافہ کیا ہے، جب کہ اصل کتاب میں مصنف نے صرف ان کے نام کے ذکر پر اکتفا کیا تھا۔ واضح رہے کہ عربی متن میں سنہ وفات ہجری اور اردو ترجمے میں عیسوی درج کیا گیا ہے۔
- حواشی و تعلیقات کی کثرت اور طوالت کے پیش نظر مصنف کے عربی متن اور اس کے اردو

ترجمے کے بعد علیحدہ طور پر حواشی وتعلیقات کو درج کیا گیا ہے، یعنی پہلے ۱۱۶ شخصیات کے احوال پر مشتمل عربی متن ہے، اس کے بعد اس کا اردو ترجمہ، پھر حواشی وتعلیقات کو شامل کیا گیا ہے۔

- مصنف کے عربی متن اور اس کے اردو ترجمے میں ہر شخصیت کے تذکرے کے آغاز میں نمبر شمار دیا گیا ہے، جس کا سلسلہ نمبر [1] سے شروع ہو کر علی الترتیب [116] تک پہنچتا ہے۔ تحقیق کار کو جس شخصیت کے تذکرے کے ذیل میں حاشیہ تحریر کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی، متن میں دیے گئے اسی مخصوص نمبر شمار کے تحت حاشیہ لکھا ہے۔
- تحقیق کار نے تدوین وترتیب اور ترجمہ متن کے ضمن میں کسی بھی عبارت کا اضافہ کیا ہے وہاں اس بریکٹ [ ] کے اندر کیا ہے، یہ بریکٹ اس بات کی علامت ہے کہ متن کے درمیان اضافہ یا تصحیح تحقیق کار کی جانب سے کی گئی ہے۔

عربی متن کا اردو ترجمہ کرنے میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ نہ وہ بالکل لفظی ہو اور نہ ہی متن سے زیادہ۔ ترجمے کے دوران جملے کو مربوط کرنے کے لیے اگر کہیں متن سے زائد الفاظ آ گئے ہیں تو انھیں بھی اس بریکٹ [ ] کے اندر درج کیا گیا ہے، یہ بریکٹ اس بات کی علامت ہے کہ یہ مترجم کے اضافی الفاظ ہیں۔

- بعض مقامات پر اگر توضیح متن کی ضرورت محسوس ہوئی ہے تو وہاں متن کے نیچے "فٹ نوٹ" کے طور پر حواشی لکھے گئے ہیں، ایسے تمام حواشی تحقیق کار کی جانب سے ہیں۔
- زمانہ قدیم کے مروج اسلوب اور طریقے کے مطابق متن میں تمام شخصیات کی ولادت ووفات کی تاریخ وسنہ، نیز دیگر سنین بھی سنہ ہجری کے حساب سے درج ہیں، ایسے تمام تاریخ وسنین کے برابر میں اس بریکٹ [ ] کے اندر ہجری تاریخ وسنہ سے مطابقت کر کے عیسوی تاریخ وسنہ لکھا گیا ہے۔
- سنہ ہجری اور عیسوی کے درمیان مطابقت کے لیے تحقیق کار نے دو ویب سائٹس کی مدد لی ہے، ایک Islamic Finder کی ویب سائٹ (www.islamicfinder.org) اور دوسری (www.islamicity.org)، ان کے سوفٹ ویئر بنانے والوں نے لکھا ہے کہ ان

کے Conversion میں بھی ایک دن کا فرق ممکن ہے۔

● متن میں جن شخصیات کے سنین وصال کا ذکر نہیں ہے، اگر وہ معاصر تذکروں یا کہیں اور دستیاب ہو سکے تو انھیں حواشی میں ذکر کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح متن میں شخصیات سے متعلق کوئی اہم اور قابل ذکر بات رہ گئی ہے، یا کسی بات کی وضاحت مطلوب ہے تو اسے بھی اختصار کے ساتھ حواشی میں درج کیا گیا ہے۔ مصنف نے بہت سے علما کے احوال اپنے بیان کردہ اسلوب (Pattern) کے مطابق صرف چند جملوں میں لکھ دیے ہیں، ایسے تمام مشاہیر کا حواشی میں اجمالاً مگر جامع تعارف کرا دیا گیا ہے۔

● حواشی وتعلیقات میں ہر شخصیت کے ذیل میں جن اردو، عربی اور فارسی کے معاصر اور مستند تذکروں اور مخطوطات میں ان کے احوال شامل ہیں، اُن تمام اہم اور بنیادی مطبوعہ کتب اور قلمی مخطوطے کا ذکر صفحہ نمبر اور جلد کی تفصیل کے ساتھ درج کیا گیا ہے، تاکہ بیک نگاہ متعلقہ شخصیت کے احوال پر مشتمل مآخذ ومصادر آنے والے محققین اور ریسرچ اسکالرز کے سامنے آجائیں، جب کہ اُن مآخذ ومصادر کا مطبع، ایڈیشن اور سنہ اشاعت کی تفصیل ''کتابیات'' کے تحت لکھ دی گئی ہے۔

● قدیم کتب کی طرح اس تذکرے میں بھی عربی متن کے درمیان رموز واوقاف کا استعمال بالکل نہیں کیا گیا تھا، تحقیق کار نے اس کے اہتمام کی حتی الامکان کوشش کی ہے تاکہ متن کی قراءت آسان ہو سکے۔

● متن میں جہاں کہیں قرآنی آیت یا حدیث مذکور ہے، ان کا ترجمہ وتخریج کر دی گئی ہے۔

● مصنف نے جہاں کہیں بھی کسی کی چند تصنیفات وتالیفات کا ذکر کیا ہے، وہاں دو تصانیف کے درمیان ''واؤ عطف'' لگا کر کیا ہے، کیوں کہ کتاب میں پیراگرافنگ نہیں تھی، اس لیے واؤ معطوفہ کا التزام ضروری تھا، تحقیق کار نے تصانیف کے درمیان پیراگرافنگ کر کے یہ ● علامت دے دی ہے۔

● مصنف نے بعض مقامات پر حروف تہجی کی رعایت نہیں کی ہے اور نسبی قرابت کی وجہ سے ضمناً بعض حضرات کا ذکر اصل عنوان کے تحت مذکور علما کے ساتھ کر دیا ہے، ایسے حضرات کے ذکر کو ذیلی مان کر ان کے ناموں کو نمایاں کر دیا گیا ہے اور ان پر مستقل نمبرز نہیں لگائے گئے ہیں،

مثلاً ''حرف میم'' کے تحت ملا علی احمد کے تذکرے کے ذیل میں ان کے صاحب زادگان کا ذکر ہوا ہے، جن میں ملا محمد اور ملا امام بھی شامل ہیں۔ ان کو مصنف نے اصل عنوان کے تحت ذکر کیا تھا، انھیں اور ان جیسے ضمنی علما کو ذیلی عنوان کے تحت درج کر دیا گیا ہے، تاکہ قاری کو حروف تہجی کی مناسبت سے کسی طرح کا خلجان نہ ہو۔

- اس طرح کے تمام ضمنی علما کی ایک الگ فہرست بنائی گئی ہے اور انھیں فہرست مشمولات میں ''متن میں بعض علما کا ضمنی تذکرہ'' کے عنوان سے درج کیا گیا ہے۔
- تحقیق کار نے اس کتاب کو چار ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے باب میں مصنف کا تعارف پیش کیا گیا ہے، دوسرے باب میں عربی متن، تیسرے باب میں عربی متن کے ترجمے اور چوتھے باب میں تعلیقات و حواشی مندرج کیے گئے ہیں۔
- تحقیق کار نے کتاب کے آخر میں ایک ''ضمیمہ'' کا بھی اضافہ کیا ہے، جس کے تحت عربی متن کی ابتدا میں مصنف کی ذکر کردہ ''کتب مصادر و مراجع'' کا اجمالی تعارف لکھا گیا ہے، تاکہ تاریخ علمائے فرنگی محل کے بنیادی ماخذ و مصادر کا تعارف سامنے آ جائے اور ان سے استفادہ عام ہو۔
- کتاب کے آخر میں متن کے اردو ترجمے اور حواشی و تعلیقات کا تفصیلی اشاریہ (Index) مرتب کیا گیا ہے، جو شخصیات اور اسمائے کتب پر مشتمل ہے۔
- حرف میم کے تحت (تذکرہ نمبر 184 میں) ملا علیم اللہ کا ذکر اصل کتاب کے اندر متن میں شامل نہیں ہے بلکہ کتاب کے آخر میں ''تصحیح الاغلاط'' میں دیا گیا تھا، جسے اب اصل متن میں شامل کر لیا گیا ہے۔
- حرف ظا کے تحت مصنف نے ملا ظہور علی کے صاحب زادگان ملا ظہور الحسن اور ملا افضل حسن کا ذکر ایک ساتھ کیا تھا، کیوں کہ پہلے بیٹے الف بائی ترتیب کے مطابق ''حرف ظا'' کے تحت آ رہے تھے، تاہم دوسرے نہیں، ان دونوں کے تذکرے کو علیحدہ کر کے پہلے کو اصل عنوان اور تذکرہ نمبر 42 کے تحت کر دیا گیا اور دوسرے کو بغیر تذکرہ نمبر کے ذیلی عنوان کے تحت مندرج کیا گیا ہے۔

* * *

اظہاریہ

یہ بات ہے ۱۹؍رجب ۱۱۰۳ھ/ ۲۷؍مارچ ۱۶۹۲ء کی، جب قصبہ سہالی (ضلع بارہ بنکی، اتر پردیش) کے کچھ شر پسندوں نے اپنے وقت کے بے نظیر عالم معقولات ومنقولات ملا قطب الدین سہالوی کو ان کے محل سرا میں گھس کر بے دردی سے شہید کر ڈالا، وہ اس وقت طالبان علوم نبوی کو درس دینے میں مصروف تھے۔ ملا قطب کی علمی لیاقت اور دینی خدمات سے بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کافی متاثر تھا، ان کی شہادت سے بادشاہ کو کافی صدمہ پہنچا۔ اس حادثے کے بعد ملا صاحب کا کنبہ سہالی میں رہنے کو تیار نہیں تھا، ملا صاحب کے صاحب زادگان (ملا محمد اسعد، ملا محمد سعید) کی خواہش پر بادشاہ نے لکھنؤ میں فرانسیسی تاجروں کی ایک خالی کوٹھی ۱۱۰۵ھ/ ۱۶۹۴ء میں انھیں الاٹ کر دی، یہ کوٹھی "حویلی فرنگی" کہلاتی تھی اور سرکاری ملکیت کا حصہ تھی۔ اس طرح ملا قطب کا مختصر لٹا ہوا کنبہ سہالی سے ہجرت کر کے ۱۶۹۴ء میں لکھنؤ کی حویلی فرنگی میں آ بسا۔ یہاں سے خانوادۂ ملا قطب کی ایک نئی تاریخ کا آغاز ہوتا ہے، جسے آگے چل کر "خانوادۂ فرنگی محل" کے نام سے پوری دنیا میں جانا گیا۔

اس نئی تاریخ کے بنیاد گزار ملا قطب کے تیسرے صاحب زادے استاذ الہند ملا نظام الدین محمد (ف: ۱۷۴۸ء) ہیں۔ ملا قطب کا مختصر کنبہ جب حویلی فرنگی میں آ کر آباد ہوا تو اس وقت آپ کی عمر صرف سولہ برس کی تھی۔ بڑے ملا محمد اسعد بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے پاس دکن میں تھے۔ دوسرے ملا محمد سعید اپنے مظلوم گھر والوں کو حویلی فرنگی میں چھوڑ کر بادشاہ کی خدمت میں دکن چلے گئے اور وہیں ان کا وصال ہوا۔ اب اس کنبہ (جو دادی، والدہ، دو بھاوجوں اور تین خورد سال

بھتیجوں اور ایک چھوٹے بھائی (مشغول قتل تھا) کی ساری ذمہ داریاں ملا نظام الدین کے کندھوں پر آ گئیں۔ بات اتنی آسان نہیں تھی۔ گھر کی کفالت، ہزاروں مراجع کرنے میں کھلبلی فرنگی محل کی جائیداد کی حفاظت، اپنی تعلیم کی تحصیل اور تکمیل کی جدوجہد اور اپنے خورد سال بھتیجوں اور چھوٹے بھائی کی پرورش و پرداخت اور ان کی تعلیم و تعلم کے انتظامات۔ کوئی اور ہوتا تو اس گوناگوں گراں باری میں زندگی کی کشاکش سے ہار گیا ہوتا، مگر قدرت نے ملا نظام کے ہاتھوں متحدہ ہندوستان میں اسلام کی علمی وراثت میں انقلاب برپا کرنا لکھا تھا۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اٹھارویں صدی کے آغاز میں جب اس نے فرنگی محل میں مسند تدریس لگائی تو کسی کو نہیں معلوم تھا کہ قسام ازل نے اس نوجوان کو علوم دینیہ کی تدریس کی تاجوری اور بادشاہت عطا کی ہے۔ دینی نصاب اس کے نام پر استعارہ بن کر "درس نظامی" کہلائے گا اور اب کے بعد اس پورے جنوبی ایشیائی خطے میں جو بھی علم دین حاصل کرے گا، اس کا سلسلۂ تلمذ فرنگی محل پر تمام ہوگا۔

000

جنوبی ایشیا میں کوئی بھی خاندان سلسلۂ درس، تعداد علما اور کثرت تصانیف کے اعتبار سے فرنگی محل کی ہمسری نہیں کرسکا۔ یہ تاج خسروانہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر اسی کو زیب دیتا ہے:

(۱) مورخین نے متحدہ ہندوستان میں دینی نصاب تعلیم کو چار ادوار میں تقسیم کیا ہے[۱]:

پہلا دور ساتویں صدی ہجری سے شروع ہو کر نویں صدی ہجری پر تمام ہوتا ہے۔ اس دور کے نصاب میں فقہ اور اصول فقہ حاوی تھے۔

دوسرا دور نویں صدی ہجری سے شروع ہوتا ہے، جب دینی نصاب میں اُس عہد کے علما شیخ عبداللہ ملتانی، شیخ عزیز اللہ ملتانی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی وغیرہ کے ذریعے تبدیلی کی جاتی ہے۔ یہ دور دسویں صدی ہجری پر ختم ہوتا ہے۔

تیسرے دور کا آغاز دسویں صدی ہجری سے ہو کر گیارہویں پر تمام ہوتا ہے۔ اس دور میں شاہ فتح اللہ شیرازی، شیخ وجیہ الدین علوی گجراتی، مفتی عبدالسلام دیوی، ملا قطب الدین سہالوی اور

---

[۱] اسلامی علوم و فنون ہندوستان میں، ص: ۱۲ تا ۱۳

شیخ محب اللہ الہ آبادی وغیرہ نے نصاب میں خاصی تبدیلی کی جو پورے ملک میں رائج ہوگیا۔

دینی نصاب تعلیم کا چوتھا دور بارہویں صدی ہجری سے شروع ہوتا ہے، جس کی بنیاد استاذ الہند ملا نظام الدین نے رکھی اور ایسے پرزور اور مضبوط ہاتھوں سے رکھی کہ اس نصاب پر ساڑھے تین صدیاں بیت چکی ہیں، مگر اب بھی یہی نصاب رائج ہے اور معیار فضیلت بھی۔ ان ساڑھے تین سو برسوں میں اسی نصاب کو پڑھ کر بڑے بڑے علما، فقہا اور مجددین اسلام پیدا ہوئے، لیکن کسی نے بھی اس میں کلی تبدیلی کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

(۲) ملا نظام الدین اور ان کے تلامذہ در تلامذہ کے ذریعے فرنگی محل کا علمی و درسی فیضان جنوبی ایشیا کے بیشتر ممالک (ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان، سری لنکا) تک پہنچا۔ ملا نظام الدین کے شاگرد میراں کمال الدین کے ذریعے بہار و بنگال میں۔ ملا کمال الدین سہالوی کے ذریعے صوبہ جات متحدہ (اودھ، آگرہ وغیرہ) میں۔ بحر العلوم ملا عبد العلی کے ذریعے جنوبی ہند میں۔ ملا حسن اور ملا وجیہ الدین کے ذریعے دہلی و پنجاب میں۔ یہاں تک کہ شیخ عبد الرحمن یمنی اور دیگر علما و مہاجرین مکہ و مدینہ کے ذریعے عرب میں بھی یہ سلسلہ پہنچا۔ آگے چل کر سلسلۂ فرنگی محل دیگر ذیلی سلاسلِ درس میں تقسیم ہوتا گیا، مگر وہ سب اصلاً رشتۂ فرنگی محل سے ہی منسلک رہے۔ مثلاً ”سلسلۂ خیر آباد“ کو ہی لے لیں، ملا کمال الدین سہالوی کے شاگرد ملا اعلم سندیلوی، ان کے شاگرد ملا عبد الواجد خیر آبادی اور ان کے شاگرد مولانا فضل امام خیر آبادی (ف: ۱۸۲۹ء) ہوئے، اس طرح درس گاہِ خیر آباد کا سلسلۂ تلمذ بھی فرنگی محل پر منتہی ہوتا ہے۔ اسی طرح بدایونی سلسلۂ درس بھی فرنگی محل پر تمام ہوتا ہے۔ مولانا شاہ عین الحق عبد المجید عثمانی بدایونی (ف: ۱۸۴۷ء) مولانا ذو الفقار علی دیوی کے شاگرد تھے اور وہ ملا نظام الدین کے۔ اب تو برصغیر کے علما و فضلا کے ذریعے یہ سلسلہ دیگر براعظموں میں بھی پھیلتا جا رہا ہے۔

اسی حقیقت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے علامہ شبلی نعمانی نے کہا تھا کہ: ”ہندوستان کے کسی گوشے میں جو شخص تحصیل علم کا احرام باندھتا ہے، اس کا رخ فرنگی محل کی طرف ہوتا ہے(۱)۔“

---

(۱) مقالات شبلی، حصہ: سوم، ص: ۱۰۵

(۳) خانوادۂ فرنگی محل کا سلسلۂ نسب میزبان رسول حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ خاندان ایوبی میں علم و عمل کے لیے رسالت مآب ﷺ نے خصوصی دعا فرمائی تھی، جس کی برکت سے اس خاندان میں علما کا تسلسل کبھی منقطع نہیں ہوا۔ اس تاریخی تسلسل سے قطع نظر اگر ہم صرف خانوادۂ فرنگی محل کی تین سو سالہ تاریخ پر نظر ڈالیں تو کم از کم اس خاندان کے ڈھائی سو سے زائد علما کی فہرست تیار کی جا سکتی ہے، جنھوں نے اپنے اپنے عہد میں علم دین کی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ یہ اعزاز کسی بھی خانوادے کو حاصل نہیں۔ حالاں کہ زیر نظر تذکرہ ایک سو پندرہ برس پہلے لکھا گیا تھا، تاہم اس میں بھی تقریباً دو سو علمائے فرنگی محل کا تذکرہ اور ان کی خدمات دینی و علمی درج ہیں۔

(۴) دعوت و تبلیغ، بیعت و ارشاد، درس و تدریس وغیرہ کے علاوہ تصنیف و تالیف، علم کی اشاعت اور رشد و ہدایت کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ فرنگی محل نے اس شعبے میں بھی حیرت انگیز کارنامہ انجام دیا ہے۔ زیر نظر تذکرے کے متن اور حواشی میں اس خاندان کے علما کی درجنوں علوم و فنون میں پانچ سو سے زائد تصانیف اور حواشی و شروحات کا ذکر ہے۔ ان میں سے بعض تصانیف، تفاسیر اور مجموعۂ فتاویٰ چھ، آٹھ اور دس جلدوں میں بھی ہیں۔ وہ سیکڑوں تصانیف جو امتداد زمانہ کی وجہ سے دست برد ہو گئیں، یا شائع نہ ہو سکیں، شعری دواوین اور قلمی یادداشتیں ان پر مستزاد۔ تصانیف کی یہ تعداد بجائے خود کسی بھی خانوادے کے لیے فخر و اعزاز کا باعث ہو سکتی ہے۔ تاہم یہ اعزاز بھی فرنگی محل کے ہی حصے میں آیا۔۔۔ ان امتیازات کی بنیاد پر فرنگی محل کی پیشانی پر ”دار العلم و العلما“ کا خطاب برمحل بھی لگتا ہے اور برحق بھی۔

* * *

یہ بات بڑی عجیب ہے اور حد درجہ افسوس ناک بھی کہ جس فرنگی محل کے ذکر کے بغیر برصغیر میں پچھلی تین صدیوں کی دینی و علمی تاریخ مکمل نہ ہوتی ہو اور اسلامیان ہند کے مذہبی و علمی حلقے کا ہر فرد جس کے احسانات سے زیر بار ہو، وہ فرنگی محل ایک بھولی بسری یاد بن کر رہ گیا ہے۔ بعض استثناءات کے ساتھ نہ ان کے بے مثال علمی و دینی کارناموں کو یاد کیا جاتا ہے، نہ ان پر عموماً سمینار و

کانفرنس منعقد کیے جاتے ہیں، نہ کتابیں لکھی جاتی ہیں اور نہ ہی ان کی تصانیف کی تحقیق وتدوین اور ترجمے کی زحمت گوارا کی جاتی ہے۔ اس تساہلی کی وجہ سے علمائے فرنگی محل کی بے شمار تصانیف دیمک کی خوراک بن گئیں یا حوادث کی نذر ہو گئیں، جب کہ مختلف علوم وفنون پر مشتمل درجنوں نایاب اور نادر مخطوطات پچھلی کئی صدیوں سے طباعت کا منہ تک رہے ہیں۔

میری ناقص معلومات کی حد تک ہند وپاک کے کتابی بازار میں پچھلی کئی دہائیوں سے ایسا کوئی مستند اور مخصوص تذکرہ دستیاب نہیں جو مجموعی طور پر خانوادۂ علمائے فرنگی محل کے احوال وآثار پر روشنی ڈالتا ہو۔ یہ مجرمانہ غفلت مجموعی حیثیت سے علم وعمل کی توسیع وترقی کے لیے نیک شگون نہیں۔

* * *

۲۰۱۵ء میں جب راقم "تذکرۂ علمائے ہندوستان" (مظہر العلماء) پر کام کر رہا تھا تو تحقیق ومواد کے سلسلے میں رام پور رضا لائبریری جانا ہوا، جہاں پہلی بار بڑی خستہ حالت میں علمائے فرنگی محل کا نایاب عربی تذکرہ "الآثار الاول من علماء فرنگی محل" کی زیارت ہوئی۔ اس سے پہلے مستند محققین کے ذریعے اس کتاب کے صرف حوالے دیکھے تھے یا اس کا نام سنا تھا۔ کتاب کی ورق گردانی کی تو اس کی استنادی حیثیت واہمیت کا پتہ چلا اور پھر اسلامیان ہند کی فرنگی محل سے غفلت کے پیش نظر اسی وقت ارادہ کر لیا گیا کہ اس تذکرے کو اردو ترجمے، تفصیلی حواشی وتعلیقات اور جدید تحقیق وتدوین کے ساتھ منظر عام پر لایا جائے گا۔ صفحات کافی بوسیدہ ہو چکے تھے، اس لیے زیراکس کاپی لینے کی بجائے میں نے پوری کتاب اپنے کیمرے میں قید کر لی۔ "تذکرۂ علمائے ہندوستان" پر کام ختم کرنے کے بعد ۲۰۱۹ء میں اس کے ترجمے وتحقیق کی طرف متوجہ ہوا اور پھر ایک سال کی شبانہ روز محنت کے بعد یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

"آثار الاول" کے حوالے سے مندرجہ ذیل امور قابل توجہ ہیں:

(۱) "آثار الاول" کے مطبوعہ نسخے میں اس کا سنہ تصنیف واشاعت مذکور نہیں ہے، تاہم داخلی اور خارجی شواہد کے پیش نظر اندازہ ہے کہ یہ تذکرہ ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء میں مکمل ہوا اور اسی سال "مطبع مجتبائی" لکھنؤ سے شائع ہوا۔ گویا یہ تذکرہ ۱۱۵ر برس پرانا ہے۔

(۲) راقم کو کافی تلاش و جستجو کے بعد اس اشاعت کے متعدد نسخے رضا لائبریری رام پ کتب خانہ قادریہ بدایوں، پنجاب پبلک لائبریری لاہور اور مولانا ابوالکلام آزاد لائبریری ا گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے ملے۔ تمام قدیم لائبریریوں میں ایک ہی اشاعت کے متعـ نسخوں کی دستیابی سے اندازہ ہوا کہ یہ تذکرہ ایک بار ہی شائع ہو سکا، دوبارہ اس کی اشاعت نوبت نہیں آ سکی۔

(۳) زیر نظر تذکرے میں ۱۱۶ ر علمائے فرنگی محل کے احوال نسبتاً تفصیلی اور جلی عنوان کے تحت درج ہیں جب کہ ۲۰ ر علما کا تذکرہ ضمنی حیثیت سے آیا ہے۔ کتاب کی تصنیف کے دوران مصنف کی والدہ ماجدہ کا وصال ہو گیا تھا، اس لیے انھوں نے ان کا تفصیلی ذکر بھی شامل کر لیا ہے۔ اس طرح اس تذکرے میں ۱۳۷ ر شخصیات کا ذکر شامل ہے۔

(۴) مصنف مولانا قیام الدین عبدالباری نے علما کے احوال بیان کرنے میں مندرجہ ذیل امور کو ہی پیش نظر رکھا ہے:

● نسب ● تعلیم و تربیت ● درس و تدریس ● تصنیف و تالیف۔

* * *

”آثار الاول“ کی اہمیت، انفرادیت اور استناد کے حوالے سے مندرجہ ذیل نکات توجہ طلب ہیں:

(۱) علمائے خانوادۂ فرنگی محل نے ابتدا سے ہی براہ راست یا بالواسطہ اپنے خاندانی احوال، انساب، علما کے تذکروں اور علمی کارناموں کی ترتیب و تدوین کا اہتمام کیا ہے، جس کا آغاز اٹھارویں صدی کے ربع دوم سے ہوا اور یہ سلسلہ بیسویں صدی کے ربع دوم تک چلتا رہا۔ اس سلسلے کی آخری کڑی ”تذکرۂ علمائے فرنگی محل“ تھی، جو ۱۹۳۰ء میں لکھی گئی۔ اس درمیان علمائے خانوادۂ فرنگی محل پر جتنے بھی عمومی تذکرے لکھے گئے، وہ یا تو فارسی میں تھے یا اردو میں۔ ”آثار الاول“ فرنگی محل کا پہلا عمومی تذکرہ ہے جو عربی زبان میں لکھا گیا اور اشاعت پذیر بھی ہوا۔ مولانا عبدالباری سے پہلے ان کے خالہ زاد بھائی ابوالحسنات مولانا عبدالحی نے ”خیر العمل بتذکرۃ علمائے فرنگی محل“

لکھنے کا آغاز کیا تھا، تاہم وہ تذکرہ مکمل نہ ہو سکا اور نہ ہی اشاعت کے مراحل سے گزر سکا۔ اب تو اس کا سراغ بھی نہیں ملتا۔

(۲) "تذکرہ علمائے فرنگی محل" خانوادۂ فرنگی محل کی جانب سے آخری تذکرہ تھا، جو ۱۹۳۰ء میں شائع ہوا۔ اس کے بعد سے اب تک کوئی بھی ایسا تذکرہ قلم بند نہیں کیا جا سکا، جس کی وجہ سے پچھلے نوے (۹۰) برسوں میں اس خاندان عالی شان کے علما، ان کی خدمات اور احوال کا سراغ نہیں ملتا، یہاں تک کہ ان کے سنین وفات کا بھی پتہ نہیں چلتا۔ ۱۹۳۰ء کے بعد فرنگی محل کے علما یا دیگر اسکالرز نے فرنگی محل کے تعلق سے جو کچھ لکھا، وہ یا تو انفرادی طور پر کسی شخصیت پہ لکھا یا پھر انہی معلومات کو دہراتے رہے جو بالعموم ۱۹۳۰ء تک میسر تھیں۔ "آثار الاول" اگرچہ ۱۹۳۰ء سے کافی پہلے کی تصنیف ہے، تاہم اس کے عربی متن کے ضمن میں جو حواشی و تعلیقات سپرد قلم کیے گئے ہیں، ان میں ممکنہ حد تک ۱۹۳۰ء کے بعد جو علما گزرے ہیں ان کے احوال و کارنامے اور سنین وفات لکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس طرح زیر نظر تذکرہ علمائے خانوادۂ فرنگی محل کا اب تک کا سب سے اپڈیٹیڈ (Updated) تذکرہ ہے۔

(۳) زیر نظر تذکرہ فرنگی محل کے دور آخر کی سب سے جامع اور مستند شخصیت مولانا قیام الدین عبد الباری کے ذریعے وجود میں آیا، جنھوں نے اپنے خاندان کے بے شمار علما اور ان کی خدمات دینی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا، اپنے ثقہ بزرگوں سے اپنے اسلاف کے احوال کو سنا تھا اور اپنے مستند خاندانی مآخذ سے استفادہ کیا تھا۔ اس طرح اس تذکرے کی استنادی حیثیت اور اہمیت مسلم ہو جاتی ہے۔

(۴) "آثار الاول" کی استنادی حیثیت و اہمیت اس سے بھی متعین ہوتی ہے کہ یہ کئی اہم اور معروف تذکروں کا ماخذ و مصدر رہا ہے، مثلاً 'نزہۃ الخواطر' از مولانا سید عبد الحی حسنی رائے بریلوی (ف: ۱۹۲۳ء)، مولانا نے جا بجا علمائے فرنگی محل کے تذکرے میں آثار الاول کا حوالہ دیا ہے۔ اسی طرح 'تذکرہ علمائے فرنگی محل' از مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (ف: ۱۹۴۱ء)، 'بانی درس نظامی' از مولانا محمد رضا فرنگی محلی (ف: ۱۹۹۰ء)، 'حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق' از مولانا عنایت اللہ

فرنگی محلی، وغیرہ۔

(۵) زیر نظر تذکرے میں مصنف نے ہر شخص کے احوال میں ملا قطب الدین شہید کے نسب کے ذکر کا التزام کیا ہے، اگر ان نسب ناموں کو ہی علیحدہ کر لیا جائے تو خانوادۂ فرنگی محل کے نسب نامے پر ایک مستقل کتاب ''علم الأنساب للعلماء فرنگی محل'' تیار ہو سکتی ہے۔

●●●

اس علمی کام کو راقم نے چار ابواب اور ایک ضمیمے میں تقسیم کیا ہے:

پہلے باب میں زیر تحقیق تذکرے کے مصنف مولانا قیام الدین عبد الباری فرنگی محلی کا تفصیلی تعارف اور بیس ویں صدی میں ان کی بے مثال دینی، علمی، ملی اور سیاسی خدمات کو ''اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد'' کے عنوان سے پیش کیا گیا ہے۔ عموماً کتابوں میں مصنف کا سرسری تعارف ہی لکھا جاتا ہے، مگر ہم نے رسمی تعارف کی بجائے کتاب کے ۷۳ر صفحات پر مصنف کے انمٹ نقوش اور غیر معمولی کارناموں کا ذکر کیا ہے، کیوں کہ اسلامیان ہند نے بیس ویں صدی کے اس بے مثال قائد، فاضل اکمل اور امام وقت کو فراموش کر دیا ہے۔ فراموشی کا یہ عمل کسی طبقے کی جانب سے عمداً ہے تو کسی کی جانب سے سہواً۔ اس لیے اس تفصیلی تعارف کو لکھنے میں بڑے جاں گسل مراحل سے گزرنا پڑا۔ یہ باب بجائے خود ایک مختصر تصنیف ہے۔ اس باب کا مطالعہ نہ صرف اہل علم و دانش کو تاریخ کے ایک نئے گوشے سے متعارف کرائے گا بلکہ اس حوالے سے بیشتر اہل قلم کی جانب سے کی جانے والی زیادتیوں کو اجاگر کر کے انھیں تاریخی سچائیوں سے روبرو کرائے گا۔ اور اہل قلم کو مصنف علام پر مزید لکھنے کے لیے انگیز کرے گا۔

دوسرے باب میں زیر تحقیق تذکرہ ''آثار الاول'' کے عربی متن کو پیش کیا گیا ہے، جس میں ۱۳۷ر شخصیات کے احوال کے علاوہ مصنف کا مختصر مقدمہ، کتب مصادر، نسب نامہ، ملا قطب شہید سہالوی کا تعارف اور فرنگی محل کی وجہ تسمیہ درج ہیں۔ یہ باب ۹۵ر صفحات پر مشتمل ہے، جس میں پورا تذکرہ ''آثار الاول'' شامل ہے۔ اس باب کے علاوہ بقیہ سب کچھ محقق و مترجم کے اضافات ہیں۔ اس متن کی تصحیح، ترجمے اور تدوین میں کن دشواریوں سے گزرنا پڑا، اس کی تفصیل

"ملاحظات" کے عنوان سے کتاب کے آغاز میں درج کر دی گئی ہے۔

تیسرے باب میں عربی متن کا اردو ترجمہ دیا گیا ہے۔ عربی متن کا اردو ترجمہ کرنے میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ وہ بالکل لفظی نہ ہو، تاکہ ایک قاری کو مطالعہ کرتے وقت ترجمے کے بجائے مستقل عبارت محسوس ہو۔ اس باب میں ترجمے کے علاوہ محقق و مترجم کو جہاں کہیں بھی مصنف کی کسی عبارت کی وضاحت مقصود ہوئی وہاں بطور "فٹ نوٹ" حاشیہ درج کر دیا ہے۔

چوتھے باب میں متن پر راقم کے طویل حواشی اور تعلیقات ہیں، جو ۱۰۷ صفحات پر مشتمل ہیں، جن کی ضخامت متن سے زیادہ ہے اور جنھیں تحریر کرنے میں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی تقریباً پچاس سے زائد کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ان کی فہرست "کتابیات" کے تحت درج کر دی گئی ہے۔

اس کے بعد تحقیق کار نے کتاب میں ایک "ضمیمے" کا بھی اضافہ کیا ہے، جس کے تحت مصنف کی ذکر کردہ "کتب مصادر و مراجع" کا اجمالاً تعارف لکھا گیا ہے تاکہ تاریخ علمائے فرنگی محل کے بنیادی ماخذ و مصادر کا تعارف سامنے آ جائے اور ان سے استفادہ عام ہو۔

اخیر میں "وضاحتی اشاریہ" (Index) دیا گیا ہے، اس میں پہلے، تیسرے اور چوتھے باب میں جتنی بھی شخصیات اور اسمائے کتب مذکور ہوئے ہیں، ان کا اشاریہ مرتب کیا گیا ہے تاکہ ریسرچ اسکالرز اور محققین کو اپنی مطلوبہ شخصیات اور کتب کی تلاش میں سہولت ہو سکے۔

وضاحتی اشاریہ کے بعد "کتابیات" کے عنوان سے تعارف مصنف، متن اور حواشی و تعلیقات میں راقم کے ذریعے دیے گئے حوالوں کی تفصیل، مصنف، سنہ طباعت اور مطبع و ناشر کی تفصیلات کے ساتھ مندرج کی گئی ہیں۔

* * *

امید ہے کہ ایک سو پندرہ برس پرانا یہ نایاب تذکرہ تحقیق و تدوین، ترجمے اور تعلیق و حواشی کے ذیل میں کیے گئے کاموں کی وجہ سے اہل علم و تحقیق کے لیے افادی حیثیت سے وقیع تصور کیا جائے گا اور اس کے ذریعے سے فرنگی محل کا تین سو سالہ مذہبی، علمی، ملی اور سیاسی منظر نامہ سامنے

آئے گا اور اس کی تاریخ ساز خدمات کا یہ علمی مرقع ارباب علم و دانش کی توجہ کا مرکز بنے گا۔ مجھے پوری امید ہے کہ یہ تذکرہ اہل قلم کے لیے فرنگی محل کے دیگر علمی و تاریخی گوشوں کو منظر عام پر لانے کا محرک بنے گا۔ منت شناسی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ علمی دنیا میں فرنگی محل کو اس کا جائز مقام دیا جائے۔

آج جب کہ اس کتاب کی تحقیق و تدوین، ترجمے اور حواشی و تعلیقات سے فارغ ہو رہا ہوں عزیز از جاں دوست مولانا اسید الحق قادری بدایونی بہت یاد آ رہے ہیں۔ ان کی شہادت کے بعد میری زندگی میں جو خلا آیا وہ پر نہیں ہو سکا اور نہ شاید کبھی ہو سکے گا۔ میں عالم تصور میں اس کام کے حوالے سے ان کے چہرے کی شادابی کو دیکھ رہا ہوں اور تلامذہ و احباب کے درمیان ان کی مخصوص داد بھی سن رہا ہوں۔ ایسی داد جسے سننے کے بعد محسوس ہوتا تھا کہ:

شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

اخیر میں اس کام میں جن لوگوں نے بھی جس حیثیت سے دست تعاون دراز کیا ہے، میں ان سب کا ممنون ہوں۔ خصوصیت کے ساتھ چند لوگوں کا ذکر ضروری ہے:

- محب گرامی مولانا عبد الغنی محمد عطیف قادری (ولی عہد خانقاہ عالیہ قادریہ بدایوں)، جن کی عنایت سے کتب خانہ قادریہ سے بہت سی نایاب کتابیں دستیاب ہوئیں، نیز آپ نے پوری کتاب پر نظر ثانی بھی فرمائی۔ مولانا اسید الحق قادری کی شہادت کے بعد ان کا علمی وجود نہ صرف خانقاہ کے لیے بلکہ میرے لیے بھی حرکت و عمل اور جوش و جذبے کا بڑا داعیہ ہے۔
- مولانا عبد الباری فرنگی محلی کے حقیقی پوتے محترم احمد عبد الباری اور محترم محمود جمال (لندن) نے کتاب کے پہلے باب کے مطالعے کے بعد اسے مولانا عبد الباری پر اب تک کی سب سے اہم کوشش قرار دیتے ہوئے اس سلسلے کو آگے بڑھانے کے لیے ہر طرح کے علمی تعاون کا یقین دلایا۔
- پاکستان کے معروف محقق اور ماہر مخطوطہ شناس ڈاکٹر عارف نوشاہی، جنھوں نے کتاب پر تقریظ لکھ کر اس کو اعتبار و استناد عطا کیا اور اشاریہ کی ترتیب میں مفید مشوروں سے بھی نوازا۔ آپ کے ہی حکم اور اصرار پر شخصیات کے ساتھ اسمائے کتب کا اشاریہ بھی مرتب کیا گیا۔
- مولانا ڈاکٹر ارشاد عالم نعمانی (استاذ مدرسہ عالیہ قادریہ بدایوں)، جن کی سادگی، شرافت،

ظرافت اور سعادت مندی ضرب المثل ہے۔ آپ نے بڑی توجہ سے عربی متن کی تصحیح اور اس کے اردو ترجمے پر نظر ثانی کی، موضوع سے متعلق اہم کتابوں کی فراہمی میں پیش پیش رہے، گراں قدر مشوروں سے نوازا اور کتاب کا فائنل پروف بھی پڑھا۔

ان کے علاوہ میرے احباب میں

مولانا منظر الاسلام ازہری (ڈائرکٹر: لیسبرگ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک لرننگ، امریکا)،

محمد ثاقب رضا قادری (لاہور)،

اور مقصود احمد کامران (ڈائرکٹر ورلڈ ویو پبلی شرز لاہور)،

جنھوں نے کتاب کے مختلف مباحث کو پڑھ کر ضروری اصلاحات کی طرف متوجہ کیا اور مفید مشوروں سے نوازا۔

عربی متن کی تصحیح، ترتیب وتدوین، متن کے اردو ترجمے، رموز واوقاف کا اضافہ کرنے اور ان پر تفصیلی حواشی وتعلیقات تحریر کرنے میں ایک برس تک مسلسل تگ ودو کی گئی ہے اور حتی الامکان توجہ دی گئی ہے، پھر بھی ہر قسم کی غلطی کا امکان ہے، اہل علم سے التماس ہے کہ فروگزاشت پر مطلع ہوں تو تحقیق کار کو مطلع کریں۔ امید ہے کہ یہ نادر تذکرہ اہل علم کے لیے استفادے کا باعث ہوگا۔

خوشتر نورانی
الامین سینٹر آف فلوریڈا (امریکا)
۲۰ رمئی ۲۰۲۰ء

[پہلا باب]

اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد

اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد

کثرت علما، تعداد تصانیف، سلسلۂ درس، تبلیغ وارشاد اور دین وملت کی مجموعی خدمات کے اعتبار سے جنوبی ایشیا میں ’’فرنگی محل‘‘ کو اولیت اور امتیاز حاصل ہے۔ مذکورہ جہتوں سے اس خطے کا کوئی دوسرا خانوادہ فرنگی محل کی ہم سری نہیں کر سکا۔ ۱۸۹۶ء میں علامہ شبلی نعمانی (ف: ۱۹۱۴ء) نے فرنگی محل کی زیارت کی اور علوم اسلامیہ میں اس کی بے مثال، ناقابل یقین اور غیر معمولی خدمات کو دیکھتے ہوئے اسے ’’ہندوستان کا کیمبرج‘‘ (۱) کہا تھا، جہاں سے داعیان اسلام کی فوج در فوج تیار ہو کر بحر و بر کی وسعتوں میں چھا گئی۔

خانوادۂ فرنگی محل کے سیکڑوں علما میں بحر العلوم ملا عبد العلی (ف: ۱۸۱۰ء) اور ابو الحسنات علامہ عبد الحیٔ (ف: ۱۸۸۶ء) علم وفضل کے آفتاب وماہتاب تھے، جن کی شہرت ہندوستان کے قصبات و دیہات، عوام وخواص اور علما وامرا سے نکل کر عرب تک پہنچی۔ فرنگی محل میں یہ اعزاز مولانا قیام الدین عبد الباری فرنگی محلی کے علاوہ کسی کو حاصل نہ ہو سکا، بلکہ مولانا اپنے مذکورہ بزرگوں سے بھی سبقت لے گئے، جن کی شہرت کا آوازہ ہندوستان سے نکل کر عالم اسلام اور پھر یورپ کے قصور و بلاد تک پہنچا۔ آپ کی دینی، علمی، ملی اور سیاسی خدمات اور سرفروشانہ قیادت کو دیکھ کر دنیا نے آپ کو ’’امام وقت‘‘ اور ’’قیام الملۃ والدین‘‘ کے القاب سے یاد کیا۔

---

(۱) مقالات شبلی، حصہ سوم، ص: ۱۰۵

۱۸ مئی ۲۰۱۱ء کی ایک دوپہر تھی، جب عزیز از جاں دوست مولانا اسید الحق قادری بدایونی (ف: ۲۰۱۴ء) کی معیت میں فرنگی محل اور اس کے آبائی قبرستان "باغ ملا انوار" کی زیارت کا موقع ملا تھا، جہاں اپنے وقت کے بڑے بڑے سرتاج شریعت و طریقت مدفون ہیں، ہم جوں ہی اس وقت مولانا عبدالباری کے مزار پر پہنچے، نگاہ ایک کتبے پر گئی جس میں حسب ذیل اشعار درج تھے:

اے چرخ ہوائے شوق چلے　اے شاخ عمل گل باری کر
کچھ کام کریں، کچھ سعی کریں　ہر شیخ کو عبدالباری کر

یہ اشعار اپنے عہد کے عظیم نقاد اور شاعر لسان العصر اکبر الہ آبادی (ف: ۱۹۲۱ء) کے ہیں جن کے طنز و مزاح سے شاید ہی کوئی قائد، کوئی رہنما بچا ہو۔ ایسا معاصر اگر ہر شیخ کو "عبدالباری" کی شکل میں دیکھنے کی تمنا کر رہا ہے تو یہ اس شخص کے غیر معمولی حرکت و عمل کا اعلامیہ ہے۔

زیر نظر کہانی بیسویں صدی کے اسی قائد انقلاب کی ہے، عالم اسلام اور اسلامیان ہند کے لیے جن کی بے مثال جد و جہد اور غیر معمولی کارناموں کو گردش ایام نے بھلا دیا ہے۔

نسب:

مولانا عبدالباری نسباً انصاری ایوبی تھے، آپ کا سلسلۂ نسب والدین کی جانب سے سات واسطوں سے ملا قطب الدین شہید سہالوی تک اور ۴۳ر واسطوں سے میزبان رسول، حضرت ابو ایوب انصاری مدنی تک پہنچتا ہے۔ ملا قطب کے چار صاحب زادے ہوئے، ملا محمد اسعد، ملا محمد سعید، ملا نظام الدین محمد اور ملا محمد رضا، انھی چار شاخوں سے فرنگی محل آباد ہوا اور دنیا میں اپنے علم و عمل سے پہچانا گیا۔ مولانا عبدالباری کا تعلق دوسری شاخ سے ہے۔ مولانا نے اپنے والد کا شجرۂ نسب اپنی کتاب "حسرۃ المسترشد لوصال المرشد" میں اس طرح درج کیا:

"[محمد قیام الدین عبدالباری، بن] معدن الجود والکرم منبع العلم والحلم والحکم مولانا الحافظ الحاج محمد عبدالوہاب، بن قدوۃ العرفاء زبدۃ العلماء رئیس الاخلاء والعشاق مولانا محمد عبدالرزاق، بن خاتم الفقہاء والمفسرین مولانا جمال الدین، بن ملک العلماء رئیس الکاملین مولانا علاء الدین، بن قدوۃ الکملاء زبدۃ العرفاء شیخ الشیوخ

> مولانا احمد انوار الحق، بن قدوۃ السالکین زبدۃ الواصلین شیخ المشائخ مولانا احمد عبد الحق، بن ملا محمد سعید، بن ملا قطب الدین الشہید، بن مولانا عبد الحلیم، بن مولانا عبد الکریم، بن شیخ الاسلام مولانا احمد، بن مولانا حافظ الدین محمد، بن شیخ الاسلام فضل اللہ، بن مولانا شرف الدین، بن مولانا نظام الدین، بن مولانا علاء الدین، بن المخدوم نصیر الدین، بن المخدوم بدر الدین، بن المخدوم شرف الدین، بن خواجہ فضیل، بن خواجہ کلاں، بن خواجہ داؤد، بن خواجہ حامد، بن خواجہ جلال الدین، بن خواجہ سلیم، بن خواجہ اسماعیل، بن شیخ الاسلام والمسلمین عبد اللہ الانصاری، بن ابی منصور بلخی، بن ابی معاذ، بن محمد، بن احمد، بن علی، بن جعفر، بن ابی منصور مت، بن ابی ایوب صاحب رسول اللہ ﷺ۔“ (ص: ۲، ۳)

ولادت:

مولانا عبد الباری کی ولادت ۱۰؍ربیع الثانی، بروز سنیچر ۱۲۹۵ھ/ ۱۴؍اپریل ۱۸۷۸ء کو فرنگی محل (لکھنؤ) میں ہوئی۔ جد امجد مولانا شاہ عبد الرزاق (ف: ۱۸۸۹ء) نے قیام الدین محمد عبد الباری نام تجویز فرمایا۔

تعلیم وتربیت:

مولانا جب چار برس کے ہوئے تو شرفا کے دستور کے مطابق آپ کے دادا محترم نے بسم اللہ پڑھائی۔ مولانا حسرت موہانی (ف: ۱۹۵۱ء) لکھتے ہیں:

> ”آپ کی رسم تسمیہ خوانی بڑے اہتمام سے ہوئی اور آپ کے جد اکرم حضرت مولانا شاہ عبد الرزاق قدس سرہ نے آپ کو بسم اللہ پڑھائی۔“
>
> (اردوئے معلی، جنوری ۱۹۲۶ء، بحوالہ مولانا عبد الباری: حیات وخدمات، ص: ۱۰)

اس کے بعد آپ کو حفظ قرآن کے لیے علی الترتیب حافظ حاتم علی اور حافظ وارث علی کے حوالے کیا گیا، جب کہ آپ نے حفظ قرآن کی تکمیل حافظ عبد الوہاب (نبیرہ ظہیر الدولہ) سے کی۔ اس درمیان فارسی اور ریاضی کی ابتدائی کتابیں بھی زیر درس رہیں۔ حفظ قرآن اور ابتدائی فارسی

کتابوں کی تکمیل کے بعد آپ نے اپنے والد ماجد مولانا شاہ عبد الوہاب (ف: ۱۹۰۳ء) سے پڑھائی کا آغاز کیا اور تمام مروجہ علوم و فنون کی منتہی کتابیں اپنے بھائی مولانا عبد الباقی (ف: ۱۹۴۵ء)، مولانا غلام احمد پنجابی اور مولانا عین القضاۃ حیدر آبادی (ف: ۱۹۲۵ء) سے پڑھیں اور ۱۸
۱۹۰۰ء میں سند فراغ حاصل کیا۔

مولانا کی ذہانت اور ذکاوت ضرب المثل تھی۔ آپ کے شاگرد مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (ف: ۱۹۴۲ء) لکھتے ہیں:

> "مولانا بچپن ہی سے نہایت ذکی اور ذہین، قوی الحس، عقل و فراست سے آراستہ تھے۔ تعلیم کے دوران میں کبھی بھی مطالعہ دیکھ کر سبق نہیں پڑھتے اور نہ کبھی پڑھ کر دوبارہ سبق ملاحظہ فرماتے۔ خود فرماتے تھے: کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ میرے استاذ نے کوئی بات دریافت کی ہو اور میں جواب نہ دے سکا ہوں۔ ہمیشہ سبق پڑھنے سے ہی مجھ کو سبق یاد ہو جاتا تھا۔" (حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق، ص: ۳)

علمی ذوق:

فرنگی محل میں ابو الحسنات مولانا محمد عبد الحی (ف: ۱۸۸۶ء) کے کتب خانے (۱) کے بعد سب سے بڑا اور نادر کتب خانہ مولانا عبد الباری کا تھا (۲)۔ دوران طالب علمی سے ہی آپ کے پاس مختلف علوم و فنون کی سیکڑوں نادر کتابیں موجود تھیں، جنھیں آپ نے ہند و بیرون ہند سے لا کر جمع کیا تھا۔ "تذکرہ علمائے فرنگی محل" میں مذکور ہے کہ:

> "مولانا کی عادت تھی شب کو تدریس کی کتابوں کا مطالعہ ضرور فرماتے تھے۔ کتابیں مطالعہ فرمانے میں اس درجہ مستغرق ہوتے کہ بعض اوقات دو اور تین

---

(۱) اب یہ کتب خانہ مولانا ابو الکلام آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی زینت ہے۔

(۲) آزادی ہند کے بعد مولانا عبد الباری کے صاحب زادے مولانا جمال الدین عبد الوہاب (ف: ۲۰۱۲ء) اس کتب خانے کے نوادرات کو اپنے ساتھ ڈھاکہ لے گئے اور وہیں سکونت اختیار کر لی اور جب ۱۹۷۱ء میں پاکستان تقسیم ہو کر ڈھاکہ بنگلہ دیش کا حصہ بن گیا تو مولانا ان نوادرات کے ساتھ کراچی منتقل ہو گئے۔

> بھی رات کے بیچ جاتے اور مولانا کتاب دیکھا کرتے۔ ایک پلنگ لکڑی کا بنوایا تھا، اس پر چمڑے کا نہایت سخت تکیہ رکھ کر بلا بچھونے کے لیٹتے اور سرہانے روشنی رکھ کر کتاب دیکھنا شروع کرتے۔ اکثر فرماتے کہ اس طریقے سے نیند کم آتی ہے اور آنکھ لگ جاتی ہے تو جلد کھل جاتی ہے۔۔۔ دوپہر کو بھی قیلولہ نہیں فرماتے بلکہ مطالعہ کتب میں مصروف رہتے اور استفتوں کے جواب تحریر فرماتے۔“(ص:۱۰۸)

تصوف کی تعلیم اور بیعت واجازت:

مولانا عبدالباری نے تصوف کی مروجہ کتابیں اپنے والد ماجد سے پڑھیں اور مثنوی مولانا روم مولانا عبدالغفار فرنگی محلی (ف: ۱۹۰۳ء) سے پڑھی۔ جب کہ اپنی بیعت کے تعلق سے مولانا خود فرماتے ہیں:

> وبايعت على يد جدي اذا كنت صغيراً ثم جددت البيعة على يد أبي قدس أسرارهم.
>
> جب میں چھوٹا تھا تو اپنے جد امجد مولانا عبدالرزاق قدس سرہ کے دست مبارک پر بیعت ہوا، پھر اپنے والد گرامی قدس سرہ سے تجدید بیعت کر لی۔
>
> (آثار الاول من علماء فرنگی محل، ص: ۱۶۳)

بچپن سے ہی آپ میں علم وفضل کے آثار نمایاں تھے، اس لیے بیعت کے بعد ہی دادا محترم نے تمام سلاسل کی اجازت دے دی۔ جب مولانا نے بڑے ہو کر والد سے تجدید بیعت کی تو تجدید بیعت کے بعد ہی والد ماجد نے بھی جمیع سلاسل کی اجازت عطا کر دی۔

مولانا نے ۱۳۲۱ھ/ ۱۹۰۳ء میں بغداد (عراق) کا سفر کیا، جہاں نقیب الاشراف شیخ سید عبدالرحمن گیلانی (زیب سجادہ) اور شیخ سید مصطفی گیلانی (ابن نقیب الاشراف سید سلمان گیلانی) نے یہ کہہ کر سلسلہ قادریہ کی اجازت مرحمت فرمائی کہ ”حضرت غوثیت رضی اللہ عنہ کے حسب الحکم اجازت دیتا ہوں“(۱)۔

---

(۱) حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق، ص:۶

اجازات احادیث:

مولانا عبدالباری کو ان کی اعلیٰ علمی لیاقت اور مختلف علوم وفنون میں بے مثال صلاحیو دیکھتے ہوئے عرب وعجم کے مشاہیر علما اور شیوخ نے مختلف اسانید، روایت اور مسلسلات احادی کی اجازت عطا کی۔

آپ کو سب سے پہلے اپنے جد محترم مولانا شاہ عبدالرزاق سے بچپن میں ہی اجازت حدی حاصل ہوئی۔ ۱۳۰۹ھ/ ۱۸۹۲ء میں آپ حج کے لیے تشریف لے گئے تو محدث مدینہ شیخ سی ظاہر وتری سے اجازت حدیث پائی، جب کہ شیخ الدلائل محمد بن علی باشلی حریری سے دلائل الخیرا کی اجازت ملی۔ ۱۳۱۸ھ/ ۱۹۰۰ء میں جب آپ تعلیم سے فارغ ہوئے تو محدث مدینہ نے دوبا تفصیلی اجازت عطا فرمائی (۱)۔ ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۵ء میں آپ دوبارہ حج کے لیے تشریف لے گ سات ماہ تک مدینے میں قیام فرمایا اور محدث مدینہ سے متعدد کتب حدیث سبقاً سبقاً پڑھی۔ ا سفر میں شیخ امین رضوان سے بھی اجازت پائی۔

مذکورہ علما ومشائخ کے علاوہ حسب ذیل علما وشیوخ سے آپ کو اجازات حدیث مرحمت ہوئی

- شیخ سید احمد بن اسماعیل برزنجی
- شیخ فاتح مدنی
- شیخ محمد بن سلیمان حسب اللہ المکی
- شیخ احمد بن محمد بن احمد الخضر اوی المکی (استاذ حرم مکہ)
- نقیب الاشراف سید عبدالرحمن گیلانی (بغداد)
- والد ماجد مولانا شاہ عبدالوہاب فرنگی محلی
- مولانا نورالحسنین فرنگی محلی
- استاذ محترم مولانا عبدالباقی فرنگی محلی

---

(۱) محدث مدینہ کی یہ دونوں اجازات حدیث کو مولانا عبدالباری نے اپنی کتاب "حسرۃ المسترشد لوصال المر صفحہ ۲۰/۲۱ پر نقل کیا ہے۔

- برادر اکبر مولانا شاہ عبدالرؤف فرنگی محلی

ازدواجی زندگی:

مولانا عبدالباری نے "حسرۃ المسترشد" میں ذکر کیا ہے کہ منشی بہاء الدین کاکوروی کی صاحب زادی سے ۳۰؍ربیع الثانی ۱۳۱۵ھ/ ۲۸؍ستمبر ۱۸۹۷ء کو آپ کا عقد ہوا، ایک سال کے بعد ایک بچے کی ولادت ہوئی مگر اہلیہ اور بچے دونوں کا انتقال ہو گیا۔ دو برس کے بعد آپ نے دوسرا عقد سید محفوظ حسین نقوی لکھنوی کی صاحب زادی سے کیا، ان سے کئی اولادیں ہوئیں مگر دو صاحب زادیوں فاطمہ کبری اور فاطمہ صغری کے علاوہ کوئی زندہ نہیں رہیں، ان دونوں کا وصال بھی عقد کے بعد عین جوانی میں ہو گیا۔ بڑی صاحب زادی کا عقد آپ کے بھتیجے، شاگرد اور جانشین مولانا قطب الدین عبدالوالی (ف:۱۹۵۴ء) سے ہوا، جن سے دو بیٹے مولانا محمد سعید عبدالرزاق (ف:۱۹۷۷ء) اور مولانا محمد نور عبدالعلی (ف:۱۹۵۴ء) ہوئے، جب کہ دوسری صاحب زادی کا عقد حکیم معراج الحق فرنگی محلی (ف:۱۹۸۱ء) سے ہوا، جن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

مولانا عبدالباری کے وصال سے چھ برس پہلے ۵؍دسمبر ۱۹۱۹ء کو ایک صاحب زادے مولانا جمال الدین عبدالوہاب (ف:۲۰۱۲ء) ہوئے، جن کا عقد شاہ حیات ردولوی کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے چار صاحب زادے احمد عبدالباری، محمود جمال، احمد علاء الدین اور معین الدین احمد ہوئے اور تین صاحب زادیاں ڈاکٹر فریدہ فاطمہ، امینہ فاطمہ اور ڈاکٹر حمیرا فاطمہ ہوئیں۔

درس وتدریس:

مولانا عبدالباری نے زمانہ طالب علمی سے ہی درس وتدریس کا سلسلہ شروع کر دیا تھا، تعلیم سے فراغت کے بعد، بقول آپ کے تلمیذ رشید مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی:

> "اٹھارہ اور بیس اسباق روزانہ ہوتے تھے ——— حج سے واپسی [۱۹۰۵ء] کے بعد اور بھی تدریس میں اوقات زائد صرف فرماتے۔" (حسرۃ الآفاق، ص:۷)

آپ کے ایک اور شاگرد مولانا الطاف الرحمن (رئیس بڑا گاؤں، بارہ بنکی) لکھتے ہیں:

> "کثرت درس اس حد تک پہنچ گئی کہ بعض زمانے میں مطولات کے ہر روز اٹھارہ

سبق پڑھانے کی نوبت آگئی۔" (احوال علمائے فرنگی محل، ص:۵۹)

مولانا عبدالماجد دریابادی (ف:۱۹۷۷ء) نے اس حوالے سے بڑا دل کش نقشہ کھینچا ہے

"پڑھانے کی حرص کا یہ عالم کہ ابھی تحصیل علم جاری تھی کہ تدریس شروع کردی، پڑھ ہی رہے تھے کہ پڑھانے بھی لگے اور آخر میں تو یہ نوبت پہنچ گئی تھی کہ بعد فجر بھی سبق اور قبل دوپہر بھی سبق اور سہ پہر کو بھی سبق اور اکثر شب میں بھی سبق۔ شاگردوں کا شمار کون کرے؟ خدا جانے کتنے بے علموں کو پڑھا لکھا بنا دیا، حرف شناسوں کو فضیلت کی دستار بندھوادی۔" (نشریات ماجد، ص:۱۸۵)

معقولات اور منقولات کی تمام اہم اور منتہی کتابیں آپ کی زیر تدریس تھیں۔ گویا یہ ک
درست ہوگا کہ بیسویں صدی کے ربع اول میں فرنگی محل کی دو سو سالہ علمی و تدریسی امانت آ
کے کندھوں پر تھی۔ آپ کے اسلاف کی طرح آپ کی بھی علمی و فنی لیاقت اور طریق تدریس کا ش
ہونے لگا اور اکناف ہند سے طالبان علوم اپنی علمی پیاس بجھانے جوق در جوق آپ کی درس گ
میں آنے لگے۔ جب تک ملی اور سیاسی قیادت کا بار آپ کے کندھوں پر نہیں آیا آپ برسہا بر
تک شب و روز تدریس و افادہ میں مشغول رہے۔ بلا مبالغہ ہزاروں تلامذہ نے آپ سے فیض پا
اپنے اسلاف کی طرح آپ نے بھی اپنے تلامذہ اور مستفیدین کی فہرست تیار نہیں فرمائی۔

آپ کے شاگرد اور مرید مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی کا بیان ہے کہ کثرت تلامذہ کی وجہ سے "باوجود کوشش کے بھی مکمل فہرست کیا ادھوری فہرست بھی تیار نہیں کرسکتا ہوں۔" پھر بھی انھوں نے "حسرۃ الآفاق" میں آپ کے تقریباً سو تلامذہ کی فہرست درج کی ہے، جسے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ شمالی ہند سے جنوبی ہند تک ہر خطے کے طلبہ آپ کے شاگرد ہوئے، یہاں تک کہ مختلف خانقاہوں، مثلاً کاکوری، کچھوچھہ، بانسہ، اجمیر اور ردولی کے شہزادگان نے بھی آپ کی درس گا
میں زانوئے تلمذ تہ کیا۔ اس طرح آپ کے ذریعے فرنگی محل کا علمی فیضان ہند و بیرون ہند کے دور دراز اور مختلف خطوں تک پہنچا۔

ان کے علاوہ زمانے کے احوال کو دیکھتے ہوئے مولانا نے انگریزی تعلیم یافتہ حضرات کی

اسلامی تعلیم وتربیت کے لیے جدید لب ولہجے میں باقاعدہ درس قرآن کا آغاز کیا، جس میں دیکھتے ہی دیکھتے شہر کے بے شمار لوگ شرکت کرنے لگے اور علم دین، اسلام اور علما سے ان کی دلچسپی بڑھنے لگی- پانچ پارے تک درس ہوا تھا کہ آپ کا وصال ہو گیا اور یہ زریں سلسلہ ختم گیا-

اسی طرح طالبان تصوف کی تعلیم وتربیت کے لیے آپ نے باقاعدہ ''مثنوی شریف'' کا درس شروع کیا، اس میں بھی پروانہ وار لوگ شریک ہوتے -اس محفل کا رنگ ہی عجب تھا-گریہ وزاری، آہ وفغاں اور انابت الی اللہ سے محفل گرم رہا کرتی اور لوگ مرغ بسمل کی طرح تڑپتے-

بیعت وارشاد اور منصب سجادگی:

مولانا عبد الباری اپنے دادا محترم اور والد ماجد سے بیعت ہوئے اور بشمول دادا اور والد کے ہند وبیرون ہند کے مختلف مشاہیر شیوخ نے آپ کو مختلف سلاسل کی اجازت وخلافت سے سرفراز کیا، تاہم والد ماجد کے وصال ۱۹۰۳ء کے بعد مولانا کے برادر اکبر مولانا شاہ عبد الرؤف مسند سجادگی پر متمکن ہوئے، لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا، والد کے وصال کے دو برس کے بعد ہی ۱۹۰۵ء میں مولانا عبد الرؤف نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا اور پھر مولانا عبد الباری مسند ارشاد وسجادگی پر رونق افروز ہوئے- ''تذکرۂ علمائے فرنگی محل'' میں مذکور ہے کہ:

> ''بڑے بھائی کی موجودگی میں سجادگی کے فرائض سے مولانا ایک حد تک سبک دوش تھے، مگر بھائی کے انتقال کرتے ہی یہ سب بوجھ مولانا کی تنہا ذات پر آ پڑا اور حق یہ ہے کہ ان تمام امور کو بے مثل خوبی اور انتہائی کمال سے جس طرح مولانا نے انجام دیا وہ آپ اپنی نظیر ہے-'' (ص:۱۰۹)

مولانا نے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ایک طرف فرنگی محل کی علمی وراثت کو تدریس وتصانیف کے ذریعے اوج کمال تک پہنچایا تو دوسری طرف اس کے روحانی فیضان کو بیعت وارشاد کے ذریعے وسیع تر کر دیا-

آپ کے دامن فیض سے وابستہ ہونے والوں کی تعداد ہزاروں میں تھی- ان میں عام لوگوں کے علاوہ بڑی تعداد میں جلیل القدر علما، صوفیہ، نامور شعرا وادبا اور عظیم المرتبت قائدین ملت بھی تھے،

ان میں مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی (علی برادران)(۱) کے نام بہت نمایاں ہیں۔

مولانا عبدالماجد دریابادی فرماتے ہیں:

"طریق قادریہ کے مشائخ میں ایک خاص امتیازی مقام رکھتے تھے۔حلقۂ بیعت وارادت میں وقت کی اچھی اچھی معروف ہستیاں تھیں اور دو مرید تو ایسے ہاتھ آگئے تھے کہ جن کا نام عجب نہیں کہ رہتی دنیا تک رہ جائے، یعنی محمد علی اور شوکت علی۔" (نشریات ماجد، ص:۱۸۶، ۱۸۷)

تصانیف وتالیف:

مولانا عبدالباری نے گوناگوں اور مختلف الجہات علمی مصروفیات کے باوجود ہرمروجہ فن ا
اُن فنون کے بے شمار موضوعات پر سیکڑوں کی تعداد میں تصانیف وتالیف اور حواشی وشروحات ذخیرہ یادگار چھوڑا ہے۔علمائے خانوادۂ فرنگی محل میں تصانیف کی تعداد کے اعتبار سے آپ کی ہم سر کوئی نہیں کرسکا۔آپ نے اپنے خانوادے میں سب سے زیادہ کتابیں تصنیف کی ہیں۔کثرت تصانیف کے حوالے سے مولانا خود فرماتے ہیں:

واشتغلت بالدرس والافتاء وصنفت تصانیف کثیرۃ وحواشی مختلفۃ۔

میں درس وتدریس اور فتوی نویسی میں مصروف ومشغول ہوگیا اور کثیر تعداد میں کتابیں اور حواشی لکھے۔" (حسرۃ المسترشد لوصال المرشد، ص:۲۴)

مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی "حسرۃ الآفاق" میں لکھتے ہیں:

"زمانۂ طالب علمی سے لے کر ۲ رجب ۱۳۴۴ھ یوم علالت تک مشکل سے کوئی دن ایسا گزرا ہوگا کہ جس میں کچھ نہ کچھ وقت تالیف پر نہ صرف فرمایا ہو، اوائل زمانہ کے بہت سے تالیفات حفاظت نہ کرنے کی وجہ سے ضائع ہوگئے۔" (ص:۱۱)

---

(۱) علی برادران ۱۹۱۵ء سے ۱۹۱۹ء تک تقریبا پانچ برس مختلف جیلوں میں نظر بند رہے، جہاں مولانا عبدالباری ان سے ملنے کے لیے اکثر جایا کرتے تھے۔مولانا محمد رضا فرنگی محلی نے مولانا عبدالباری کے ذاتی دستاویز کے حوالے سے لکھا ہے کہ اسی نظر بندی میں رمضان ۱۳۳۳ھ/ جولائی ۱۹۱۵ء کو دونوں بھائی مولانا کے ہاتھوں پر سلسلۂ قادریہ رزاقیہ میں بیعت ہوئے۔(ماہ نامہ "جامعہ" دہلی، مولانا محمد علی نمبر، ص:۱۰۷، شمارہ: جنوری، فروری ۱۹۸۰ء)

مزید لکھتے ہیں:

> ”بہت سی تالیفیں ایسی ہیں کہ مولانا نے اپنے تلامذہ کو بعض ضرورتوں پر دے دی تھیں، میں نے بہت کوشش کی کہ مولانا کے مؤلفات کی مکمل فہرست تیار کرلوں، مگر افسوس کہ تلامذہ کی فہرست کی طرح اس میں بھی مجھے ناکامی ہوئی۔“

اس کے بعد مولانا عنایت اللہ نے حسب ذیل علوم وفنون پر آپ کی ایک سو گیارہ (۱۱۱) تصانیف اور حواشی وشروحات درج کی ہیں(۱)۔ واضح رہے کہ اس میں آپ کے سیکڑوں علمی مضامین ومقالات اور لاتعداد مستقل فتاوے شامل نہیں ہیں:

● علم صرف:	۱۰	● علم نحو	۴
● علم حکمت وفلسفہ	۴	● علم منطق	۳
● علم فقہ	۳۳	● علم فرائض	۳
● علم کلام	۴	● اصول فقہ	۳
● علم حدیث	۱۴	● علم تفسیر	۳
● سیرت وسوانح	۲۰	● تصوف وسلوک	۸
● علم ادب	۲		

تصانیف کی نامکمل فہرست کے اندراج سے پہلے مولانا عنایت اللہ لکھتے ہیں:

> ”اس میں یادداشتوں اور مضامین کے مجموعے شامل نہیں ہیں، جن کی آٹھ جلدیں مکمل موجود ہیں، نیز مولانا کے مجموعات فتاویٰ دو جلدوں میں اس کے علاوہ ہیں۔“ (ایضاً، ص: ۱۲)

مولانا عنایت اللہ ”تذکرۂ علمائے فرنگی محل“ میں مولانا عبدالباری کی کتابوں کی نامکمل فہرست

---

(۱) تکرار سے بچنے کے لیے مولانا عبدالباری صاحب کی کتابوں کی فہرست یہاں نہیں دی جارہی ہے، کیوں کہ مولانا نے ”آثار الاول“ کے متن میں اپنی ۱۷ر تصانیف کا ذکر کیا ہے، جب کہ مختلف علوم وفنون پر دیگر کتابوں کے اسما ”تذکرۂ علمائے فرنگی محل“ اور ”حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق“ میں درج ہیں، سو وہاں رجوع کیا جاسکتا ہے۔

درج کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

> ”ان تصانیف کے علاوہ مختلف کتب درسیہ پر حواشی ہیں، جیسے حاشیہ شرح سلم قاضی، حاشیہ میر زاہد رسالہ، حاشیہ علی حاشیہ غلام یحییٰ، حاشیہ شرح ہدایۃ الحکمۃ، حاشیہ شمس بازغہ، حاشیہ نور الانوار، حاشیہ اصول البزدوی، حاشیہ شرح مشکوٰۃ اور رسالہ سائنس وکلام، جس کی چونتیس (۳۴) جلدیں ہیں، اور ان میں سے صرف ایک جلد شائع ہوئی ہے۔“ (ص:۱۱۷)

میرا ذاتی خیال ہے کہ اُس عہد کے علما کے تلامذہ ومریدین کی طرح، اگر مولانا عبد الباری کے تلامذہ، مریدین ومتوسلین اور اولاد واحفاد نے بھی ان کے ہر ہر فتوے اور ہر مضمون، یہاں تک کہ ہر ایک قصیدے کو ایک مستقل تصنیف شمار کیا ہوتا، نیز آپ کی تمام تصانیف کی حفاظت بھی کی ہوتی تو یقیناً یہ تعداد ہزار سے متجاوز ہوتی۔

مولانا کے تلمیذ رشید مولانا شیخ الطاف الرحمن ”احوال علمائے فرنگی محل“ میں استاد محترم کی اسّی (۸۰) کتابیں شمار کرانے کے بعد لکھتے ہیں:

> ”تصانیف اس کثرت سے ہوئیں کہ باوجود بعضہا للنفس دو ثلث ضائع کر دینے کے اسّی (۸۰) سے زائد مستقل تصانیف کی پہنچ گئی۔“ (ص:۵۹)

واضح رہے کہ یہ تحریر مولانا عبد الباری صاحب کے وصال سے ۲۰ر برس قبل لکھی گئی ہے، خدا بہتر جانتا ہے کہ اس کے بعد بیس برسوں میں مولانا نے کتنا کچھ لکھا اور کتنی کتابیں تصنیف کیں۔

مولانا عبد الباری نے زندگی کی صرف ۴۸ر بہاریں دیکھیں، اس مختصر سی عمر میں درجنوں علوم وفنون پر سیکڑوں کی تعداد میں کتابیں، شروحات، فتاوے، تالیفات وتراجم اور حواشی تحریر کرنا عطائے ربانی اور توفیق خداوندی کے بغیر ممکن نہیں۔ اگر مولانا نے طویل زندگی پائی ہوتی اور یہ پوری زندگی کنج خمولی میں بسر کرتے ہوئے صرف قلم ودوات سے سروکار رکھا ہوتا تو اتنی حیرت نہیں ہوتی لیکن آپ کی عبقری شخصیت شش جہات تھی، آپ بیک وقت مستقل مدرس، مفتی، شیخ طریقت، نامور سیاسی وملی قائد اور فرنگی محل کی دو سو سالہ علمی وفکری امانتوں کے منتظم ومنصرم تھے۔ کمال یہ ہے

کہ ہر ایک پہلو سے آپ کی شخصیت ممتاز اور بے مثال تھی۔ ان تمام ذمہ داریوں، سرگرمیوں، علمی ہنگامہ آرائیوں کے ساتھ ہزاروں صفحات سپرد قلم کر دینا آسان نہیں تھا، تاہم آپ نے اس کارنامے کو انجام دے کر اپنی عبقریت کی شناخت کروادی کہ دیکھو عباقرہ ایسے ہوتے ہیں۔

مولانا عبدالماجد دریابادی کا یہ اقتباس بھی ملاحظہ ہو:

> "قلم اٹھایا تو تصنیف وتالیف کا ایک انبار لگا دیا، سیرت، سلوک، صرف، نحو، ادب، منطق، فقہ، اصول فقہ، کلام، مناظرہ، حدیث وتفسیر، خدا جانے کتنے علوم وفنون پر چھوٹی بڑی سو سے اوپر کتابیں تیار کر دیں۔ اردو کے علاوہ عربی میں بھی۔ اور یہ گنتی تو مستقل کتابوں کی ہوئی، حاشیے جو بہت لکھ ڈالے ان کا شمار ہی نہیں —— مدت عمر پھر ایک بار یاد کر لیجیے، کل ۴۸ر سال۔ بعض بعض کتابوں کے نقشے اور منصوبے تو ان کے سامنے عظیم الشان تھے، مثلاً نئے علم کلام پر "سائنس وکلام" کے نام سے ۳۴ر جلدیں پیش نظر تھیں۔" (نشریات ماجد، ص: ۱۸۶)

وسیع المشربی اور تعمیر ملت:

مولانا عبدالباری اپنے عظیم اسلاف کے مسلک ومنہاج پر سختی سے قائم رہے، لیکن جہاں کہیں بھی اسلامیان ہند کا سیاسی، تعلیمی، معاشی اور دینی مفاد سامنے آیا، یا وحدت امت پر آنچ آتی ہوئی محسوس ہوئی، مولانا نے اپنے دینی ومسلکی شناخت اور موقف کے ساتھ اس کا تعاون و تحفظ کرنے میں دریغ نہیں کیا۔ صوفیانہ منہج اور اعتدال کی روش پر چلنے والے صوفی مزاج علما کا ہمیشہ یہی کردار رہا ہے، ماضی میں اس کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔

مولانا کا عہد اسلامیان ہند کی مسلکی تفرقہ بندی، جماعت سازی، مذہبی توڑ پھوڑ، آپسی تکفیر وتفسیق، مذہبی مناظرے اور مجادلے کے عروج کا عہد رہا ہے، جس میں بیشتر علما کی توانائیاں انہی کاموں میں صرف ہو رہی تھیں، اور ان کی توجہ بحیثیت مجموعی مسلم مسائل کی طرف بالکل نہیں تھی، مگر مولانا عبدالباری کی آفاقی سوچ ہزاروں سے یکسر مختلف تھی، آپ کی ترجیحات میں اسلامیان ہند کے کھوئے ہوئے اجتماعی وقار ومنصب کی بازیابی اور بحیثیت مسلمان ان کا سیاسی، تعلیمی،

معاشی اور دینی مستقبل کا تحفظ سب سے پہلے تھا۔ اس کے لیے آپ نے جس طرح عملی جدوجہد کی ہے اسے صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ بطور نمونہ از خروارے آپ کی چند کوششیں درج ہیں، جو آپ کی وسیع المشربی اور دوربینی کی بین دلیل ہیں:

● سرسید احمد خاں (ف: ۱۸۹۸ء) کے بعض مذہبی عقائد وافکار کی وجہ سے بیشتر علمائے ہند بشمول علمائے فرنگی محل کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے اختلاف تھا۔ اس لیے علما سرسید کے اس تعلیمی مشن کو سبوتاژ کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑ رہے تھے، تاہم مولانا عبدالباری جیسے چند علما تھے جو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی تعمیر وتوسیع میں مسلمانان ہند کی معاشی خوش حالی اور معاشرتی وقار ومنصب کی بحالی کو دیکھ رہے تھے۔ اس لیے مولانا نے بے محابا اس جانب قدم بڑھایا اور یونیورسٹی کی عام تحریک میں سر آغا خان (ف: ۱۹۵۷ء) کی تحریک پر پانچ سو روپے کا چندہ دیا اور اپنے وسیع حلقۂ اثر میں علی گڑھ تحریک کے بڑے معاون ہوئے، نیز علی گڑھ تحریک کے سرخیل اور سرسید کے قریبی دوست نواب وقارالملک مشتاق حسین (ف: ۱۹۱۷ء) سے مراسلت کر کے اپنے زیر اثر طلبہ کو مسلم یونیورسٹی بھجوانے کا سلسلہ شروع کیا۔

● دارالعلوم ندوۃ العلماء کے قیام ۱۸۹۳ء میں تمام مسالک کے علما شامل رہے، تاہم بعض مسلکی اختلافات فکر ونظر کی بنیاد پر بدایوں اور بریلی سے وابستہ علما اس تحریک سے الگ ہو گئے، بہت سے علمائے فرنگی محل نے بھی علیحدگی اختیار کر لی، مگر مولانا عبدالباری مسلکی اختلافات فکر ونظر کے باوجود ندوہ کے قیام اور تعمیر وترقی میں شامل رہے کہ اگر جدید نصاب ونظام کے ساتھ ایک بڑے علمی قلعے کی تعمیر ہو جاتی ہے تو اس سے مسلمانوں کے وقار ومنصب میں اضافہ ہوگا اور ان کا معاشرتی مستقبل تابناک ہوگا، نیز اس کے ذریعے عالم عرب سے ہندوستانی مسلمانوں کے روابط مضبوط ہوں گے۔ مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں:

> ”مولانا اس کے رکن انتظامی منتخب ہوئے اور ہمیشہ دامے درمے سخنے قدمے دارالعلوم کی مدد فرماتے رہے۔ ندوہ کے سالانہ جلسے میں ۱۳۳۳ھ میں مولانا خود بھی مجلس استقبالیہ کے رکن بنے اور ہم سب کو رکن بنوایا اور تحصیل چندہ میں

کوشش فرمائی۔" (حسرۃ الآفاق، ص: ۱۰)

ہے اور اس طرح کی اور بھی معاصر شہادتیں موجود ہیں، جو اس پروپیگنڈے کی تردید کرتی ہیں کہ مولانا نے بعض معاصر علما کے توجہ دلانے پر ندوہ سے علیحدگی اختیار کر لی۔

● مسلمانان ہند کی تعلیمی، معاشی اور سیاسی وقار کی بحالی کے لیے ایک سے زائد مرتبہ دار العلوم دیوبند تشریف لے گئے اور وہاں کے علما سے ان امور میں تبادلۂ خیالات کیا اور کامن منیمم ایجنڈے کے تحت مل کر کام کرنے پر انھیں راضی کیا تاکہ انگریزی سرکار کی ملی وحدت کو پارہ کرنے کی سازش کو ناکام کیا جا سکے اور مسلمانوں کی اجتماعی ترقی کی راہ آسان ہو سکے۔

مولانا کی ان کوششوں کو دیکھتے ہوئے ان کی حکمت و دانائی اور تدبر و دور اندیشی کو داد دینے کو جی چاہتا ہے، کیوں کہ جو لوگ مسلکی اختلافات کی بنیادوں پر مسلمانوں کی اجتماعی دینی، سیاسی، تعلیمی اور معاشی مفاد اور مستقبل کو بے دردی سے قربان کرنے سے نہیں چوکتے تھے، آج ان ہی کے پیروکار ہندوستان کے بدلے ہوئے متعصب اور ناگفتہ بہ ماحول میں اپنی مسلکی اور جماعتی شناخت کے ساتھ "وحدت امت" کے لیے نعرہ زن ہیں، تاکہ مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کی حفاظت کی جا سکے۔ یہ انقلاب سو برس کے بعد آیا، تاہم درست آیا، ہمیں ان کے شعور کی مثبت تبدیلی کا استقبال کرنا چاہیے، مگر اس سچائی کے اعتراف اور تشکر و امتنان کے ساتھ کہ اس انقلاب کی بنیاد سو برس پہلے مولانا عبد الباری جیسے چند مستقبل شناس علما نے رکھی تھی۔

فرنگی محل میں "مدرسہ عالیہ نظامیہ" کا قیام:

فرنگی محل میں باقاعدہ ادارے کی شکل میں کبھی کوئی مدرسہ نہیں رہا، علمائے خانوادۂ فرنگی محل کا یہ کمال تھا کہ وہ جہاں بیٹھ جاتے، ایک مدرسہ نہیں، یونیورسٹی بن جاتی۔ ۱۹۰۰ء اور ۱۹۱۰ء میں علامہ شبلی نعمانی (ف: ۱۹۱۴ء) نے علی الترتیب ملا نظام الدین اور درس نظامیہ و فرنگی محل پر مضامین لکھے(۱) اور علمائے فرنگی محل کی دو صدیوں پر محیط تدریسی اور علمی و فنی خدمات کو دیکھتے ہوئے اس

---

(۱) علامہ شبلی نعمانی کے شاہکار قلم سے یہ جاندار مضامین بھی مولانا عبد الباری کی کوششوں کا نتیجہ ہے، جنھوں نے علامہ کو علمائے فرنگی محل کے احوال و خدمت پر مشتمل قدیم اور نادر مآخذ و مراجع پیش کیے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

سچائی کا برملا اعتراف کیا کہ:

> ”قدیم اصطلاح میں کالج ایک شخص کے وجود خاص کا نام تھا، وہ جہاں بیٹھ جاتا تھا، اس کے گرد مستفیدوں کی ایک جماعت کثیر جمع ہو جاتی تھی، اس کے فیض کا بادل ہر وقت برستا رہتا تھا، دن رات جس وقت جو کچھ بولتا تھا علمی لیکچر ہوتا تھا، اس کے حرکات وسکنات، نشست وبرخاست، وضع قطع، طور طریقے سب خاموش عملی لیکچر تھے، شاگردوں کا سلسلہ در سلسلہ پھیلتا جاتا تھا، یہاں تک کہ چند دن کے بعد یہ ذی روح کالج، یونیورسٹی یا جامعہ اعظم بن جاتا تھا۔“
>
> (مقالات شبلی، حصہ سوم، ص: ۱۰۸، ۱۰۹)

استاذ الہند ملا نظام الدین محمد سے امام وقت مولانا قیام الدین عبد الباری تک فرنگی محل کا بھی یہی حال تھا، پھر مولانا عبد الباری نے بدلے ہوئے ملکی اور دنیاوی حالات میں جدید نظام تعلیم اور اس کے اطوار کو سمجھا اور فرنگی محل میں ہی باقاعدہ اس ”ذی روح کالج یا یونیورسٹی“ کو ایک تعلیمی نظام کی حیثیت دی۔ مدرسے کے قدیم نصاب میں انگریزی زبان، سائنس، حساب، الجبرا، جیومیٹری اور جغرافیہ جیسے نئے مضامین شامل کیے گئے، تعلیمی دورانیے کو نظام الاوقات کے تحت ترتیب دیا گیا، وقتاً فوقتاً تعلیمی معیار کی تفتیش کے لیے بیرونی اساتذہ کو مقرر کیا گیا، تعلیمی سال میں باقاعدہ امتحانات کا سلسلہ شروع کیا گیا اور پھر باقاعدہ ”مولانا“ اور ”مولوی“ کی سند دینے کا آغاز کیا گیا۔

برصغیر میں مذہبی نظام تعلیم کی اصلاح اور جدت کی یہ اولین کوششوں میں ایک تھی، جس کی مضبوط بنیاد مولانا عبد الباری نے رکھی، اُس عہد کا یہ بے مثال کارنامہ تھا، جو مولانا کی قیادت وبصیرت اور ژرف نگاہی کا منہ بولتا ثبوت ہے، ورنہ آزادی ہند تک عموماً مدارس اسلامیہ باقاعدہ تعلیمی نظام کے تحت نہیں چلا کرتے تھے۔ مدرسہ نظامیہ کے قیام کی نصف صدی کے بعد برصغیر میں جن لوگوں نے بھی مذکورہ جدید خطوط پر اپنے دینی اداروں کو چلانے کا آغاز کیا، اُن خطوط کے کھینچنے والوں میں

(بقیہ پچھلے صفحے کا حاشیہ) جن کے مطالعے کے بعد شبلی نے علی الترتیب ”معارف“ علی گڑھ اور ”الندوہ“ لکھنؤ میں مضامین لکھے اور خصوصی طور پر مولانا عبد الباری کا شکریہ ادا کیا۔

ایک نمایاں نام مولانا کا بھی ہے۔ سرکردہ اشخاص سے مولانا کی وابستگی کا راز بھی یہی تھا۔

بہر حال استاذ الہند ملا نظام الدین کی وفات کے دن ۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۳ھ/ ۱۲ جولائی ۱۹۰۵ء کو شیخ سید خورشید احمد ہانسوی (نبیرہ سید السادات شیخ عبدالرزاق ہانسوی) اور اپنے استاذ مولانا عین القضاۃ حیدرآبادی کی موجودگی اور سرپرستی میں مولانا نے باضابطہ اس جدید ادارے کا افتتاح کیا اور اس مدرسے کا نام اپنے جد امجد کے نام پر "مدرسہ عالیہ نظامیہ" رکھا۔ یہ ملا نظام الدین کی حویلی میں ہی قائم کیا گیا، جس کی عمارت کی مرمت اور ضروری اشیا کے لیے جہاں گیرآباد کی رانی صاحبہ نے امداد فرمائی (۱)۔ مولانا کی علمی مساعی اور گہرے تعلقات کو دیکھتے ہوئے نظام دکن نواب میر عثمان علی خاں (ف: ۱۹۶۷ء) ، والی رام پور نواب حامد علی خاں بہادر (ف: ۱۹۳۰ء) اور راجہ صاحب نانپارہ کی جانب سے اس مدرسے کو ایک طویل عرصے تک گراں قدر مالی امداد ملتی رہی۔ مولانا عبدالماجد دریابادی مولانا عبدالباری اور اس ادارے کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> "ایک اور چیز میں بھی اپنے بڑوں سے بازی لے گئے تھے، ان کے زمانے تک پڑھانے کا وہی پرانا طریقہ جاری تھا۔ یعنی ہر استاد کی ذات خود ایک مدرسہ بنی ہوئی تھی، آپ نے پہلی بار یہ کیا کہ اس فیض جاری کو ایک نظام کے ماتحت اور ضابطوں کی قید میں لا کر ایک باقاعدہ درس گاہ کی شکل دے دی —— اور اپنی ہمت عالی سے کام لے کر بڑے بڑے عطیے اور درماہے اس کے لیے رئیسوں سے حاصل کر لیے۔" (تحریرات ماجد، ص: ۱۸۵)

جدید نصاب و نظام پر مشتمل اس مدرسے کا فائدہ یہ ہوا کہ طالبان علوم، دین کے ساتھ دنیا سے بھی واقف ہونے لگے، حکومت کے مختلف عہدوں پر ان کی تقرریاں ہونے لگیں، جس کی وجہ سے ان کے معاشی اور معاشرتی احوال بہت بہتر ہو گئے۔ مولانا عبدالباری حسب ضرورت اور حسب حال مدرسے کے نصاب میں وقتاً فوقتاً جزئی تبدیلی بھی کرتے رہتے۔ مولانا کے تلمیذ رشید مولانا عنایت اللہ لکھتے ہیں:

---

(۱)The Ulama of Farangi Mahall and Islamic culture in South Asia:PP.152

"اس مدرسے کا فیض ہے کہ موجودہ دور کے تمام علما (میرے بعد والے) اسی مدرسے کے تعلیم یافتہ ہیں اور میرے بعد فرنگی محل میں جو بھی فارغ التحصیل ہے، وہ اسی مدرسے کا سند یافتہ ہے۔" (حسرۃ الآفاق، ص: ۱۱۲)

مولانا سید عبدالحی حسنی رائے بریلوی (ف: ۱۹۲۳ء) رقم طراز ہیں:

ولما تأسست المدرسة النظامية في فرنگي محل بسعيه بدأ يدرس فيها وفي خارجها و اكثر اشتغاله في الأخير بالحديث و القرآن، و كان له درس في المثنوي للعارف الرومي في بيته، و تخرج عليه عدد كبير من الفضلاء. (نزهة الخواطر، ج: ۸، ص: ۱۲۵۹)

آپ نے جب اپنی کوشش سے فرنگی محل میں مدرسہ نظامیہ قائم کیا تو اس میں اور اس کے باہر بھی درس دینے لگے، آخری زمانے میں ان کی اکثر تدریسی مصروفیت قرآن و حدیث کی تدریس تک محدود ہو گئی۔ اپنے گھر سے مثنوی مولانا روم کا بھی درس دیتے۔ ان سے پڑھ کر کثیر تعداد میں علما و فضلا فارغ ہوئے۔

طویل زمانے تک یہ ادارہ مولانا عبدالباری کی توجہ کا مرکز رہا، جہاں سے وہ اپنا علمی و روحانی فیضان لٹاتے رہے، تاہم بیسویں صدی کی دوسری دہائی کے اخیر میں جب آپ کی توجہ ملی اور سیاسی امور کی طرف زیادہ ہونے لگی، ملک و بیرون ملک کے کثرت سے دورے ہونے لگے تو آپ کے مستفیدین نے اس ادارے کو آپ کی نگرانی اور سرپرستی میں سنبھالا۔ یہ بات بڑی اہم ہے کہ جب تک اس مدرسے کا وجود باقی رہا خانوادۂ فرنگی محل میں مولانا کی بعد والی نسل کے اکثر و بیشتر بچوں نے اسی مدرسے میں تعلیم پائی اور باصلاحیت عالم و فاضل ہوئے اور پھر اسی ادارے کے شعبۂ تدریس و افتا اور تصنیف و تالیف سے وابستہ ہو گئے۔

مولانا عبدالباری کے وصال ۱۹۲۶ء کے بعد یہ مدرسہ آپ کے بھتیجے، شاگرد، مرید و خلیفہ اور جانشین ملا قطب الدین عبدالوالی عرف قطب میاں (ف: ۱۹۵۴ء) کی نگرانی میں آ گیا، جو اسی مدرسے کے فارغ اور مدرس تھے، کیوں کہ مولانا عبدالباری کے وصال کے وقت آپ کے

اکلوتے صاحب زادے مولانا جمال الدین عبدالوہاب عرف جمال میاں (ف: ۲۰۱۲ء) محض چھ برس کے تھے۔ جمال میاں جب اس مدرسے سے پڑھ کر جوان ہوئے تو اس وقت ہندوستان کے سیاسی حالات میں اتھل پتھل مچی ہوئی تھی۔ ملک کی آزادی کی تحریک اپنے آخری پڑاؤ میں تھی، تقسیم ہند اور قیام پاکستان کی تحریک زوروں پر تھی، لینڈ ریفارم یعنی زمین کی ملکیت اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی کوشش شروع ہوگئی تھی اور نوابین کی ریاستیں انڈین یونین میں ملحق ہونے کے کگار پر تھیں، ایسی صورت میں مدرسہ نظامیہ کو جو نوابین اور مہاراجوں سے امداد آرہی تھی، اس کا بند ہو جانا فطری تھا، اور یہی ہوا بھی۔ ۲۰۰ برس سے جو تعلیمی ادارہ نہایت کروفر سے چل رہا تھا وہ مالی بحران کی وجہ سے زوال آمادہ ہو چلا تھا۔ ایسے میں جمال میاں اپنے والد کی اس بے مثال نشانی اور فرنگی محل کی ڈھائی سو سالہ قیمتی امانت (درس گاہ) کی حفاظت کے لیے کھڑے ہوتے ہیں اور مختلف ذرائع سے اس کے لیے چندے اور امداد کی کوشش کرتے ہیں، مگر بہت زیادہ کامیابی نہیں ملتی ہے، کیوں کہ اُس وقت جمال میاں ایک مسلم قائد کی حیثیت سے اپنی پہچان بنانے کے لیے جدوجہد کر رہے تھے، بالآخر اپنی خاندانی روایت کے برخلاف فرنگی محل کی اس آبرو کو بچانے کے لیے ان کے پاس اس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا کہ وہ اپنے گہرے دوست راجہ صاحب محمودآباد (ف: ۱۹۷۳ء) اور ان کے دیگر رفقا کے اصفہانی فیملی بزنس میں شامل ہو جائیں اور اس کی آمدنی سے مدرسہ نظامیہ کے اخراجات پورے کریں، چناں چہ انھوں نے "چائے" کی ایجنسی لے لی اور اس کا کاروبار کرنے لگے اور اس کی محدود آمدنی سے کسی طرح ادارہ چلنے لگا، تاہم یہ سلسلہ بھی آزادی ہند اور تقسیم ملک کے ساتھ ختم ہو گیا۔ حالات نازک ہو گئے اور نظامیہ بند ہونے کے کگار پر تھا۔ آگے کے حالات پروفیسر فرانسس رابن سن کی زبانی سنیں:

> Things became so desperate that Hasrat Mohani, whose family had followed Farangi Mahall for generations, gave his salary as a member of the UP assembly to support the Madrasa. Eventually things became so difficult in Lucknow that Jamal Mian

decided that the only way to sustain his family and help maintain the Madrasa was to set up in business in Dacca under the aegis of the Isphahanis.

(The Ulama of Farangi Mahall and Islamic culture in South Asia:PP.xvii)

حالات بہت برے ہو گئے، اس مشکل میں حسرت موہانی (جن کا خاندان کئی نسلوں سے فرنگی محل کا مطیع و مرید تھا) نے اتر پردیش کے اسمبلی ممبر کی حیثیت سے اپنی تنخواہ مدرسے کو دے دی، تاہم لکھنؤ میں حالات اور مشکل ہو گئے، اب جمال میاں نے اپنی فیملی اور مدرسے کو چلانے کے لیے فیصلہ کیا کہ اس کے علاوہ اب اور کوئی راستہ نہیں کہ ڈھاکہ میں اصفہانیوں کی سرپرستی میں کاروبار کیا جائے۔

اس طرح آزادی ہند کے بعد جمال میاں کاروبار کے لیے ڈھاکہ چلے گئے، جو اُس وق
پاکستان کا مشرقی حصہ تھا۔ وہ اپنے کاروبار کی آمدنی کا ایک خطیر حصہ برسوں تک ادارے کو د
رہے، اس طرح مدرسہ نظامیہ ستر کی دہائی تک چلتا رہا۔ ۱۹۷۱ء میں تقسیم پاکستان کے بعد جب
ڈھاکہ بنگلہ دیش کا حصہ بن گیا تو جمال میاں کراچی منتقل ہو گئے اور اس کے ساتھ ہی مدرسہ نظام
تاریخ کا ایک گم نام حصہ بن گیا۔

سیاسی و ملی فتوحات:

اسلامیان ہند کی ملی اور سیاسی قیادت و رہنمائی امام وقت مولانا عبدالباری کی زندگی کا ا
تابناک باب ہے جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ مولانا کی تاریخی اہمیت اس لیے بھی مزید
بڑھ جاتی ہے کہ زمرۂ علما میں ایسے چند ہی اساطین وقت تھے، جنھیں انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے،
جنھوں نے ملت کے لیے بے انتہا درد و فکر رکھتے ہوئے اس کے لیے اپنی پر امن نجی زندگی اور اس
کا سکون و قرار قربان کر دیا تھا، ورنہ بیشتر علما اپنی پوری علمی اور مذہبی توانائی امت کی تقسیم میں لگا
رہے تھے اور یہ تقسیم صرف مذہب و مسلک تک محدود نہیں تھی، اس کا اثر بالواسطہ مسلمانوں کے ہر
شعبے پر پڑ رہا تھا۔ ایسے علما کو اس سے کوئی سروکار نہیں تھا کہ امت سیاسی، تعلیمی، معاشی اور فکری سطح

بس زوال و ادبار کا شکار ہو رہی ہے اور ایک تکثیری معاشرے میں ان کا اپنا مستقبل کیا ہوگا۔ بلکہ وہ وہاں معدودے چند علما پر بھی شرعی دفعات لگا کر ان کی آواز کو بے اثر کرنے کی مہم میں لگے ہوئے تھے جو نہایت اخلاص کے ساتھ مسلمانانِ ہند کے حقوق و تحفظ کے لیے شب و روز کوشاں تھے۔

جو لوگ عملی طور پر میدان میں اتر کر کام کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں، غلطیاں ان ہی سے سرزد ہوتی ہیں۔ دعویٔ عصمت نہ انھیں تھا اور نہ ان کے متبعین کو، لیکن ان اساطین کی سیاسی لغزشوں کو شرعی دفعات لگا کر انھیں سرِعام رسوا کرنے کی مہم چلائی گئی اور ان کے کارناموں پر پردہ ڈالنے کی اس طرح کوشش کی گئی کہ آج مورخین کو ان کا سراغ لگانا مشکل ہو گیا ہے، بس یاد ہے تو اتنا کہ ان سے شرعی لغزشوں کا صدور ہوا تھا، جن پر ہمارے طیب و طاہر علما نے حکم تکفیر و تفسیق لگایا تھا۔ لغزشیں کس سے نہیں ہوئیں؟ فکرِ آخرت تو وہ اندھ بھگت کریں جو صبح و شام اپنے مذہبی پیشواؤں کی عصمت پر زورِ بیان دکھا کر شرک فی النبوۃ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ انھوں نے اپنا اور اپنے متبعین کی جتنی توانائی، پیسہ اور وقت ایک دوسرے کی تکفیر و تضلیل اور مذہبی ابطال میں صرف کیا، اگر اس کا عشر عشیر بھی امت کی سیاسی، تعلیمی، معاشی اور مذہبی مستقبل کی تعمیر میں لگایا ہوتا تو آج ہم جیسے کوتاہ بیں امت کی مفلوک الحالی کا مرثیہ نہیں پڑھ رہے ہوتے۔ آج بھارت کے ۲۵ کروڑ مسلمانوں کو جس قدر بھی عزت و آزادی نصیب ہے، یا وہ کروڑوں مسلمان جنھوں نے مملکت خداداد پاکستان کے قیام کے خواب کو شرمندۂ تعبیر ہوتے ہوئے دیکھا یا آج جو دیکھ رہے ہیں، ان کی بنیادوں میں امام وقت مولانا محمد عبدالباری جیسے علما کا قیمتی لہو، جہد مسلسل اور ایثار شامل ہے۔

مولانا کا سیاسی قد اتنا اونچا تھا اور مسلمانانِ ہند پر ان کے اثرات اتنے گہرے تھے کہ اُس عہد میں فرنگی محل تحریک آزادیِ ہند کا بڑا مرکز بن گیا تھا، جہاں کی تاریک و تنگ گلیوں میں اپنے وقت کے بڑے بڑے مسلم و غیر مسلم سیاسی لیڈران باادب حاضر ہوتے، ان میں موہن داس کرم چند گاندھی بھی تھے، پنڈت جواہر لعل نہرو بھی، سروجنی نائیڈو، پنڈت موتی لعل نہرو اور لالہ لاجپت رائے بھی اور نہ جانے کون کون۔ دارالعلم اب دارالعمل ہو گیا تھا، جہاں سے تحریک آزادی کے منصوبے بنائے جاتے، سیاسی پیش قدمیاں طے کی جاتیں، حکمت عملی تیار کی جاتی اور مسلم مسائل

کی پیچیدگیوں کی گرہ کشائی کی جاتی- مولانا عبدالماجد دریابادی نے بڑا دلکش نقشہ کھینچا ہے:

بات ۱۹۲۰ء کے آخر کی ہے، یا شاید شروع ۱۹۲۱ء کی- ایک روز سہ پہر کو دیکھتے کیا ہیں کہ موٹروں پر موٹریں آکر فرنگی محل کے پُل پر رک رہی ہیں اور ملک کے مشہور لیڈر ایک سے ایک اونچے اُتر رہے ہیں- یہ ٹھیک ہے کہ آج شہر میں خلافت اور کانگریس کمیٹیوں کے اجلاس ہیں اور ملک بھر کا لیڈر، ان میں امنڈ آیا ہے، لیکن شہر کے اس محلے سے ان حضرات کو کیا واسطہ؟ یہ لیجیے اب تو سواریاں پُل کے ڈھال سے اُتر کر پارچہ والی گلی میں چلنے بھی لگیں- اور پہچانیے یہ تو پنڈت موتی لال نہرو اُترے- یہ اُن کا سا نفاست پسند اور شاہانہ مزاج کا لیڈر اس میلی کچیلی گلی میں کہاں! اور دیکھیے یہ مسز سروجنی نائیڈو کا جلوہ نظر پڑا- یہ قیصر باغ اور ڈالی باغ کے سبزہ زاروں کو چھوڑ چھاڑ کر اِدھر کیسے؟ وہ حکیم اجمل خاں نکلے- یہ ڈاکٹر انصاری نمودار ہوئے- وہ لالہ لاجپت رائے دکھائی دیے- غرض کانگریس اور خلافت اور ترک موالات کے جتنے بھی لیڈر ہیں کیا بڑے اور کیا چھوٹے، کیا ہندو اور کیا مسلمان، کیا پنجابی اور کیا گجراتی، سب ہی تو نظر آرہے ہیں، اور اب دیکھیے سب کا رخ فرنگی محل کے مشہور مکان محل سرا کی طرف پھر گیا- مشہور عالم و فاضل مولانا قیام الدین عبدالباری کی مشہور حویلی، وہیں دن کے کھانے کی دعوت ہے- عقدہ اب کھلا، اللہ اکبر! یہ لیڈر فرنگیوں سے اس قدر بیزار اور ایک فرنگی محلی کے یار غار! اور یہ دعوت کچھ آج پہلی یا آخری تھوڑے ہی ہے- محل سرا تو گویا اب مہمان سرا ہے- ہر روز دعوتیں، آئے دن مہمان داریاں، ہر دعوت مہمان اور میزبان دونوں کے شایان شان-" (نشریات ماجد، ص: ۱۸۳، ۱۸۴)

یہ داستان اتنی طویل اور دلچسپ ہے کہ اسے یہاں چند صفحات میں سمیٹا نہیں جاسکتا، اس کے لیے ایک مستقل تصنیف کی ضرورت ہے، اس لیے یہاں تاریخی ترتیب سے ان کے کارناموں کی چند جھلکیاں پیش کی جارہی ہیں، مگر اس سے پہلے اُن اسباب کا پتہ لگانا ضروری ہے، جن کے

ارد گرد مولانا عبدالباری اور ان کے معاصرین علما اور لیڈران کی بیشتر سیاسی سرگرمیاں جاری تھیں:

خلافت عثمانیہ سے جذباتی وابستگی کے اسباب:

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ مولانا عبدالباری اور ان کے معاصرین علما اور مذہبی لیڈران کی بیشتر سیاسی سرگرمیاں براہ راست خلافت عثمانیہ کے قیام و استحکام سے جڑی ہوئی تھیں اور ان سرگرمیوں سے بالواسطہ حرمین شریفین اور دیگر مقدس مقامات و آثار کی حفاظت، برطانوی سامراج سے ہندوستان کی آزادی، وحدت اسلامی اور عالم اسلام خصوصاً ہندوستانی مسلمانوں کے سیاسی، تعلیمی اور معاشی حقوق کی بازیابی مطلوب تھی۔ اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ عالم اسلام خصوصاً ہندوستانی مسلمان اور مولانا عبدالباری جیسے ان کے مذہبی لیڈران ترکی کی خلافت عثمانیہ کے تعلق سے اتنے جذباتی کیوں تھے؟ وہ کیا اسباب تھے جن کے لیے انھوں نے اپنے سروں پر کفن باندھ لیے تھے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتے تھے؟ تحریک آزادی اور "خلافت موومنٹ" کے سرگرم رکن قاضی محمد عدیل عباسی (ف: ۱۹۸۰ء) نے تفصیل سے ان اسباب و وجوہات کو بیان کیا ہے، جنھیں اختصار سے یہاں پیش کیا جا رہا ہے:

پہلا سبب:

خلافت مرکزیت اسلامیہ، اسلام کی روح اور مذہب کی بنیاد ہے۔ خلافت کا قیام، اس کی بقا اور اس کے استحکام کو مسلمانان عالم نے ہمیشہ اپنا مذہبی فریضہ جانا۔ خلافت عثمانیہ مسلمانوں کی امیدوں کا آخری چراغ تھا، جسے بچانا وہ اپنا مذہبی و دینی فریضہ سمجھتے تھے۔

دوسرا سبب:

مغربی ممالک، خصوصاً برطانیہ کی بڑھتی ہوئی طاقت اور مسلم ممالک کے خلاف بالعموم اور ترکی کے خلاف بالخصوص اس کی معاندانہ کارروائیاں مسلمانوں کے لیے ناقابل برداشت تھیں۔

تیسرا سبب:

بلاد اسلامیہ پر مغربی طاقتیں، خصوصاً برطانیہ دھیرے دھیرے اپنے پنجے گاڑ رہا تھا ترکی ایسا واحد ملک تھا جس کی یورپ سے پانچ سو سالہ کشمکش اور ان پر فتوحات سبھوں کے سامنے تھیں۔

مسلمان بجا طور پر سمجھتا تھا کہ اگر خلافت عثمانیہ کا جھلملاتا ہوا چراغ گل ہو گیا تو مسلمانوں ک
دنیاوی کوئی وقار دنیا میں باقی نہیں رہے گا۔

چوتھا سبب:

خلافت اسلامیہ کے ذریعے ہی وحدت اسلامی قائم کی جا سکتی ہے اور وحدت اسلامی (
یورپ نے پان اسلام ازم کا نام دے کر بدنام کیا) کا منشا صرف یہ تھا کہ اسلامی اساطین اپ
اصلاح پیدا کریں، شرعی قوانین پر عمل کریں اور یورپ کے دست برد سے محفوظ رہیں۔

پانچواں سبب:

حرمین شریفین، مقامات مقدسہ، بیت المقدس، آثار بغداد و نجف و کربلا کی حفاظت
خلفا کے سپرد تھی، جن کے انہدام اور تسلط کے لیے مغربی طاقتوں نے کئی بار دھمکی دی تھی، خلا
عثمانیہ کے خاتمے کا مطلب ان مقامات مقدسہ کا کلی یا جزئی انہدام اور ان پر یہود و نصاری کا
و تسلط تھا۔ (تحریک خلافت، ص: ۲۱ تا ۳۵)

یہ وہ بنیادی اسباب تھے، جن کے لیے مولانا عبدالباری جیسے حساس اور قائد سرفروشاں
پوری توانائیوں کے ساتھ سرگرم عمل تھے اور ملت کی قیادت فرما رہے تھے۔

جنگ یونان و روم میں ترکوں کی فتح اور لکھنؤ میں جشن:

انیس ویں صدی کے آخری عشرے میں سلطنت عثمانیہ نے جنگ یونان اور روم میں فتح حا
کرلی، ہندوستان میں مسلمانوں کے درمیان مسرت و شادمانی کی لہر دوڑ گئی۔ مولانا عبدالباری
اس موقع پر لکھنؤ میں ایک عظیم الشان جشن کی تجویز رکھی، یہ جانتے ہوئے بھی کہ برٹش گورنمن
ترکوں کی پالیسی کی سخت مخالف ہے اور ایسا کرنے سے مولانا کے لیے مسائل کھڑے ہو سکتے
مگر انھیں تو اس جشن کی آڑ میں دنیا کو یہ پیغام دینا تھا کہ عالم اسلام کی وحدت و قوت کے
ہندوستان کا مسلمان ان کے ساتھ ہے۔

اس جشن کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جس کے صدر مولانا عبدالباری کے برادر
مولانا عبدالروف (ف: ۱۹۰۵ء) بنائے گئے اور مولانا اس کے رکن بنے، تاہم سارے انتظا

امور مولانا کے ہاتھوں میں تھے۔ صاحب ''حسرۃ الآفاق'' لکھتے ہیں:

> ''گورنمنٹ کی پالیسی حسب معمول ترکوں کے سخت مخالف تھی، اس نے ایسے جلسوں کو سخت ناپسند کیا اور علانیہ ان میں دراندازی شروع کی، لکھنؤ کے حکام نے بھی اپنا مرکز توجہ اس کمیٹی کو بنالیا اور اس کے ارکان کی نگرانی شروع ہوئی۔ مولانا اپنے کام میں پوری طرح پر منہمک ہو گئے اور باوجود سخت دراندازیوں کے مسرت فتح کا جلسہ نہایت زور و شور سے رفاہ عام میں منعقد ہوا۔'' (ص: ۱۴)

منٹو مارلے اصلاحات ۱۹۰۹ء کی حمایت:

بیس ویں صدی کے آغاز سے ہی مسلم دنیا ایک نئی سیاسی کروٹ لے رہی تھی، اس عہد میں اس کی سیاسی بصیرت اپنے عروج پر تھی اور زیادہ سرگرم بھی ہو چلی تھی، مولانا عبد الباری عمر کی تیس بہاریں دیکھ چکے تھے اور اسلامیان ہند کے لیے ایک اہم سیاسی و ملی رول ادا کرنے کے لیے جوش و خروش سے تیار تھے۔

برطانیہ میں ۱۹۰۶ء کے عمومی انتخاب میں لبرل پارٹی اکثریت کے ساتھ کامیاب ہوئی اور جان مارلے (Jhon Morley) 'وزیر ہند' جب کہ لارڈ منٹو (Lord Minto) وائسرائے نامزد ہوئے، دونوں نے ۱۹۰۹ء میں ہندوستانی رعایا کو انڈین کونسل ایکٹ میں ترمیم کرتے ہوئے کچھ مراعات دیں جسے ''منٹو مارلے اصلاحات ۱۹۰۹ء'' یا ''انڈین کونسل ایکٹ ۱۹۰۹ء'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس میں بہت سی اصلاحات کے ساتھ مولانا عبد الباری اور دیگر مسلم لیڈران کے اس مطالبے کو بھی منظوری دی گئی کہ مرکزی اور صوبائی لیجس لیٹو کونسلوں کے انتخاب کے۔ لیے مسلم نمائندگان کی سیٹیں مختص ہوں گی اور بحیثیت مسلم ان کا علیحدہ انتخاب ہوگا۔ اس مطالبے کا مقصد واضح تھا کہ زیادہ تعداد میں مسلم نمائندگان لیجس لیٹو کونسلوں میں پہنچیں اور برٹش گورنمنٹ سے مسلمانان ہند کے جائز حقوق اور زیادہ مراعات حاصل کر سکیں۔ اصلاحات کی اس شق سے غیر مسلموں کو بڑا اعتراض تھا اور وہ اس میں ترمیم کے لیے کوشاں تھے، تاہم مولانا عبد الباری نے اپنی پوری طاقت کے ساتھ اس شق کی حمایت میں مختلف ہنگامی جلسے کیے، میٹنگیں کیں اور حکومت

کو یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ ہندوستان کا مسلمان حکومت کے اس قدم سے بہت خوش

پروفیسر فرانسس روبن سن لکھتے ہیں:

In 1909 he gave his support to the great Muslim campaign to establish separate electorates in the Morley-Minto Council reforms.

(The Ulama of Farangi Mahall and Islamic culture in South Asia:PP.153)

۱۹۰۹ء میں انھوں نے مسلم تحریک کی پرزور حمایت کی کہ منٹو مارلے کونسل اصلاحات میں مسلمانوں کے لیے جداگانہ طریقۂ انتخاب نافذ کیا جائے۔

مسلم لیگ کے مرکزی دفتر کی منتقلی:

مسلم قائدین نے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ۱۹۰۶ء کو ڈھاکہ میں ایک جماعت "آل انڈیا مسلم لیگ" بنائی، جو آگے چل کر قیام پاکستان کی بڑی تحریک بن گئی۔ ابتدا اس کا مرکزی دفتر ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۰ء تک علی گڑھ میں رہا، تاہم کچھ وجوہات کی بنیاد پر یہ فیصل گیا کہ اس کا مرکزی دفتر لکھنؤ منتقل کر دیا جائے، جس کے لیے مولانا عبدالباری اور ان کے دوست مہاراجہ محمود آباد (ف: ۱۹۳۱ء) نے اہم کردار ادا کیا(۱)۔ آفس کے قیام سے لے کر کے سالانہ اخراجات کی ذمہ داری بھی ان ہی دونوں کے سر تھی۔ ۱۹۳۶ء تک مسلم لیگ کا دفتر میں رہا، اس کے بعد دہلی منتقل ہو گیا۔

خلافت عثمانیہ (ترکی) کی حمایت وتعاون:

مولانا عبدالباری کو ملکی سیاست سے زیادہ مذہبی وملی سیاست سے دلچسپی تھی، یعنی جہاں کہیں بھی آپ کو مسلمان، اسلام یا عالم اسلام پر آنچ آتی ہوئی محسوس ہوتی، آپ سرفروشانہ سرگرم ہو جاتے۔ بقول مولانا سید عبدالحی حسنی رائے بریلوی:

كان وقوراً مهيباً غيوراً فيما يتصل بالاسلام والمسلمين.

(نزھۃ الخواطر، ج:۸، ص:۱۲۶۰)

---

(1) The Ulama of Farangi Mahall and Islamic culture in South Asia:PP.153

اسلام اور مسلمانوں کے تعلق سے آپ نہایت حساس، پُرجلال اور غیرت مند تھے۔

جلد ہی آپ کی مجاہدانہ سرگرمیوں کی خبر عالم اسلام کے حکمرانوں کو ملنے لگی اور غائبانہ تعارف شریف مکہ حسین بن علی (ف: ۱۹۳۱ء) (۱) سے ہوگیا۔ ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء میں جب آپ حج کے لیے تشریف لے گئے تو شریف مکہ سے بالمشافہ ملاقات ہوئی اور یہ ملاقات گہری دوستی اور قربت میں بدل گئی، اس کے بعد ساری زندگی ان سے روابط رہے۔ مولانا نے اس سفر میں خلافت عثمانیہ (ترکی) کی عالمی سیاست میں ان کی منصوبہ بندی کو سمجھا، کیوں کہ مغربی طاقتیں اسے مٹانے کے درپے تھیں۔ عالم اسلام کے حالات کا جائزہ لینے کے لیے شریف مکہ کی ایما پر آپ حجاز سے دمشق، بیروت، اسکندریہ اور قاہرہ گئے اور وہاں کے حکمرانوں سے ملاقات کی، اس سفر اور ملاقاتوں سے مولانا کو عالم اسلام پر برطانوی سامراج کے خفیہ منصوبوں کو سمجھنے میں کافی مدد ملی، نیز سلطنت عثمانیہ اور جزیرۃ العرب کے معاملات و مسائل میں مولانا کی دلچسپی اور سرگرمیاں بڑھ گئیں۔

جنگ طرابلس:

مولانا عبدالباری ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء میں حج اور عرب و شمالی افریقا کے مختلف ملکوں کے دورے پر تھے کہ اٹلی نے طرابلس (لیبیا) پر حملہ کر دیا، یہ خطہ سلطنت عثمانیہ کے زیرِ نگیں تھا۔ یہ جنگ ۲۹ ستمبر ۱۹۱۱ء سے ۱۸؍اکتوبر ۱۹۱۲ء تک لڑی گئی۔ اٹلی کی طرف سے اس حملے کا کوئی جواز نہیں تھا، اس لیے مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ ہندوستانی مسلمانوں میں بھی سخت ہیجان پیدا ہوا اور انھوں نے اٹلی کے خلاف احتجاجات کا سلسلہ شروع کیا۔ مولانا نے اپنی عدم موجودگی میں اپنے بھتیجے اور جانشین مولانا قطب الدین عبدالوالی اور اپنے مرید و شاگرد مولانا سلامت اللہ فرنگی محلی کو احتجاجات، جلسوں میں پرجوش شرکت اور سلطنت عثمانیہ کے لیے خطیر رقم اکٹھا کرنے کی ہدایت دی،

---

(۱) اُس زمانے میں جزیرۃ العرب خلافت عثمانیہ کے زیرِ نگیں تھا۔ خلیفہ سلطان عبدالحمید ثانی (ف: ۱۹۱۸ء) نے ۲۴؍نومبر ۱۹۰۸ء کو سید حسین بن علی ہاشمی کو (جو ہاشمی عربی النسل لیڈر تھے) مکہ کا امیر اور شریف مقرر کیا، اس منصب پر یہ ۱۹۱۶ء تک قائم رہے۔ ۱۹۱۶ء میں شریف مکہ نے عرب کو خلافت عثمانیہ سے آزاد کرانے کے لیے برطانوی حکومت کے تعاون کے وعدے پر بغاوت کر دی، ترکوں کو شکست ہوئی اور حسین بن علی حجاز کے بادشاہ بن گئے، ۱۹۲۴ء میں نجد کے فرماں روا ابن سعود سے شکست کھا کر تخت سے دست بردار ہوئے۔

مولانا سلامت اللہ اور قطب میاں نے اپنی کم عمری کے باوجود اپنے استاذ و مرشد کی نیابت کا حق ادا کر دیا اور "انجمن مؤیدالاسلام" کے تحت کافی فنڈ جمع کیا اور جنگ میں حصہ لینے والے جاں بازوں کی امداد کے لیے ترکی بھیجا۔

جنگ بلقان میں مولانا فرنگی محلی کے تیور:

مولانا عبدالباری ۱۳۳۰ھ/ ۱۹۱۲ء میں حج اور مختلف ملکوں کے دورے سے واپس آئے، اس کے کچھ عرصے کے بعد ہی یونان، بلغاریہ، سربیا، مانٹی نیگرو نے مغربی یورپین طاقتوں کے اشارے پر بغیر کسی جواز کے بلقان (۱) پر حملہ کر دیا۔ پروفیسر رابن سن کے مطابق یہ وہ دور ہے جب مولانا اپنی سرگرمیوں کی وجہ سے ملکی سطح پر منظر عام پر آئے۔ عالم اسلام بالخصوص ہندوستان اس حملے سے سلگ رہا تھا، ایسے میں مولانا کی حسب ذیل سرگرمیاں سامنے آتی ہیں:

● پورے ملک میں احتجاجی جلسے ہو رہے تھے، ان میں مولانا عبدالباری نے پورے جوش وجذبے کے ساتھ حصہ لیا اور اپنے خطابات سے عوام میں ولولہ تازہ برپا کر دیا۔

● زخمی ترک مسلمانوں کی امداد کے لیے "ہلال احمر" کے نام سے کمیٹی تشکیل دی گئی، مولانا نے نہایت سرگرمی سے اس میں حصہ لیا اور اپنے اثر ورسوخ سے ہزاروں روپے چندہ کر کے کمیٹی کے حوالے کیا۔

● فرنگی محل کی تنظیم "مؤیدالاسلام" (۲) کو از سر نو زندہ کر کے اس کے ذریعے عوامی چندے کا سلسلہ شروع کیا، اس کے لیے خصوصی طور پر اپنے دست وبازو اور رشتے کے بھائی مولانا سلامت اللہ

---

(۱) بلقان (Balkans) جنوب مشرقی یورپ کے خطے کا تاریخی وجغرافیائی نام ہے، یہ علاقہ سلطنت عثمانیہ کے زیر نگیں تھا۔ یونان، بلغاریہ، سربیا، مانٹی نیگرو کی سرحدیں بلقان سے ملتی تھیں۔

(۲) ۱۸۷۸ء میں سلطنت عثمانیہ سے آزادی حاصل کرنے کے لیے سربیا نے جنگ کی، اسی زمانے میں مولانا عبدالباری کے دادا محترم مولانا شاہ عبدالرزاق (ف:۱۸۸۹ء) کی سرپرستی میں فرنگی محل میں "انجمن مؤیدالاسلام" قائم ہوئی، جس کے بانیوں میں مولانا عبدالباری کے تایا مولانا عبدالباسط (ف:۱۸۷۸ء) اور خالہ زاد بھائی مولانا عبدالحی (ف:۱۸۸۶ء) تھے۔ اس تنظیم کا بنیادی مقصد خلافت عثمانیہ کی تائید وتعاون تھا۔ اس نے بڑی خدمات انجام دیں۔ جنگ سربیا اور پھر جنگ روم وروس میں ہزاروں روپے چندہ کر کے سلطنت عثمانیہ کو بھیجے گئے۔

فرنگی محلی (ف: ۱۹۳۲ء) اور اپنے ادارے "مدرسہ عالیہ نظامیہ" کے طلبہ کو صوبہ اودھ کے مختلف حصوں میں مقرر کیا اور "موئید الاسلام" کے ذریعے تقریباً سینتالیس ہزار (۴۷) کا چندہ جمع کر کے ترک مسلمانوں کی امداد کے لیے بھیجا۔

مولانا عبدالباری کے شاگرد اور مرید و خلیفہ مولانا شیخ الطاف الرحمن قدوائی لکھتے ہیں:

> "[انجمن موئید الاسلام نے] جنگ طرابلس میں اس کے بعد جنگ بلقان میں پوری تائید کی اور انجمن ہلال احمر کے ساتھ ہزار ہا روپے جمع کر کے ارسال کیا، اور اب بھی خدمت اسلامیہ میں منہمک ہے۔" (انوار رزاقیہ، ص: ۳۰)

● مولانا نے بذات خود مختلف شہروں میں احتجاجی اجلاس منعقد کیے اور سب سے پہلے یہ ریزولیوشن پاس کر کے حکومت برطانیہ کو بھیجا کہ "اگر گورنمنٹ برطانیہ نے ترکوں کے (کمال پاشا کے) آخری فتوحات میں کوئی دراندازی کی اور اسکوئتھ اور بشپ آف کنٹربری(۱) کے غیر دانش مندانہ رویے کی تائید کی تو مسلمانوں کی وفاداری سے اس کو ہاتھ دھونا پڑے گا۔"(۲)

انجمن "خدام کعبہ" کا قیام:

۱۹۱۱ء میں جنگ طرابلس کے دوران اٹلی نے کئی مرتبہ خانہ کعبہ اور دیگر مقامات مقدسہ پر جہازوں سے بم باری کرنے کی دھمکی دی تھی، اس کے بعد جنگ بلقان اور پھر بشپ آف کنٹربری کے اسلام اور مسلم مخالف خطابات، جس کی وجہ سے عالم اسلام خصوصاً ہندوستانی مسلمانوں میں کافی سراسیمگی پھیل گئی اور وہ نہایت تشویش میں مبتلا ہو گئے، ایسے ماحول میں دسمبر ۱۹۱۲ء میں مولانا عبدالباری نے علی برادران (مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی)، شیخ مشیر حسین قدوائی اور دیگر لیڈران کو

---

(۱) آرک بشپ آف کنٹربری (Archbishop of Canterbury) سینئر بشپ اور انگلینڈ کے چرچ کا پرنسپل رہنما ہوتا ہے اور دنیا بھر میں انگلیائی کیونین (Anglican communion) کا علامتی سربراہ ہوتا ہے، جو عیسائیوں کی ایک جماعت ہے، جس کے اس وقت ۸۵ ملین (ساڑھے آٹھ کروڑ) ممبران ہیں۔ جنگ بلقان کے وقت رانڈل تھامس ڈیوڈسن (ف: ۱۹۳۰ء) (Randall Thomas Davidson) آرک بشپ آف کنٹربری تھا، ترکی اور مسلمانوں کے خلاف اس کے متعصبانہ بیانات سے مسلمان ناراض تھے۔

(۲) حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق، ص: ۱۵

فرنگی محل آنے کی دعوت دی، جب یہ حضرات پہنچے تو ایک ہنگامی میٹنگ منعقد کی گئی جس میں ان کی لیڈران کے علاوہ فرنگی محل کے اور بیرون علما بھی شریک ہوئے، میٹنگ میں مولانا نے یہ تجویز رکھی کہ حرمین شریفین کے تحفظ کا بار صرف خلافت عثمانیہ پر ہی نہ ڈالا جائے بلکہ تمام عالم اسلام کو اس اہم فرض کی جانب متوجہ کیا جائے، جس کے لیے ہمیں ایک تنظیم قائم کرنی چاہیے۔ سبھوں نے اس اہم تجویز سے اتفاق کیا، اس کے بعد کئی دنوں تک موتی محل کی مشہور کوٹھی (جہاں بیرسٹر مشیر حسین قدوائی کا قیام تھا) میں اس کے دستور العمل، لائحہ عمل اور منصوبوں پر غور وفکر کرنے کے لیے متعدد ہنگامی جلسے اور میٹنگیں ہوتی رہیں، بالآخر ۱۳ر دسمبر ۱۹۱۲ء میں ”خدام کعبہ“ کی تشکیل عمل میں آئی۔ تحریک خلافت کے اہم رکن قاضی محمد عدیل عباسی (ف: ۱۹۸۰ء) لکھتے ہیں:

> ”حضرت مولانا عبدالباری کے مکان میں دسمبر ۱۹۱۲ء میں ”خدام کعبہ“ کا قیام عمل میں آیا۔ مولانا عبدالباری صاحب خادم الخدام (صدر)، مسٹر شوکت علی (بی اے علیگ، بعدہ مولانا شوکت علی) خادم کعبہ، مسٹر مشیر حسین قدوائی بیرسٹر معتمد خادم الخدام منتخب ہوئے اور اس کے اور لوگ ابتدائی ممبران تھے۔ یہ چیز بتلاتی ہے کہ مولانا عبدالباری صاحب نے اپنی روشن ضمیری سے اندازہ کرلیا تھا کہ کیا ہونے والا ہے اور اسی لیے خدام کعبہ کی تحریک چلائی تھی۔“
>
> (تحریک خلافت، ص: ۳۹، حاشیہ)

قاضی صاحب نے بالکل درست کہا، مولانا نے نوشتۂ دیوار پڑھ لیا تھا۔ کچھ ہی برسوں کے بعد برطانیہ کی مدد سے حجاز پر آل سعود کا قبضہ وتسلط اور ان کے ذریعے مقدس مقامات و آثار کا انہدام، پھر بیت المقدس پر یہود کا قبضہ، متحدہ عرب کے حصے بخرے اور ان پر فرنگیوں کا قبضہ وتسلط مولانا کی روشن ضمیری اور مستقبل شناسی کا اشاریہ تھا۔

اُس وقت انجمن ”خدام کعبہ“ کا کل فنڈ تیئس روپے تھا، سو روپے مولانا عبدالباری سے قرض لیے گئے، جو انھیں بعد میں ادا کردیے گئے۔ مولانا شوکت علی کے قیام کا خیال کرتے ہوئے انجمن کا مرکزی دفتر دہلی میں بنایا گیا۔ بقول مولانا شوکت علی: ممبر دو قسم کے رکھے گئے ”شیدائی“

اور "فدائی"۔ سال بھر میں انجمن کے ممبروں کی تعداد بیس ہزار ہوگئی، جن میں نواب وقار الملک (سکریٹری محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ)، ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور مولانا شبلی نعمانی کے نام بھی ملتے ہیں۔ مرکزی دفتر سے ڈیلی رپورٹ خادم الخدام مولانا عبدالباری کو لکھنؤ بھیجی جاتی اور مولانا بھی اکثر دہلی کا دورہ فرماتے (۱)۔

"خدام کعبہ" کے قیام کے بعد اس حوالے سے مولانا کی سرگرمیاں تیز تر ہوگئیں، اس تعلق سے آئے دن احتجاجی جلسے، میٹنگیں، عالم اسلامی سے روابط کی کوششیں اور حکومت برطانیہ پر دباؤ بنانے کی مہم تیز کر دی گئی۔ خدام کعبہ کے ممبر مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں:

> "مولانا تقریباً ہر مہینے میں ایک مرتبہ اور بعض دفعہ دو مرتبہ خدام کعبہ کے کاموں کے سلسلے میں دہلی تشریف لے جاتے اور ملک کے مختلف مقامات کا دورہ بھی فرماتے، بدایوں، بریلی اور دیوبند بھی اسی کے سلسلے میں تشریف لے گئے اور وہاں کے علماء سے مشورہ کیے۔" (حسرۃ الآفاق، ص: ۱۷)

برطانوی حکام نے اس تحریک کا سخت نوٹس لیا اور اس کے قیام پر مشتبہ ہوگئے کہ یہ تحریک پان اسلام ازم (Pan-Islamism) کی تحریک کی بنیاد ہے۔ مولانا اور ممبران کی نقل و حرکت پر سخت نظر رکھی جانے لگی اور دفتر کی مسلسل نگرانی کی جانے لگی۔ مگر آپ رکے نہیں اور عام مسلمانوں کو اس حوالے سے بیدار کرنے میں لگے رہے۔ بقول قاضی عدیل عباسی:

> "مولانا کی فراست نے بادلوں کے محیط ہونے سے پہلے بارش کا اندازہ کر لیا تھا ـــــ "خدام کعبہ" نے ملت اسلامیہ ہند کے ہر فرد میں ایک ولولہ تازہ اور خلافت اسلامیہ اور اماکن مقدسہ سے ایک عظیم محبت و عقیدت کا جذبہ پیدا کیا، گویا یہ حرکت و عمل کے لیے نقش اول تھا۔" (تحریک خلافت، ص: ۳۷)

آگے چل کر مولانا نے حکام کے دلوں سے اس شبے کو دور کرنے کی کوشش شروع کر دی، مگر پہلی جنگ عظیم شروع ہوگئی، علی برادران کو نظر بند کر دیا گیا اور بیرسٹر مشیر حسین قدوائی لندن چلے

---

(۱) ماہنامہ "جامعہ" دہلی، مولانا محمد علی نمبر، حصہ دوم، ص: ۱۱۲، شمارہ: جنوری، فروری ۱۹۸۰ء

گئے۔ ان حالات میں مصلحت کے پیش نظر دو برس کے بعد اس کا دفتر عارضی طور پر بند کر دیا گیا۔

سانحہ مسجد کان پور:

اسی درمیان ۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۳ء میں مسجد مچھلی بازار کان پور کا سانحہ پیش آیا، اس سانحے نے اسلامیان ہند کی سیاست کو ایک نیا موڑ دے دیا۔ متحدہ صوبہ جات آگرہ و اودھ کی سڑکوں کی توسیع کے لیے حکومت نے ڈھائی لاکھ روپے کی منظوری دی اور کام شروع ہو گیا۔ مسجد مچھلی بازار مسٹن روڈ (۱) کان پور میں واقع تھی اور یہ روڈ کمرشل تھا، مسجد کے سامنے ایک مندر تھا، میونسپل بورڈ کی پلاننگ کے تحت اگر اس سڑک کی توسیع کی جاتی تو مندر زد میں آتا اور اسے منہدم کرنا پڑتا، اس لیے ہندوؤں نے حکام پر دباؤ ڈالا کہ سڑک کا رخ مسجد کی طرف کر دیا جائے، مسجد کا مشرقی حصہ اس روڈ کی طرف تھا، جسے وضو کے لیے استعمال کیا جاتا تھا، مسجد کے ٹرسٹیوں کو جب ہندوؤں اور حکام کے ارادوں کی خبر ہوئی تو ان لوگوں نے بیرسٹر شاہد حسین کے ذریعے یکم اپریل ۱۹۱۳ء کو لفٹننٹ گورنر جیمس مسٹن (James Meston) کو پٹیشن دائر کی کہ زمین کا یہ حصہ مسجد کا ہے جسے مذہبی نقطۂ نظر سے کسی کو نہیں دیا جا سکتا، لہٰذا گورنمنٹ اسے توسیعی پلان میں شامل کرنے کا ارادہ نہ کرے۔ ۶ر مئی کو جیمس مسٹن نے جواب دیا کہ زمین کا یہ حصہ مسجد میں شامل نہیں ہے اور اسے منہدم کیا جائے گا، ذمہ داران مسجد اگر چاہیں تو انھیں وضو کے لیے کوئی دوسری جگہ دی جا سکتی ہے۔ پھر مسٹن نے ۲۰ر جولائی کو آ کر مسجد کا معائنہ بھی کیا اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو نظر انداز کرتے ہوئے مسجد کے مشرقی حصے کو منہدم کرنے کا حکم دے ڈالا، حکم کی تعمیل ہوئی اور مسجد کا یہ حصہ توڑ کر روڈ میں ملا دیا گیا۔ یہ خبر جب ملک میں پھیلی تو مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی، اس سانحے کے خلاف مظاہرے ہونے لگے اور ملک بھر میں احتجاجی جلسوں کا ایک نہ تھمنے والا سلسلہ شروع ہو گیا، ان مظاہروں میں حکام سے مسجد کے اس حصہ کو واپس کرنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا اور اس حوالے سے عرضداشتیں حکام بالا کو دی جانے لگیں، مگر لفٹننٹ گورنر، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

---

(۱) [illegible] (James Meston) کے نام پر تھا جو ۱۹۱۲ء سے ۱۹۱۸ء تک متحدہ صوبہ جات آگرہ و اودھ کا لفٹننٹ گورنر تھا۔

اور چیف سکریٹری نے مسلمانوں کی درخواستوں پر غور نہیں کیا۔ ۳؍اگست ۱۹۱۳ء کو کان پور کے مسلمان بڑی تعداد میں عیدگاہ میں جمع ہوئے اور وہاں سے مولانا عبدالباری کے شاگرد اور تحریک خلافت کے سرگرم رکن مولانا آزاد سبحانی (ف: ۱۹۵۷ء) کی قیادت میں کالے جھنڈوں کے ساتھ مسجد کی طرف روانہ ہوئے اور مسجد کے سامنے پہنچ کر احتجاجی نعروں کے ساتھ مسجد کے منہدم حصے کی اینٹوں کو ایک جگہ جمع کرنے لگے، پولس نے بھیڑ کو منتشر کرنے کے لیے مزاحمت شروع کردی اور پھر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مسٹر ٹائیلر کے حکم سے نہتے مسلمانوں پر گولیاں برسانا شروع کردی، جس سے بہت سے مسلمان شہید ہوئے اور لاتعداد زخمی ہوگئے۔ جو بچ گئے انھیں گرفتار کیا گیا اور ان پر سنگین دفعات کے تحت مقدمات درج کردیے گئے، گرفتار ہونے والوں میں مولانا آزاد سبحانی بھی تھے۔ اس ظلم و جبر سے ملک کے مسلمانوں میں آگ لگ گئی۔

اس سانحے میں مولانا عبدالباری نے بہت اہم کردار ادا کیا۔ حکومت اور مسلمانوں کے درمیان مصالحت اور ثالثی میں پیش پیش رہے اور مظلوم مسلمانوں کو قید و بند سے رہائی دلوائی، مزید ان کی جانوں کو تلف ہونے سے روکا اور حکومت کو مسلم مخالف اور معاندانہ اقدام سے باز رکھا، جس میں مسلمانوں کی جان، مال اور آبرو خطرے میں پڑ جاتی۔ اس سانحے میں دیگر سربرآوردہ مسلم لیڈران کے ساتھ مولانا کی مساعی کچھ اس طرح تھیں:

● ۳؍اگست ۱۹۱۳ء کو نہتے اور احتجاج کرتے مسلمانوں پر گولیاں چلائی گئیں، اسی دن قیصر باغ کی بارہ دری میں ایک عظیم الشان احتجاجی جلسے کا انعقاد کیا گیا، اس میں مولانا عبدالباری کے پرجوش خطاب نے مسلمانوں کے غم و غصے کو دو آتشہ کردیا، جس کا اثر ملک کے دیگر حصوں میں بھی دکھائی دیا، بقول عینی شاہد: ”غالباً اول مرتبہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے سیاسیات پر پبلک پلیٹ فارم سے ایک نہایت پرجوش اور جذبات سے بھری ہوئی تقریر کی۔ اب تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا ہوگیا۔“(۱)

---

(۱) حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق، ص: ۱۸

● مہاراجہ محمود آباد نے لفٹنٹ گورنر سے اس قضیے کے تصفیے کے لیے مسلم قائدین کا ایک وفد ترتیب دیا، جس میں مولانا کو باصرار شامل کیا۔ اس وفد نے گورنر سے ملاقات کی، جس میں مولانا نے مسجد کی زمین کے سلسلے میں شرعی قوانین کو واضح کیا اور مظلوم مسلمانوں کی رہائی کا پرزور مطالبہ کیا، مگر لفٹنٹ گورنر عناد میں مبتلا تھا، اس لیے کوئی حل نہیں نکل سکا۔

● مہاراجہ محمود آباد نے اب وائسرائے آف انڈیا لارڈ ہارڈنگ (Lord Hardinge) کے دربار میں دستک دی، جس کے لیے وہ متعدد بار شملہ گئے۔ حکومت خود چاہتی تھی کہ ان کے اور مسلمانوں کے درمیان مصالحت ہو جائے تا کہ ان کی بدظنی اور بے چینی دور ہو سکے۔ اب وائسرائے اور مہاراجہ صاحب کے درمیان مولانا عبدالباری تھے۔ بقول مولانا عنایت اللہ: مولانا شرعی قوانین کے مطابق اس کا حل چاہتے تھے، اس لیے مولانا نے اس سلسلے میں تفصیلی تجاویز اور مصالحت کے نکات تحریر فرمائے، جس کو بالآخر وائسرائے نے منظوری دی اور ۱۳؍ اکتوبر کو وہ خود کان پور آئے، مسجد کا معائنہ کیا اور مسلمانوں کو دوبارہ اسی جگہ پر مسجد کی بلڈنگ تعمیر کرنے کی اجازت دی اور اس کے نیچے عام شاہراہ بھی بنا دی گئی، جہاں سے لوگ گزر سکیں (۱)، اور مسلم قیدیوں کو رہا کرنے اور ان سے مقدمات واپس لینے کے احکامات جاری کیے۔ اس طرح ملک گیر سطح پر مہینوں سے چل رہے اس قضیے کا تصفیہ ہو سکا، درجنوں مسلمانوں کو قید و مقدمات سے رہائی نصیب ہوئی، اور کان پور کے مسلمانوں کو حکام کے تعصب اور مظالم سے نجات ملی۔

جنگ عظیم میں حرمین کے تحفظ کی کوشش:

پہلی جنگ عظیم (۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۸ء) میں ایک طرف سربیا، روس، انگلینڈ، فرانس وغیرہ تھے اور دوسری طرف آسٹریا، جرمنی اور بلغاریہ وغیرہ۔ اس جنگ کا آغاز جولائی ۱۹۱۴ء سے ہوا، تین

---

(۱) مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی (ف: ۱۹۲۱ء) سے مولانا عبدالباری صاحب کی اس مصالحت پر استفتا کیا گیا جس پر فاضل بریلوی نے ایک طویل فتویٰ تحریر کیا اور مولانا کی مصالحت کی اس شق کو خلاف شریعت قرار دیتے ہوئے انھیں خوب سخت سست لکھا۔ اس فتوے کا نام "ابانۃ المتواری فی مصالحۃ عبدالباری" ہے، یہ تاریخی نام ہے، جس سے ۱۳۳۱ھ برآمد ہوتا ہے، جو مسجد کان پور کے سانحے اور مصالحت کا سنہ ہے۔

ماہ کے اندر مسلم قائدین کو محسوس ہونے لگا کہ اب خلافت عثمانیہ (ترکی) بھی اس جنگ میں جرمنی کے ساتھ شامل ہو جائے گی۔ اس جنگ سے عام ہندوستانی مسلمانوں کو سخت تشویش تھی کہ اگر ترکی اس میں شامل ہوتا ہے تو حرمین شریفین اور مقامات مقدسہ حلقہ جنگ میں شامل ہو جائیں گے اور وہ حج وزیارت جیسے اسلامی فریضے سے تو محروم ہوں گے ہی، وہاں جو تباہی آئے گی وہ اس پر مستزاد۔ مولانا عبدالباری کو ان تشویشات کے علاوہ ایک اور فکر بھی لاحق تھی کہ اگر ترکی جرمنی کے ساتھ برطانیہ کے مقابل اعلان جنگ کرتا ہے تو ہندوستانی مسلمانوں کا کیا بنے گا؟! اگر وہ ترکی کا ساتھ دیں گے تو برطانوی حکومت ان پر مظالم کے نئے دروازے کھولے گی اور ترکی کے مقابل برطانیہ کی حمایت، مسلمانوں کی مذہبی غیرت وحمیت اور ایمان کے خلاف تھی۔ مولانا اسی ادھیڑ بن میں تھے اور مختلف منصوبے بنا رہے تھے کہ کس طرح خلافت عثمانیہ (ترکی) کو اس جنگ میں فریق بننے سے دور رکھا جائے تاکہ حرمین شریفین اور مقامات مقدسہ بھی محفوظ رہے اور ہندوستانی مسلمانوں پر بھی کسی قسم کی آفت ومصیبت نہ آئے۔

مولانا عنایت اللہ نے ”حسرۃ الآفاق“ میں ذکر کیا ہے کہ اسی درمیان برٹش حکام کے اشارے اور تعاون سے بعض ضمیر فروش مسلمانوں نے لکھنؤ میں ایک بڑے جلسے کے انعقاد کا پروگرام بنالیا، جس میں برطانوی حکومت کے ساتھ اظہار وفاداری اور جنگ میں تعاون کے اعلان کا پروگرام تھا۔ چوں کہ ابھی تک ترکی جنگ میں شامل نہیں ہوا تھا، اس لیے عام مسلمانوں اور علما کو برطانیہ کی حمایت وتعاون میں کوئی پریشانی نہیں تھی، لہٰذا اس جلسے میں شامل ہونے کے لیے تمام علما راضی ہو گئے۔ اس جلسے میں مولانا عبدالباری کی شمولیت اور ان کی حمایت وتعاون برطانوی حکومت کے لیے کافی اہم تھا، اس لیے حکام نے ان پر دباؤ بنانا شروع کر دیا، کافی بحث اور رد وقدح کے بعد مولانا تین شرطوں پر شرکت کے لیے تیار ہوئے، وہ تین اہم شرطیں یہ تھیں:

(۱) برٹش گورنمنٹ کی طرف سے اعلان کیا جائے کہ حرمین شریفین اور مقامات مقدسہ حلقہ جنگ سے باہر رہیں گے، یعنی جنگ کے دوران انھیں گزند پہنچانے کی کوشش نہیں کی جائے گی۔

(۲) اس جلسے میں یہ ریزولیوشن منظور کیا جائے کہ مسلمانان ہند خلافت عثمانیہ (ترکی) سے

یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ حتی الامکان شریک جنگ نہ ہو، اگر ترک برطانیہ کے خلاف میں شریک ہوتے ہیں تو ہندوستانی مسلمان ان کی کوئی مدد نہیں کر پائیں گے۔

(۳) اس ریزولیوشن پر کوئی خطاب نہ ہو بلکہ محرک ومؤید ریزولیوشن پیش کردیں اور آرا لے لی جائے۔ (ص: ۲۰)

گورنمنٹ نے مولانا کی یہ شرطیں مان لیں اور پھر وہ شریک جلسہ ہوئے۔ برطانوی حکو نے حرمین شریفین اور مقامات مقدسہ کو جدہ کی بندرگاہ سمیت حلقۂ جنگ سے علیحدہ رکھنے کا اعلا شائع کیا۔ یہ مولانا عبدالباری کی بڑی کامیابی تھی۔

اب مولانا نے براہ راست سلطنت عثمانیہ ترکی کے سلطان محمد خامس (ف: ۱۹۱۸ء) کو بھیج کر پہلی جنگ عظیم کا حصہ بننے سے روکا، تاہم وہی ہوا جس کا خدشہ تھا، ۲۹/اکتوبر ۱۹۱۴ء کو تر نے جرمنی کا اتحادی بن کر روس کے سیاہ سمندر (Balck Sea) کے ساحل پر حملہ کردیا۔ تر کے اس فیصلے سے مسلمانان ہند ترکی سے متنفر ہونے لگے۔ برٹش گورنمنٹ نے موقع کی نزاکت فائدہ اٹھاتے ہوئے کچھ لوگوں کو مقرر کیا کہ وہ اس مسئلے پر علما سے فتوے لیں کہ مسلمان ترکی ک مدد اور تعاون نہ کریں، بہت سے علما نے حکومت کی حسب منشا فتوے بھی دے دیے، اب حکام نے مولانا عبدالباری پر دباؤ بنانا شروع کیا کہ وہ ان فتووں پر دستخط کریں، یہاں تک کہ حکام کی جانب سے مولانا کو ایک خط موصول ہوا جس میں فتوے پر دستخط کرنے کا حکم تھا، مولانا نے انکار کردیا اور اس کا شرعی جواب لکھ کر حکام کو بھیج دیا۔ برٹش گورنمنٹ کی سازش کا پردہ فاش کرنے اور خلافت عثمانیہ کے حوالے سے مسلمانوں کے اعتماد کی بحالی کے لیے مولانا نے حکومت کا یہ خط اور اپنا جواب مولانا محمد علی جوہر کے معروف ومقبول اخبار ''ہمدرد'' میں شائع کروا دیا۔ اس کے علاوہ خود جوہر صاحب نے اپنے اخبار میں ایک نہایت چشم کشا مضمون لکھ کر شائع کیا، جس میں ترکی کے خلاف برٹش گورنمنٹ کی گزشتہ حرکتوں کو دکھاتے ہوئے یہ واضح کیا کہ ترکی کے پاس جرمنی سے اتحاد کے علاوہ کوئی راستہ نہیں تھا۔ ان تحریری حملوں سے حکومت سخت پریشان ہوئی اور علی برادران نظر بند کردیے گئے۔ مولانا عنایت اللہ لکھتے ہیں:

> ”مولانا نے کوشش شروع کی کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہندوستان کے مسلمان ترکوں کے خلاف کوئی امر نا مشروع شروع کردیں۔ اس کے متعلق مضامین لکھے اور علما سے خط و کتابت کی۔ یہ بھی کوشش کرتے رہے کہ علی برادران کسی طرح نظر بندی سے رہا کردیے جائیں۔“ (حسرۃ الآفاق، ص: ۲۱)

شریف مکہ کی بغاوت اور مولانا فرنگی محلی کی مستقبل شناسی:

جرمنی کا حلیف بن کر خلافت عثمانیہ (ترکی) کی جنگ عظیم میں شرکت سے عالم اسلام پر بہت برا اثر پڑا۔ ترکی کو اس کی بڑی بھاری قیمت چکانی پڑی۔ مغربی طاقتوں خصوصا برطانوی حکومت نے عربوں کو ترکوں کے خلاف بغاوت اور جنگ پر اکسایا اور اس طرح مسلمانوں میں قومیت اور نسل کی بنیاد پر جنگ کرنے کا سلسلہ شروع ہوا۔ خلافت عثمانیہ (ترکی) کے بہت سے عرب مقبوضات اس کے ہاتھوں سے نکل گئے اور پھر برطانیہ نے اسے مسلمانوں کی عظیم خلافت سے بھی دست بردار ہونے پر مجبور کردیا۔ یہ سلسلہ یہیں نہیں رکا بلکہ متحدہ عرب کی تقسیم اور ان پر مغرب کے تسلط پر تمام ہوا۔

جیسا کہ پیچھے گزرا کہ اُس زمانے میں جزیرۃ العرب خلافت عثمانیہ کے قلم رو میں شامل تھا۔ خلیفہ سلطان عبدالحمید ثانی (ف: ۱۹۱۸ء) نے ۲۴ر نومبر ۱۹۰۸ء کو سید حسین بن علی ہاشمی کو (جو ہاشمی عربی النسل لیڈر تھے) مکہ کا امیر اور شریف مقرر کیا، اس منصب پر یہ ۱۹۱۶ء تک قائم رہے۔ برطانیہ نے انھیں بھی متحدہ عرب حکومت کا سبز باغ دکھانا شروع کیا، جس میں فلسطین بھی شامل تھا، یہاں تک کہ ۱۹۱۶ء میں شریف مکہ نے عرب کو خلافت عثمانیہ سے آزاد کرانے کے لیے برطانوی حکومت کے تعاون کے وعدے پر بغاوت کردی، اور ان سے مقابلہ آرائی پر اتر آئے۔

مولانا عبدالباری نے یہاں بڑا اہم کردار ادا کیا، شریف مکہ سے دیرینہ مراسم و محبت اور گہرے تعلقات کے باوجود آپ نے ان سے قطعی تعاون نہیں کیا، ترکوں کے ساتھ کھڑے رہے اور انھیں اس اقدام سے باز رکھنے کی بہت کوشش کی، بے شمار احتجاجی جلسے کیے، عالم اسلام کے لیڈروں سے دباؤ ڈلوایا، لاتعداد مضامین، کتابچے لکھے لکھوائے اور براہ راست گفت و شنید کے ذریعے انھیں سمجھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی کہ برٹش گورنمنٹ کا منصوبہ کچھ اور ہے، وہ وحدت

اسلامی کو توڑ کر عالم اسلام پر قابض ہونا چاہتے ہیں اور حرمین شریفین پر براہ راست
تسلط چاہتے ہیں۔ پروفیسر فرانسس رابن سن لکھتے ہیں:

In 1916 he condemned his friend, sharif Husayn, for raising the flag of Arab revolt.

۱۹۱۶ء میں مولانا عبدالباری نے عرب بغاوت کا جھنڈا اٹھانے پر اپنے دوست
شریف حسین کی مذمت اور مخالفت کی (۱)۔

تاہم شریف مکہ پر متحدہ عرب کی بادشاہت کا خمار سوار تھا، انھوں نے مولانا کی دور
مستقبل شناسی کو نظر انداز کر دیا، آخر برطانیہ کے تعاون سے ترکوں کو شکست ہوئی اور
"شریف مکہ" سے "سلطان حجاز" بنا دیے گئے۔ ان کے بڑے بیٹے امیر فیصل کو شام کی حکمرا
کی گئی، کیوں کہ جنگ عظیم میں انھوں نے شام پر برطانیہ اور اس کے اتحادیوں کا قبضہ کرا
جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد ہی مولانا کی پیشن گوئیاں سامنے آنے لگیں۔ فلسطین کو یہ
کا وطن بنا کر وہاں ان کی حکومت قائم کر دی گئی اور ساری دنیا سے یہودیوں کو وہاں لا کر
جانے لگا۔ شریف مکہ کے بیٹے امیر فیصل اس سے پہلے کہ تخت پر بیٹھتے فرانس نے انھیں نکا
کیا اور دنیائے عرب کو چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم کر کے برطانیہ اور فرانس ان پر قابض ہو
اور مقامات مقدسہ پر بھی ان کا قبضہ ہو گیا۔

اب برٹش گورنمنٹ نے حسین بن علی کے خلاف نجد کے حاکم ابن سعود (ف: ۱۹۵۳
جنگ پر اکسایا، ہر طرح اس کا تعاون کیا، کمک پہنچائی، اس کے ذریعے ہزاروں مسلمانوں کا
ناحق بہایا۔ اس جنگ میں حسین بن علی کو شکست ہوئی اور ۱۹۲۴ء میں حجاز پر آل سعود کا قبضہ ہو
اس کے بعد آل شیخ (محمد ابن عبدالوہاب) کے ساتھ مل کر آل سعود نے اسلام میں ایک نے
منحرف عقیدے کی داغ بیل ڈالی، اس انتہا پسندانہ عقیدے کی بنیاد پر اسلامی آثار کو مٹایا، مقا
مقدسہ کو مسمار کر ڈالا، اور اسلام کی زریں تاریخ کے وہ تمام نشانات کو کھرچ ڈالنے میں کوئی ک

The Ulama of Farangi Mahall and Islamic culture in South Asia PP.155

نہیں چھوڑی جنھیں ایک نظر دیکھنے کی حسرت لیے شرق وغرب کے کروڑوں دیوانے سر کے بل جایا کرتے ہیں اور اپنے مجروح دل کے ساتھ واپس آتے ہیں۔ تاریخ میں یہ بات ہمیشہ یاد رکھی جائے گی کہ مولانا عبدالباری کا محض ۴۸ برس کی عمر میں وصال بھی اسی خبر سے ہوا کہ آل سعود نے حرمین کے مقامات مقدسہ کو منہدم کر کے اس پر قبضہ کرلیا اور اب اس کا منصوبہ گنبد خضریٰ کو بھی منہدم کرنے کا ہے۔ مگر عالم اسلام کے قائدین اور مسلمانان عالم کے غم وغصے اور صدائے احتجاج سے انھیں اس کی جسارت نہ ہو سکی۔ یہ اسلامی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، جو غیر جانب دار محققین اور مورخین کے ذریعے ہمیشہ اجاگر کیا جاتا رہے گا۔ اس حوالے سے مولانا عبدالباری اور ان کے ہم عصر قائدین کی بے شمار تحریریں ہمارے پیش نظر ہیں، جنھیں کسی اور وقت کے لیے اٹھا رکھا ہے۔

وزیر ہند سے قضاۃ کی تقرری کے اختیارات کی کوشش:

پہلی جنگ عظیم نومبر ۱۹۱۸ء میں ختم ہوئی، اس جنگ میں برطانیہ نے شاندار جیت پر اپنی ہندوستانی رعایا کو ان کی خدمات اور قربانیوں کے اعتراف میں کچھ مراعات اور اختیارات دیے، کیوں کہ برطانیہ اور اس کے اتحادیوں نے یہ فتح ہندوستانیوں کے بل پر حاصل کی تھی (۱)۔ وزیر ہند مانٹیگو (Montagu) ہندوستانیوں کو خوش کرنے کے لیے مراعات واختیارات کا یہ پیکج لے کر ۱۹۱۸ء میں ہندوستان آئے۔ انھوں نے مزید یہ اعلان کیا کہ تمام فرقے اور قومیں اپنے اپنے مطالبات

---

(۱) تقریباً دس لاکھ ہندوستانی فوجی اس جنگ میں برطانیہ کی طرف سے شریک ہوئے، جن میں ۳۶ ہزار نے اپنی جان ۷۰ ہزار زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ فوجی امداد کے مد میں ہندوستانی خزانے سے ایک ارب ۵۳ کروڑ روپے دیے وفادار ہندوستانیوں نے اپنی جیب خاص سے مزید کروڑوں روپے انگریزی حکومت کو پیش کیے۔ اس خدمات اور جنگ کے صلے میں اس وقت کے وزیر ہند ایڈون سیموئل مانٹیگو (Edwin Samuel Montagu) اور گورنر جنرل آف انڈیا لارڈ چیمس فورڈ (Lord Chelmsford) نے ہندوستانیوں کے لیے مذکورہ مراعات اور اختیارات کا پیکج مل کر مرتب کیا تھا، جسے عرف عام میں "مانٹیگو-چیمس فورڈ اصلاحات" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اصلاحات کا یہ پیکج برٹش پارلیمنٹ میں "گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۱۹ء" کے نام سے پاس کیا گیا تھا، جس کا بنیادی نکتہ یہ تھا کہ تاج برطانیہ کی یہ خواہش ہے کہ ہندوستانیوں کو امور حکومت میں زیادہ سے زیادہ شامل کیا جائے تاکہ مستقبل میں انھیں ملک کو سنبھالنے کا اہل بنایا جاسکے۔

وزیر ہند کو پیش کر سکتے ہیں۔ مولانا عبدالباری نے اس موقعے کو غنیمت جانا اور سوچا کہ:

”اگر مسلمانوں کو قضاۃ کی تقرری کے اختیارات اور دیگر ایسی سہولتیں حاصل ہو جاتیں، جن سے امور شرعیہ میں مسلمانوں کو آسانی ہو جاتی تو نہایت بہتر تھا۔“

(حسرۃ الآفاق، ص: ۲۱)

اس حوالے سے مولانا نے انجمن ”مویدالاسلام“ کے تحت فرنگی محل میں ہندوستان کے نامور علما کو غور و فکر اور لائحہ عمل مرتب کرنے کی دعوت دی۔ علی برادران چھندواڑہ (مدھیہ پر میں نظر بند تھے، اس لیے مولانا نے اپنے شاگرد مولانا عنایت اللہ کو دو بار لکھنؤ سے چھندواڑ بھیجا تاکہ مذکورہ مطالبے میں ان کے مشورے اور تجاویز بھی شامل ہو سکیں۔

ہندوستان کے مختلف حصوں سے کثیر تعداد میں علما اور قائدین فرنگی محل لکھنؤ پہنچے، متعدد نش میں اہم میٹنگیں ہوئیں اور کثرت رائے سے یہ طے پایا کہ انجمن مویدالاسلام کے تحت مختلف م فکر کے مخصوص علما کا ایک وفد وزیر ہند سے ملے اور قضاۃ کی تقرری کے اختیارات مسلمانوں کو ہ کا مطالبہ پیش کرے۔ ان میٹنگوں میں مولانا نے بہ اصرار علما سے اپیل کی کہ وہ مذہبی و ملی سیاست م پرجوش حصہ لیں کہ یہ وقت کا تقاضا ہے، اگر انھوں نے اس میدان کو خالی چھوڑ دیا تو انھیں مذہ پر بھی نقصانات اٹھانے ہوں گے۔ بہر حال جو علما اس وفد میں شریک ہوئے ان کے نام یہ تھے:

- مولانا عبدالماجد بدایونی
- مولانا حامد رضا خاں بریلوی (ابن مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی)
- مولانا آغا حسن مجتہد لکھنوی
- مولانا ثناء اللہ امرتسری
- مولانا سلامت اللہ فرنگی محلی
- مولانا عبدالعزیز فرنگی محلی
- مولانا ولایت حسین الہ آبادی

واضح رہے کہ کچھ وجوہات کی بنیاد پر علما اور قائدین کے اصرار کے باوجود مولانا عبدالبار

صاحب اس وفد کا حصہ نہیں بنے۔ مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں کہ:

> "بمقام دہلی یہ وفد وزیر ہند کے روبرو باریاب ہوا اور اپنے مطالبات پیش کر دیے۔ ڈاکٹر ناظر الدین حسن صاحب بیرسٹر (حال ناظر یار جنگ جج حیدر آباد ہائی کورٹ) اس وفد کے ترجمان تھے۔" (ایضا، ص: ۱۹)

وزیر ہند نے وفد کا استقبال کیا اور ان کے مطالبات کی تکمیل کا یقین دلایا۔

مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں شرکت:

جیسے جیسے وقت گزر رہا تھا خلافت عثمانیہ (ترکی) کے گرد برطانیہ کا حصار تنگ ہوتا جا رہا تھا، جنگ عظیم کے بعد ترکی بہت کمزور ہو چکا تھا، مولانا عبدالباری اور دیگر مسلم لیڈران کی کوشش تھی کہ کسی طرح بھی اس کو محفوظ رکھا جائے، اس کے لیے مضبوط تحریک اور اتحاد کی ضرورت تھی، جب کہ مولانا کی تحریک کے دو عظیم رکن اور مرید علی برادران نظر بند تھے، اس لیے مولانا نے سب سے پہلے ان کی رہائی کی کوشش شروع کی، اس کوشش میں انھوں نے اپنے ساتھ گاندھی جی کو بھی شامل کر لیا۔ اس حوالے سے مولانا متعدد بار دہلی گئے اور گاندھی جی سے مل کر ان کی رہائی کی کوششوں میں لگے رہے۔ دوسری طرف انھوں نے پورے ملک سے علما اور لیڈران کو فرنگی محل دعوت دے کر ترکی کے تحفظ کے لیے منصوبہ بندی کا فیصلہ کیا، مگر ان کے ہم عصر قائدین نے یہ تجویز پیش کی کہ اس آواز کو مسلم لیگ کی سالانہ کانفرنس جو دہلی میں منعقد ہونے والی ہے، اس میں اٹھایا جائے۔ آپ نے اس تجویز کو پسند کیا اور پھر بہت سے علما کو خطوط لکھ کر بہ اصرار اس کانفرنس میں شرکت پر آمادہ کیا۔

اتفاق سے مسلم لیگ کے اجلاس کے آس پاس کی تاریخوں میں چاٹگام (بنگلہ دیش) میں علمائے بنگال کی ایک عظیم الشان کانفرنس ہونا طے پائی، جس کی صدارت کے لیے نہایت اصرار کے ساتھ آپ کو دعوت دی گئی، آپ وہاں تشریف لے گئے، اس پلیٹ فارم سے بھی آپ نے مسلم مسائل کو شد و مد سے اٹھایا اور پھر مسلم لیگ کے اجلاس میں شرکت کے لیے دہلی روانہ ہو گئے۔ مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں:

> "جب ہم دہلی پہنچے تو معلوم ہوا کہ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری اور بہار و پنجاب

ودہلی کے علما حضرت [عبدالباری] رحمۃ اللہ علیہ کے سخت منتظر ہیں، بلکہ مولانا ثناء اللہ صاحب نے مجھ سے خود کہا کہ ہمارے امام کہاں ہیں؟ جب تک وہ نہ آئیں گے کچھ طے نہ ہوگا۔'' (ایضاً، ص: ۲۱)

بہرحال مولانا مسلم لیگ کے دہلی اجلاس میں پہنچ گئے، میٹنگیں ہوئیں، مسلم مسائل ترکی کے معاملات پر منصوبے بنائے گئے اور تجاویز پاس کی گئیں۔ اس اجلاس میں مولانا اہم نکات پر مشتمل خطاب فرمایا، جو بعد میں شائع بھی ہوا۔

''آل انڈیا خلافت کمیٹی'' کی بنیاد:

بیسویں صدی کے ربع اول کی یہ بہت اہم، مقبول اور ملک گیر تحریک تھی، جس کا ایجنڈہ خلافت عثمانیہ کے تحفظ اور استحکام کی آخری کوشش تھی، کیوں کہ جنگ عظیم کے بعد ترکی بیشتر مقبوضات پر اتحادی قابض ہو چکے تھے اور دوسری طرف ترکی کے اندر سلطنت عثمانیہ کے فوجی جنرل مصطفیٰ کمال پاشا (ف: ۱۹۳۸ء) کی قیادت میں ۱۹۱۹ء میں ''قومی تحریک'' کی بنیاد دی گئی تھی، جس کا مقصد خلافت عثمانیہ کو ختم کر کے ''جمہوریہ ترکی'' کا قیام تھا، جس کے لیے ۲۰ سے کوششیں تیز تر ہو گئی تھیں۔ گویا خارجی اور داخلی دونوں جانب سے خلافت عثمانیہ خطرے میں

خلافت عثمانیہ کا زوال یا خاتمہ صرف ترکی کا داخلی مسئلہ نہیں تھا، اس کی وجہ سے دنیائے کے ٹکڑے ہو گئے تھے، اماکن مقدسہ پر خطرات کے بادل منڈلا رہے تھے اور حرمین شریفین بالواسطہ برطانوی تصرف میں آ گئے تھے، اس لیے پوری دنیا کے مسلمان، خصوصاً اسلامیان ہند مضطرب اور بے چین تھے، لہٰذا تحریک خلافت کی بنیاد رکھی گئی، جو بالواسطہ ''تحریک آزادی'' کو بھی قوت اور بھرپور غذا فراہم کر رہی تھی۔ اس تحریک کا ذکر تاریخ میں خوب ملتا ہے اور اس حوالے سے گاندھی جی، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی وغیرہ کے کارناموں سے کتابیں بھری ملتی ہیں، مگر افسوس کہ اس تحریک کے محرک اول اور سرگرم بانی مولانا عبدالباری کا ذکر نسبتاً تاریخ کے صفحات میں گم ہو کر رہ گیا ہے، یہ نیرنگی ہے کہ اردو کے محققین و مورخین نے ان پر لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی، لہٰذا آج بھی اس بے مثال قائد کو وہ مقام نہیں مل سکا جس کے

وہ مستحق تھے۔ تاریخ کا اس سے بڑا ستم اور کیا ہوگا کہ تحریک خلافت سے بعد میں وابستہ ہونے والے بہت سے حضرات نے یہ تو لکھا کہ اس کے بانی مولانا عبدالباری تھے، مگر وہ کہاں، کب اور کس طرح قائم ہوئی، اس کا انھیں بھی علم نہیں (۱)۔ شاہ معین الدین ندوی (ف: ۱۹۷۴ء) نے بھی "حیات سلیمان" میں ذکر کیا ہے کہ تحریک خلافت کے بانی مولانا عبدالباری تھے (۲)، مگر اس کی تفصیل سے گریز کیا ہے۔ بہر حال تحریک خلافت یا "خلافت کمیٹی" کی تشکیل کے تعلق سے ایک چشم دید کی حیثیت سے مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں:

> "مولانا نے لکھنؤ کے اہل الرائے حضرات سے مشورہ کیا اور سب کی رائے یہ قائم ہوئی کہ ایک آل انڈیا مسلم کانفرنس لکھنؤ میں منعقد کی جائے اور اس میں اس پر غور کیا جائے۔ مولانا نے اس کے کثیر مصارف مہمان داری اپنے ذمہ لے لیے اور ایک استقبالی کمیٹی قائم کی گئی، ہم سب اس کے ممبر ہوئے، غرض کہ یہ جلسہ نہایت شان و شوکت سے ۱۸؍ستمبر ۱۹۱۹ء میں منعقد ہوا اور اس میں آل انڈیا خلافت کمیٹی کے قیام کی منظوری ہوئی اور صدر مقام بمبئی قرار پایا۔" (ایضاً، ص: ۲۱)

مولانا عبدالباری اور سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر (پونہ) کی صدارت میں یہ کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں ملک کے کونے کونے سے مختلف مکاتب فکر کے درجنوں اہل علم، نمائندے اور قائدین شریک ہوئے، مجمع اتنا زیادہ تھا کہ مقام کانفرنس میں تل دھرنے کو جگہ نہیں تھی۔ قاضی عدیل نے ہفتہ وار "مشرق" گورکھ پور شمارہ ۲۵؍ستمبر ۱۹۱۹ء کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ اس کانفرنس میں مختلف خطابات کے ساتھ سات ریزولیشن بھی پیش کیے گئے جن پر عمل کرنے کا عزم مصمم کیا گیا، اخیر میں مولانا عبدالباری نے تمام مندوبین اور اراکین کا شکریہ ادا کیا۔

اس "آل انڈیا خلافت کمیٹی" کی تشکیل سے قبل بمبئی کے چند مخیر حضرات نے مقامی سطح پر "مجلس خلافت" بنائی تھی، مولانا نے اس کو اپنی آل انڈیا خلافت کمیٹی میں ضم کر دیا اور اس کے

---

(۱) دیکھیے: تحریک خلافت، ص: ۳۹،۳۸

(۲) دیکھیے: حیات سلیمان، حاشیہ، ص: ۱۴۸

اخراجات اور دیگر وجوہات کی بنیاد پر اس کا صدر مقام بمبئی کو ہی رہنے دیا، جب کہ تحریک سرگرمیوں کے اعتبار سے فرنگی محل اس کا مرکز بنا۔

مورخین نے ذکر کیا ہے کہ یہ اپنی نوعیت کی بالکل منفرد تحریک تھی جس میں ہندوستان کے طبقے کے بیشتر حضرات خواہ وہ علما ہوں، انگریزی تعلیم یافتہ، امیر الامرا، نوابین، خان بہادر، غریب یا شیوخ طریقت تمام مسلمانوں نے متحد اور منظم ہو کر اپنی آواز بلند کی اور اس تحریک سے کسی نہ کسی طرح وابستہ ہو گئے، کیوں کہ مدعا یہ نہیں تھا کہ خلافت عثمانیہ صحیح معنوں میں خلافت اسلامیہ ہے یا نہیں؟ سلطان ترکی خلافت کا اہل ہے یا نہیں؟ خلیفہ ہونے کے لیے قرشی النسل ہونا لازمی ہے یا نہیں؟ اس بحث کے لیے ساری زندگی پڑی تھی۔ مدعا اس وقت عالم اسلام کو مغرب کے پنجۂ استبداد سے بچانے کا تھا۔ اماکن مقدسہ کو عیسائیوں اور یہود کے تسلط و اختیار سے محفوظ مامون رکھنے کا تھا اور مسلمانوں کے مذہبی، سیاسی، معاشی اور تعلیمی مستقبل کا تھا۔ یہ سلطنت عثمانیہ کے تحفظ و استحکام سے ہی ممکن تھا، ورنہ اسلامیان ہند تو عملاً اپنا اقتدار اور وقار و منصب انیسویں صدی کے آغاز سے ہی کھو چکے تھے، ۱۸۵۷ء کا معرکہ تو ان کی شکست و ریخت کا اعلامیہ بن کر آیا۔ اب ان کے پاس ذلت، شکست خوردگی، غلامی اور آشفتہ نوائی کے سوا بچا کیا تھا۔ سلطنت عثمانیہ کے بجھتے ہوئے چراغ سے انھیں عالم اسلام کی دھندلاتی شام میں امید کی ایک موہوم کرن دکھ رہی تھی، اس لیے وہ ہر حال میں اس چراغ کو روشن رکھنا چاہتے تھے۔ جن لوگوں کی آفاقی اور دور بیں نگاہیں تحریک خلافت کے مآل و مقصد کی طرف تھیں، وہ اس میں شمولیت اور تعاون سے دریغ نہیں کر رہے تھے۔

’’آل انڈیا خلافت کمیٹی‘‘ کے قیام کے بعد مولانا نے پورے ملک میں اس کی صوبائی اور ضلعی شاخوں کی تشکیل کی کوشش شروع کر دی، سب سے پہلے آپ نے کافی جد و جہد کے بعد ’’اودھ خلافت کمیٹی‘‘ قائم فرمائی، جس کا پہلا صدر بیرسٹر ممتاز حسین اور سیکریٹری سید رشید الدین مودودی کو بنایا۔ اس کے بعد ممتاز علما اور قائدین ملت کو اس تحریک سے جوڑنا شروع کر دیا تا کہ یہ تحریک ملک گیر سطح پر اثر انداز ہو سکے اور اس کی کثیر شاخیں قائم ہو سکیں۔ چنانچہ متحدہ کشمیر و پنجاب سے

کیرلا تک اور بنگال سے گجرات و سندھ تک ہندوستان کے اکثر علاقوں میں مقتدر علما، ملی قائدین اور شیوخ طریقت کے ذریعے اس کی شاخیں قائم ہو گئیں، جن کی وہ دل و جان سے سرپرستی اور تعاون کرنے لگے۔ مولانا کی یہ تمام جد و جہد بتاتی ہے کہ اس تحریک کو مقبول عام اور ملک گیر بنانے میں انھوں نے کتنا اہم کردار ادا کیا۔ قاضی عدیل عباسی کا ذیل کا اقتباس تحریک خلافت میں مولانا کی قیادت اور جہد مسلسل کی توثیق کرتا ہے:

> ”تحریک خلافت کے زمانے میں فرنگی محل مرکز رہا ـــــ جب تک مولانا محمد علی نے اپنے بے مثال درد دل کے ماتحت اپنی صحت کو نظر انداز کر کے تحریک خلافت کا بوجھ اپنے کندھوں پر نہیں لے لیا مولانا عبدالباری ہی کی ذات تھی، جن کا نام نامی ہر جگہ آتا تھا۔ (تحریک خلافت، ص: ۳۸،۳۷)

تحریک خلافت کی بے انتہا مقبولیت اور اس کے لیے مولانا عبدالباری کی خدمات کے حوالے سے مولانا سید سلیمان ندوی (ف: ۱۹۵۳ء) جو خود بھی تحریک خلافت کے سرگرم رکن رہے، اپنے خطوط کے مجموعے ”برید فرنگ“ کے مقدمے میں لکھتے ہیں:

> ”اس مجلس کی تنظیمی قوت اتنی زبردست تھی کہ سارا ہندوستان اس کی ایک آواز پر اٹھتا اور بیٹھتا تھا، پورے ملک میں جس قدر کارکن نوجوان تھے سب اس کے جھنڈے کے نیچے جمع تھے، ہر طرف اس کی امداد کے لیے روپے برس رہے تھے اور قوتیں یکجا ہو رہی تھیں، عوام علما اور تعلیم یافتہ سب اس تحریک میں یکساں شامل تھے۔ مولانا عبدالباری فرنگی محلی سب سے پیش تھے۔“ (ص: ۱۲)

مسئلہ خلافت پر علمائے ہند کا فتویٰ:

مسئلہ خلافت، وحدت عالم اسلامی اور اماکن مقدسہ کی حفاظت کو مولانا عبدالباری ایک خالص دینی و شرعی مسئلہ سمجھتے تھے، جس کے لیے وہ سربکف تھے اور یہی بات وہ حکومت برطانیہ کو باور کرانا چاہتے تھے کہ یہ ہمارا سیاسی مسئلہ نہیں ہے کہ جس سے ہم دست بردار ہو جائیں گے، جب کہ حکومت اسے سیاسی مسئلہ مان کر مفاہمت کے ذریعے ختم کرنا چاہتی تھی۔

دوسری طرف حکومت برطانیہ نے جنگ عظیم میں مسلمانوں سے وعدہ کیا تھا کہ ترکی کے خلاف اس کی یہ جنگ اقدامی نہیں، دفاعی ہے اور اس جنگ میں وہ ایسا کوئی کام نہیں کریں گے جن سے مسلمانوں کے مذہبی احساسات کو ٹھیس پہنچے، جس کی وجہ سے مسلمانان ہند نے جنگ میں برطانیہ کی حمایت اور امداد کی، مگر انھوں نے تمام وعدوں کو توڑ کر ہر وہ کام کیا جس سے عالم اسلام کا مسلمان صدمے سے دوچار ہوا۔ جنگ کو ختم کرنے کے لیے برطانیہ اور دیگر مغربی طاقتوں نے ترکی کے سامنے صلح کی ایسی تباہ کن شرائط رکھ دیں کہ ان شرطوں پر عمل درآمد کے بعد ترکی کے ساتھ عالم اسلام کے حصے بخرے ہونا یقینی تھے۔

ان حالات میں مولانا عبدالباری نے حکومت کی غلط فہمی (کہ یہ سیاسی مسئلہ ہے) کو دور کرنے اور انھیں شرعی احکام سے مطلع کرنے کے لیے کہ اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے ہیں تو شریعت کی جانب سے ہم پر جو فرائض عائد ہوتے ہیں وہ ہم کرنے پر مجبور ہوں گے، جنوبی ایشیا کے سیکڑوں علما کی خدمت میں استفتا روانہ کیا۔ یہ استفتا بنیادی طور پر تین سوالات پر مشتمل تھا، جن میں متعدد ذیلی سوالات تھے، جن کے مستفتی خود مولانا فرنگی محلی تھے۔ ان تینوں سوالات کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

(الف) امت محمدی پر نصب خلیفۃ المسلمین واجب ہے یا نہیں؟ اگر واجب ہے اور امت نے کسی کو خلیفہ مان لیا ہے، اگر وہ قریشی نہ ہو تو وہ خلیفہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟ خصوصاً ایسی حالت میں جب قریشی صاحب اقتدار اور ذی قوت نہ ہو۔ اگر غیر قرشی خلیفہ ہو گیا تو کفار کی مدد سے قرشی اس کی بغاوت کر سکتا ہے یا نہیں؟ خاص طور پر ایسی صورت میں کہ اس کی بغاوت سے ظن غالب ہے کہ بلاد اسلامیہ پر کفار کا تسلط ہو جائے گا، مقامات مقدسہ کفار کے قبضے میں چلے جائیں گے اور اس بغاوت سے اہل اسلام فتنہ و قتل و غارت گری سے دوچار ہوں گے؟ اگر کوئی قرشی اس طرح بغاوت کرے تو امت کو اس کی تائید جائز ہے یا حرام؟ ایسے باغی کی شرعاً کیا سزا ہے؟ باغی کو مطیع بنانے کی کوشش کرنا اور صلح کی فکر کرنا مسلمانوں کا مذہبی فریضہ ہے یا نہیں؟ حرمین شریفین پر خلیفہ کا تسلط تھا، اس پر دوبارہ تسلط کی کوشش لازم ہے یا نہیں؟

(ب) سرزمین عرب جس کی حرمت شرعاً لازم ہے، کیا ہے اور کہاں تک ہے؟

(ج) اگر غیر مسلم ممالک اسلامیہ پر حملہ آور ہوں اور وہاں کے لوگ ان کے دفاع کی قدرت نہ رکھیں، یا دفاع نہ کریں تو اس ملک سے متصل مسلمانوں پر اس کا دفاع واجب ہے یا نہیں؟

(مسئلہ خلافت پر علمائے ہند کا فتویٰ، ص: ۵)

اس استفتا پر ملک کے بیشتر مذہبی مراکز اور سیکڑوں علما نے جوابات دیے، جن کا خلاصہ یہ تھا:

(الف) نصب امام امت محمدی پر واجب ہے- جب امت نے کسی غیر قرشی کو جو جامع الشرائط نہ ہو، خلیفہ مان لیا ہے تو وہ خلیفہ ہو جائے گا، خصوصاً جب قریشی صاحب اقتدار اور ذی قوت نہ ہو اور بلاد اسلامیہ اور مقامات مقدسہ پر کفار کے تسلط اور قتال مسلمین کا خطرہ ہو- امت نے جس کو خلیفہ تسلیم کر لیا ہے اس کی بغاوت جائز نہیں، اس پر خروج حرام اور باغی، خواہ قرشی ہو اس کا تعاون گناہ اور حد سے تجاوز ہے- اہل اسلام کو خلیفہ اور باغی قرشی کے درمیان مصالحت کی کوشش لازم ہے- مصالحت کی کوشش میں باغی نہ مانے تو واجب القتل ہے- ولی عہد خلیفہ کی اطاعت بھی اسی طرح واجب جیسے خلیفہ کی تھی، اس پر خروج حرام- باغی کو ممالک اسلامیہ سے نکالنا اس کا دفاع کرنا ضروری ہے جب کہ ان پر استیلائے کفار کا خوف ہو- دیگر مسلمانوں پر بقدر وسعت اعانت ضروری ہے- خلیفہ کو حرمین پر تسلط کی دوبارہ کوشش کرنا لازم ہے اور مسلمانوں پر اس کی اعانت واجب ہے اگر اس اعانت کے بغیر تسلط ممکن نہ ہو-

(ب) جزیرۃ العرب وہ سرزمین ہے جو بحر ہند، بحر احمر، شام اور دجلہ و فرات سے محدود ہے-

(ج) بلاشبہ ایسی صورت میں وہ اہل اسلام جو قریب ان مقامات سے ہوں، ان پر دفاع ضروری ہے، اگر وہ نہ کریں خواہ کسی وجہ سے ہو، درجہ بدرجہ شرقاً و غرباً عامہ اہل اسلام قادرین پر دفاع کرنا واجب ہے-

ان جوابات کو مرتب کر کے مولانا نے شائع کروایا اور انھیں وائسرائے آف انڈیا کو بھیجا کہ یورپ میں ہونے والی صلح کانفرنس میں ترکی کے خلاف کچھ فیصلہ لینے سے پہلے علمائے ہند کے اس اجتماعی فتوے کو بھی پیش نظر رکھا جائے- برٹش گورنمنٹ بلکہ مغربی طاقتوں کو مولانا فرنگی محلی کا یہ

نہایت جرأت مندانہ چیلنج تھا۔ مجموعہ فتاوی پر ''پیش لفظ'' میں مذکور ہے کہ:

> ''اس وقت ضرورت معلوم ہوئی کہ احکام مذہبی صاف کر لیے جائیں، سیاستا عالم اسلام کی خدمت میں پیش کیا گیا اور مع جوابات حضرت مولانا عبدالباری صاحب مدظلہ نے اپنے ایک خط کے ساتھ حضور وائسرائے بہادر کی خدمت میں ارسال کر دیا کہ مدبرین برطانیہ مسلمانوں کے مذہبی فرائض سے آگاہ ہو جائیں اور شرائط صلح میں ان کا لحاظ کریں۔'' (ایضاً، ص: ۲)

اس فتوے پر دستخط کرنے والے علما کی ایک طویل فہرست ہے، جنھیں یہاں پیش نہیں کیا جا سکتا، تاہم چند مشاہیر علما اور مقامات کے نام دیے جا رہے ہیں تاکہ فتوے کی اہمیت کا اندازہ ہو سکے:

مولانا عبدالباری فرنگی محلی
ودیگر ۱۳ ر علمائے فرنگی محل
مفتی عبدالقدیر عثمانی بدایونی
مولانا عبدالماجد بدایونی
ودیگر ۸ ر علمائے مدرسہ قادریہ، بدایوں
مفتی نور الحسن مجیبی پھلواروی
ودیگر ۷ ر علمائے پھلواری، پٹنہ (بہار)
مولانا محمد سلیمان پھلواروی
ودیگر ۳ ر علمائے جامعہ الٰہیہ، کان پور
مفتی ابوالمحاسن محمد سجاد
ودیگر ۷ ر انجمن علمائے بہار
۴ ر علمائے مدرسہ انوار العلوم، گیا (بہار)
مولانا ابوالعلا فصیحی غازی پوری
مولانا ابوالوفا محمد شمس الہدی
علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری
ودیگر ۱۳ ر علمائے دار العلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر
مولانا انیس نگرامی
مفتی محمد محفوظ الرحمن نگرامی
مولانا ابوالفیض محمد عبدالرحیم
مولانا ابوبکر محمد شیث فاروقی جون پوری
ودیگر ۴ ر علمائے جون پور
مولانا محمد مسعود ندوی
مولانا سید شاہ تجمل حسین بہاری
ودیگر ۵ ر علمائے عظیم آباد
مولانا ظہور حسامی مانک پوری
مفتی محمد امیر حسن، مفتی مدرسہ سبحانیہ الہ آباد
مولانا عبدالشکور مظفر پوری
دیگر ۳ ر علمائے مدرسہ فیض عام مظفر پور

مولانا محمد احمد لاہوری
مولانا عبدالجلیل لاہوری
مولانا محمد نورالحق، بیت العلوم شرقیہ لاہور
مولانا فقیر محمد بیجاپوری
مولانا غلام محی الدین لاہوری
ودیگر ۱۹ رعلمائے کراچی، حیدرآباد، سکھر
ودیگر ۱۵ رعلمائے بھاول پور، نواب شاہ
مولانا ادریس کاندھلوی (دارالعلوم دیوبند)
مولانا محمودالحسن دیوبندی

مولانا احمد علی، ناظم نظارۃ المعارف لاہور
مولانا غلام محمد لاہوری
مولانا عبدالحلیم، پیران پٹن گجرات
ودیگر ۱۰ رعلمائے گجرات، رانچی، دربھنگہ
ودیگر ۳۱ رعلمائے سندھ
ودیگر ۱۰ رعلمائے لاڑکانہ، ٹنڈو سائیں
ودیگر ۱۷ رعلمائے میرپور، گوٹ، وغیرہ
مفتی عزیزالرحمن (مفتی دارالعلوم دیوبند)
ودیگر ۱۰ رعلمائے دیوبند

۱۱ اپریل ۱۹۱۹ء کو اجمیر میں ایک بڑی کانفرنس منعقد کی گئی، جس کی صدارت دیوان صاحب درگاہ اجمیر شریف نے کی، جس میں متفقہ طور پر یہ ریزولیشن پاس کیا گیا کہ:

> ”اگر فیصلہ، صلح کانفرنس کا خلاف شریعت اسلامیہ ہو اتب مسلمان اس فتوے پر عمل کریں گے جو علمائے ہند کا دستخطی وائسرائے ہند کے پاس بھیج دیا گیا ہے۔“
>
> (ایضاً، ص: ۱)

جنوری ۱۹۲۰ء میں خلافت کمیٹی کا جو وفد یورپ گیا تھا، وہ بھی علمائے ہند کے اس فتوے کو اپنے ساتھ لے گیا تھا۔ مولانا سید سلیمان ندوی مولانا عبدالباری کے نمائندے کی حیثیت سے وفد کا حصہ تھے، وہ مولانا فرنگی محلی کو لندن سے خط لکھ کر مطلع کرتے ہیں کہ وزیر اعظم ہند سے وفد کی ملاقات ہوئی تو انھیں یہ فتوی پیش کر دیا گیا:

> ”وفد نے خلافت اور جزیرۃ العرب کے متعلق اسلام کے جو احکام تھے، ان میں سے ہر ایک کو کہا اور بتایا۔ علمائے ہندوستان کے جو فتاوی اور دستخط آپ نے جمع کیے تھے اور میں نے اپنے ساتھ لے لیے تھے وہ بھی سامنے رکھ دیے۔“
>
> (برید فرنگ، ص: ۸۳)

"جمعیۃ العلماء" کا قیام:

مرکزی خلافت کمیٹی کے قیام کے بعد مولانا عبد الباری نے ملک کے مقتدر علما اور مشائخ کو اس تحریک سے جوڑنا شروع کیا، مگر ان میں مسلکی اور نظریاتی اختلافات اتنے تھے کہ ان سے نہ صرف اسلامیان ہند کو نقصان پہنچ رہا تھا بلکہ ان کی یہ اجتماعی تحریک بھی اثر انداز ہو رہی تھی، اس لیے مولانا نے ہر مکتب فکر کے علما کو یکجا کر کے ان کا ایک موثر پلیٹ فارم بنانے کا ارادہ کیا تاکہ مسلمانوں کے مشترکہ منصوبوں کو کامیابی مل سکے۔ اتفاق سے نومبر ۱۹۱۹ء میں دہلی میں مرکزی خلافت کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں شرکت کے لیے ملک کے گوشے گوشے سے کثیر علما جمع ہوئے۔ کانفرنس کے بعد ۱۹ر نومبر ۱۹۱۹ء کو علما کا ایک خصوصی اجلاس درگاہ حضرت سید حسن رسول نما دہلی میں بلایا گیا، جماعت اہل حدیث کے معروف عالم مولانا ثناء اللہ امرتسری نے اجلاس کی صدارت کے لیے مولانا عبد الباری کا نام پیش کیا، جسے سبھوں نے قبول کیا، مولانا فرنگی محلی اس اجلاس کے داعی بھی تھے۔ اس میں کافی اہم خطابات ہوئے۔ عالم اسلام کے نازک حالات کے پیش نظر اتفاق و اتحاد کی اہمیت پر مولانا نے جذباتی خطاب کیا۔ اجلاس کے اختتام پر "جمعیۃ العلماء" کا قیام عمل میں آیا، اس موقع پر تمام علما نے حسب ذیل عہد کیا:

> "ہم سب دہلی کے مشہور و مقدس بزرگ کے مزار کے سامنے اللہ کو حاضر و ناظر جان کر یہ عہد کرتے ہیں کہ مشترک قومی و ملی مسائل میں ہم سب آپس میں متحد و متفق رہیں گے اور فروعی و اختلافی مسائل کی وجہ سے اپنے درمیان کوئی اختلاف پیدا نہیں کریں گے، نیز قومی و ملکی جدوجہد کے سلسلے میں گورنمنٹ کی طرف سے جو سختی اور تشدد ہوگا اس کو صبر و رضا کے ساتھ برداشت کریں گے اور ثابت قدم رہیں گے۔ جماعت کے معاملے میں پوری پوری رازداری اور امانت سے کام لیں گے۔" (تحریک خلافت، ص:۳۹)

"جمعیۃ العلماء" کے قیام کے وقت درجنوں علما نے شرکت کی تھی، یہاں چند علما کے نام خصوصی طور پر درج کیے جاتے ہیں:

مولانا محمد عبدالباری فرنگی محلی، مولانا سلامت اللہ فرنگی محلی، مولانا عبدالماجد بدایونی، مولانا سید محمد فاخر الہ آبادی، مولانا آزاد سبحانی، مولانا پیر امام محمد سندھی، مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا اسد اللہ سندھی، مولانا محمد انیس، مولانا خواجہ نظام الدین عثمانی بدایونی، مفتی کفایت اللہ، مولانا محمد ابراہیم دربھنگوی، مولانا خدا بخش مظفر پوری، مولانا عبدالحکیم گیاوی، مولانا محمد اکرم، مولانا محمد صادق، مولانا میر الزماں، مولانا سید محمد داؤد غزنوی، مولانا سید اسماعیل، مولانا عبداللہ۔

قاضی عدیل عباسی لکھتے ہیں:

> ”اس طرح خلافت مرکزیہ کے لیے اول بار وہ علما جو فروعی اختلافی مسائل میں ایک دوسرے سے اس قدر دور ہو گئے تھے کہ ایک دوسرے کو سلام تک نہ کرتے تھے، آج ایک دل اور ایک جان ہو کر پوری قوت سے میدان عمل تیار کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو گئے تھے۔ یہ تھی تحریک خلافت کی ہمہ گیری۔ اس نے ہر مسلمان کے ضمیر کو خواہ وہ عالم ہو یا عامی، بیدار کر دیا تھا۔“ (ایضا، ص: ۴۰)

اس تنظیم نے تحریک خلافت اور تحریک آزادی میں نمایاں کردار ادا کیا، اس کی بھی صوبائی شاخیں قائم ہوئیں اور ملک گیر سطح پر اجلاس ہوئے۔ آگے چل کر جب سلطنت عثمانیہ کے سقوط کی وجہ سے تحریک خلافت کمزور پڑنے لگی تو مولانا عبدالباری نے کانگریسی سیاست سے اپنے آپ کو علیحدہ کر لیا، جمعیۃ العلماء پر کانگریسی علما قابض ہوتے گئے، یہاں تک کہ جب جمعیۃ نے کانگریس میں شمولیت کا اعلان کیا تو بہت سے علما (جو کانگریس کے بعض سیاسی نظریات اور فیصلوں سے ناراض تھے) اساسی رکن ہونے کے باوجود جمعیۃ سے علیحدگی اختیار کر لی۔ مولانا اسید الحق قادری بدایونی (ف: ۲۰۱۴ء) خواجہ نظام الدین بدایونی (بانی رکن جمعیۃ العلماء) کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ:

> ”علی برادران، مولانا حسرت موہانی، حضرت اقدس مولانا عبدالقدیر بدایونی اور حضرت مولانا عبدالماجد صاحب بدایونی جیسے رہنمایان آزادی جمعیۃ سے دور ہوتے گئے اور جمعیۃ علمائے ہند کان پور مقابل میں رونما ہوئی۔“
>
> (تذکرۂ ماجد، ص: ۲۵)

ابتدا میں "جمعیۃ علمائے ہند" کان پور خوب سرگرم رہی، ملک گیر سطح پر اس کے اجلاس ہو مگر ان کے بانیان کی دنیا سے رخصتی کے بعد اس نے بھی رخت سفر باندھ لیا۔ دیگر سے دیگر مولانا عبدالباری کی قائم کردہ جمعیۃ میں مسلک دیوبند سے وابستگی رکھنے والے علما ہی شامل ہو گئے، ان کی اکثریت بڑھتی گئی، جب کہ دوسرے مکاتب فکر کے علما رخصت ہوتے رہے، جس وجہ سے اس کے قیام کا بنیادی مقصد "مشترکہ مسائل میں بین المسالک علما کا اتحاد واشتراک عمل فوت ہوگیا، تاہم یہ تنظیم اب بھی ہندوستان میں سرگرم اور معروف ہے اور مسلک دیوبند سے تعلق رکھنے والے ہندوستانی مسلمانوں کی سیاسی نمائندگی کرتی ہے۔

۲۱ر ستمبر ۲۰۱۹ء کو "جمعیۃ العلماء" نے صد سالہ تقریبات کے تحت مولانا عبدالباری فرنگی محلی اور مولانا احمد سعید دہلوی، سابق صدر جمعیۃ (ف: ۱۹۵۹ء) پر دہلی میں سیمینار منعقد کیا۔ اس موقع پر "جمعیۃ العلماء" کے موجودہ صدر مولانا سید محمد عثمان منصور پوری نے اپنے خطبۂ صدارت میں جمعیۃ کے تاسیس گزار کی حیثیت مولانا عبدالباری کے کردار کا یوں اعتراف کیا:

> "مولانا عبدالباری فرنگی محلی کی ذات جمعیۃ علمائے ہند کے لیے بنیاد کے پتھر کی حیثیت رکھتی ہے، مولانا ان شخصیت میں سے ہیں، جن کی فکر اور کوششوں سے جمعیۃ علماء کی تشکیل ہوئی۔" (بے ایچ یو اردو نیوز، ۲۱ر ستمبر ۲۰۱۹ء)

ہندو مسلم اتحاد اور قربانی گاؤ:

تحریک خلافت کے قیام تک ہندو اور مسلمانوں کی سیاست الگ الگ رخ پر چل رہی تھی۔ کانگریس کی سیاست آئینی حقوق طلبی (Dominion Status) سے آگے نہیں بڑھی تھی اور مسلم لیگ کا ایجنڈا بھی مسلمانوں کے حقوق ومنصب کی بازیافت تک محدود تھا۔ لیکن آنے والے دنوں میں کچھ ایسے حالات رونما ہوئے (۱) جنھوں نے نہ صرف ہندو مسلم سیاسی وسماجی اتحاد کی بنیاد ڈالی بلکہ اُن میں تحریک خلافت سے جڑنے کی تحریک بھی پیدا کردی۔ اس اتحاد سے "مکمل آزادی"

---

(۱) (الف) برٹش گورنمنٹ نے ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ ۱۹۱۵ء کے تحت سیکڑوں ہندو اور مسلمانوں کو ان کی قومی اور انقلابی سرگرمیوں کی وجہ سے بغیر مقدمہ چلائے جیل میں ڈال دیا۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

کی تحریک وجود میں آئی اور پھر ہندوستان غلامی کی زنجیروں سے آزاد ہو سکا۔ شاہ معین الدین ندوی (ل: ۱۹۷۴ء) لکھتے ہیں:

> "ان واقعات نے ہندو مسلمانوں کے اتحاد کا موقع فراہم کر دیا، چنانچہ مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی، گاندھی جی اور مولانا عبدالباری فرنگی محلی کی کوشش سے احیائے خلافت کی تحریک میں ہندو اور ہندوستان کی تحریک آزادی میں مسلمان شریک ہو گئے، اس سے دونوں تحریکوں کو بڑا فائدہ پہنچا۔" (حیات سلیمان، ص: ۱۵۰)

برٹش گورنمنٹ سے مکمل آزادی کی تحریک گاندھی جی کی "ستیہ گرہ" سے شروع ہوئی اور حاشیے میں ذکر کیے گئے حادثات کی جب کوئی شنوائی نہیں ہوئی تو دسمبر ۱۹۲۰ء میں کانگریس نے "تحریک ترک موالات" کا آغاز کر دیا جس میں مسلمانوں نے بھرپور ساتھ دیا اور گاندھی جی کے ساتھ مل کر خلافت کمیٹی کے ارکان نے پورے ہندوستان کا دورہ کیا اور ہندوستانیوں میں آزادی کے لیے ناقابل بیان جوش و خروش پیدا کر دیا، اب ہندو اور مسلمان ایک ساتھ مل کر تحریک خلافت اور تحریک آزادی کی جنگ لڑ رہے تھے، جس کا مرکز فرنگی محل کا محل سرا بنا ہوا تھا، جہاں نامور مسلم

بقیہ پچھلے صفحے کا حاشیہ: (ب) مارچ ۱۹۱۹ء میں ایک ایکٹ کو منظوری دی گئی، جسے رولٹ ایکٹ (Rowlatt act) کہا جاتا ہے، جس کے تحت کسی بھی ہندوستانی کو محض شک و شبہے کی بنیاد پر جیل میں ڈالا جا سکتا تھا، یہ ایکٹ بھی نافذ کر دیا گیا۔ سیکڑوں بے گناہ ہندو مسلم جیل میں ٹھونس دیے گئے۔

(ج) ان زیادتیوں کے خلاف گاندھی جی نے ۶/ اپریل ۱۹۱۹ء میں "ستیہ گرہ" کی جس کے تحت ہندوستان میں عام ہڑتال ہوئی اور جگہ جگہ احتجاجی جلوس و جلسے منعقد ہوئے، امرتسر میں بھی ہوا، جہاں اس کے رہنماؤں کو گرفتار کر لیا گیا، انھیں چھڑانے کے لیے اہل شہر نے کمشنر کی کوٹھی پر دھاوا بول دیا، پولیس نے فائرنگ شروع کر دی، جس میں بہت سے ہندو مسلم مارے گئے اور متعدد زخمی ہوئے۔

(د) یہ سب دیکھ کر ہندوستانیوں کا غصہ اپنے عروج پر پہنچ گیا اور انھوں نے سرکاری عمارتوں اور آفسوں کو لوٹ کر آگ لگا دی، حالات دیکھ کر جنرل ڈائر نے پورے امرتسر کو اپنے قبضے میں لے لیا۔ ۱۳/ اپریل ۱۹۱۹ء کو امرتسر کے ہندوستانیوں نے جلیاں والا باغ میں ایک جلسہ کیا، اس دن بیساکھی کا میلہ بھی وہاں لگا تھا، جہاں بہت سی عورتیں اور بچے بھی تھے، جنرل ڈائر نے جلسہ گاہ میں گولیاں چلوا دیں، جس میں سیکڑوں بے گناہ مارے گئے۔ ان حالات کی وجہ سے پورے ہندوستان میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی، لوگ بے قابو ہو گئے اور یہی حالات ہندو مسلم سیاسی و سماجی اتحاد کی بنیاد بنے۔

قائدین کے ساتھ گاندھی جی، لالہ لاجپت رائے، سروجنی نائیڈو جیسے چوٹی کے غیر مسلم قائد مولانا عبدالباری کے مہمان ہوتے، وہ وہاں آتے جاتے، کئی کئی دن قیام کرتے، مشاورت ہوتی، منصوبے بنتے اور ملک گیر سطح پر عمل شروع ہو جاتا- ان دونوں قوموں کا یہ سیاسی وسماجی اتحاد میں برطانوی سورج کے بہت جلد غروب ہونے کا اشاریہ تھا- اس اتحاد کی سلامتی اور دونوں تحریکوں کو کامیابی کے لیے مولانا عبدالباری اور دیگر مسلم قائدین نے اپنی فراست سے دو کام کیے:

(الف) ایسے کسی بھی عمل سے (جب تک وہ شریعت اسلامیہ سے براہ راست متصادم نہ ہو) اجتناب کے خواہاں رہے جس سے غیر مسلموں کی دل آزاری ہو-

(ب) ہندوستان کے تکثیری معاشرے میں گاندھی جی کی مقبولیت اور اثرات کے پیش نظر انھیں صف اول کی قیادت میں جگہ دی-

جہاں تک تحریک خلافت اور اس سے متعلق مسائل کا میں نے مطالعہ کیا، مجھے اہل علم و دانش اس حوالے سے دو انتہا پسندانہ موقف میں بٹے نظر آئے-

ایک موقف تو یہ تھا کہ تحریک خلافت کے تحت جو کچھ بھی ہو رہا تھا وہ سب ٹھیک ٹھاک تھا- یہ وہ لبرل طبقہ تھا جسے مذہبی نظریات اور شرعی مصالح سے کچھ لینا دینا نہیں تھا-

دوسرا وہ طبقہ تھا جسے اس تحریک میں کچھ بھی اچھا نظر نہیں آ رہا تھا، ان کی زندگی کی لغت میں جلب منفعت، دفع مضرت، حصول آزادی، وحدت عالم اسلامی، تحفظ اماکن مقدسہ اور اسلامیان ہند کی تعمیر و ترقی کے کوئی معانی نہیں تھے- وہ تحریک خلافت کے وسیع مقاصد اور ملکی اور بین الاقوامی اہداف کو نظر انداز کر کے ترک موالات، قربانی گاؤ کشی، ہندو مسلم سیاسی و سماجی اتحاد اور ترکی کی خلافت پر فقہی موشگافیوں میں مصروف تھا اور تحریک کو کمزور کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑ رہا تھا-

ان دونوں طبقوں کے متبع اہل قلم پچھلی ایک صدی سے بڑھ چڑھ کر اپنے اپنے اسلاف کے موقف کی نمائندگی فرما رہے ہیں، جس سے ایک عام قاری کو تحریک خلافت، ہندو مسلم اتحاد، تحریک موالات اور قربانی گاؤ کو اس کی اصل حقیقت کے ساتھ سمجھنے میں دشواریوں کا سامنا ہے- ان مسائل کو پوری طرح سمجھنے کے لیے غالب کی طرف داری سے زیادہ سخن فہمی مطلوب ہے-

مجھے اس اعتراف میں کوئی تامل نہیں کہ یہ تحریک اپنے آپ میں ایک بے مثال تحریک تھی اور وقت کی ایسی ضرورت جس کے بغیر آزادی ہند یا اسلامیان ہند کے حقوق و مطالبات کی تکمیل ممکن نہیں تھی، یہی وجہ ہے ملک کا ہر طبقہ، خصوصاً ملک کے سیکڑوں حساس اور مشاہیر علما اور شیوخ طریقت اس تحریک کے ساتھ وابستہ تھے- ملک گیر سطح کی اتنی بڑی تحریک سے شرعی اور سیاسی لغزشوں کا صدور ہونا بعید از امکان نہیں تھا اور یہ لغزشیں مسلم قائدین سے ہوئیں بھی، مثلاً جذبات کی رو میں بہ کر غیر مسلم قائدین کو خطاب کے لیے مساجد کے منبروں پر بٹھا دینا، بعض لبرل نمائندگان تحریک کی جانب سے کبھی کبھار نصوص شرعیہ کی من مانی توجیہ کرنا اور ہندو مسلم سیاسی و سماجی اتحاد کے دائرے کو وسیع کر کے مذہبی کینوس میں لانے کی کوشش کرنا، وغیرہ- ان رویوں کی ہم تائید نہیں کرتے، مگر ان کی وجہ سے تحریک کی مخالفت اور اسے نقصان پہنچانے کو بھی ناعاقبت اندیشی اور کوتاہ بینی سمجھتے ہیں- جن لوگوں نے بھی ان رویوں کو بنیاد بنا کر براہ راست یا بالواسطہ مولانا عبدالباری کی ہندو مسلم سیاسی و سماجی اتحاد کی کوششوں، اس اتحاد کی پائے داری کے لیے گائے کی قربانی سے اجتناب کی خواہشوں اور خلافت عثمانیہ کی حمایت و تعاون کو غلط رنگ دینے کی کوشش کی اور ان بنیادوں پر انھیں مطعون کیا تاریخ انھیں معاف نہیں کرے گی- اِن پروپیگنڈوں، اِن کی حیلوں اور اس وقت کے نازک حالات کو سمجھنے کے لیے مذکورہ انتہا پسندانہ طبقوں کا لٹریچر نہیں، براہ راست تحریک سے وابستہ قائدین کا لٹریچر پڑھنے اور پھر ان کے موقف کو سمجھنے کی ضرورت ہے-

اس کو ایک مثال سے سمجھا جا سکتا ہے- گائے کی قربانی کے سلسلے میں آج تک ہم یہی پروپیگنڈہ سنتے آئے کہ ہندوؤں کے دباؤ میں مولانا عبدالباری نے مسلمانان ہند کو باصرار گائے کی قربانی سے روکا، مگر جب ہم نے اس سے متعلق براہ راست مولانا کی تحریروں کا مطالعہ کیا تو معاملہ برعکس تھا- مولانا کی یہ تمام تحریریں اور مضامین اُس زمانے میں ملک کے متعدد اخبارات و رسائل میں شائع ہوتے رہے، مگر جنھیں پروپیگنڈہ کرنا تھا اور غلط مطالب نکالنے تھے وہ اپنے کام میں لگے رہے- مولانا کی ان تمام تحریروں کو یکجا کر کے مولانا شاہد علی نے نومبر ۱۹۲۰ء میں ”رسالہ ہجرت و رسالہ قربانی گاؤ“ کے نام سے شائع کیا، جو اس وقت میرے پیش نظر ہے- مرتب ’پیش لفظ‘ میں لکھتے ہیں:

”قربانی کی بابت حضرت استاذ الاساتذہ مولانا عبدالباری صاحب مدظلہ نے جو رائے قائم کی اس کو انصاف سے دیکھنے والا سمجھ سکتا ہے کہ بالکل معیار شرعی کے مطابق ہے، مگر اکثر حساد [حسد کرنے والوں] نے طرح طرح کے الزامات تراشے ہیں۔“ (ص:۱)

مولانا عبدالباری نے اس سلسلے میں ایک وضاحتی تحریر لکھی تھی، جو ۸ مئی ۱۹۱۹ء لکھنؤ میں شائع ہوئی، اس کا یہ اقتباس ان کے حقیقی موقف کی ترجمانی کرتا ہے:

”گائے کی قربانی کے بارے میں 'مؤید الاسلام' کی گزشتہ کارروائیاں شاہد ہیں کہ ہم لوگ کیا رائے رکھتے ہیں۔ مذہبی شعار کو کسی دباؤ یا مروت سے نہیں چھوڑ سکتے ہیں ـــــ میں نے نہ تو اپنا ارادہ ظاہر کیا ہے، نہ اپنے ہم مذہب لوگوں کا کہ وہ قربانی نہ کریں گے، نہ وعدہ کیا ہے، نہ کسی کو مشورہ دیا ہے، نہ فتویٰ ہے، بلکہ بطور اثر اتحاد کے تخمینی طور پر ایک رائے ظاہر کی ہے، وہ بھی خدا کی مشیت پر محمول رکھا(۱)۔ میرا خیال ہے کہ اگر اتحاد قائم رہا اور اسی طرح رواداری مذہبی ہوئی تو گائے کی قربانی میں اہمیت باقی نہ رہے گی از خود موقوف ہو جائے گی۔ جو شئ محرک ہے وہ اس کا پرستش ہونا اور قربانی نہ کیے جانے پر اصرار ہونا ہے، یہ بات جاتی رہے تو گائے کی قربانی میں کوئی اہمیت باقی نہیں رہتی ہے۔“ (ص:۳)

مولانا نے ۲۳ نومبر ۱۹۱۹ء کو آل انڈیا خلافت کانفرنس دہلی میں خطاب فرمایا، جو ان کی گوئی اور جرأت کا بڑا ثبوت ہے۔ فرماتے ہیں:

”میں نے گاندھی صاحب کے کہنے سے قربانی گاؤ ترک نہیں کی بلکہ خود بڑے غور و خوض کے بعد چھوڑی، اگر مجھ سے مہاتما جی کہتے بھی تو میں ہرگز نہیں چھوڑتا،

---

(۱) مولانا عبدالباری نے ۱۳ اپریل ۱۹۱۹ء کو مسٹر گاندھی کے نام ایک تار [برقی پیغام] ارسال کیا تھا، جس میں انھوں نے لکھا تھا کہ: ”آپ کا استقلال ہندو مسلم اتحاد کے لیے ایک یادگار ہے، اگر خدا چاہے گا تو گائے آئندہ قربان نہ کی جائے گی۔ خدا اس اتحاد مقصد کو کامیاب کرے۔“ یہاں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

میں مذہب کا پابند ہو کر ان کی عظمت کرتا ہوں، مسلمان رہ کر اتحاد پیدا کرنے میں کوئی نقص نہیں۔ ہم وطنوں کا خیال لازم ہے، ان کے اخلاق نے یہ بات میرے ذہن میں پیدا کر دی۔“ (ایضا، ص: ۴، ۵)

ان مختصر اقتباسات سے اہل علم وفہم مولانا کا موقف اور نظریہ سمجھ سکتے ہیں۔ ایک تکثیری معاشرے میں بڑے مقاصد کے حصول اور دفع مضرت کے لیے بغیر کسی دباؤ کے گائے کی جگہ دوسرے جانوروں کی قربانی سے شریعت پر آنچ نہیں آتی بلکہ یہ مطلوب شریعت ہے۔ یہ بات انھیں آسانی سے سمجھ میں آئے گی جو اس وقت کے ملکی و بین الاقوامی حالات سے اچھی طرح واقف ہوں اور پھر تکثیری معاشرے میں رہنے کے ادب وآداب اور مصلحتوں کے بھی عادی ہوں۔

ہندو مسلم سیاسی وسماجی اتحاد اور گائے کی قربانی کے سلسلے میں مولانا عبدالباری کے فیصلے کی مصلحتیں مجھ پر اس وقت مزید واضح ہوئیں جب میں نے حالیہ دنوں ہندوستان کے پچیس کروڑ مسلمانوں کو سی اے اے (Citizenship Amendment Act 2019) کے خلاف احتجاجی تحریک چلاتے ہوئے دیکھا، اس تحریک کو بااثر اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے بلا تفریق مسلک ومشرب ہر عالم وغیر عالم کی یہی کوشش تھی کہ یہ تحریک مسلمانوں کی نہیں ”ہندوستانیوں“ کی تحریک بن جائے۔ ان کوششوں کے نتیجے میں مسلم قائدین کے ساتھ ہندو، سکھ، عیسائی اور دیگر مذاہب کے قائدین ایک پلیٹ فارم پر کھڑے تھے، قیادت بھی وہی کر رہے تھے، ہندو مسلم اتحاد کے مظاہرے کے لیے جلسہ گاہوں کے ایک ہی پنڈال کے اندر ایک گوشے میں قرآن کی تلاوت ہو رہی تھی، تو دوسرے گوشے میں کیرتن اور پوجا پاٹ بھی۔ اسلامی نعرے بلند کرنے سے سختی سے روکا جا رہا تھا بلکہ ہر اُس عمل سے روکا جا رہا تھا جس سے ہندو مسلم اتحاد کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ تھا، مقصد واضح تھا، اس لیے کسی بھی مسلک کے عالم نے یہ فتویٰ جاری نہیں کیا کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ خلاف شریعت ہے۔ اسی پر بس نہیں، انڈین ایکٹ کی شکل میں اس آفت ناگہانی کی وجہ سے پہلی بار دنیا نے مسلمانوں کی مسلکی زنجیروں کو ٹوٹتا بکھرتا ہوا دیکھا اور کفر والحاد کے فتوے ہوا میں تحلیل ہوتے نظر آئے۔ اس وقت بھارت کا ہر مسلمان اتحاد امت کے لیے نعرہ زن ہے اور علم برداران

مختلف دوسرے مسالک پر ہونے والے میڈیائی اور حکومتی مظالم پر آواز بلند کرنے میں ایک پر سبقت لے جا رہے ہیں۔

ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیں جب ایک ایکٹ نے پچیس کروڑ مسلمانوں کو اندر ہلا کر رکھ دیا، تو جب اسی تکثیری معاشرے میں اُس وقت کا مسلمان اپنے ہزار سالہ کھو کر غلامی کی زنجیروں میں بے بسی سے جکڑا ہوا ہوگا، مقامات مقدسہ یہود و نصاریٰ میں ہوں گے، عالم اسلام کے ٹکرے کرنے کے لیے مغربی طاقتیں پیش قدمیاں کر رہی اور خلافت عثمانیہ (ترکی) کی شکل میں مسلمانوں کا ایک ہی مرکز امید ہوگا۔ ایسے خطرناک اور نازک حالات میں اسلامیان ہند اور عالم اسلام کے عظیم مقاصد اور اہداف کی تکمیل اگر مولانا عبدالباری نے ہندوؤں کے ساتھ سیاسی و سماجی اتحاد کر لیا، گائے کی قربانی سے کر لیا اور غیر مسلموں کو قیادت میں شریک کر لیا تو کون سا گناہ کر دیا؟ ہمیں ہزار بار ان کا ہونا چاہیے کہ یہی وہ چند نفوس قدسیہ تھے جو اُس وقت سات کروڑ مسلمانوں کی عزت و آبرو کے کفن بردوش برسرپیکار تھے۔ بہرحال تحریک خلافت کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی اجلاس کے اطراف و اکناف میں ہو رہے تھے، خلافت عثمانیہ کے تحفظ کے لیے چندے ہو رہے تھے کے ساتھ برٹش گورنمنٹ کے مکمل بائیکاٹ کی مہم بھی چل رہی تھی۔ اس وقت مولانا عبدالبار سیاست اور ان کی مقبولیت کا سورج نصف النہار پر تھا، وہ شب و روز کانفرنسوں میں صدارت شرکت کے لیے ملک کے دورے کر رہے تھے، میٹنگیں کر رہے تھے، اہداف کی تکمیل کے منصوبے بنا رہے تھے اور اعیان حکومت پر دباؤ بنانے کی کوشش میں تھے۔

یورپ میں خلافت کا وفد:

دسمبر ۱۹۱۹ء میں کانگریس کا اجلاس امرتسر میں منعقد ہوا اور اسی وقت مولانا کی کوششوں سے خلافت کمیٹی کا اجلاس بھی وہاں ہوا، مولانا نے پہلے کانگریس کے اجلاس میں شرکت کی اور اس کے بعد خلافت کا اجلاس ہوا، جس میں یہ طے پایا کہ خلافت کمیٹی کا تین رکنی وفد وزارت برطانیہ سے خلافت عثمانیہ کے تعلق سے گفتگو کرنے اور عالمی سطح پر ہندوستان کی آزادی کی راہ ہموار کرنے

کے لیے انگلینڈ جائے، جس میں مولانا عبدالباری کے علاوہ مولانا محمد علی جوہر اور بیرسٹر سید حسین ہوں گے۔ یہ بھی تجویز ہوا کہ اس سے پہلے کہ وفد انگلینڈ جائے، اپنے مطالبات کو گورنر جنرل آف انڈیا کے روبرو پیش کرنا چاہیے، چناں چہ ۲۳ر جنوری ۱۹۲۰ء کو بشمول مولانا عبدالباری مسلم وغیر مسلم قائدین کا وفد گورنر جنرل سے جا کر ملا، مطالبات پیش کیے مگر کوئی تشفی بخش جواب نہیں مل سکا۔ لہذا طے پایا کہ وفد فوری انگلینڈ روانہ ہو جائے۔ برطانوی حکومت کے سامنے خلافت کی اہمیت اور ضرورت کو شرعی نقطۂ نظر سے پیش کرنا تھا، جس کے لیے مولانا عبدالباری کا جانا ضروری تھا، مگر آپ نے مولانا سید سلیمان ندوی کی صلاحیتوں کے پیش نظر وفد میں اپنی نمائندگی کے لیے ان کا نام پیش کیا اور لوگوں کے اصرار کے باوجود اپنے فیصلے پر اٹل رہے۔

مولانا محمد علی جوہر کی قیادت میں چھ رکنی وفد اخیر جنوری ۱۹۲۰ء کو روانہ ہوا اور ستمبر ۱۹۲۰ء میں یورپ کے متعدد ممالک کا دورہ کر کے اس کی واپسی ہوئی۔ وفد کی روانگی سے قبل مولانا عبدالباری وفد کے اخراجات کے لیے چندے کی فراہمی میں مصروف ہو گئے، علی برادران اور دیگر اراکین وفد فرنگی محل تشریف لائے، سیکڑوں لوگوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا، ان لوگوں نے فرنگی محل میں ہی قیام کیا، مولانا نے وفد کے اعزاز میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا اور اپنے مدرسہ عالیہ نظامیہ کی جانب سے مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی کو ''مولانا'' کی اعزازی سند مرحمت فرمائی۔ مولانا محمد رضا فرنگی محلی (ف: ۱۹۹۰ء) نے ذکر کیا ہے کہ ''۱۹۲۰ء میں علی برادران مولانا کی اعزازی سندیں پا کر مولانا ہو گئے، اس وقت سے مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی کے نام سے یاد کیے جانے لگے(۱)۔'' اس سے قبل مسٹر محمد علی اور مسٹر شوکت علی سے جانے جاتے تھے۔

یہ کوئی معمولی بات نہیں تھی، خلافت کمیٹی کے اس وفد نے عالمی سطح پر عالم اسلام کے تحفظ اور ہندوستان کی آزادی کے لیے جو کارنامہ انجام دیا وہ آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہے، اس کی تفصیل مولانا سید سلیمان ندوی کے خطوط کے مجموعے ''برید فرنگ'' اور سید صباح الدین عبدالرحمن کی کتاب ''مولانا محمد علی کی یاد میں'' میں دیکھی جا سکتی ہے۔ سید سلیمان ندوی وہاں جا کر اپنے مخدوم

---

(۱) ماہنامہ ''جامعہ'' دہلی، مولانا محمد علی نمبر، حصہ دوم، ص: ۱۰۸، شمارہ: جنوری، فروری ۱۹۸۰ء

و محسن مولانا عبدالباری کو تواتر سے خطوط لکھتے رہے اور یورپ میں وفد کی سرگرمیوں سے با
کرتے رہے۔ ۶ر مئی ۱۹۲۰ء کو مولانا ندوی نے مولانا عبدالباری کو لندن سے خط لکھا:

> ''مخدوم معظم، ادام اللہ بقاءہ ـــــــ الحمدللہ کہ وفد شب و روز کام میں مشغول ہے، جس طریقے سے اور جس تدبیر سے کامیابی کی راہ نظر آتی ہے، ادھر توجہ ہو جاتا ہے۔ جب سے یہاں آنا ہوا ایک دو بجے شب سے پہلے کبھی کوئی بستر پر نہیں گیا، اخبارات میں مضامین لکھنا، معترضین کے جوابات تحریر کرنا، لوگوں سے ملنا، شہروں کا دورہ کرنا، وزراء پر اثر ڈالنے کی تدبیریں اختیار کرنا، ترکوں کی نسبت بدگمانیاں دور کرنا، ترک و عرب کو باہم ملانا، دوسرے اسلامی ملکوں کے مسلمانوں کے خیالات دریافت کرنا۔ یہی سب صورتیں وفد کے سامنے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کام انجام پایا اور پا رہا ہے۔'' (برید فرنگ، ص: ۸۰، ۸۱)

۲ر مارچ ۱۹۲۰ء کو وفد نے ڈپٹی وزیر ہند مسٹر فشر اور دیگر وزراء سے لندن میں ملاقات ک
اور تفصیل سے اپنے مطالبات رکھے، اس موقع پر بشمول مولانا محمد علی جوہر وفد کے کئی ارکان نے تقریریں کیں۔ مولانا سید سلیمان ندوی نے اپنی تقریر میں مولانا عبدالباری کے لیے جو کچھ کہا اس سے ان کی اہمیت اور حیثیت دونوں کا اندازہ ہوتا ہے:

> ''میں صرف اتنی بات کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ میں شاید پہلا ہندوستانی مولوی ہوں جو یہاں آیا ہوں، میں کوئی سیاسی آدمی نہیں ہوں، مولانا عبدالباری صاحب نے جو لکھنؤ کے فرنگی محل کے مشہور خاندان سے ہیں، مجھ کو خاص طور پر اپنی نمائندگی کرنے کے لیے بھیجا ہے تاکہ میں بادشاہ سلامت کی حکومت پر واضح کر دوں کہ ہم لوگوں کے لیے یہ کوئی سیاسی مسئلہ نہیں ہے بلکہ خالص ایک مذہبی معاملہ ہے۔'' (مولانا محمد علی کی یاد میں، ص: ۲۸)

ادھر وفد یورپ میں راہ ہموار کر رہا تھا، ادھر وفد کو رخصت کرنے کے بعد مولانا عبدالباری مولانا شوکت علی کو لے کر پورے سندھ کے دورے پر نکل گئے، وہاں سے بمبئی اور پھر بنگال خلافت

کانفرنس میں شرکت کے لیے کلکتہ گئے۔ اس درمیان مولانا کی جواں سال صاحب زادی انتقال کر گئیں مگر ان کی سرگرمیوں میں کوئی فرق نہیں آیا۔ مورخین نے ذکر کیا ہے کہ اس تحریک میں مولانا نے اپنی جیب خاص سے پچاس ہزار سے زائد رقم خرچ کی ہوگی، جو اُس زمانے میں ایک بہت بڑی رقم تھی۔ مولانا عنایت اللہ کے بقول اس تحریک میں شروع سے اخیر تک مولانا نے جس طرح حصہ لیا اور اس کو کامیاب بنانے میں جو جد وجہد کی ہے، اس کی نظیر بڑے بڑے کارکنان خلافت میں بھی نہیں ملے گی۔" آپ نے اپنی عمر کے دس برس خدام کعبہ، جمعیۃ العلماء اور خلافت کمیٹی کے کاموں میں لگائے ہیں، ان کی قدر و قیمت کا اندازہ اسی وقت لگے گا جب آپ کی یادداشتوں اور خط و کتابت کو (جو آٹھ ضخیم جلدوں میں محفوظ ہے) شائع کر دیا جائے (۱)۔ خدا جانے یہ سارے قیمتی سرمایے اب کہاں ہیں؟ جن کی بازیافت سے یقیناً بیس ویں صدی کے اس گم شدہ قائد کے بے مثال کارناموں کا سراغ لگ سکے گا۔

تحریک خلافت کے پلیٹ فارم سے خلافت عثمانیہ، اس کے توسط سے عالم اسلام اور اماکن مقدسہ کے تحفظ اور آزادی ہند کی تحریک چل ہی رہی تھی، مولانا عبدالباری بھی خفیہ اور اعلانیہ سرگرم عمل تھے کہ ترکی میں مصطفی کمال پاشا کی قومی تحریک زور پکڑتی گئی اور پھر یکم نومبر ۱۹۲۲ء کو اس نے سلطان ترکی وحید الدین خاں کو معزول کر دیا اور ترکی کو جمہوریہ ترکی بنا کر سیاست اور مذہب کو علیحدہ کر دیا۔ اس داخلی انقلاب اور تبدیلی کے ساتھ خلافت کی تحریک بھی سرد پڑنے لگی اور کروڑوں مسلمانوں کے جذبات بری طرح مجروح ہوئے۔ ۳؍ مارچ ۱۹۲۴ء کو پاشا نے خلافت کا بھی اعلانیہ خاتمہ کر دیا، اس کے بعد ترکی کی حیثیت ایک عام دنیوی حکومت کی طرح ہوگئی۔

ابن سعود کے حملے کی مذمت اور "خدام الحرمین" کی تشکیل:

۱۹۲۴ء تک مولانا عبدالباری خلافت کمیٹی میں نہایت سرگرم رہے، مگر اسی سال دو بڑے حادثے ہوئے۔ ایک تو خلافت عثمانیہ کے سقوط اور دوسرا برطانوی حکومت کے تعاون سے والی نجد ابن سعود کا حرمین شریفین پر تسلط کے لیے حسین بن علی (معروف بہ شریف حسین) پر حملہ۔ ابن

---

(۱) حسرۃ الآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق، ص: ۳۴

سعود نے اعلان کیا کہ یہ جنگ اپنی بادشاہت قائم کرنے کے لیے نہیں ہے بلکہ حسین بن علی سے نجات کے لیے ہے جو برطانوی حکومت کا آلۂ کار بنا ہوا ہے، اس جنگ میں فتح کے بعد شرعی طریقے سے لوگ جسے چاہیں گے اپنا حکمراں منتخب کریں گے۔ بہت سے مسلمان ابن سعود کے اس قول پر ایمان لے آئے، یہاں تک کہ خلافت کمیٹی کے قائدین بھی، (جن میں مولانا عبدالباری سے لے کر مولانا محمد علی جوہر اور شوکت علی بھی شامل تھے) اس بیان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے اور انھوں نے، مذہبی عقائد میں شدید اختلاف کے باوجود ابن سعود کی سیاسی وملی حمایت کا فیصلہ کرلیا۔ انھیں محسوس ہوا کہ اس طرح "وہاں اب بادشاہت نہ ہوگی بلکہ تمام اسلامی ممالک مل کر وہاں ایک شرعی جمہوریت قائم کریں گے، جہاں عالم اسلام کی رائے اور شوریٰ سے حکومت ہوگی، مسلمانوں کی مرکزیت قائم ہوگی اور مسلمانوں کے روز روز کے جھگڑے ختم ہو جائیں گے، ترکوں نے خلافت ختم کردی تھی تو اس کا نعم البدل حجاز میں مل جائے گا(۱)۔" عالم اسلام کے لیے ان بزرگوں کے اخلاص نیت پر شک نہیں کیا جاسکتا، لیکن اس کے پیچھے کی جو سیاست تھی، اس سے یہ تمام قائدین ناآشنا تھے۔ اس ناآشنائی کی وجہ خدانخواستہ ان کی سیاسی بصیرت کی کمی نہیں تھی بلکہ ذرائع ابلاغ کی سست رفتاری اور اس میں برطانوی حکومت کی دخل اندازی بھی تھی، جن کی وجہ سے سچائی چھن کر سامنے نہیں آرہی تھی۔ اس میں کچھ مہینے لگے، اور پھر والیٔ نجد کے وعدوں اور بیانات کی سچائی اور مستقبل کے عزائم سامنے آگئے۔

دراصل اسی زمانے میں تحریک خلافت کے صف اول کے رہنما مفتی عبدالقدیر عثمانی بدایونی (ف: ۱۹۶۰ء) اپنے اہل وعیال کے ساتھ حج کے لیے گئے ہوئے تھے(۲)، شریف حسین سے ان کے دیرینہ مراسم تھے اس لیے غسل کعبہ اور دیگر اہم ارکان میں اس کے ساتھ شریک رہے۔

---

(۱) مولانا محمد علی کی یاد میں، ص: ۱۵۶

(۲) یہ پوری تفصیل مفتی عبدالقدیر عثمانی بدایونی (زیب سجادہ خانقاہ قادریہ بدایوں) کے بڑے صاحب زادے مولانا عبدالہادی، استاذ شعبہ عربی جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن (ف: ۱۹۹۳ء) کی تصنیف "احوال ومقامات" میں درج ہے۔ بعض واقعات کے وہ عینی شاہد ہیں اور بعض کو اپنے والد سے براہ راست سماعت کیا ہے۔

دوران قیام اس کے وزیر کی زبانی انھیں معلوم ہوا کہ ترکوں کے خلاف سلطان حجاز شریف حسین کی حمایت وتعاون کے بدلے میں برطانوی حکومت ان پر دباؤ بنا رہی ہے کہ وہ حجاز میں عقبہ کی بندرگاہ ان کے حوالے کردیں اور وہ مان نہیں رہے ہیں، جس سے ان کی حکومت کو بڑا خطرہ لاحق ہے۔ مفتی صاحب نے شریف حسین سے مل کر جب حالات سے آگاہی چاہی تو انھوں نے بتایا کہ اگر یہ بندرگاہ انگریزی حکومت کے تصرف میں آجاتا ہے تو وہ یہودیوں کو عقبہ سے فلسطین پہنچائیں گے۔ یہودیوں کا وہاں بسنا عالم اسلام کے لیے خطرے کا الارم ہے، اس لیے میں کسی بھی قیمت پر یہ بندرگاہ ان کے حوالے کرنے کو تیار نہیں ہوں۔

مفتی صاحب نے ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ/ جولائی ۱۹۲۵ء میں حج کیا تھا، حج کے بعد ابھی وہ وہاں موجود ہی تھے کہ سلطان حجاز کی جانب سے برطانیہ کو آخری جواب مل گیا، اس کے معا بعد ہی والی نجد ابن سعود نے طائف پر حملہ کردیا۔ اس پر قابض ہونے کے بعد اس نے حجاز کے دوسرے حصوں پر حملہ کرنا شروع کردیا، آثار مقدسہ اور مزارات صحابہ بے دردی سے پامال ہونے لگے۔ جب یہ خبر ہندوستان پہنچی تو مولانا شوکت علی نے ''خلافت کمیٹی'' کی جانب سے والی نجد ابن سعود کو تار بھیج کر مزارات صحابہ واہل بیت کے تعلق سے حقیقت جاننی چاہی۔ جواب آیا کہ ''اسلامی مزارات ہمارے لیے قابل احترام ہیں (۱)۔'' خلافت کمیٹی کے قائدین مطمئن ہوگئے، مگر سچائی یہ نہیں تھی۔ پھر وہ علمائے احناف بھی اس کے عتاب کا شکار ہو رہے تھے، جو شریف حسین کے قریب تھے اور مقامات مقدسہ کی بے حرمتی پر آواز اٹھا رہے تھے (۲)۔

دوسری طرف اس افراتفری میں شریف حسین نے مفتی صاحب کو (جو ان حادثات کے عینی

---

(۱) تاریخ نجد وحجاز، ص: ۲۳۵

(۲) اس جنگ کے دوسرے سال ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۶ء کو نواب مولانا حبیب الرحمن خاں شروانی (ف: ۱۹۵۰ء) حج کے لیے تشریف لے گئے، حج کے بعد ۷؍ محرم ۱۳۴۵ھ/ اگست ۱۹۲۶ء کو مولانا عبدالباری صاحب کے بھائی اور استاذ مولانا عبدالباقی فرنگی محلی مہاجر مدنی (ف: ۱۹۳۵ء) کے مدرسے میں گئے اور ان سے ملاقات کی، لکھتے ہیں کہ: ''نجدیوں کی دہشت کا مقابلہ جرأت وصداقت سے کیا، کلمۂ حق کے اظہار میں ڈرے نہیں۔'' (الفوز العظیم، ص: ۳۷)

شاہد تھے) جدہ سے افریقی ساحل کی طرف روانہ کر دیا کہ وہاں سے کوئی جہاز انھیں ہندوستان پہنچا دے گا۔ جب وہ مصوی (افریقا) سے بمبئی پہنچے تو انھیں ابن سعود کے تعلق سے "خلافت کمیٹی" کے قائدین کی حمایت کی اطلاع ملی اور انھیں یہ بھی معلوم ہوا کہ ابن سعود کی حمایت میں مولانا محمد علی جوہر کی ایما پر مولانا عبدالباری صاحب کا بیان بھی اخبار میں شائع ہوا ہے۔ مفتی صاحب کو اس پر سخت تشویش ہوئی اور وہ براہ راست بدایوں جانے کی بجائے مولانا عبدالباری کو ان تمام حقائق سے آگاہ کرنے کے لیے لکھنؤ روانہ ہو گئے۔

آگے کے حالات مولانا عبدالہادی (ف: ۱۹۹۴ء) کی زبانی ملاحظہ ہو:

> "فرنگی محل پہنچ کر المولوی (۱) [مفتی عبدالقدیر] نے حضرت [مولانا عبدالباری] سے شکایت کی کہ آپ نے نجدیوں کی تائید میں بیان دے دیا، حالاں کہ یہ حملہ انگریزی حملہ ہے، آپ کو میرا انتظار تو کرنا چاہیے تھا، اس پر حضرت نے فرمایا کہ "تم غلط کہہ رہے ہو، کہیں وہ بات تو نہیں جو مشہور ہے کہ شریف نے لوگوں کو خرید لیا ہے کہ اس کی تائید کریں، تعجب اس پر ہے کہ المولوی کو بھی خریدا جا سکتا ہے؟" دونوں میں بات بڑھی، المولوی کچھ کھائے پیے بغیر اٹھ گئے ـــــ
>
> اسٹیشن آئے، تھوڑی دیر ہوئی تھی کہ حضرت باری میاں اسٹیشن آئے۔ المولوی کھڑے ہوئے، حضرت نے صرف اتنا پوچھا: "تم جو کہتے ہو وہ سچ ہے؟" انھوں نے عرض کیا "میں نے جھوٹ کب بولا ہے کہ اس وقت بول رہا ہوں؟" حضرت نے المولوی کو سینے سے لگا لیا۔ بیٹھ گئے اور فرمایا الطاف میاں! اخباروں میں ہمارا دوسرا بیان دو، جو بیان پہلے دیا تھا وہ غلط تھا، نجدی حملہ حقیقت میں برطانوی حملہ ہے، مسلمانوں کو ہاشمی حکومت کی تائید کرنا چاہیے۔" (احوال و مقامات، ص: ۶۳، ۶۴)

مولانا کا بیان ملک کے اخباروں میں چھپا اور پھر خلافت کمیٹی میں بھونچال آ گیا۔ اس کے

---

(۱) مفتی محمد عبدالقدیر بدایونی کو بغداد میں شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی قدس سرہ کے صاحب زادگان "المولوی" کے خطاب سے یاد کرتے تھے۔ مولانا عبدالہادی نے انھی کی متابعت میں اپنے والد ماجد کو جابجا المولوی لکھا ہے۔

بعد دھیرے دھیرے سچائیاں سامنے آنے لگیں۔ مولانا عبدالباری ’’فاضل اکمل‘‘(۱)، روشن ضمیر اور مستقبل شناس قائد تھے، انھیں ابن سعود کے مذہبی عقائد و نظریات کا علم تو تھا، مگر جب برطانوی پشت پناہی اور اصل حقائق کا علم ہوا تو آپ نے قائدین خلافت کو سمجھانا شروع کیا، متعدد بار بمبئی تشریف لے گئے، خط و کتابت کی اور مختلف ذرائع سے اپنے مریدین علی برادران کو اپنے موقف کو تبدیل کرنے، اس مضر پالیسی سے دور رکھنے اور باہمی سمجھوتے کی کوشش کی، مگر حالات مزید بگڑتے چلے گئے۔

مولانا نے جن خدشات اور حقائق کی بنیاد پر اپنی حمایت اور موقف تبدیل کیا تھا، وہ سامنے آ گئے۔ ۲۳؍ اگست ۱۹۲۵ء کو روضہ نبوی ﷺ پر بم باری کی خبر ملی۔ ابن سعود کی نجدی فوج نے اقتدار کے لیے مدینہ منورہ پر حملہ کر دیا، شدید گولہ باری کی جس کی زد میں مسجد نبوی اور گنبد خضری بھی آ گئے۔ اس خبر پر مولانا عبدالباری جذبات سے بے قابو ہو گئے اور تیسرے دن ایک بہت بڑا احتجاجی اجلاس لکھنؤ میں منعقد کیا۔ اس کے بعد کروڑوں مسلمان ابن سعود کے شدید مخالف ہو گئے اور مولانا کے موقف کی تائید میں نہ صرف مولانا حسرت موہانی، مولانا عبدالماجد بدایونی، مولانا سلیمان پھلواروی، شیخ مشیر حسین قدوائی، ڈاکٹر سیف الدین کچلو اور بہت سے مسلم قائدین آ گئے بلکہ لاکھوں مسلمان بھی ان کے ساتھ ہو گئے۔ مگر علی برداران اور ان کے متبعین مدینے پر حملے کو جنگی حادثہ سمجھتے ہوئے اب بھی ابن سعود کی حمایت میں تھے اور مولانا عبدالباری پر شریف حسین کی طرف داری کا الزام عائد کر رہے تھے کہ وہ ابن سعود کی اتنی شدت سے مخالفت شریف حسین اور اس کے بیٹے امیر علی کی ہمدردی میں کر رہے ہیں اور یہ بالواسطہ برطانوی حکومت کی حمایت ہے۔ اس الزام و اتہام کا آپ نے سختی سے رد کیا۔ اس حوالے سے مولانا کی ایک تحریر ۱۲؍ ستمبر ۱۹۲۵ء کو اخبار ’’خلافت‘‘ میں شائع ہوئی:

’’مولانا شوکت علی نے ایک بیان میں یہ ظاہر کیا ہے کہ میں اور مولانا حسرت موہانی

---

(۱) مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی مولانا عبدالباری کو ’’فاضل اکمل‘‘ کہتے تھے۔ (تذکرۂ علمائے اہل سنت، ص: ۱۷۳)

نے مشورہ کر کے مشیر حسین قدوائی اور مولوی عبدالقدیر [بدایونی] سے سازش کی ہے کہ شریف حسین اور ان کے خاندان کو تخت حجاز پر بٹھایا جائے۔ یہ ایک سخت الزام ہے اور مولانا شوکت نے راستے سے ہٹ کر ہماری نیت پر حملہ کیا ہے، مگر مجھے ان کی نیت میں شبہ نہیں۔ میں اسے صاف اور واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں شریف حسین اور امیر علی کا طرف دار نہیں اور نہ میں نے ان کی حکومت کی کبھی حمایت کی۔ ابن سعود اور ان کی افواج نے جو خلاف شرع حرکات کی ہیں اس کے باعث مجھے ان سے کوئی ہمدردی باقی نہیں ہے ——

میں اور مولانا حسرت کو ابن سعود سے اس وجہ سے اختلاف ہے کہ وہ غیر مسلم اثر میں ہے، وہ اور اس کے متبع مزارات کی کما حقہ عزت نہیں کر سکتے۔ جب نجدی مدینہ کو حرم سمجھتے ہیں تو پھر اس پر حیرت ہے کہ انھوں نے مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کی کیوں جرأت کی۔ سکنائے مدینہ بہت خائف ہیں اور چوں کہ ان میں بہت سے حنفی ہیں، اس لیے وہ نجدیوں سے مقابلہ کر رہے ہیں۔ ایک شخص یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہے کہ نجدی تمام دنیا کو کافر سمجھتے ہیں اور خود انھوں نے مدینے پر حملہ کیا، مدینے والوں نے کسی قسم کا حملہ نہیں کیا۔ وہ نہ حسین کے طرف دار تھے اور نہ ترکوں کے مقابلے میں کبھی وہ حسین کی طرف سے لڑے۔

ابن سعود کو لازم تھا صرف جدہ میں لڑتے اور مدینے پر حملے کی ضرورت نہیں تھی۔ نجدیوں کا یہ گناہ کہ روضۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو گولوں کا نشانہ بنایا، ناقابل معافی ہے۔ اور چوں کہ ان کا عقیدہ معلوم ہے، اس لیے اب اس معاملے میں کسی تحقیقات کی ضرورت نہیں ہے۔ اور یہ تسلیم کر لینا پڑے گا کہ انھوں نے اس کے علاوہ شہدائے احد کے مزارات بھی برباد کر دیے اور حضرت حمزہ کی مسجد بھی گرا دی۔ میں بلا خوف اختلاف ان کے اس فعل کی مذمت کرتا ہوں۔‘‘

(قول فیصل، ص: ۳، ۴)

اس کے بعد آپ نے پورے ہندوستان کے سربرآوردہ حضرات کو اس کی سنگینی کی طرف توجہ دلائی اور پھر ابتدائے ربیع الاول ۱۳۴۴ھ/ستمبر ۱۹۲۵ء کو آپ نے لکھنؤ میں ایک بہت بڑی ''حجاز کانفرنس'' منعقد کی، جس میں کثیر تعداد میں مشاہیر علما اور مسلم قائدین شریک ہوئے۔ اس کانفرنس میں ابن سعود کے خلاف قائدین اور مسلمانوں کے جذبات قابل دید تھے۔ وہ کچھ بھی برداشت کر سکتے تھے، مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بھی طرح توہین برداشت نہیں کر سکتے، تحفظ ناموس رسالت کے لیے اگر ان کی جان بھی جاتی ہے تو یہ ان کے لیے اعزاز کی بات ہوگی۔ کانفرنس کی صدارت کے لیے آپ نے مولانا حسرت موہانی کو پیش کیا اور راجہ صاحب سلیم پور نے اس کے اخراجات اٹھائے۔ اس کانفرنس میں ''خدام الحرمین'' کی بنیاد پڑی، جس کے خادم الخدام (صدر) مولانا عبدالباری ہوئے، شیخ مشیر حسین قدوائی اور راجہ نواب علی خان اس کے معتمد مقرر ہوئے۔ معروف مؤرخ سید صباح الدین عبدالرحمن (ف: ۱۹۸۷ء) لکھتے ہیں:

> ''[مدینے پر حملے کی وجہ سے] مسلمانوں کے ایک بڑے طبقے میں بہت اشتعال پیدا ہوا، مولانا محمد علی اس حادثے کو جنگ کا ایک اتفاقی حادثہ سمجھے، لیکن ان کے مرشد مولانا عبدالباری فرنگی محلی سلطان ابن سعود کے مخالف ہو گئے اور انھوں نے ''خدام الحرمین'' قائم کر کے سلطان ابن سعود کی مخالفت شروع کر دی، ان کے ہم خیال اور بہت سے لیڈر اور مسلمان ہو گئے۔ مولانا محمد علی بڑی آزمائش میں مبتلا ہو گئے، ایک طرف ان کے مخلصانہ جذبات تھے، دوسری طرف ان کے مرشد کے خیالات تھے، لیکن وہ اپنے جذبات سے مغلوب ہو گئے اور مرشد سے اختلاف مول لے لیا۔'' (مولانا محمد علی کی یاد میں، ص: ۲۸)

مولانا عبدالباری کی ناراضی اور ابن سعود کی حمایت کا اثر یہ ہوا کہ اُس زمانے میں مولانا محمد علی جوہر لکھنؤ اور اس کے اطراف کے اضلاع میں جہاں کہیں بھی جلسوں اور میٹنگوں میں خطاب کے لیے گئے، انھیں لوگوں نے خطاب کرنے نہیں دیا، خاموش کرا کر بٹھا دیا اور ان کے جلسوں کو ناکام بنانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔ جلسوں کو ناکام کرنے والے مولانا عبدالباری کے لوگ سمجھے

ثم قالت لو شفيت من هذا المرض لأزور قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم بعد برهة من الزمان قالت الصلوة والسلام عليك يا رسول الله، ثم لما قرب العصر قالت عليّ صوم شهر ماصمت في السفر، فينبغي لك أن تفدئ عني، ثم قالت اقرأ يس، حتى أقرأ أنا معك، فما قدرت، وقلت لمولوي عبدالمجيد صاحب مدظله فقرأها وهي كانت تقرأ معها إلى النصف أو زادت بقليل ثم ما قدرت على القراءة وتوفيت في حجري عند إختتام السورة بعد العصر في يوم الإثنين ثالث عشر من ذي الحجة الحرام سنة أربع وعشرين بعد ألف وثلث مأة. فقد أشرقت وجهها ولاحت منها آثار حسن الخاتمة، فحمدت الله على ذلك، وصليت عليها بعد العشاء، ودفنت مقبرتنا عند قبر أختها وعمتها.

جزاها الله عنا خير الجزاء، لإنها كانت تشفق عليّ أشد شفقة الأمهات على أولادها حتى ما كانت تاكل إلا بعد أن سمعت إني أكلت، وكانت تنتظر وإن ذهب الوقت ولا تستريح إلا بعد علمها بأني مستريح، ولو غبت لاتسكن قلبها ولا تنوم إلا بعد رؤيتها إياي. رحمة الله عليها رحمة واسعة وجزاها الله عني أحسن ماتجزي أمهات المومنين عن أولادهم.

اللّٰهم اغفر لها، وارحمها، وزد في إحسانها، وتجاوز عن سيأتها، أصبحت فقيرة إلى رحمتك، وأصبحت غنيًا عن عذابها. اللّٰهم عافها، واعف عنها، واكرم نزلها، ووسع مدخلها، واغسل عليها بالماء والثلج والبرد، ونقها من الخطايا كما نقيت الثوب الأبيض من الدنس، وأبدلها دارًا خيرًا من دارها، وأهلًا خيرًا من أهلها. وادخلها الجنة فقها من فتنة القبر، واعذها من عذاب القبر، وعذاب النار.

اللّٰهم إنها أمتك بنت أمتك في ذمتك، وحبل جوارك، تشهد أنك لا إله إلا أنت، وأن محمدًا عبدك ورسولك، وأنت ربها، وأنت خلقتها، وأنت هديتها

الإسلام، وأنت قبضت روحها، وأنت تعلم لسرها وعلانيتها، وأنت أهل الوفاء، والحمد جئنا شفعاء، فاغفر لها بحرمة سيد الأبرار وزين المرسلين الأخيار، وآله الكبار، والخلفاء الصالحين، برحمتك يا أرحم الراحمين.

□□□

[تیسرا باب]

ترجمہ عربی متن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریف اس ذات واجب الوجود کے لیے جس نے اپنے بندوں کو بے شمار نعمتوں سے نوازا اور اپنی مشیت سے ایک ایسی مجمع الفضائل ہستی کا انتخاب فرمایا، جس کے کمالات کبھی ختم نہیں ہوں گے۔

ساری حمد و ثنا اس ذات واجب الوجود کے لیے ہیں جس نے ہمیں علم اور ایمان کے ذریعے برتری عطا فرمائی اور ہم سراپا سپاس ہیں اس کی بارگاہ میں کہ اس نے ہمیں اصحاب یقین میں بنایا۔ درود و سلام نازل ہو اس ذات بابرکات، یعنی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، جنھیں اولین و آخرین کا علم عطا کیا گیا اور جو انبیا و رسل کے علوم غیبیہ سے سرفراز کیے گئے اور ان کی آل و اصحاب پر جنھوں نے مشکوۃ نبوت سے علوم و معارف کشید کیا اور ان کے متبعین اور وارثان علوم دین پر۔

حمد و صلوۃ کے بعد!

میرے آبا و اجداد اور اسلاف میں سے فضلائے کاملین کا تذکرہ اور ان کی سوانح لکھنے کے لیے جنھوں نے مجھ سے درخواست کی تھی ان کی گزارش کو میں نے اللہ رب العزت کی ذات پر اعتماد کرتے ہوئے اس امید کے ساتھ قبول کیا ہے کہ وہ صالحین کے ذکر سے ہم پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے گا۔ اس تذکرے کے لکھنے کا ایک دوسرا مقصد یہ بھی ہے کہ آپ حضرات ان کاملین و راسخین فی العلم کی سیرت کو اپنے لیے نمونۂ عمل اور قابل تقلید بنائیں گے اور فضائل و حسنات کے حصول اور رذائل و منکرات کے ترک میں ان علمائے ربانیین کی سیرت کو اپنے لیے مشعل راہ سمجھیں گے۔

اللہ کریم ہمیں اور آپ کو کامل العقیدہ اسلاف کے اتباع و پیروی کی توفیق عطا فرمائے۔

ہم نے ان بزرگوں کے اوصاف وخصوصیات کے ذکر کا التزام اس لیے کیا ہے تا کہ ان کی صورت میں اللہ کریم کے انعامات واحسانات کا شمار ہو جائے۔ ان فضائل ومناقب کے ذکر میں فخر ومباہات، خود پسندی اور جاہ وحشمت میرا مقصد نہیں ہے۔

ان بزرگوں کے تذکرے میں اجمال واختصار کو ملحوظ رکھا گیا ہے، اس وجہ سے میں نے ان میں درج ذیل امور کو ہی پیش کیا ہے:

(۱) نسب، (۲) تعلیم وتربیت، (۳) درس وتدریس، (۴) تصنیف وتالیف۔

اس میں متقدمین تذکرہ نگاروں کے اسلوب کی پیروی بھی ہے۔

میں نے اپنے پیش لفظ ہی میں مآخذ ومراجع کے طور پر استعمال کی جانے والی کتابوں کی فہرست بھی پیش کر دی ہے تا کہ محققین ومؤرخین مشمولات کتاب کی تحقیق وتفتیش کے لیے ان مآخذ کی جانب رجوع کر سکیں۔

* * *

کتب مصادر(۱)

[۱] مقدمہ ہدایہ	[از: مولانا عبدالحی لکھنوی]
[۲] مقدمہ عمدۃ الرعایہ	[از: مولانا عبدالحی لکھنوی]
[۳] خیر العمل بتذکرہ علماے فرنگی محل	[از: مولانا عبدالحی لکھنوی]
[۴] حسرۃ العالم	از: مولانا عبدالحی لکھنوی
[۵] حسرۃ الفحول	[از: مولانا عبدالباقی]
[۶] تکملہ خیر العمل	از: مولانا عبدالباقی مدظلہ
[۷] اغصان الانساب	از: رضی الدین محمود فتح پوری
[۸] اغصان اربعہ	[از: مولانا ولی اللہ لکھنوی]
[۹] عمدۃ الوسائل	از: مولانا ولی اللہ لکھنوی
[۱۰] رسالہ تذکرہ ملا نظام الدین	[از: مولانا عبدالغفار لکھنوی]
[۱۱] رسالہ تذکرہ ملا احمد عبدالحق	از: مولانا عبدالغفار لکھنوی
[۱۲] رسالہ قطبیہ	از: مولانا عبدالاعلیٰ ابن بحر العلوم لکھنوی
[۱۳] سبحۃ المرجان	[از: ملا غلام علی آزاد بلگرامی]
[۱۴] مآثر الکرام	از: ملا غلام علی آزاد بلگرامی

---

(۱) کتب مصادر کا تعارف اخیر میں ”ضمیمہ“ کے تحت ملاحظہ ہو:

[۱۵] بحر زخار	
[۱۶] احسن العمل	[از: شیخ شرف الدین اودھی]
[۱۷] تذکرۃ المدراسی	از: مولوی عبدالہادی لکھنوی
[۱۸] مقدمہ فتاویٰ قیام الملۃ والدین	
[۱۹] حسرۃ المسترشد	
[۲۰] تاریخ فرنگی محل	(موخرالذکر دونوں میری تصانیف ہیں)
[۲۱] تاریخ علماے ہند	از: شیخ الطاف الرحمن (متوطن بڑاگاؤں) از: بگرامی، وغیرہ۔

□□□

نسب نامہ

تمام علماے فرنگی محل علامہ قطب الدین شہید کی اولاد سے ہیں، جن کا ذکر ان شاء اللہ آگے آئے گا۔ ملا قطب الدین علامہ، فہامہ حافظ الدین سہالوی کے پوتوں میں ہیں، جنھیں سلطان جلال الدین اکبر (ف: ۱۰۲۷ھ) نے وظائف، قطعہ آراضی اور اس کی سند عطا کی تھی، جو، اب تک ہمارے یہاں محفوظ ہے۔ یہ سند بتاتی ہے کہ شیخ حافظ الدین سہالوی اپنے عہد کے مشاہیر اور کبار علماے تھے نیز طالبان علوم اسلامی کے ملجا وماوی، کاملین کے استاد اور شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاری بخاری کی اولاد سے تھے، جن کا سلسلۂ نسب میزبان رسول حضرت ابوایوب انصاری تک پہنچتا ہے۔ لہٰذا ہم کہیں گے کہ خلق خدا اس بات کی تائید کرتی ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ ہم سچوں میں ہیں۔

ہم تسلسل کے ساتھ تین صدیوں سے نسلاً بعد نسل علم وفن کے وارث ہیں، یہ وہ خصوصیت ہے جسے اللہ رب العزت نے لوگوں میں اپنے بے پایاں فضل وکرم سے ہمیں نوازا ہے۔ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کرلیتا ہے اور اللہ تعالیٰ صاحب فضل عظیم ہے۔)(۱)۔ ہمارا غالب گمان ہے کہ ہمارے خاندان میں علم وفن کا آغاز تیسری صدی ہجری سے ہی ہوگیا تھا، کیوں کہ ۳۹۶ھ میں شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاری بخاری کی ولادت ہوئی اور ۴۸۱ھ میں آپ کا وصال ہوا تھا۔ یہ سب نبی کریم

---

(۱) بقرہ: ۱۰۵

ﷺ کی دعائے خاص کی برکت ہے، کیوں کہ آپ ﷺ نے حضرت ابوایوب انصاری اولادوں کے لیے علم وعمل کی دعا فرمائی تھی جیسا کہ ہمارے پاس ہمارے آباواجداد کی سند کے ساتھ یہ روایت موجود ہے، حضرت عبداللہ ابن ابوایوب انصاری فرماتے ہیں:

ایک بار ہم نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے، آپ نے ہم لوگوں کی طرف نظر ڈالی اور دعا فرمائی:

اے اللہ! ابوایوب کو علم وادب اور خوش حالی عطا فرما
اے اللہ! حشر تک اس کے خاندان کو روئے زمین پر سلامت رکھ
اے اللہ! اس کی اولاد کو علم عطا فرما اور قیامت تک اس میں اضافہ فرماتا رہ
اے اللہ! اس کے خاندان کو علم، سخاوت اور درویشی سے سرفراز فرما
اے اللہ! انھیں اپنی بارگاہ میں سجود نیاز لٹانے کا سلیقہ سکھا

پھر آپ ﷺ نے ہمیں صبح وشام پڑھنے کے لیے یہ دعا عطا فرمائی:

اللھم مالک الملک سے بغیر حساب تک (سات مرتبہ)(۱)

یہ ہندوستان کے معروف ولی کامل حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی دہلوی کی دعا کی بھی برکت ہے، جو آپ نے ہمارے بعض آباواجداد اور ان کی اولادوں کے علم وعمل کے لیے کی تھی۔ یہ بعض ابدالوں کی دعاؤں کا بھی صدقہ ہے، جیسا کہ میں نے بعض کتابوں میں دیکھا اور ثقہ حضرات سے سنا ہے۔

حضرت ابوایوب انصاری کا شمار قراء اور فقہائے صحابہ میں ہوتا تھا۔ اگر ہم یہ دعویٰ کریں کہ ہجرت سے پہلے بھی ہمارے خاندان میں علم موجود تھا تو قطعی غلط نہ ہوگا، تاریخ اس بات کی گواہ ہے۔

---

(۱) یہ قرآن کریم کی آیت کریمہ ہے: اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیء قدیر ۰ تولج اللیل فی النھار وتولج النھار فی اللیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب (آل عمران: ۲۶، ۲۷)

خلاصۃ الوفا(۱) میں مذکور ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری (جن کا ذکر آنے والا ہے) کے دولت کدے کو تبع اول (۲) نے تعمیر کروایا جس کا نام تبان اسعد کلکیکرب تھا۔ جس کی صورت یہ پیش آئی کہ جب ایک بار اس کا گزر مدینے سے ہوا تو اس کے ساتھ چار سو علما بھی ہم سفر تھے، ان علما نے مدینے سے آگے جانے سے انکار کر دیا تو تبع نے اس کی وجہ جاننی چاہی تو انھوں نے بیک زبان کہا کہ ہماری کتابوں میں مرقوم ہے کہ یہ سرزمین ایک نبی کا دارِ ہجرت ہے جن کا اسم گرامی محمد ہوگا تو ہم ان کے انتظار و وصال میں یہیں رہنا چاہتے ہیں تا کہ ہم ان کی زیارت سے شادکام

---

(۱) کتاب کا اصل نام "وفاء الوفاء فی اخبار دار المصطفیٰ" ہے، جو مؤرخ مدینہ امام علی بن عبداللہ بن احمد الحسنی السمہودی (ف: ۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء) کی مایہ ناز تصنیف ہے۔ مصنف نے اس کتاب کی تلخیص تیار کی اور اس کا نام "خلاصۃ الوفاء باخبار دار المصطفیٰ" رکھا۔ مدینہ منورہ کی تاریخ پر یہ نہایت جامع اور ثقہ تصنیف ہے۔ ڈاکٹر محمد امین محمد محمود احمد الجکنی (استاذ: مدینہ یونیورسٹی، مدینہ منورہ) نے مختلف قلمی نسخوں کی مدد سے نہایت عرق ریزی کے ساتھ اس کی تحقیق و تدوین فرمائی اور ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۶ء میں یہ دو جلدوں میں شائع ہوئی۔ پوری کتاب آٹھ ابواب پر منقسم ہے، جب کہ پہلی جلد ۶۵۴؍ صفحات اور دوسری ۸۹۳؍ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۲) تبان اسعد بن کلکیکرب بن زید ابو کرب، تبع یمانی اور تبع الاخر سے معروف ہے۔ یہ یمن کا آخری بادشاہ تھا۔ زید بن عمر بن ابرہہ بن رائش بن عدی بن صیفی بن سبا الاصغر کو "تبع اول" کہا جاتا ہے۔ ابن اسحٰق کے مطابق: ربیعہ بن نصر کے بعد تبان اسعد پورے ملک یمن کا بادشاہ ہوا۔ تبع اور اس کی قوم بت پرست تھی۔ بادشاہ ہونے کے بعد وہ مدینہ آیا، جہاں سے دو یہودی علما کو اپنے ہمراہ یمن لے گیا۔ سہیلی کے مطابق تبع یہودیوں کے خلاف اپنے (ابنائے عم) انصار کی مدد کرنے کے لیے مدینہ آیا تھا۔ ابن اسحٰق کے مطابق: بنو قریظہ کے دو یہودی علما کی فہمائش (کہ مدینہ آخری نبی کا دار الہجرت ہے) پر وہ جنگ و جدال سے باز آیا اور نبی آخر الزماں ﷺ کے ساتھ حسن اعتقاد وابستہ کر کے یمن واپس ہوا۔ مؤرخین کے مطابق تبع پہلا شخص ہے، جس نے بیت اللہ پر غلاف چڑھایا اور اس کے متولی قبیلہ جرہم کو اس بات کی وصیت کی اور ان کو بیت اللہ کی صفائی کا حکم دیا، نیز بیت اللہ کو خون، مردار اور ناپاک چیزوں سے پاک و صاف کر کے ایک دروازہ نصب کر کے اسے مقفل کر دیا۔ اس کے یمن پہنچنے کے بعد یہودیت کو بڑا فروغ ہوا، جس کے کئی اسباب مؤرخین نے ذکر کیے ہیں، البتہ مرفوع روایت میں ہے کہ تبع کو برا مت کہو، کیوں کہ وہ دائرۂ اسلام میں داخل ہو چکا تھا۔ جب یہودی علما نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پیشین گوئی کی تو تبع نے نبی اکرم ﷺ کی شان میں اشعار کہے، جو متن میں "خلاصۃ الوفاء" کے حوالے سے مذکور ہے۔ صاحب "البدایہ والنہایہ" کے مطابق یہ اشعار حضرت ابوایوب انصاری کے پاس محفوظ تھے، جو انصاری بچیاں گنگنایا کرتی تھیں۔

(تفصیل کے لیے دیکھیے: البدایہ والنہایہ، حافظ عماد الدین دمشقی، جلد: ۳، ص: ۱۲۲ تا ۱۳۰)

ہوں تو تبع اول تبان اسعد کلکیکرب نے ہر ایک کے لیے گھر تعمیر کروادیا اوران میں سے ایک عالم عقد کرادیا اور اسے مال و دولت عطا کردیا اور انھیں رسالت مآب ﷺ کے لیے اپنے قبول اسلام کی ایک تحریر سپرد کی، جس میں قبولیت اسلام کے اظہار کے لیے یہ شعر بھی مرقوم تھا:

شهدت على أحمد انه　　　رسول من اللہ باري النسم
فلو مد عمري إلى عمره　　　لكنت وزيرا له وابن عم

(میں محمد ﷺ کے رسالت کی گواہی دیتا ہوں کے بے شک وہ اللہ کے رسول ہیں، جو خالق کائنات ہے- اگر میری زندگی نے ان کی آمد تک وفا کی تو میں ان کا خادم اور چچازاد بھائی بن کر زندگی بسر کروں گا-)

اور اس تحریر کو سونے سے مہر بند کر کے ان میں سب سے بڑے عالم کے سپرد کردیا اور ان سے درخواست کی اگر انھیں رسالت مآب ﷺ کی ملاقات نصیب ہو تو اس تحریر کو ان کی بارگاہ ناز میں پیش فرمادیں، بصورت دیگر آپ کی اولاد یا آپ کے اولاد کی اولاد میرا یہ شوق وارفتگی بارگاہ رسول میں نذر کردے- اس کے بعد اس نے رسالت مآب ﷺ کے لیے کاشانہ رحمت تعمیر کروایا کہ جب آپ ہجرت فرما کر اپنے قدم میمنت لزوم سے مدینے کو مشرف کریں تو اسی کاشانہ رحمت میں قدم رنجا فرمائیں، یہ گھر منتقل ہوتا ہوا حضرت ابوایوب انصاری کی ملکیت میں آیا جو اسی جلیل القدر عالم کی اولادوں میں ہیں-

□□□

ملا قطب الدین شہید سہالوی (۱)

ملا قطب الدین شہید ابن علامہ عبدالحلیم، ابن علامہ ملا عبدالکریم، ابن علامہ ملا احمد، ابن علامہ ملا محمد حافظ الدین سہالوی علامۂ عصر اور فہامۂ زمانہ تھے۔ آپ کی ولادت لکھنؤ کے ایک قصبہ سہالی (سین مکسر، پھر ہا، پھر الف، پھر لام، پھر یائے تحتانیہ کے ساتھ) میں ہوئی۔ آپ نے اپنے والد ماجد (جو اُس وقت لاہور کے ایک مدرسے میں مدرس تھے)، ملا دانیال (تلمیذ علامہ ملا عبدالسلام دیوی) اور علامہ قاضی گھانسی الہ آبادی (خلیفہ شیخ الصوفیہ علامہ مولانا محب اللہ الہ آبادی) سے اکتساب علوم و فنون کیا۔

---

(۱) ملا قطب الدین شہید کے تفصیلی احوال جاننے کے لیے درج ذیل کتابوں کا مطالعہ کریں:

ابجد العلوم (عربی):	جلد: ۳، ص: ۲۳۳
احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۰-۱۱
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۵-۴
بانی درس نظامی:	ص: ۲۱-تا-۵۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۱-تا-۱۴
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۳۳۶-۳۳۷
سبحۃ المرجان (عربی):	ص: ۱۳۶-۱۳۷
حدائق الحنفیہ:	ص: ۴۳۸-۴۳۹
مآثر الکرام (فارسی):	دفتر اول: ص: ۲۰۹-۲۱۰
مقالات شبلی:	جلد: ۳، ص: ۱۰۸-تا-۱۲۹
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۶، ص: ۷۸۴-۷۸۵

علامہ قاضی گھانسی الہ آبادی کے ہاتھ پر سلسلۂ صابریہ میں بیعت ہوئے اور ان سے علوم ظاہری اور فیوض باطنی کی خوب تحصیل کی، یہاں تک کہ اصول فقہ، معانی، منطق، طبعیات، الٰہیات ریاضی اور فنون عربیہ میں مرتبۂ کمال حاصل کرلیا۔ درس وتدریس کی طرف متوجہ ہوئے اور بے شمار لوگوں نے آپ سے فیض پایا۔ جن لوگوں نے آپ سے تلمذ حاصل کیا ان کی تعداد کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔ ملا غلام علی آزاد بلگرامی نے ذکر کیا ہے کہ آپ کے زمانے کے علما آپ کی شاگردی پر ناز کرتے تھے۔ آپ کی تصانیف کی تعداد کثیر ہے، جن میں چند یہ ہیں:

- حاشیہ شرح عقائد دوانی
- حاشیہ تلویح
- حاشیہ عقائد نسفی
- حاشیہ تفریعات بزدوی
- حاشیہ مطول فی المعانی
- رسالہ فی تحقیق دار الحرب
- حاشیہ شرح حکمۃ العین

کثرت سے عبادت، نوافل اور علمی سرگرمیوں میں مصروف ومشغول رہتے اور خلوت نشینی اور تقوی کی وجہ سے جاہ وحشم سے دور رہتے۔ ۶۳ برس کی عمر میں ۱۹؍ رجب ۱۱۰۳ھ [۲۷؍ مارچ ۱۶۹۲ء] کو جام شہادت نوش کیا اور وصیت کر گئے کہ قاتلوں سے قصاص (بدلہ) نہ لیا جائے۔ "تکملہ خیر العمل" میں اس واقعے کی تفصیل موجود ہے، جہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

چار صاحب زادے یادگار چھوڑے، سب سے بڑے ملا [محمد] اسعد، ان سے چھوٹے ملا محمد سعید، ان سے چھوٹے ملا نظام الدین محمد، ان سے چھوٹے ملا محمد رضا۔

جب سلطان اورنگ زیب عالم گیر نے ملا قطب الدین کی شہادت کے بارے میں سنا تو بہت افسوس کا اظہار کیا اور آپ کے صاحب زادوں کو [رہائش کے لیے لکھنو میں] حویلی فرنگی اور ملا احمد معروف بہ اسعد اور ملا سعید کے نام سند لکھ کر عطا کیا۔ یہ سند ہمارے پاس محفوظ ہے۔

بعض تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ بادشاہ نے اُن قاتلوں کو سزائے موت دے کر ملا قطب کی شہادت کا بدلہ لیا تھا، کیوں کہ ان لوگوں نے ملا قطب کے ساتھ بہت سے طلبہ کو بھی شہید کر ڈالا تھا، جب کہ بعض تذکرہ نگاروں نے ذکر کیا ہے کہ ان سے قصاص نہیں لیا گیا، مگر وہ برص اور جذام کے مرض میں مبتلا ہو گئے۔ اللہ بہتر انتقام لینے والا ہے۔

* * *

فرنگی محل کی وجہ تسمیہ

مؤرخین نے ذکر کیا ہے کہ سلطنت مغلیہ کے مشہور بادشاہ اکبر کے عہد میں ہندوستان میں ایک معاہدے کے تحت فرانسیسی تاجروں کی ایک جماعت آئی، جس نے لکھنو میں سکونت اختیار کی اور وہیں اپنی رہائش کے لیے ایک گھر تعمیر کرلیا جو بعد میں "حویلی فرنگی" یا "فرنگی محل" کے نام سے مشہور ہوا، پھر جب ہندوستان میں ان کے قیام اور معاہدے کی مدت ختم ہوگئی تو وہ ملک چھوڑ کر چلے گئے اور اس وقت کی حکومت کے قوانین کے مطابق ان کا مکان بیت المال کے سپرد ہوگیا۔

جب ملا قطب الدین کی شہادت ہوئی اور ان کے صاحب زادگان نے اپنے وطن (موضع سہالی) سے دوسری جگہ انتقال مکانی کا ارادہ کیا تو سلطان اورنگ زیب عالم گیر نے یہ مشہور مکان "فرنگی محل" ان حضرات کے رہنے کے لیے عطا کیا۔ ان حضرات کی سکونت و رہائش کی وجہ سے یہ محل دار العلم والعمل ہوگیا، تاہم اس حویلی کا پرانا نام تبدیل نہیں ہوا بلکہ اپنے اسی سابقہ نام پر باقی رہا۔ "فرنگی محل" کی اصل وجہ تسمیہ یہی ہے۔

البتہ [علمائے فرنگی محل] کے بعض افغانی اور دیگر تلامذہ نے فرنگی محل کی جو وجہ تسمیہ بیان کی ہے کہ یہ اصل میں "فرہنگی" تھا، جس کے معنی فہم و ذکا کے ہیں، کثرت استعمال کی وجہ سے حرف "ہا" ساقط ہوکر "فرنگی محل" ہوگیا۔ یہ درست نہیں ہے، تاہم جو توجیہ کی گئی ہے وہ اس محل کے شایان شان ہے۔ اللہ حقیقت حال کو بہتر جاننے والا ہے۔

اب ہم حروف تہجی کے اعتبار سے علمائے فرنگی محل کا تذکرہ لکھیں گے۔

□□□

الف

[1]

ملا محمد اسعد

[————]

ملا محمد اسعد ابن ملا قطب الدین شہید اپنے والد کے چار لڑکوں میں سب سے بڑے تھے۔ آپ عدیم المثال اور جید عالم و فاضل تھے۔ اپنے والد سے تعلیم پائی اور تمام علوم و فنون میں درک حاصل کر لیا۔ آپ کو فقہ و فتاویٰ میں مہارت حاصل تھی۔ سلطان [اورنگ زیب] عالم گیر نے آپ کو اپنی مصاحبت (ملازمت) میں رکھا تھا[1]۔ دکن میں بھی آپ سلطان کی صحبت میں رہے اور وہیں انتقال فرمایا[2]۔ آپ نے شرح تجرید پر دوّانی کی ''حواشی قدیمہ'' پر حاشیہ تحریر فرمایا[3]، جو آپ کی فنی مہارت پر روشن دلیل اور قوت و ملکۂ علمی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آپ کے ایک صاحب زادے تولد ہوئے جن کا نام ملا غلام مصطفیٰ تھا۔ ان کا ذکر ''فصل غین'' کے تحت آئے گا۔

[2]

ملا احمد عبد الحق

[وفات ــــ ۱۷۵۴ء]

ملا احمد عبد الحق ابن ملا محمد سعید ابن قطب شہید گاؤں سہالی میں اسی دن پیدا ہوئے جس دن ان کے دادا [ملا قطب الدین] کو شہید کیا گیا[1]۔ آپ نے اپنے چچا ملا نظام الدین سے اکتساب

علوم وفنون کیا اور فراغت کے بعد تدریس میں مشغول ہو گئے۔

آپ علوم ظاہری میں تبحر اور معارف باطنی کے سمندر کے غواص تھے۔ شیخ الاسلام والمسلمین، قدوۃ العرفاء الکاملین سیدنا سید عبدالرزاق بانسوی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے (شیخ کی نسبت 'بانسوی' لکھنؤ کے قریب ایک گاؤں 'بانسہ' کی طرف ہے۔ باے موحدہ، پھر الف، پھر نون ساکن، پھر سین مہملہ، پھر ہا)۔ آپ کا وصال بروز بدھ ۶؍شوال ۱۱۳۶ھ [جون ۱۷۲۴ء] کو ہوا۔ آپ کی متعدد تصانیف اور حواشی ہیں، جن میں شرح سلم (علم منطق کی عقدہ کشائی اور مشکلات و پیچیدہ مسائل کے حل میں یہ اپنا ثانی نہیں رکھتی)، حاشیہ بر حواشی سید زاہد ہروی علیٰ شرح المواقف، حاشیہ بر حواشی زاہد علیٰ حاشیۃ التہذیب الجلالیہ۔ آپ سخت ریاضات ومجاہدات فرمایا کرتے تھے۔ اپنے چالیس دنوں کے چلّے کے دوران چند عدد کھجوروں اور آدھی روٹی پر گزارا کرتے تھے۔

آپ کی بہت سی کرامتیں اور مکاشفات کا شہرہ ہے، جس کا ذکر "خیر العمل" اور "عمدۃ الوسائل" وغیرہ میں موجود ہے، جن کے لیے ان کتابوں کو دیکھا جا سکتا ہے۔ یہاں میں ان کے اس کشف کا ذکر کر رہا ہوں جس کو میں نے بعض ثقہ حضرات سے سنا۔ ایک دن آپ متفکر نکلے اور حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ عن قریب قحط آنے والا ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ انگریزوں نے ہندوستان آکر اس کو فتح کر لیا ہے، پھر ان کے بعد افغان آ گئے ہیں۔ قحط اور ہندوستان پر انگریزوں کے تسلط کے حوالے سے اللہ نے ان کی پیشن گوئی کو سچ کر دکھایا، اللہ کریم اولیا کے مکاشفات اور پیشن گویوں کو ہمیشہ سچ کر دکھاتا ہے۔

ملا احمد عبدالحق کی وفات بروز جمعہ ۹؍ذی الحجہ ۱۱۶۷ھ [ستمبر ۱۷۵۴ء] کو ہوئی۔ آپ کی قبر شہر لکھنؤ میں واقع ہمارے اہل محلے کے قبرستان میں زیارت گاہ خلائق اور فیض بخش عام ہے۔ صاحب "خیر العمل" کے مطابق یہ مشاہدہ اور تجربہ ہے کہ آپ کی کرامتوں کا ظہور آپ کے وصال کے بعد بھی ہو رہا ہے۔ آپ کی دو زوجہ تھیں، پہلی سے ایک صاحب زادے ہوئے جن کا نام ملا محب اللہ ہے، جب کہ دوسری سے دو صاحب زادے ملا احمد انوار الحق اور ملا ازہار الحق ہوئے۔ مؤخر الذکر کا تذکرہ "حرف زا" کے تحت آئے گا۔

[3]

ملا احمد انوار الحق

[وفات ــــ ۱۸۲۱ء]

ملا احمد انوار الحق ابن ملا احمد عبد الحق کے بارے میں ملا عبد الحیٔ نے "خیر العمل" میں بیان کیا ہے کہ آپ انسانی کمالات کے جامع، قدسی صفات کے حامل، صاحب کرامات عجیبہ اور خوارق غریبہ تھے۔ "اغصان" کے مؤلف نے آپ کے ذکر واحوال کے لیے ایک علیحدہ باب مختص کیا ہے جس میں آپ کی کرامتوں اور محاسن واحوال پر مشتمل کافی طویل تذکرہ لکھا ہے[1]۔ (یہاں ان کی بات ختم ہوئی۔) پھر انھوں نے چند کرامتوں کا ذکر کیا ہے، جن کے ذکر سے میں نے گریز کیا ہے، کیوں کہ میں نے کرامتوں کے ذکر کا اہتمام نہیں کیا ہے۔ تفصیل کے لیے آپ "خیر العمل" اس کے تکملے اور "اغصان" کو دیکھ سکتے ہیں۔

آپ نے علامۃ الدھر مولانا احمد حسین (ابن ملا محمد رضا ابن ملا قطب)، ملا محمد حسن (ابن ملا غلام مصطفیٰ ابن ملا اسعد ابن ملا قطب)، بحر العلوم ملا عبد العلی (ابن ملا نظام الدین) سے تعلیم حاصل کی۔ جیسا کہ میرے استاذ مولانا عبد الباقی مدظلہ نے اپنے ایک مستقل رسالے میں تحقیق کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ جب آپ سترہ برس کے تھے تو اپنے والد ملا احمد انوار الحق کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔ آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنے والد کی روحانیت اور باطنی تصرفات سے گہرا تعلق تھا۔ آپ ان حضرات کی معارف باطنی کی طرف متوجہ رہا کرتے اور کہتے تھے کہ مروجہ علوم معقولات کی طرف میرا قلبی میلان نہیں ہے۔ آپ کے اوقات ذکر وفکر کے لیے مختص تھے، جس کی وجہ سے راتوں کو بھی بہت کم سویا کرتے۔ آپ بیعت لینے میں حد درجہ محتاط تھے، بلکہ بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک سے اجازت باطنی کے کسی کو بیعت نہیں کرتے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کو بیعت کی اجازت عامہ ہوگئی تو اس کے بعد آپ نے لاتعداد افراد کو اپنے حلقۂ ارادت میں داخل فرمایا[2]۔

آپ کا وصال ۲۶ رشعبان ۱۲۳۶ھ [مئی ۱۸۲۱ء] کو ہوا اور ہمارے قبرستان 'باغ مولوی انوار' میں مدفون ہوئے۔ جہاں آپ کی قبر زیارت گاہ خلائق اور فیض بخش عام ہے۔

آپ کے پانچ صاحب زادے تھے، پہلی والدہ سے سب سے بڑے مولانا نورالحق تھے، ان سے چھوٹے ملا علاء الدین، ان کے بعد ملا اسرار الحق، جب کہ ان سے چھوٹے دوسری والدہ سے ملا احمد اور ان کے بعد ملا عبدالصمد۔ اول الذکر چاروں صاحب زادوں کا ذکر آگے آئے گا۔ پانچویں صاحب زادے ملا عبدالصمد اپنے والد کی زندگی میں مجنوں ہو گئے تھے، لیکن حالت جنون میں بھی آپ سے بہت سے عجائب وغرائب کا صدور ہوتا۔ بعض لوگوں نے جنھوں نے ان چیزوں کو دیکھا ہے، ان کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ ملا عبدالصمد اسلام کی دعوت وتبلیغ پر لوگوں کو ابھارتے تھے، گویا وہ کسی شخص کو اسلام کی دعوت دیتے، پھر کچھ لمحے کے بعد باہر نکلتے اور خوش خبری سناتے کہ اُس شخص نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ اس سے فرماتے کہ تم اسلام لے آئے ہو، لیکن جو اسلام لاتا ہے وہ گائے کا گوشت بھی کھاتا ہے تو میرے پاس آؤ اور ہمارے ساتھ گوشت کھاؤ، پھر ان کے پاس گائے کا گوشت پایا جاتا، جب کہ وہ اپنے ماموں کے گھر میں ہوتے یا چھت پر ہوتے اور ان کے پاس ان کے علاوہ کوئی دوسرا موجود بھی نہیں ہوتا۔ ان کے پاس کوئی شخص نظر بھی نہیں آتا، گویا وہ جنات سے مخاطب ہوتے۔ آپ کا وصال ہوا تو پس ماندگان میں صرف ایک لڑکی تھی۔

صاحب ترجمہ (ملا احمد انوار الحق) کی کئی صاحب زادیاں تھیں، طوالت کی وجہ سے جن کا ذکر نہیں کیا گیا ہے[۳]۔

[4]

ملا اسرار الحق

[——————]

ملا اسرار الحق ابن ملا انوار الحق نے اپنے بڑے بھائی ملا نور الحق اور ملا محمد مبین سے تعلیم حاصل کی۔ آپ مسائل فقہ میں مہارت رکھتے تھے۔ اپنے والد کی حیات میں ہی آپ کا وصال ہو گیا[۱]۔ آپ کے ایک صاحب زادے امین الحق تھے[۲]، جن کا ذکر آگے آرہا ہے۔

[5]

ملا امین الحق

[————————]

ملا امین الحق[۱] ابن ملا اسرار الحق نے اپنے بڑے چچا ملا نور الحق سے تعلیم پائی اور ایک مدت تک طالبان علوم کو پڑھایا۔ پس ماندگان میں کوئی اولاد ذکور نہیں چھوڑا[۲]۔

[6]

ملا محمد احمد

[وفات ـــــ ۱۸۵۲ء]

ملا احمد ابن ملا انوار الحق نے اپنے بڑے بھائی [ملا نور الحق] سے تعلیم پائی اور اپنے والد کے وصال کے بعد سلسلۂ بیعت و ارشاد میں ان کے جانشین ہوئے۔ آپ اپنے والد گرامی کے اوصاف حمیدہ کے پرتو تھے۔ بروز اتوار ۵ ؍صفر ۱۲۶۹ھ [نومبر ۱۸۵۲ء] کو وفات پائی[۱]۔ پس ماندگان میں دو صاحب زادے ملا حامد اور ملا خیر اللہ تھے[۲]، جن کا تذکرہ اپنے مقام پر آئے گا۔

[7]

ملا ازہار الحق

[————————]

ملا ازہار الحق ابن ملا احمد عبد الحق نے بحر العلوم ملا عبد العلی، ملا احمد حسین (ابن ملا رضا) اور ملا حسن (ابن ملا غلام مصطفی ابن ملا اسعد) سے تعلیم پا کر فراغت پائی اور مختلف علوم و فنون میں درک حاصل کیا۔ آپ نے علم سے رشتہ استوار رکھا اور طلبہ کو درس دیتے رہے[۱]۔ شاہ لعل محمد نقش بندی کے ہاتھ پر بیعت ہوئے[۲] اور ان سے طریقۂ ذکر و مراقبہ اور حبس نفس کی اجازت پائی اور اس کے ساتھ تدریس سے بھی رشتہ استوار رکھا، جب آپ کے صاحب زادے ضیاء الحق اپنی جوانی میں سمندر میں غرق ہو گئے تو شدت غم سے سلسلۂ تدریس ترک کر دیا، یہاں تک کہ ستر سال کی عمر میں وفات پائی[۳]۔ آپ کی یادگار صاحب زادہ ظہور الحق تھے جن کا تذکرہ آگے آئے گا۔

[8]

مفتی احمد ابوالرحم

[—————]

مفتی احمد ابوالرحم (ابن ملا محمد یعقوب ابن ملا محمد عبدالعزیز ابن ملا سعید ابن ملا قطب) نے حفظ قرآن کے بعد اپنے والد سے پڑھا اور ان سے کتب فقہ میں خوب مشق و مہارت حاصل کیا- علوم نقلیہ میں آپ ید طولی رکھتے تھے- نواب سعادت علی خاں کے عہد[1] میں آپ مفتی عدالت کے منصب پر فائز ہوئے- نواب صاحب کو آپ کی دیانت اور امانت پر بڑا اعتماد تھا- آپ سید عبداللہ بغدادی سے بیعت و ارادت رکھتے تھے[2] اور باطنی کیفیت کے حامل تھے- دو صاحب زادے آپ نے یادگار چھوڑے، بڑے کا نام اکبر اور چھوٹے کا نام اصغر تھا- ان دونوں کا تذکرہ آگے آئے گا-

[9]

ملا محمد اکبر

[—————]

مولانا اکبر ابن مفتی ابوالرحم نے قرآن کریم حفظ کیا اور اپنے والد سے تعلیم پائی- سید غلام علی بانسوی (نبیرہ سید عبدالرزاق قدس اسرارہم) کے ذریعے صفائے باطنی حاصل کی اور مرتبۂ جذب کو پہنچ گئے یہاں تک کہ دنیاوی معاملات کو چھوڑ کر گوشہ نشین اور عبادت الٰہی میں وقف ہو گئے اور اسی حالت میں آپ کا وصال ہوا- پس ماندگان میں ایک صاحب زادے ملا امین [اللہ] تھے[1]-

[10]

مفتی محمد اصغر

[وفات—۱۸۳۹ء]

مولانا مفتی اصغر ابن مفتی ابوالرحم نے قرآن کریم حفظ کیا اور اپنے والد اور ملا محمد مبین سے اکتساب علم کیا اور تمام علوم و فنون خصوصاً فقہ اور اصول فقہ میں مہارت حاصل کر لی- کتب درسیہ

آپ کی متعدد تعلیقات وحواشی ہیں۔ کار افتا بھی آپ کے حوالے تھا۔ بروز سنیچر ۱۹ر رجب ۱۲۵۵ھ [ستمبر ۱۸۳۹ء] کو آپ کا وصال ہوا۔

صاحب ''خیر العمل'' نے ذکر کیا ہے کہ آپ رحمہ اللہ متبحر فقیہ اور حسن صورت کے ساتھ حسن سیرت کے مالک تھے۔ ایک صاحب زادے مفتی محمد یوسف آپ کی یادگار ہیں، جن کا ذکر آگے آئے گا[۱]۔

[11]

ملا امین اللہ

[وفات ـــــ ۱۸۳۷ء]

ملا امین اللہ ابن مفتی محمد اکبر نے اپنے چچا مفتی محمد اصغر اور مفتی محمد ظہور اللہ[۱] ابن ملا محمد ولی سے تعلیم پائی۔ صاحب استعداد عالم تھے۔ کتب درسیہ پر آپ کی تعلیقات وحواشی ہیں۔ آپ کی متعدد تصانیف بھی ہیں، جن میں حاشیہ فوائد ضیائیہ، شرح ضابطہ تہذیب اور شرح فصول اکبری ہیں۔ بروز سنیچر ۲۹ر جمادی الثانی ۱۲۵۳ھ [ستمبر ۱۸۳۷ء] کو وصال ہوا۔ ایک بیٹے عبد الحلیم آپ کی یادگار ہیں، جن کا تذکرہ آئے گا۔

[12]

ملا اسد اللہ

[وفات ـــــ ۱۸۶۵ء]

مولانا اسد اللہ ابن ملا نور اللہ ابن ملا محمد ولی ابن قاضی غلام مصطفی ابن ملا اسعد ابن ملا قطب نے اپنے چچا مفتی ظہور اللہ اور اپنے والد ملا نور اللہ سے اکتساب علوم وفنون کیا۔ ''خیر العمل'' میں ذکر ہے کہ آپ بڑے عالم وفاضل، متواضع اور زاہد تھے۔ آپ منصب تدریس پر متمکن ہوئے تو بہت سے لوگوں نے آپ کی شاگردی اختیار کی، جن میں شاہ امیر علی امیٹھوی شہید[۱] اور مولوی غلام امام شہید[۲] وغیرہم کافی مشہور ہوئے۔ منگل کی شب ۳ر رمضان ۱۲۸۱ھ [جنوری ۱۸۶۵ء] میں آپ کی وفات ہوئی۔ کوئی اولاد ذکور نہیں تھی۔

[13]

ملا احمد حسین

[——————]

ملا احمد حسین ابن ملا رضا ابن قطب شہید نے اپنے چچا ملا نظام الدین سے تعلیم حاصل کی[1]۔ مصنف ''خیر العمل'' نے ذکر کیا ہے کہ آپ کا شمار اکابر علما اور بڑے ذہینوں میں ہوتا تھا۔ آپ اپنی زندگی کی آخری سانس تک دین کی اشاعت اور درس و افادہ میں سرگرم رہے[2]۔ ایک صاحب زادے ملا سعد الدین ہوئے، جن کا ذکر آگے آئے گا۔

[14]

ملا محمد اسحٰق

[——————]

ملا محمد اسحٰق ابن ملا محمد محب اللہ ابن ملا احمد عبد الحق ابن ملا سعید ابن قطب شہید نے اپنے بڑے بھائی ملا محمد مبین سے پڑھا اور صاحب استعداد فاضل ہو گئے۔ مختلف علوم کا درس دیتے تھے۔ اپنے زمانے کے رئیس کے یہاں عدالت دیوانی کے عہدے دار تھے۔ جب اپنی آخری عمر میں ضعف بصارت میں مبتلا ہوئے تو اپنے پوتے محمد عیسیٰ کو اپنا قائم مقام کر دیا۔

مولوی محمد یوسف:

ملا محمد اسحٰق کے ایک صاحب زادے مولوی محمد یوسف تھے، جو صاحب استعداد عالم اور طبیب تھے۔ آپ مسلکاً منحرف ہو گئے تھے، لہٰذا لکھنؤ سے بعض امرا کے ساتھ مرشد آباد [بنگال] چلے گئے اور وہاں ہیضے میں مبتلا ہو گئے اور ایک صاحب زادے مولوی محمد عیسیٰ کو چھوڑ کر وصال فرمایا[1]۔

مولوی محمد عیسیٰ [ف: ۱۸۳۳ء]:

مولوی محمد عیسیٰ [ابن محمد یوسف] نے اپنے موروثی علوم اور طب کی تحصیل کی اور گھر پر ہی رہ کر مطالعے اور درس و تدریس میں مشغول رہے۔ ۱۲۴۹ھ [۱۸۳۳ء] میں آپ کا وصال ہوا۔

مولوی محمد یعقوب:

مولوی محمد عیسیٰ کے ایک صاحب زادے مولانا محمد یعقوب ہوئے، جنھوں نے ملا معین وغیرہ

سے پڑھ کر استعداد حاصل کی- خلفائے اربعہ کے احوال پر مشتمل آپ نے چار رسائل تصنیف کیے- ادب میں بھی آپ کو مہارت حاصل تھی، ”کارنامہ“ کے نام سے آپ کا ایک جریدہ بھی تھا- آپ کافی غیرت مند ہیں، اس لیے گھر پر ہی مقیم رہتے ہیں- آپ کی کوئی اولاد ذکور نہیں ہے- اللہ آپ کی حفاظت فرمائے-

[15]

ملا امان الحق

[وفات ـــــ ۱۸۸۷ء]

ملا امان الحق ابن ملا محمد برہان الحق ابن ملا محمد نور الحق ابن ملا محمد انوار الحق ابن ملا عبد الحق ابن ملا محمد سعید ابن ملا قطب شہید نے اپنے والد کے علاوہ مولوی عبد الحکیم ابن ملا عبد الرب اور میرے دادا ملا عبد الرزاق ابن ملا جمال الدین احمد سے مروجہ علوم وفنون پڑھا- آپ بڑے عالم وفاضل اور فرائض وحساب میں ماہر تھے- انگریزی مدرسے میں درس وتدریس سے وابستہ تھے- ۱۹ ربیع الاول ۱۳۰۵ھ [دسمبر ۱۸۸۷ء] کو آپ کا انتقال ہوا۔-

آپ کے چار بیٹے تھے، سب سے بڑے مولوی فضل حق تھے، انھوں نے مروجہ کتابیں پڑھیں اور سلطنت نظام [دکن] میں ملازم ہو گئے- ان کے پانچ بیٹے تھے، ذکاء الحق، وجیہ الحق، وحید الحق، منظور الحق اور ظہور الحق- مولوی فضل حق سے چھوٹے مولوی ضیاء الحق تھے، جنھوں نے میرے والد مولوی عبد الوہاب، ملا محمد نعیم اور ملا عین القضاۃ مدظلہ سے مروجہ کتابیں پڑھیں اور انگریزی حکومت میں ملازم ہو گئے- ان سے چھوٹے مولوی منہاج الحق نے حفظ قرآن کیا اور مولوی عبد الحمید (ابن مولوی عبد الحلیم ابن مولوی عبد الحکیم) اور میرے استاذ علامہ عبد الباقی مدظلہ سے تعلیم پائی اور علوم عقلیہ ونقلیہ کی تدریس واشاعت میں مشغول ہو گئے- ان سے چھوٹے مولوی حکیم محمد ممتاز الحق نے مجھ سے، ملا عبد الباقی، ملا عبد الحمید اور مولوی حافظ احمد پوربی سے پڑھا اور علم طب حکیم عبد الوحید، حکیم عبد العزیز اور حکیم عبد الولی سے حاصل کر کے طبابت میں مشغول ہو گئے، لوگ ان سے اپنا علاج کراتے اور انھیں ان سے فائدہ پہنچتا-

[16]

ملا محمد اکرم

[وفات — ۱۸۹۴ء]

ملا محمد اکرم ابن ملا محمد نعیم [ابن ملا عبدالحکیم] ابن ملا محمد عبدالرب ابن بحرالعلوم ملا عبدالعلی ابن ملا نظام الدین ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد سے تعلیم پائی۔ آپ صاحب استعداد عالم دین تھے[1]۔ آپ نے اپنے والد کی حیات میں ہی [شعبان] ۱۳۱۱ھ [فروری ۱۸۹۴ء] میں وفات پائی اور دو بیٹے یادگار چھوڑے۔ پہلے مولوی محمد اعلم تھے جن کا جوانی میں دوران تعلیم ہی فراغت سے پہلے اپنے دادا کی زندگی میں وصال ہو گیا۔ دوسرے مولوی محمد اسلم تھے جنھوں نے اپنے دادا اور والد کے علاوہ مولوی عبدالمجید (ابن مولوی عبدالحلیم) اور مولوی عبدالحمید (ابن مولوی عبدالحلیم) سے درسی کتابیں پڑھیں اور اپنے دادا کے وصال کے بعد ان کے جانشین ہوئے۔ آپ لوگوں کی تعلیم اور رشد و ہدایت میں مشغول ہیں۔ متعدد کتابیں تصنیف فرمائی ہیں، جن میں 'المعلم' اور 'عمدۃ الفرائد' ہیں۔ اللہ کریم انھیں علم نافع اور درازی عمر عطا فرمائے۔

[17]

ملا افہام اللہ

[وفات — ۱۸۹۹ء]

ملا افہام اللہ ابن مولوی محمد انعام اللہ ابن ملا محمد ولی اللہ ابن ملا حبیب اللہ ابن ملا محب اللہ ابن ملا احمد عبدالحق ابن ملا سعید ابن قطب الدین شہید نے میرے چچا ملا عبدالباسط ابن ملا عبدالرزاق اور علامہ عبدالحی سے پڑھا اور علم حدیث میرے دادا مولانا عبدالرزاق سے حاصل کیا اور ان ہی سے بیعت ہوئے[1]۔ آپ کو علوم عقلیہ اور فنون نقلیہ میں مہارت حاصل تھی۔ کثیر طلبہ نے آپ سے شرف تلمذ پایا[2]۔ آپ نے 'رسالہ فی المعراج' اور 'رسالہ فی تحقیق الروح' تصنیف فرمائی، جب کہ شرح عقائد نسفیہ، حاشیہ خیالی[3] اور قطبی پر حواشی تحریر کیے[4]۔ [یکم ذی قعدہ] ۱۳۱۶ھ [مارچ ۱۸۹۹ء] میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔

ب

[18]

ملا برہان الحق

[وفات ـــ ۱۸۶۹ء]

مولانا برہان الحق ابن ملا نور الحق، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب شہید انیس سال کی عمر میں تحصیل علوم سے فارغ ہوئے [1]۔ اپنے والد [ملا نور الحق] اور مولانا عبدالوالی قدس سرہ سے بیعت واجازت پائی [2]۔ آپ زاہد و متقی تھے۔ آپ نے ۱۲۵۲ھ [۱۸۳۷ء] میں پہلا حج کیا، پھر دوسرا ۱۲۶۱ھ [۱۸۴۵ء] میں کیا اور تین برس تک حجاز میں ہی قیام پذیر رہے، وہاں علمائے حرمین، مثلاً مفتی احناف مولانا محمد جمال (متوفی: ۱۲۸۴ھ) اور ملا محمد عابد سندھی مدنی سے مختلف کتب احادیث کی اجازت سے سرفراز ہوئے۔ جن و انس کی کثیر تعداد نے آپ سے شرف تلمذ پایا۔ آپ نے درسی کتابوں پر مختلف حواشی تحریر کیے ہیں۔ دن میں زوال کے بعد علالت [رجب] ۱۲۸۶ھ [اکتوبر ۱۸۶۹ء] کو وصال ہوا۔ دو صاحب زادے ہوئے، مولوی امان الحق (جن کا ذکر پیچھے گزرا) اور مولوی لمعان الحق، جن کا ذکر آگے آئے گا۔

ج

[19]

ملاجمال الدین احمد

[وفات ـــ ۱۸۵۹ء]

ملاجمال الدین احمد ابن ملا علاء الدین احمد، ابن ملا احمد انوار الحق، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے چچا ملا نور الحق سے تعلیم حاصل کر کے عالم و فاضل ہوئے۔ ایک زمانے تک وطن میں ہی مقیم رہے، پھر اپنے والد کے وصال کے بعد مدراس چلے گئے[۱]۔ وہاں نواب [غلام غوث خان بہادر، رئیس کرناٹک] نے آپ کی شاگردی اختیار کی۔ مدراس کا یہ مدرسہ آپ کے نانا بحر العلوم [ملا عبد العلی] کی زیر نگرانی تھا، جہاں آپ ان کے قائم مقام ہوئے۔ کتب درسیہ پر آپ کے مختلف حواشی و تعلیقات ہیں۔ آپ اپنے والد کے ہاتھ پر بیعت ہو کر داخل سلسلۂ طریقت ہوئے۔ مشائخ کا خوب ادب کرتے تھے۔ غیر مقلدین کا آپ سے ایک مناظرہ ہوا، جس میں آپ نے ان کو خاموش کر دیا تھا[۲]۔ اہل مدراس سے ہم نے آپ کی کافی کرامتیں سنی ہیں۔ [۸/] ربیع الثانی ۱۲۷۶ھ [نومبر ۱۸۵۹ء] میں وصال ہوا۔ ایک صاحب زادے مولانا عبد الرزاق ہوئے، جو راقم سطور کے دادا ہیں۔

ح

[20]

ملا محمد حامد

[وفات—۱۸۶۶ء]

ملا حامد ابن ملا احمد، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن قطب الدین شہید نے مفتی ظہور اللہ وغیرہ سے تعلیم پائی۔ ''خیر العمل'' میں آپ کے تذکرے میں مذکور ہے کہ آپ اوصاف جمیلہ اور محاسن حمیدہ سے متصف تھے۔ اپنے والد کی وفات کے بعد ان کے قائم مقام ہو کر مسلسل دعوت وارشاد اور علوم باطنی کی درس وتدریس میں مصروف رہے[۱]۔ کتب درسیہ پر آپ نے مختلف حواشی رقم کیے اور بعض کتابوں، جیسا کہ ''میزان الصرف'' وغیرہ کی شرح بھی لکھی[۲]۔

[۱۴] رجب ۱۲۸۳ھ [نومبر ۱۸۶۶ء] میں وفات پائی۔ آپ کی کوئی اولاد ذکور نہیں تھی۔

[21]

ملا حسن

[وفات—۱۷۸۴ء]

ملا حسن ابن قاضی غلام مصطفی، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب شہید نے ملا کمال الدین فتح پوری [سہالوی] اور ملا نظام الدین لکھنوی سے اکتساب علم کیا۔ علوم وفنون میں ایسا کمال حاصل کر لیا کہ بہت کی ثقہ شخصیات نے آپ کے بارے میں کہا کہ: ''اگر معقولات میں شیخ ابن سینا کا ان سے مقابلہ ہوتا تو وہ (ملا حسن) غالب آ جاتے۔'' آپ نہایت ذہین اور اپنے معاصرین میں ممتاز

تھے۔ تمام کتب درسیہ اس طرح زبانی یاد تھیں کہ انھیں دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔ سیکڑوں لوگ آپ کے شاگرد ہوئے۔ آپ نے کثیر تعداد میں کتابیں تصنیف کیں اور چند حواشی بھی رقم کیے جو علمائے شرق وغرب کے درمیان مقبول ومعروف ہیں۔ ان میں سے چند حسب ذیل ہیں:

- شرح سلم
- شرح مسلم [الثبوت]
- حواشی شرح ہدایۃ الحکمۃ (صدرالدین شیرازی])
- حواشی شمس بازغہ
- حواشی زواہد ثلاثہ
- رسالہ معارج العلوم (علم منطق)
- رسالہ مدارج العلوم (علم حکمت)

ایک مدت تک آپ اپنے وطن میں مقیم رہے، پھر رام پور چلے گئے، جہاں کے رئیس نواب فیض اللہ خاں نے آپ کو اعزاز واکرام سے نوازا۔ آپ نے صفی پور میں ایک خاتون سے عقد کیا جن سے ایک صاحب زادے غلام دوست محمد تولد ہوئے، جن کا ذکر عن قریب آئے گا۔ آپ نے رام پور میں دو نکاح کیے، پہلی زوجہ سے عبدالرزاق اور عبداللہ کی ولادت ہوئی۔ اول الذکر آپ کی زندگی میں ہی انتقال کر گئے، جب کہ موخر الذکر علوم وفنون میں فائق ہوئے۔ دوسری زوجہ سے مولوی محمد اسحٰق اور مولوی محمد یوسف پیدا ہوئے، دونوں مروجہ علوم کی تحصیل سے فراغت کے بعد درس وتدریس میں مشغول ہو گئے۔

[22]

ملا محمد حبیب اللہ

[وفات ـــ ۱۸۷۴ء]

مولوی محمد حبیب اللہ ابن مولانا غلام یحییٰ، ابن ملا غلام دوست محمد، ابن ملا حسن جلیل القدر عالم دین تھے۔ ایک لمبی مدت تک مضافات مرزاپور میں مقیم رہے، جہاں ۱۲۹۱ھ [۱۸۷۴ء] میں

وفات پائی۔

مولوی رعایت اللہ:

آپ کے ایک صاحب زادے مولوی رعایت اللہ ہوئے، جنھوں نے ملا محمد عبدالحلیم ابن ملا امین اللہ سے ان کے جون پور میں قیام کے دوران پڑھا، پھر مرزاپور کی عدالت میں عہدۂ وکالت ملنے کی وجہ سے وہاں اقامت گزیں ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھے۔

[23]

ملا محمد حیدر

[وفات ــــــ ۱۸۴۰ء]

مولانا حیدر ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبدالحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب شہید اپنے والد سے تعلیم حاصل کر کے عالم، فاضل، واعظ اور امرا کے یہاں قابل احترام ہو گئے۔ ایک زمانے تک اپنے وطن میں تدریس میں مصروف رہے، پھر آپ کے اور وزیر حکومت کے درمیان مذہب پر مباحثہ ہو گیا تو آپ وطن سے کلکتہ چلے گئے اور وہاں سے حج کے لیے جہاز پر سوار ہوئے۔ حج کی تاریخیں قریب تھیں، اتفاق سے طوفانی ہوا کا رخ مخالف سمت ہونے کی وجہ سے آپ کا جہاز مسقط پہنچ گیا اور حج کی تاریخیں نکل گئیں تو آپ نے وہاں تین ماہ دس دنوں تک قیام کیا، پھر ۲؍ربیع الاول ۱۲۴۰ھ [اکتوبر ۱۸۲۴ء] کو وہاں سے چل کر ۲؍جمادی الاولی ۱۲۴۰ھ [دسمبر ۱۸۲۴ء] کو مکہ پہنچے۔

وہاں آپ نے سید یوسف بن بطاح اہدل یمنی اور ملا عمر بن عبدالرسول مکی سے کتب حدیث کا درس لیا۔ جمادی الاولی کے اخیر میں مدینہ پہنچے اور وہاں بھی اپنے قیام کے دوران کتب حدیث میں علمائے مدینہ سے استفادہ کیا، جب کہ علامہ عبدالحفیظ عجیمی مکی اور علامہ شیخ محمد عابد سندھی مدنی سے اجازت حدیث پائی۔ پھر شعبان میں مکہ لوٹ آئے اور حج تک وہیں مقیم رہے۔

آپ نے سفر کے دوران قرآن کریم حفظ کر لیا اور مسجد حرام میں تراویح سنائی، جہاں اعزاز واکرام سے نوازے گئے۔ حج سے فراغت کے بعد ۲۷؍ذی الحجہ کو مکہ سے روانہ ہو کر جدہ پہنچے اور

ابتدائے محرم ۱۲۴۱ھ [اگست ۱۸۲۵ء] کو جہاز پر سوار ہوئے، تاہم اتفاق سے جدہ کے قری ان کا جہاز طوفان کی زد میں آ گیا اور تقریباً بیس مسافرین جن میں آپ کے رفقا بھی شامل تھ غرق آب ہو گئے۔ آپ کو آپ کے بیٹے اور بعض رفقا کے ساتھ بچا لیا گیا۔ یہ تمام لوگ جدہ پہ اور دوسرے جہاز پر سوار ہو کر بمبئی پہنچ گئے۔ وہاں امرائے حیدر آباد دکن سے شمس الامراء موج تھے جنھوں نے آپ کا نہایت تکریم کے ساتھ پرتپاک استقبال کیا۔[1]

ملا حیدر شاہ نجات اللہ (خلیفہ شاہ شاکر اللہ) کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور ساتھ ہی اجاز وخلافت سے نوازے گئے۔ آپ دکن میں وعظ و تدریس، دعوت و ارشاد اور تصنیف و تالیف وابستہ تھے۔ کتب درسیہ پر آپ نے متعدد تعلیقات و حواشی تحریر کیے۔ منطق میں ایک مستقل رسا اور وظائف حیدریہ آپ کی تصانیف ہیں۔

آپ نے وطن میں دو نکاح کیے، جب کہ دکن میں جس خاتون سے عقد کیا وہ نورالاصفیا دختر ہیں، جن کا نسبی تعلق معزز و معتبر سادات کرام سے ہے۔ ان کے بطن سے چار بیٹے ہوئے سب سے بڑے مولوی نورالمرتضیٰ، جو عالم و فاضل تھے، انھوں نے اپنے بھائی ملا ظہور علی سے پڑھا۔ اپنی والدہ کی زندگی میں ہی ۱۲۷۶ھ [۵۹-۱۸۶۰ء] میں فوت ہوئے۔

مولوی نورالمرتضیٰ سے چھوٹے مولانا نورالحسنین[2] اور ان سے چھوٹے مولانا نورالصدیق تھے، جو علم و فن میں مرتبۂ کمال کو پہنچے۔ دونوں حضرات نے اپنے بڑے بھائی ملا ظہور علی سے پڑھ اور تکمیل ملا عبدالحلیم ابن ملا امین اللہ سے کی۔ شہر کے امرا کے درمیان یہ دونوں کافی مقبول و معتبر تھے۔ مولانا نورالصدیق کے بیٹے ملا محمد نورالحمید رہیں، جو علوم و فنون کی تحصیل سے فراغت پا کر فاضل و متقی ہوئے۔ ان کے والد (مولانا نورالصدیق) کا وصال ۱۶ر جمادی الاولیٰ ۱۳۰۰ھ [مارچ ۱۸۸۳ء] میں ہوا۔

مولوی نورالحمید رمدظلہ صاحب تصانیف ہیں، ان کی ایک کتاب "جواہر الفرائد" ہے۔ ان کے بیٹے نورالحق ہیں (اللہ کریم انھیں علم نافع عطا فرمائے)۔ رہے مولوی نورالحسنین تو الحمدللہ وہ اب تک باحیات ہیں۔ لوگوں کے درمیان وعظ کیا کرتے ہیں، امرا، خصوصاً والیان حیدر آباد دکن

ان کا بے حد ادب واحترام کرتے ہیں۔ ان کو شیخ عابد سندھی اور ملا محمد حیدر سے اجازت نامہ حاصل ہے اور ان سے ہمیں حاصل ہے۔ ان کے صاحب زادے مولانا نورالرزاق ہیں جنھوں نے مولوی عبدالرحمن پنجابی سے پڑھا، تمام علوم وفنون میں اچھی استعداد رکھتے ہیں۔ ان کے بیٹے نورالرحمن ہیں، (اللہ انھیں علم نافع عطا فرمائے)۔

ملا حیدر کے چاروں بیٹوں میں سب سے چھوٹے ملا نورالمبین تھے جن کا بچپن میں وصال ہوگیا۔

ملا حیدر نے اپنے وطن میں دو خواتین سے نکاح کیا تھا، ان سے پانچ بیٹے تھے۔ پہلی زوجہ سے چار ہوئے، مولوی ظہور علی (جو راقم سطور کے نانا تھے)، ان سے چھوٹے مولوی غضنفر، ان کے بعد مولوی خادم احمد (ان حضرات کا ذکر عن قریب آئے گا)، اور سب سے چھوٹے مولوی محمد علی تھے، جو عالم دین نہیں ہو سکے۔ ۲۳ر [رجب] ۱۲۸۳ھ [دسمبر ۱۸۶۶ء] کو فوت ہوئے۔

دوسری زوجہ سے ایک بیٹے ملا احمد حسن ہوئے، جو حافظ، عالم اور صالح تھے۔ ۷ رصفر ۱۲۶۷ھ [جنوری ۱۸۵۱ء] اپنی جوانی میں فوت ہوئے۔ ان کی کوئی اولاد نہیں تھی۔

صاحب تذکرہ (ملا حیدر) ۱۳ رمحرم ۱۲۵۶ھ [مارچ ۱۸۴۰ء] کو دار فانی سے کوچ فرما گئے۔ آپ کی بہت سی کرامات اور خوارق عادات کو اہل شہر نے بیان کیا ہے۔ ان کی قبر زیارت گاہ مرجع خلائق اور فیض بخش عام ہے۔

[24]

ملا حبیب اللہ

[وفات ـــ ۱۸۱۱ء]

ملا حبیب اللہ ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب نے اپنے بڑے بھائی ملا مبین، اپنے چچا ملا ازہار الحق، ملا احمد حسین ابن ملا رضا اور ملا محمد حسن ابن قاضی غلام مصطفی سے اکتساب علوم وفنون کیا۔ حصول معاش کی وجہ سے تالیف وتدریس کی طرف متوجہ نہیں ہو سکے۔ صاحب "خیر العمل" نے ذکر کیا ہے کہ آپ سلیم الطبع اور نہایت ذہین وفطین تھے۔ لوگ

آپ کی زندگی میں اور موت کے بعد بھی آپ کا ذکر خیر کرتے تھے۔ ۱۶ رذی قعدہ کی شب ۱۲۲۶ھ [دسمبر ۱۸۱۱ء] کو آپ کا وصال ہوا۔

آپ کے پانچ صاحب زادے تھے، ولی اللہ، نعیم اللہ، حفیظ اللہ، علیم اللہ اور سلام اللہ، جن کا ذکر ان شاء اللہ آگے آئے گا۔

[25]

ملا حفیظ اللہ

[وفات ــــ ۱۸۶۲ء]

ملا حفیظ اللہ ابن ملا حبیب اللہ اپنے بڑے بھائی ملا ولی اللہ سے تعلیم پائی۔ آپ جید عالم دین تھے۔ حکومت میں معزز و محترم رہتے ہوئے[1] مفتی کے عہدے پر فائز رہے۔ اس کے ساتھ آپ بافیض استاذ بھی تھے۔ [۲۰ ربیع الثانی[2]] ۱۲۷۹ھ [اکتوبر ۱۸۶۲ء] کو وصال ہوا اور اپنے بڑے بھائی ملا ولی اللہ کے پہلو میں مدفون ہوئے۔

آپ کے تین صاحب زادے ہوئے، پہلے مولوی خلیل اللہ، جن کا ذکر آگے آئے گا۔

دوسرے مولوی عظیم اللہ، جنھوں نے اپنے بھائی سے تعلیم پائی اور عالم دین ہوئے۔ ۱۲۷۷ھ [۱۸۶۰ء] میں ان کا انتقال ہوا۔ ایک بیٹے مولوی فصیح اللہ آپ کی یادگار ہیں، جنھوں نے مفتی محمد یوسف سے پڑھا۔ شاعر اور مورخ ہیں۔ (اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت فرمائے)۔ موصوف نے مفتی محمد یوسف کی صاحب زادی سے نکاح کیا، جن سے کوئی اولاد نہیں ہے۔

ملا حفیظ اللہ کے تیسرے بیٹے مولوی حمید اللہ، اعلیٰ صفات و اخلاق کے حامل تھے۔ شیخ وقت مولانا عبدالوالی کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ ۱۵ رمحرم ۱۳۰۰ھ [نومبر ۱۸۸۲ء] میں رحلت فرمائے۔ انھوں نے دو بیٹے یادگار چھوڑے، بڑے مولوی وحید اللہ (اللہ ان کی حفاظت فرمائے)، اور چھوٹے مولوی نصیر اللہ، جنھوں نے اپنے چچا مولانا عبدالباسط وغیرہ سے اکتساب علم کیا۔ ۱۳۱۷ھ [۱۸۹۹ء] کو آپ کا وصال ہوا۔ ان کے ایک بیٹے انوار اللہ تھے، جن کی وفات ۱۳۲۱ھ [۱۹۰۳ء] میں طاعون سے ہوئی۔

[26]

ملا ابوالحسن محمد صالح

[وفات — ۱۸۶۶ء]

ملا ابوالحسن محمد صالح ابن ملا عبدالجامع، ابن ملا عبدالنافع، ابن بحرالعلوم ملا عبدالعلی، ابن ملا نظام الدین، ابن ملا قطب نے قرآن کریم حفظ کیا، علم تجوید پڑھا اور دیگر علوم وفنون کی تحصیل ملا عبدالحکیم اور ملا معین سے کی[۱]۔ آپ نے ایک کتاب ”تمیز الکلام فی الحلال والحرام“ تصنیف کی[۲]۔ [۱۷ ذی الحجہ] ۱۲۸۲ھ [مئی ۱۸۶۶ء] کو وصال ہوا۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔

خ

[27]

ملا خلیل اللہ ابن غلام یحییٰ

[وفات — ۱۸۹۵ء]

مولوی خلیل اللہ ابن مولوی غلام یحییٰ، ابن ملا غلام دوست محمد، ابن ملا حسن، ابن قاضی غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن قطب شہید مروجہ علوم کی تحصیل کے بعد عالم و فاضل ہوئے۔ [۲۹؍ جمادی الثانی] ۱۳۱۳ھ [دسمبر ۱۸۹۵ء] میں وصال ہوا اور ہمارے قبرستان [باغ مولوی انوار] میں مدفون ہوئے۔ آپ دکن کے ایک شہر ساگر میں مقیم تھے [۱]۔ دو بیٹے ہوئے، بڑے مولوی رحیم اللہ فاضل و صالح تھے، شوال ۱۳۰۹ھ [مئی ۱۸۹۲ء] میں وفات پائی، ان کے ایک بیٹے مولوی کلیم اللہ ہیں (اللہ انھیں محفوظ رکھے اور صالح اولاد سے نوازے)۔ فی الحال یہ حیدرآباد دکن میں وکالت کے عہدے پر فائز ہیں۔ مولوی خلیل اللہ کے چھوٹے بیٹے مولوی حفیظ اللہ تھے، انھوں نے کچھ عرصے مدرسہ اشاعت العلوم فرنگی محل میں درس دیا۔ آپ کا وصال ہو گیا۔ کوئی اولاد ذکور نہیں تھی۔

[28]

ملا خلیل اللہ ابن حفیظ اللہ

[وفات — ۱۸۵۶ء]

مولانا خلیل اللہ ابن مولوی حفیظ اللہ، ابن ملا حبیب اللہ، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب شہید اپنے والد اور چچا مولوی ولی اللہ سے اکتساب علوم و فنون کر کے

عالم و فاضل ہوئے[۱]۔ پورب کے ایک شہر عظیم آباد [پٹنہ] میں ۲۳ رشعبان ۱۲۷۲ھ [اپریل ۱۸۵۶ء] کو وفات پائی۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے۔

مولوی عبداللہ [ف: ۱۸۸۸ء]:

بڑے صاحب زادے مولوی عبداللہ عالم و فاضل تھے، انھوں نے مولوی عبدالوحید ابن مولوی عبدالواحد اور مفتی محمد یوسف وغیرہ سے تعلیم پائی، پھر مونگیر جا کر وہاں بحیثیت مدرس مقیم ہو گئے، یہاں تک کہ ۱۳۰۵ھ [۱۸۸۸ء] میں ان کا وصال ہوا۔

مولوی مسیح اللہ [ف: ۱۹۰۷ء]:

چھوٹے بیٹے مولوی مسیح اللہ بھی عالم و فاضل اور خلیق ہیں۔ شیخ وقت مولانا عبدالوالی قدس سرہ کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔ خدا بخش لائبریری میں ملازمت[۲] کی وجہ سے عظیم آباد میں مقیم ہیں۔ ان کے دو بیٹے ہوئے، بڑے بیٹے مولوی حبیب اللہ، انھوں نے منصب وکالت کے لیے استعداد اور مہارت حاصل کر لی۔ اِن کے ایک بیٹے مسیح اللہ ہیں (اللہ انھیں علم نافع عطا فرمائے)۔

مولوی مسیح اللہ کے چھوٹے بیٹے مولوی نجیب اللہ ہیں، جنھوں نے خواجہ عزیز الدین لکھنوی سے فارسی کتابیں پڑھیں اور میرے استاذ مولانا عبدالباقی، نیز مولوی عبدالحمید، مولانا عین القضاۃ اور مولوی محمد فاروق چریاکوٹی سے تعلیم پائی۔ اِن کے ایک بیٹے ہیں، (اللہ اسے علم نافع سے نوازے)۔

[29]

ملا خادم احمد

[وفات ــــ ۱۸۵۵ء]

مولانا خادم احمد ابن ملا حیدر، ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبدالحق، ابن ملا محمد سعید، ابن قطب شہید نے اپنے چچا ملا معین سے علم حاصل کیا۔ ایک عرصے تک طلبہ کو درس دیا اور ہر جمعہ کو مسجد فرنگی محل میں خطاب فرماتے[۱]۔ آپ کی مستقل تصانیف اور مختلف کتابوں پر حواشی ہیں، جو حسب ذیل ہیں[۲]:

- التقریر المعقول فی بحث الحاصل والمحصول من الفوائد الضیائیة

- تحقیق دائرہ ہندیہ (عربی، فارسی)
- وسیلۃ الشفاعۃ فی احوال الصحابۃ
- زاد التقوی فی آداب الفتوی
- اعلام الهدی [فی تحریم المزامیر و الغناء] (مزامیر اور غنا کی حرمت پر)
- هدایۃ الانام فی اثبات تقلید الائمۃ الکرام
- رسالۃ فی الطهر المتخلل

۱۲؍ذی الحجہ ۱۲۷۱ھ [۲۵؍اگست ۱۸۵۵ء] کو وصال ہوا۔ اولاد ذکور نہیں تھی۔

[30]

ملا خیر اللہ

[وفات ــــ ۱۸۸۹ء]

مولوی خیر اللہ ابن ملا احمد، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید کا ذکر ”خیر العمل“ کے تکملے میں ہے کہ آپ عمدہ اخلاق اور اچھے عادات و خصائل کے مالک تھے [1]۔ اپنے والد اور دادا سے منقول اوراد و وظائف کے پابند تھے۔ ۵؍ربیع الآخر ۱۳۰۷ھ [نومبر ۱۸۸۹ء] میں فوت ہوئے۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔

ر

[31]

ملا محمد رضا

[———————]

ملا محمد رضا ابن قطب شہید، آپ ملا قطب الدین شہید کے چار صاحب زادوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ آپ متبحر عالم دین، گوشہ نشین، متقی اور زاہد مرتاض تھے۔ ایک عرصے تک درس وتدریس میں مشغول رہے[1]، پھر معارف باطنی کے حصول کی طرف متوجہ ہوئے۔ شیخ وقت، قدوۃ العرفا حضرت سید عبدالرزاق بانسوی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔ ”خیر العمل“ میں ذکر ہے کہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو اپنی قبر مبارک کی زیارت کا حکم دیا۔ پھر آپ [شیخ عبدالقادر جیلانی] غوث الثقلین کی قبر انور کی زیارت کے لیے گئے، وہاں ایک زمانے تک قیام کیا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔ آپ کے بھائی [استاذ الہند] ملا نظام الدین نے کشف کے ذریعے آپ کے وصال کی خبر آپ کے اہل واعیال کو دی۔ آپ کی تالیفات میں ’شرح سلم العلوم‘ ہے۔ دو صاحب زادے یادگار چھوڑے، ان میں سے ایک ملا احمد حسین، جن کا ذکر پیچھے گزرا، اور دوسرے ملا عبدالحی، جو طبیب فاضل تھے، جوانی میں وصال فرمایا، کوئی اولاد نہیں تھی۔

[32]

ملا رحمت اللہ

[وفات — ۱۸۸۸ء]

مولانا رحمت اللہ ابن مولوی نور اللہ، ابن ملا محمد ولی، ابن ملا قاضی غلام مصطفی، ابن ملا اسعد،

امین ملا قطب الدین شہید نے اپنے بھائی مولوی رحمت اللہ اور مولوی امین اللہ سے پڑھا۔ تحریر الحال کے تکملے میں مذکور ہے کہ: آپ علم فرائض، حساب اور فقہ میں ید طولی رکھتے تھے۔ آپ کے چچا مولوی محمد ظہور اللہ کی رحلت کے بعد کار افتا آپ کے حوالے ہو گیا[1]۔ پھر آپ پورب کے ایک شہر غازی پور جا کر وہیں مقیم ہو گئے اور "چشمہ رحمت" کے نام سے ایک مدرسہ قائم فرمایا۔ آپ کی متعدد تصانیف و تالیفات ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

- شرح میزان
- شرح منشعب
- شرح پنج گنج
- رسالہ فقہ
- مجموعہ فتاوی
- شرح خلاصۃ الحساب وغیرہ۔

۱۷ر جمادی الاولی ۱۳۰۵ھ [۲۱ر جنوری ۱۸۸۸ء] کو غازی پور میں وصال ہوا۔ اولاد ذکور نہیں تھی۔

س

[33]

ملا محمد سعید

[ــــــــــــ]

ملا سعید لہ ابن ملا قطب الدین شہید نے تحصیل علوم وفنون کیا اور فائق وممتاز ہوئے۔ صاحب "خیر العمل" نے ذکر کیا ہے کہ: اپنے زمانے کے قائدین اور اکابر علما سے تھے۔ اپنے والد کی شہادت کے بعد سلطان عالم گیر کے پاس خطۂ دکن کی طرف ہجرت کر گئے اور وہیں انتقال فرمایا۔ ثقہ حضرات سے میں نے سنا ہے کہ: "فتاویٰ ہندیہ" معروف بہ "عالم گیری" کی تالیف میں آپ بھی دیگر علما کے ساتھ شریک تھے۔

دو صاحب زادے بطور یادگار چھوڑے، ایک ملا عبد الحق، جن کا ذکر پیچھے گزرا اور دوسرے ملا عبد العزیز، جن کا ذکر ان شاء اللہ آگے آئے گا۔ یہ بات کسی سے مخفی نہیں ہے کہ ہمارے فرنگی محل کے اکثر لوگ آپ ہی کی اولاد سے ہیں۔

[34]

ملا سلام اللہ

[وفات ـــ ۱۸۴۸ء]

مولوی سلام اللہ ابن ملا حبیب اللہ، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے مروجہ درسی علوم وفنون کی تحصیل کی اور طلبہ کی تدریس سے وابستہ رہے۔ جوانی میں وفات پائی لہ۔ ایک صاحب زادے اکرام اللہ ہوئے جو لاولد فوت ہوئے۔

[35]

ملا سراج الحق

[—————]

مولوی سراج الحق ابن ملا نور الحق، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا محمد سعید ابن ملا قطب الدین شہید کے بارے میں صاحب ''خیر العمل'' نے کہا ہے کہ وہ عالم، فاضل اور نیک صفت تھے۔ جوانی میں وفات پائی ۱؎۔ ایک بیٹے ملا نظام الحق تھے جن کا ذکر عن قریب آئے گا۔

[36]

ملا سعد الدین

[—————]

ملا سعد الدین ابن ملا احمد حسین، ابن ملا محمد رضا، ابن ملا قطب الدین شہید جلیل القدر، عالم، فاضل تھے۔ آپ نے مروجہ علوم وفنون کی تحصیل فرمائی ۱؎۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے، پہلے ملا عماد الدین، جن کے دو بیٹے مولوی کمال الدین اور چودھری عبد الکریم تھے۔ دوسرے مولوی عبد الرب تھے، جن کے تین بیٹے ہوئے۔ بڑے مولوی شائق (والد مولوی محمد حسین)، انھوں نے ملا عبد الرزاق وغیرہ سے پڑھا اور انگریزی حکومت میں اعلیٰ عہدے تک پہنچ گئے۔ مناقب قادریہ رزاقیہ پر آپ نے کتاب تصنیف فرمائی۔ شاعر بھی تھے۔ ۱۲۲۲ھ [۱۸۰۷ء] میں وصال ہوا۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔ ملا سعد الدین کے دوسرے بیٹے مولوی فقیر اللہ ہوئے، جو لاولد تھے۔ اور سب سے چھوٹے مولوی کرامت اللہ تھے، جن کا ذکر حرف ''کاف'' کے تحت آئے گا۔

ص

[37]

ملا محمد صفدر

[—————]

ملا صفدر ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے بڑے بھائی ملا حیدر اور مولوی ولی اللہ سے تعلیم حاصل کی۔ آپ کی توجہ ریاضات مجاہدات اور زہد کی طرف تھی۔ لاولد دنیا سے رخصت ہوئے[1]۔

[38]

ملا صمصام الحق

[وفات — ۱۸۹۴ء]

مولوی صمصام الحق ابن ملا نظام الحق، ابن ملا سراج الحق، ابن ملا نور الحق، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے مولوی عبدالحلیم ابن ملا امین اللہ سے مروجہ علوم وفنون حاصل کیا[1]۔ میرے دادا مولانا عبدالرزاق کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ آپ نے فقہ میں ایک کتاب "صراط مستقیم" اور علم ہیئت میں ایک رسالہ تصنیف فرمایا۔ آپ نے وصال فرمایا[2] تو آپ کی کوئی اولاد نرینہ نہیں تھی۔

ظ

[39]

ملا ظہور الحق

[——————]

ملا ظہور الحق ابن ملا ازہار الحق، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن قطب الدین شہید نے اپنے والد اور بحر العلوم ملا عبد العلی سے تحصیل علوم وفنون کیا۔ ملا عبد الحی نے ذکر کیا ہے کہ آپ جلیل القدر عالم وفاضل اور عابد وزاہد تھے، قرآن اور اس کی تفاسیر کے مطالعے، کتب حدیث اور عبادتوں میں غرق رہتے۔ آپ کو زیادہ تدریس کا موقع نہیں مل پاتا[1]۔ اولاد نرینہ نہیں تھی۔

[40]

مفتی ظہور اللہ

[وفات ــــ ۱۸۴۰ء]

مفتی ظہور اللہ ابن ملا محمد ولی، ابن قاضی غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن قطب شہید نے اپنے والد اور چچا ملا حسن سے اکتساب علوم کیا[1]۔ آپ معروف ومقبول تصانیف اور اہم تالیفات کے مالک تھے، جو حسب ذیل ہیں:

- حواشی بر حاشیہ زاہدیہ علی رسالہ قطبیہ
- حواشی بر حاشیہ زاہدیہ علی حاشیہ تہذیب جلالیہ

صاحب ”خیر العمل“ نے ذکر کیا ہے کہ موخر الذکر کتاب پر یہ سب سے عمدہ، نایاب فوائد پر

مشتمل جامع اور مشکلات کے حل کے لیے مکمل ترین حاشیہ ہے۔

- حواشی بر حاشیہ زاہدیہ علی شرح المواقف
- شرح الدوحۃ المیادہ فی حدیقۃ الصورۃ والمادہ (از مؤلف شمس بازغہ)۔

صاحب 'خیر العمل' فرماتے ہیں: مذکورہ تمام حواشی ان فوائد و نکات پر مشتمل ہے جن سے دیگر حواشی و شروحات خالی ہیں۔ یہ کتابیں اس بات پر شاہد ہیں کہ صاحب کتاب جلیل القدر عالم تھے۔

آپ ۱۷ ربیع الاول ۱۲۵۶ھ [مئی ۱۸۴۰ء] بروز سنیچر واصل بحق ہوئے۔

آپ عدالت عالیہ میں منصب افتا پر فائز تھے۔ آپ کے تلامذہ کی تعداد شمار سے باہر تھی، جن میں سے چند کا ذکر ''خیر العمل'' میں کیا گیا ہے۔ اولاد ذکور نہیں تھی۔

[41]

ملا ظہور علی

[وفات۔۔۔۔۱۸۵۹ء]

مولانا ظہور علی ابن ملا محمد حیدر، ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید میرے نانا ہیں، جنھوں نے اپنے والد اور مفتی ظہور اللہ وغیرہم سے تعلیم پائی۔ اپنی جوانی میں قرآن کریم حفظ کر لیا۔ اپنے والد گرامی کے وصال تک وطن میں بحیثیت مدرس اور واعظ مقیم رہے، پھر دکن ہجرت کر گئے، جہاں معزز و محترم رہے[۱]۔ وہاں فتوی دیتے، تذکیر اور تدریس فرماتے تھے، یہاں تک کہ ہیضے کی وجہ سے رمضان ۱۲۷۵ھ [مئی ۱۸۵۹ء] کو حالت اعتکاف میں وصال فرمایا[۲]۔ آپ کی تصانیف درج ذیل ہیں:

- تفسیر القرآن
- رسالہ معراجیہ
- الطریقۃ الوسطٰی فی سماع الموتٰی
- شرح قاضی مبارک سلم العلوم۔

دو بیٹے مولوی ظہور الحسن اور مولوی افضل حسن یادگار چھوڑے۔

[42]

ملا ظہور الحسن

[وفات — ۱۸۹۲ء]

[مولوی ظہور الحسن ابن مولوی ظہور علی، ابن ملا محمد حیدر، ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید] نے اپنے والد اور ملا عبد الحلیم ابن ملا امین اللہ سے پڑھا[۱]، پھر مدینہ ہجرت کر گئے، جہاں [۱۴؍شعبان] ۱۳۰۹ھ [مارچ ۱۸۹۲ء] کو وصال ہوا اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے- دو بیٹے یادگار چھوڑے[۲]، بڑے مولوی ظہور علی، جنھوں نے جوانی میں وفات پائی[۳] اور اپنے والد کے پہلو میں مدفون ہوئے- چھوٹے مولوی ظہور اللہ، جنھوں نے میرے استاذ مولوی عبد الباقی مدظلہ سے پڑھا- وہ حیدر آباد دکن میں معزز و محترم ہیں اور "نصیر جنگ" کے خطاب سے نوازے گئے ہیں- ان کے بیٹوں میں بڑے انوار اللہ، منجھلے ظہور حسن اور سب سے چھوٹے سراج الحق ہیں-

(اللہ ان سب کی حفاظت فرمائے اور انھیں علم نافع عطا فرمائے)-

ملا افضل حسن [ف: ۱۸۹۵ء]:

رہے مولوی ظہور علی کے دوسرے صاحب زادے مولوی افضل حسن تو انھوں نے [اپنے والد مولوی ظہور علی اور ملا عبد الحلیم ابن ملا امین اللہ سے] پڑھا[۴]- ۱۳۱۳ھ [۱۸۹۵ء] میں وفات پائی[۵]- تین بیٹے یادگار چھوڑے، بڑے مولوی احمد حسن، ان کے ایک بیٹے ہیں- منجھلے مولوی محمد حسن، اور سب سے چھوٹے مولوی حامد حسن-

(اللہ کریم انھیں سلامت رکھے اور صلاح و تقوی عطا فرمائے)-

ع

[43]

ملا علاء الدین

[وفات ـــــ ۱۸۲۷ء]

ملا علاء الدین ابن ملا انوار الحق، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے بھائی ملا محمد نور الحق، ملا مبین، ملا اظہار الحق اور بحر العلوم ملا عبد العلی کی درس گاہوں میں زانوئے تلمذ تہ کیا[۱]۔ اپنے والد کے ہاتھ پر بیعت ہوئے، پھر مدراس چلے گئے، جہاں بحر العلوم ملا عبد العلی کے قائم مقام ہوئے اور "ملک العلماء" کے خطاب سے نوازے گئے۔ "شرح فصول اکبری" اور "حواشی بر حاشیہ سید زاہد بر رسالہ قطبیہ" تصنیف فرمائی۔ ۱۰رشوال ۱۲۴۲ھ [مئی ۱۸۲۷ء] کو مدراس میں ہی وصال ہوا اور اپنے خسر بحر العلوم ملا عبد العلی کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ ایک بیٹے ملا جمال الدین ہوئے، جن کا تذکرہ پیچھے گزر چکا ہے۔

[44]

ملا عبد العزیز ابن ملا سعید

[وفات ـــــ ۱۷۵۲ء]

ملا عبد العزیز ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد سے تعلیم پائی[۱] اور اپنے چچا ملا نظام الدین کے حکم سے حضرت سید اسماعیل بلگرامی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔ آپ متبحر عالم، شیخ کامل اور زاہد و خدا ترس بزرگ تھے۔ آپ کے اوصاف گوناگوں تھے اور کراموں

کا شہرہ بھی تھا[۲]، جس کا ذکر صاحب ”خیر العمل“ وغیرہ نے کیا ہے۔ ۹؍ذی قعدہ ۱۱۶۵ھ [ستمبر ۱۷۵۲ء] واصل بحق ہو کر معروف قبرستان ”باغ مولوی انور“ میں مدفون ہوئے۔ ایک صاحب زادے ملا یعقوب تھے جن کا تذکرہ آگے آئے گا۔

[45]

ملا عبد القدوس

[————]

ملا عبد القدوس ابن ملا یعقوب ابن ملا عبد العزیز نے اپنے والد اور ملا حسن سے اکتساب علم کیا اور عالم باعمل ہوئے[۱]۔ اسی (۸۰) برس سے زائد متوکلانہ اور زاہدانہ زندگی گزاری[۲]۔ اپنے والد کے حکم سے ملا غلام یحییٰ بہاری سے طریق باطنی حاصل کیا۔ کتب درسیہ پر آپ کے مختلف حواشی و تعلیقات ہیں۔ ایک بیٹے ملا عبد السلام ہوئے، جنھوں نے اپنے والد [ملا عبد القدوس] سے پڑھا اور عالم و فاضل ہوئے۔ پھر کہیں چلے گئے، اور ان کی کوئی خبر نہیں مل سکی۔

[46]

ملا عبد الرحیم

[وفات — ۱۸۵۸ء]

ملا عبد السلام کے ایک بیٹے ملا عبد الرحیم ہوئے، بقول صاحب ”خیر العمل“: عالم و فاضل تھے۔ [رجب] ۱۲۷۴ھ [فروری ۱۸۵۸ء] کی بغاوت ہند میں شہادت پائی[۱]۔ ان کے تین بیٹے ہوئے۔

[47]

ملا عبد الوہاب ابن عبد الرحیم

[وفات — ۱۹۱۲ء]

ملا عبد الرحیم کے سب سے بڑے بیٹے مولوی عبد الوہاب ہیں، جنھوں نے تعلیم حاصل کی[۱] اور وکالت کے عہدے پر معاشی حصول میں مصروف ہیں اور اپنی جوانی میں قرآن حفظ کر رہے

ہیں۔ شریعت پر عامل متقی و پرہیزگار ہیں۔ کوئی اولاد ذکور نہیں ہے۔ (اللہ کریم ان کی حفاظت فرمائے اور صالح اولاد عطا فرمائے۔)

[48]

ملا عبدالاحد شمشاد

[وفات ـــــ ۱۹۱۷ء]

ملا عبدالرحیم کے منجھلے صاحب زادے ملا عبدالاحد[۱] نے ملا رحمت اللہ ابن ملا نور اللہ سے تعلیم پائی۔ مدرسہ چشمۂ رحمت، غازی پور میں منصب تدریس پر فائز ہیں۔ آپ کی تصانیف میں حاشیہ مختصر المعانی ہے۔ آپ نے دو دیوان میں اشعار جمع کیے ہیں[۲]۔ آپ کی کوئی اولاد کفو نہیں ہے۔ غازی پور میں آپ نے عقد کیا[۳]، جس سے ایک بیٹے عبدالاول ہوئے۔ (اللہ سلامت رکھے)۔

[49]

ملا عبدالعزیز ابن عبدالرحیم

[وفات ـــــ ۱۹۱۹ء]

ملا عبدالرحیم کے چھوٹے صاحب زادے ملا عبدالعزیز نے مولانا عبدالحی اور ملا عبدالرزاق وغیرہما سے درسی کتابیں پڑھیں اور علم طب حاصل کیا۔ آپ نے متعدد کتابیں تصنیف کیں اور حواشی لکھے، آپ کے حواشی میں حاشیۃ علی العینی علی الکنز اور حاشیہ شرح وقایہ (جلد چہارم) ہے[۱]۔ فقہی جزئیات ازبر کر رہے ہیں۔ میرے دادا مولانا عبدالرزاق قدس سرہ سے بیعت ہیں۔ آپ زاہد و متقی، عبادت گزار اور نماز باجماعت کے پابند ہیں۔ کالون اسکول میں مدرس ہیں[۲]۔ (اللہ کریم آپ کو ہمارے لیے نافع بنائے۔) آپ کے تین صاحب زادے ہیں۔

[50]

ملا عبدالسلام محمد بقا

[وفات ـــــ ۱۹۶۸ء]

ملا عبدالعزیز کے بڑے بیٹے مولوی عبدالسلام محمد بقا نے اپنے والد سے، اور مجھ سے اور مولوی

عظمت اللہ سے تلمذ پایا۔ انگریزی تعلیم حاصل کر کے اس میں بھی کمال حاصل کرلیا اور عدالت میں ملازم ہو گئے لہ۔ کثیر مشکلات کے باوجود تحصیل علوم کی تکمیل میں اب تک مصروف ہیں۔ (اللہ علم نافع اور صالح اولاد عطا فرمائے۔) احکام روزہ کے بیان میں آپ کی ایک تصنیف ہے۔

[51]

مفتی عبدالقیوم محمد قائم

[وفات ـــــ ۱۹۷۷ء]

ملا عبدالعزیز کے منجھلے بیٹے مولوی عبدالقیوم محمد قائم نے مجھ سے، اور مولانا عبدالباقی، اور مولوی عظمت اللہ اور مفتی محمد یوسف ابن مولوی قاسم سے پڑھا۔ اب درس وتدریس میں مصروف ہیں لہ۔ (اللہ ان کے علم اور عمر میں اضافہ فرمائے۔) آپ ہمارے محلے میں واقع مدرسہ نظامیہ میں ملازم ہیں۔ آپ نے متعدد کتابیں تصنیف کی اور حواشی لکھے ہیں، ان میں حاشیہ میزان، رسالہ فی احکام الصلوٰۃ اور حاشیہ مختصر المعانی ہیں۔

[52]

مفتی عبدالقادر

[وفات ـــــ ۱۹۵۹ء]

ملا عبدالعزیز کے چھوٹے بیٹے مولوی عبدالقادر بچے ہیں، مدرسہ نظامیہ میں زیر تعلیم ہیں لہ۔ (اللہ انھیں علم وحلم عطا فرمائے، گناہوں سے محفوظ رکھے اور ان کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔)

[53]

ملا عبدالوالی

[وفات ـــــ ۱۸۶۳ء]

ملا عبدالوالی لہ ابن ملا ابی الکرم، ابن ملا محمد یعقوب، ابن ملا عبدالعزیز ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے ماموں ملا نورالحق سے علوم وفنون سیکھے اور اپنے سوتیلے دادا ملا انوارالحق کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ ایک زمانے تک درس وتدریس سے وابستہ رہے، پھر امور باطنیہ کے

اکتساب میں مشغول ہو گئے اور اپنے عہد کے شیخ المشائخ اور نمونہ اسلاف ہوئے۔ بے شمار لوگ آپ کے سلسلۂ طریقت سے وابستہ ہوئے اور بے حساب لوگوں نے آپ سے تلمذ پایا۔ آپ اپنی زندگی کے آخری دنوں میں مثنوی رومی کا درس دیتے اور اس کے نکات ولطائف بیان فرماتے تھے۔ "خیر العمل" میں مذکور ہے کہ: آپ کی متعدد کرامتیں ہیں جب کہ آپ کے ملفوظات بہت نفع بخش ہیں۔ ۲۲ر شعبان ۱۲۷۹ھ [فروری ۱۸۶۳ء] میں وصال ہوا اور "باغ مولوی انوار" میں مولانا عبدالحق کی قبر کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ [قبر] زیارت گاہ انام اور منبع فیوض وبرکات ہے۔ آپ کی کوئی اولاد ذکور نہیں تھی۔

[54]

ملا عزیز اللہ

[وفات ـــــ ۱۷۷۷ء]

ملا عزیز اللہ ابن ملا محمد ولی، ابن قاضی غلام مصطفی، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید حصول علم کے بعد حج کے ارادے سے سورت گئے اور وہاں شاہ حفیظ اللہ سورتی سے سلسلۂ طریقت میں بیعت ہو گئے [1]۔ مولوی خیر الدین سورتی سے حدیث کا درس لیا اور وہیں اپنے والد کی زندگی میں [۲۸ر جمادی الاولی] ۱۱۹۱ھ [جولائی ۱۷۷۷ء] کو لاولد فوت ہوئے۔

[55]

ملا علی محمد

[وفات ـــــ ۱۸۷۱ء]

ملا علی محمد ابن مولانا معین، ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے مولانا خادم احمد ابن مولانا حیدر ابن ملا مبین سے تحصیل علوم کیا۔ آپ عالم، فاضل [1] اور ایسے کامیاب واعظ تھے کہ جن کی مجلس وعظ میں بکثرت لوگ آتے اور استفادہ کرتے۔ آپ نے چند کتابیں لکھی ہیں، جن میں ہدایت نسواں، چشمۂ فیض اور ایک رسالہ مسائل زکوۃ پر ہے۔ [۱۶ر رمضان] ۱۲۸۸ھ [نومبر ۱۸۷۱ء] میں مبتلائے ہیضہ ہو کر وفات پائی۔

تین صاحب زادے ہوئے-

ملا محمد ابراہیم [ف: ۱۸۹۸ء]:

ملا علی محمد کے سب سے بڑے بیٹے مولانا [محمد] ابراہیم تھے، جنھوں نے میرے دادا مولانا عبدالرزاق سے پڑھا اور انھی سے اجازت وخلافت بھی پائی- زاہد ومتقی تھے- ہر جمعہ کو اپنے والد کی جگہ جمعہ میں خطاب فرماتے- آپ نے متعدد بار حج کیا، پھر ہجرت کر گئے اور مدینہ منورہ کو اپنا وطن بنالیا اور وہیں [ذی قعدہ] ۱۳۱۵ھ [اپریل ۱۸۹۸ء] کو وصال فرمایا- دو بیٹے یادگار چھوڑے جن میں محمد عظیم نے مجھ سے اور مولانا عبدالباقی سے پڑھا- ان کے ایک بیٹے محمد کریم ہیں (اللہ ان دونوں کی حفاظت فرمائے-)

[56]

ملا عبدالباقی

[وفات — ۱۹۴۵ء]

ملا علی محمد کے منجھلے صاحب زادے مولانا عبدالباقی اپنے عہد کے اکابر علما اور مشاہیر فضلا سے ہیں- آپ نے مولانا عبدالحی، ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ اور ملا عین القضاۃ اور ان جیسے مشاہیر اساتذہ سے تحصیل علوم وفنون کیا- میرے دادا مولانا عبدالرزاق سے بیعت ہوئے اور اجازت و خلافت پائی- آپ نے متعدد بار حرمین کا سفر کیا اور میرے دادا اور دیگر شیوخ عرب سے علم حدیث پڑھا اور اجازت حدیث حاصل کی- وطن [لکھنو] میں بہت سے لوگ آپ کے شاگرد ہوئے- فی الحال حرم نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں درس دیتے ہیں، جس سے کثیر لوگ استفادہ کرتے ہیں[1]- آپ نے درج ذیل اور ان جیسی چند کتابیں بھی تصنیف فرمائی اور مختلف کتابوں پر حواشی بھی رقم فرمائے ہیں[2]:

- تکملہ خیر العمل [بتراجم فرنگی محل]
- رسالہ فی صلوۃ الجنازۃ فی المساجد [تحفة الأماجد بحكم صلاة الجنازة في المساجد]
- رسالہ فی تحقیق بیعۃ مولانا انوار الحق [إظهار الحق في بيعة مولانا أنوار الحق]
- رسالہ فی سدل الثواب

- رسالہ فی علم الغیب [کشف رین الریب عن مسألة الغیب]
- رسالہ فی السماع [إغنام الأنام بحکم سماع الصوفية الكرام]

(اس موضوع پر اس جیسی کوئی دوسری کتاب نہیں لکھی گئی)

- حسرۃ الفحول بوفاۃ نائب الرسول

آپ کی کوئی اولاد نہیں ہے، (اللہ کریم صالح اولاد عطا فرمائے۔)

[57]

ملا عبد الهادی

[وفات — ۱۹۳۶ء]

ملا علی محمد کے سب سے چھوٹے بیٹے مولوی عبد الهادی نے اپنے بھائی [ملا عبد الباقی]، مولانا عین القضاۃ اور مولانا افہام اللہ وغیرہم سے علوم و فنون کی تحصیل کی۔ میرے دادا مولانا عبد الرزاق کے ہاتھ پر بیعت ہوئے، پھر دادا اور میرے والد مولانا عبد الوہاب قدس اسرارہما سے اکتساب طریقت کیا۔ شیوخ عرب سے احادیث کی اجازت پائی لہ۔ فی الحال مدرسہ نظامیہ [فرنگی محل] میں مدرس ہیں۔ آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں:

- احسن العمل بتراجم فرنگی محل
- فسانۂ غم والم (شہادت امام حسین علیہ السلام کے بیان میں)
- مجربات عثمانیہ (اعمال واوراد)
- وظائف قادریہ (اوراد و وظائف)
- فضائل غوثیہ (حیات قطب الاقطاب، غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ)
- توسل (قضائے حاجات)
- انشراح صدر باسماء البدر
- رسالہ معراج
- حاشیہ بر فوائد ضیائیہ

- حاشیہ براخوان الصفا

اللہ کریم آپ کی حفاظت فرمائے اور صالح اولاد عطا فرمائے[2]۔

[58]

ملا عبدالرزاق

[وفات ــــ ۱۸۸۹ء]

مولانا عبدالرزاق[1] ابن ملا جمال الدین، ابن ملا علاء الدین، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے مفتی اصغر اور ان کے بیٹے مفتی محمد یوسف سے تلمذ پایا۔ مرزا حسن علی محدث، شیخ حسین احمد محدث (تلامذہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی) اور شیخ محسن ابن بدر سے علم حدیث کی تحصیل کی۔ اپنے ماموں مولانا عبدالوالی قدس سرہ العزیز سے اکتساب طریقت کیا اور ان کے وصال کے بعد ان کے جانشین ہوئے۔ آپ سے کثیر لوگوں نے تلمذ پایا اور ایک جم غفیر بیعت ہو کر آپ کے سلسلۂ ارادت میں داخل ہوا۔

میرے بھائی مولانا عبدالحی نے "مقدمہ عمدۃ الرعایہ" میں آپ کے ذکر میں لکھا ہے کہ "آپ عبادت گزار فقیہ اور زاہد بے ریا تھے۔ فقہی جزئیات خوب مستحضر تھیں۔" آپ کی کرامات وخوارق بہت ہیں اور مشہور بھی۔ آپ کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ آپ نے بعض جنات سے ملاقات کی اور ان سے احادیث سماعت کی۔ آپ نے بحر العلوم ملا عبدالعلی سے طریقہ اویسیہ کی اجازت پائی اور ان کے بعض مریدین سے بالمشافہ سلسلہ صدیقیہ کی اجازت سے سرفراز ہوئے جسے بحر العلوم نے بلاواسطہ مشکوٰۃ نبوت سے اکتساب کیا تھا۔ اس کی تفصیل اپنے مقام پر ہے۔

آپ کی تصانیف کی تعداد کثیر ہے، جو اہمیت کی حامل ہیں:

- حاشیہ شرح وقایہ
- منہج الرضوان [فی قیام رمضان]
- کشف القضاۃ فی احوال الاموات
- رسالہ مقامات تصوف

- انوار غیبیہ
- رسالہ سعد و نحس
- رسالہ آداب مطالعہ
- عمدۃ الوسائل (تصوف)
- احسن الخصائل (شرح عمدۃ الوسائل)
- ۱۲؍عدد رسائل (میلاد مصطفی ﷺ کے موضوع پر)
- ایک طویل رسالہ (میلاد مصطفی ﷺ کے موضوع پر)
- حضیط العشاق فی احوال النبی المشتاق
- ۱۱؍عدد رسائل (غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ کے احوال میں)
- ۴؍عدد رسائل (خلفائے اربعہ کے ذکر میں)
- ۲؍رسالے (امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کے احوال میں)
- ۲؍رسالے (اوقات نماز کے بیان میں)
- مقدمۃ التفسیر
- شرح اسمائے حسنیٰ (عربی)
- شرح اسمائے حسنیٰ (فارسی)

۲۵؍صفر ۱۳۰۷ھ [اکتوبر ۱۸۸۹ء] کو آپ کا وصال ہوا اور مولانا انوار الحق قدس سرہ کی قبر کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ ملا محمد حیدر کی صاحب زادی سے آپ کا عقد ہوا جن سے تین صاحب زادے ہوئے۔

[59]

ملا عبد الباسط

[وفات ــــ ۱۸۷۸ء]

مولانا عبد الرزاق کے بڑے بیٹے مولانا عبد الباسط تھے، جنھوں نے اپنے والد سے مروجہ

کتابیں پڑھیں اور قرآن کریم حفظ کیا۔ ”خیر العمل“ میں مذکور ہے کہ: آپ باصلاحیت اور ذی استعداد عالم دین تھے[۱]۔ مولانا عبدالوالی قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور اپنے والد سے تمام سلاسل کی اجازت پائی۔ چند رسائل تصنیف کیے مگر وہ مرتب نہ ہو سکے۔ آپ کا ایک ”مجموعہ فتاویٰ“ ہے جس کو میں نے ”فتاویٰ قیام الملۃ والدین“ میں شامل کرلیا ہے۔ سلطنت نظام [دکن] میں ملازم تھے۔ ۲۱ رذی الحجہ ۱۲۹۵ھ [۱۸۷۸ء] میں وصال ہوا۔ کوئی اولاد ذکور نہیں تھی۔

[60]

ملا عبدالوہاب

[وفات ـــــ ۱۹۰۳ء]

مولانا عبدالرزاق کے منجھلے صاحب زادے مولانا عبدالوہاب میرے والد اور مرشد ہیں۔ آپ نے اپنے والد سے اکتساب علوم وفنون کیا اور عالم، فاضل، مدرس اور مفتی ہوئے[۱]۔ اپنے والد کے وصال کے بعد آپ نے تمام مشغولیات ترک کردیں اور ان کے جانشین اور خلیفہ ہوئے۔ سلسلۂ قادریہ میں مولانا عبدالوالی قدس سرہ کے دست مبارک پر بیعت ہوئے، پھر اپنے والد کے ہاتھ پر تجدید بیعت کی۔ میں نے ”حسرۃ المسترشد [لوصال المرشد]“ کے نام سے آپ کے احوال پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے۔

آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں:

- رسالہ (فاتحہ کے جواز میں)
- رسالہ (غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کے ذکر میں)
- حواشی متفرقہ بر حاشیہ قطبی (از سید [شریف جرجانی])
- حاشیہ توضیح
- حاشیہ مثنوی معنوی

ان جیسا زاہد، متقی اور منکسر المزاج میں نے نہیں دیکھا۔ ۲ رمحرم ۱۳۲۱ھ [اپریل ۱۹۰۳ء] کو مرض طاعون میں وصال فرمایا۔ آپ کے دو بیٹے ہوئے۔

[61]

ملا عبد الرؤف

[وفات — ۱۹۰۵ء]

ملا عبد الوہاب کے بڑے بیٹے مولوی عبد الرؤف تھے، جنھوں نے مولانا عبد الباقی، مولانا الہام اللہ اور مولانا فضل اللہ سے مروجہ علوم پڑھے [1]- اپنے دادا مولانا عبد الرزاق قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے- اپنے والد سے اجازت وخلافت پائی اور ان کے وصال کے بعد ان کے جانشین ہوئے- دو بار حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور شیخ محمد علی ابن ظاہر الوتری اور شیخ امین الرضوان جیسے شیوخ حدیث نے آپ سے اجازت حاصل کی- آپ کی تصانیف میں ترجمہ فوائد علمی ہے جو نامکمل ہے- ۹/ ذی قعدہ ۱۳۲۲ھ [جنوری ۱۹۰۵ء] کو وفات پائی- ایک صاحب زادے ہوئے جن کا نام قطب الدین عبد الوالی سلمہ ہے، جنھوں نے قرآن کریم حفظ کیا اور اپنے والد کے جانشین ہوئے [2]- (اللہ انھیں علم نافع عطا کرے اور عمل صالح کی توفیق بخشے-)

[62]

مولانا محمد قیام الدین عبد الباری

[وفات — ۱۹۲۶ء]

میں، فقیر محمد قیام الدین عبد الباری الانصاری [1] مولانا عبد الوہاب کا چھوٹا بیٹا ہوں- میں نے مروجہ کتابیں اپنے استاذ مولانا عبد الباقی اور مولانا عین القضاۃ سے پڑھیں- میں نے ان دونوں اساتذہ اور عراق وعرب کے مشائخ سے اجازت حدیث حاصل کی- جب میں چھوٹا تھا تو اپنے جد محترم [ملا عبد الرزاق] قدس سرہ کے دست مبارک پر بیعت ہوا، پھر اپنے والد گرامی قدس سرہ سے تجدید بیعت کر لی- میں نے کثیر تعداد میں کتابیں تصنیف کی اور متعدد حواشی بھی لکھے ہیں- (اللہ کریم قبولیت سے سرفراز فرمائے-)

علم صرف:

- ●تحفۃ الإخوان [مختصر المیزان]

- هدية الغلان [شرح الميزان]
- المنتخب مختصر المنشعب
- سلسلة الذهب [شرح المنشعب]
- تسهيل الصرف
- جامع القواعد
- إرتقاء الشرف [بعلم الصرف]
- مقدمة الصرف
- شرح هداية الصرف
- شرح الفصول الأكبري (مؤخر الذکر دونوں کتابیں نامکمل ہیں۔)

علم نحو:

- نور الصباح حاشية المصباح
- هدية الطلبة
- شرح هداية النحو
- حاشية الألفيه (مؤخر الذکر دونوں کتابیں نامکمل ہیں۔)

علم حکمت:

- تحفة الأحباب [في صفة الأسطرلاب]
- عين الصواب [في صنعة الأسطرلاب]
- الحاشية النافعة [على طفرة الزاوية]

علم منطق:

- إعتصام الأذهان [بصنعة الميزان]
- شرحان لايساغوجي (عربی، اردو)
- تقريب الأذهان [شرح تهذيب الميزان]

طرفة:

- العمل المغفور [في زيارة القبور]
- رحمة الغفور [لزائر القبور]
- خير الزاد [لسفر المعاد]
- الفيض الرحماني حاشية الخلاصة للكيداني
- قرة العينين في إيمان الأبوين
- حياة أولي الألباب
- الخطر بسوال القبر
- رسالة في تحقيق الجزية
- إحقاق السماع
- أحسن القربات [في تحقيق صلوٰة الجمعة في القصبات]
- رجم الشيطان [بتكرار الأذان]
- غاية المامول [في جواز تسمية فضل احمد و فضل رسول]
- القول المؤيد [لتكرار صلوٰة الجمعة في مسجد واحد]
- كشف الحال [عن المانع لرؤية الهلال]
- طعن السنان [بزيادة أسامي الخلفاء في الأذان]
- التعليق المختار [على كتاب الآثار]
- رسالة في مسائل الطهارة
- ذب الطاعنين [في الأذان لدفع الطواعين]
- خير الدعاء [في الطاعون والوباء]
- الحرز المصون [للوباء والطاعون]
- رحمة الأمة [في شهادة الأمة]

- صرع الجان [فی نسمة الإنسان]
- فتاوی قیام الملة والدین و مقدمتها

علم فرائض (میراث):

- کتاب الفرائض
- حاشیة السراجیة
- الإظهار فی توریث الإحماء والإصهار

علم کلام:

- غایة الکلام [شرح الوصایا للإمام]
- زبدة الفوائد [شرح نظام العقائد]
- کتاب العقائد

اصول فقہ:

- ملهم الملکوت [شرح مسلَّم الثبوت]
- رسائل سائنس و کلام [۲-۳/جلدیں]

علم حدیث:

- الدرة الباهرة [فی الأحادیث المتواترة]
- شفاء الصدور [فی أحادیث صلوٰة الأسبوع والشهور]
- راحة الفؤاد [فی فراق الأحباء والأولاد]
- الإرشاد فی الإسناد
- الباقیات الصالحات
- الإستبشار بفضائل الأنصار

علم تفسیر:

- فیض القادر [فی تفسیر آیة الغافر]

سیر:

- تنویر الصحیفة [فی تابعیة أبی حنیفة] (عربی، اردو)
- شهادة الحسین
- تنشیط المحبین [ذکر محبوب رب العالمین]
- رسالة فی الوفاة
- رسالة فی المعراج
- مختصر التاریخ
- أصول التاریخ

تصوف و سلوک:

- أفضل الشمائل
- سبیل الرشاد
- رسالة النصیحة
- رسالة التوبة
- نظم الفرائد فی بعض الفوائد
- الهیاکل المعنویة للشمائل الترمذیة

"حسرة المسترشد" میں میں نے اپنے احوال لکھے ہیں، تفصیل کے لیے وہاں رجوع کیا جا سکتا ہے۔

[63]

ملا عبد الحلیم

[وفات ـــــ ۱۸۶۸ء]

ملا عبد الحلیم ابن امین اللہ، ابن ملا اکبر، ابن ملا ابی الرحم، ابن ملا یعقوب، ابن ملا عبد العزیز، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد، مفتی ظہور اللہ، مفتی محمد اصغر، مفتی محمد یوسف

اور مولانا نعمت اللہ سے تلمذ پایا اور باصلاحیت عالم دین ہوئے[1]۔ ایک زمانے تک وطن میں درس دیا، پھر وہاں قیام کا اتفاق نہیں ہوا۔ مدتوں جون پور میں بحیثیت مدرس مقیم رہے۔ عرصے تک باندا میں قیام رہا، پھر حیدر آباد دکن چلے گئے، وہاں انھیں عدالت عالیہ کا عہدہ تفویض کیا گیا اور اس منصب کے ساتھ درس وتصنیف میں بھی مشغول رہے۔ آپ کے حواشی کی تعداد کثیر ہے، جو مقبول اور مطبوع ہیں۔ آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں[2]:

- **رسالة في الإشارة في التشهد**
- **حل المعاقد في شرح العقائد**
- **نظم الدرر في سلک شق القمر**
- **التحلية شرح التسوية**
- **نور الإيمان في آثار حبيب الرحمن**
- **بركات الحرمين**
- **الإملاء في تحقيق الدعاء**
- **إنقيام المصابيح في صلوة التراويح**
- **غاية الكلام في مسائل الحلال والحرام**
- **خير الكلام في مسائل الصيام**
- **القول الحسن فيما يتعلق بالنوافل والسنن**
- **عمدة التحرير في مسائل اللون واللباس والحرير**
- **السقاية لعطشان الهداية**
- **قمر الأقمار حاشية نور الأنوار**
- **التعليق الفاضل [على] حاشية الطهر المتخلل**
- **رسالة في أحوال سفر الحرمين**
- **التحقيقات المرضية لحل حاشية الزاهد على الرسالة القطبية**

- القول الأسلم لحل شرح السلم
- الأقوال الأربعة
- كشف المكتوم في حاشية بحر العلوم
- القول المحيط فيما يتعلق بالجعل المؤلف والبسيط
- معين الغائصين في ردّ المغالطين
- الإيضاحات لمبحث المختلطات
- كشف الإشتباه في حل شرح السلّم للمولوي حمد الله
- البيان العجيب شرح ضابطة التهذيب
- كاشف الظلمة في بيان أقسام الحكمة
- الفرمان حاشية بديع الميزان
- حواشي على الحاشية القديمة
- حل النفيسي

آپ کے صاحب زادے [ابوالحسنات] مولانا عبدالحی نے ”حسرۃ العالم [بوفاۃ مرجع العالم]“ میں آپ کے احوال لکھے ہیں، تفصیل وہاں ملاحظہ کریں۔

[64]

مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی

[وفات——۱۸۸۶ء]

مولانا عبدالحی لہ ابن مولانا عبدالحلیم نے اپنے والد ماجد سے اکتساب علوم وفنون کیا اور علم ریاضی کی بعض کتابیں اپنے والد کے استاذ مولانا نعمت اللہ سے پڑھیں۔ آپ متعدد بار حج بیت اللہ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور وہاں اپنے مشائخ کرام سید احمد زینی دحلان شافعی، سید محمد ابن عبداللہ ابن حمید حنبلی اور مولانا عبدالغنی ابن مولانا ابوسعید دہلوی سے اجازت حدیث حاصل کی۔ آپ اپنی جائے سکونت ہی میں مقیم رہ کر درس وافادہ کا سلسلہ جاری رکھا، کتابیں تصنیف فرمائیں

اور فتاوے صادر فرمائے۔ (اللہ ان کو قبولیت سے سرفراز فرمائے۔) آپ کی تصنیفات وتالیفات شہرت واہمیت کی حامل ہیں اور تمام علوم وفنون میں آپ کے تبحر کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

علم صرف:

- چار گل
- امتحان الطلبة [في الصيغ المشكلة]
- التبيان [في] شرح الميزان (تکملہ وشرح)

علم نحو:

- إزالة الجمد [عن إعراب أكمل الحمد]
- خير الكلام [في تصحيح كلام الملوك ملوك الكلام]

مناظرہ:

- الهدية المختارية [شرح الرسالة العضدية]

منطق وحکمت:

- هداية الورىٰ الى لواء الهدىٰ (حاشیہ قدیمہ برحاشیہ محقق غلام یحییٰ بہاری)
- مصباح الدجى [في لواء الهدىٰ] (لواء الہدیٰ پر جدید حاشیہ)
- نور الهدىٰ [لحملة لواء] الهدىٰ (لواء الہدیٰ پر جدید ترین حاشیہ)
- التعليق العجيب لحلّ حاشية الجلال لمنطق التهذيب
- حل المغلق في بحث مجهول المطلق
- ميسر العسير [في مبحث المثناة بالتكرير]
- الإفادة الخطيرة [في بحث نسبة سبع عشر شعيرة]
- مفيد الخائفين [في جواب من ردّ على معين الغائصين]
- التعليق النفيس [على خطبة شرح الموجز]
- تكملة حل النفيسي

- المعارف بما في حواشي شرح المواقف
- تعليق الحمائل على تعليق السيد الزاهد المتعلق بشرح الهياكل
- دفع الكلال [عن طلاب تعليقات الكمال]
- حاشية بديع الميزان
- الكلام الوهبی [في حل بعض عبارات القطبي]
- الكلام المتین [في تحریر البراهين]

تاریخ:

- حسرة العالم [بوفاة مرجع العالم]
- الفوائد البهية [في تراجم الحنفية]
- التعليقات السنية [على الفوائد البهية]
- إبراز الغي [الواقع في شفاء العي]
- تذكرة الراشد [برد تبصرة الناقد]
- النافع الكبير [لمن يطالع الجامع الصغير]
- مقدمة التعليق الممجد
- مقدمة عمدة الرعاية
- مقدمة السعاية
- مقدمة الهداية
- مذيلة الدراية [لمقدمة الهداية]
- طرب الأماثل [بتراجم الأفاضل]
- فرحة المدرسين [بذكر المؤلفات والمؤلفين]
- خير العمل [بتراجم علماء فرنجي محل]
- النصب الأوفر في تراجم علماء الائمة الثالثة عشر

- رسالة في ذكر تراجم السابقين من علماء الهند

فقہ، حدیث، سیر:

- حسن الولاية [بحلّ شرح الوقاية]
- عمدة الرعاية [في حلّ شرح الوقاية]
- [شرح شرح الوقاية المسمّىٰ] بالسعاية
- الفلک المشحون [في انتفاع المرتهن بالمرهون]
- القول الجازم [في سقوط الحد بنكاح المحارم]
- الفلک الدوّار [في رؤية الهلال بالنهار]
- الإفصاح [عن حكم شهادة المرأة في الإرضاع]
- تحفة النبلاء [في جماعة النساء]
- الكلام الجليل [فيما يتعلق بالمنديل]
- ترويح الجنان [تشريح حكم شرب الدخان]
- زجر أرباب الريان [عن شرب الدخان]
- ردع الإخوان [عن محدثات آخر جمعة رمضان]
- دافع الوسواس [في أثر ابن عباس]
- زجر الناس [على إنكار أثر ابن عباس]
- الآيات البينات [على وجود الأنبياء في الطبقات]
- الإنصاف في حكم الإعتكاف
- نفع المفتي والسائل [بجمع متفرقات المسائل]
- تحفة الطلبة [في تحقيق مسح الرقبة]
- إقامة الحجة [على أن الإكثار في التعبد ليس ببدعة]
- إفادة الخير [في الإستياک بسواک الغير]

- التحقيق العجيب [في التثويب]
- رفع الستر [عن كيفية إدخال الميت وتوجيهه إلى القبلة في القبر]
- مباحة الفكر [في جهر بالذكر]
- خير الخبر [في آذان خير البشر]
- إمام الكلام [فيما يتعلق بالقرأة خلف الإمام]
- غيث الغمام [على حواشي إمام الكلام]
- الآثار المرفوعة [في الأخبار الموضوعة]
- نزهة الفكر [في سبحة الذكر]
- النفحة [النفحة بتحشية النزهة]
- زجر الشبان والشيبة [عن إرتكاب الغيبة]
- عمدة النصائح [في ترک القبائح]
- اللطائف المستحسنة [بجمع خطب شهور السنة]
- الهسهسة [بنقض الوضوء بالقهقهة]
- القول المنشور [في هلال خير الشهور]
- القول المنثور [على القول المنشور]
- أكام النفائس [في أداء الأذكار في لسان الفارس]
- الرفع والتكميل [في الجرح والتعديل]
- ظفر الأماني [في شرح مختصر الجرجاني]
- الكلام المبرم [في نقض القول المحقق المحكم]
- الكلام المبرور [في ردّ القول المنصور]
- السعي المشكور [في ردّ المذهب المأثور]
- قرت المغتذين [بفتح المقتدين]

- القول الأشرف [في الفتح عن المصحف]
- تحفة الأخيار [في إحياء سنة سيد الأبرار]
- نخبة الأنظار [على تحفة الأخيار]
- التعليق الممجد [على موطا الإمام محمد]
- تبصرة البصائر [في معرفة الأواخر]
- تحفة الثقات [في تفاضل اللغات]
- جمع الغرر [في ردّ نثر الدرر]
- أحكام القنطرة [في أحكام البسملة]
- غاية المقال [فيما يتعلق بالنعال]
- ظفر الأنفال [تعليق غاية المقال]
- تدوير الفلك [في حصول الجماعة بالجن والملك]
- در المآرب في شان أبي طالب
- تحفة الأمجاد بذكر خير الأعداد

۲۹؍ ربیع الاول ۱۳۰۴ھ [۲۵؍ دسمبر ۱۸۸۶ء] کو وصال فرمایا اور "باغ مولوی انوار" میں مدفون ہوئے- کوئی اولاد ذکور نہیں تھی- آپ کی عمر ۳۹؍ برس تھی- مولانا عبد الباقی نے "حسرة الفحول لوفاة نائب الرسول" کے نام سے اپنے ایک مستقل رسالے میں آپ کے احوال لکھے ہیں، تفصیل وہاں ملاحظہ کیا جائے-

[65]

بحر العلوم ملا عبد العلی

[وفات—۱۸۱۰ء]

بحر العلوم ملا عبد العلی لہ ابن ملا نظام الدین محمد ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد سے تحصیل علوم وفنون کیا- فاضل روزگار، فائق الاقران، آماج گاہِ طالبان علوم اور ملجا وماویٰ تھے- حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کامل روحانی تعلق تھا- آپ نے حالت بیداری میں حضور صلی اللہ علیہ

وسلم کے دست اقدس پر بیعت کی- ایک طویل عرصے تک وطن میں قیام پذیر رہے، پھر شاہجہان پور چلے گئے، پھر رام پور، پھر خطہ پورب میں بوہار، پھر مدراس، جہاں اعزاز و احترام کے ساتھ مقیم رہے- نواب والا جاہ اور بہت سے امرا و حکمرانوں نے آپ سے تلمذ پایا- جذب الٰہی کے غلبے کی وجہ سے شعور و آگہی سے بیگانہ ہو جاتے اور اس کیفیت میں نماز کے دوران جذب و عشق پر مشتمل اشعار گنگناتے تھے- آپ کی عجیب و غریب کرامتیں اور خوارق عادات ہیں- آپ نے کثیر تعداد میں مفید و معروف کتابیں تصنیف فرمائی ہے، جو حسب ذیل ہیں:

- شرح مسلم الثبوت
- شرح سلم العلوم
- حواشی زواہد ثلثہ
- حاشیہ شرح ہدایۃ الحکمۃ (صدر ا[لدین شیرازی])
- حاشیہ شمس بازغہ
- رسالہ وحدۃ الوجود
- شرح فقہ اکبر (از امام ابو حنیفہ)
- شرح الدائر فی الاصول
- تکملہ حاشیہ شرح تحریر الاصول (از ملا نظام الدین)
- شرح مثنوی رومی

[۱۲ر رجب] ۱۲۲۵ھ [اگست ۱۸۱۰ء] میں آپ کا وصال ہوا اور مسجد میں مدفون ہوئے، [قبر] زیارت گاہ انام اور منبع فیوض و برکات ہے- آپ کے تین صاحب زادے ہوئے-

[66]

ملا عبد الاعلیٰ

[وفات — ۱۷۹۳ء]

بحر العلوم ملا عبد العلی ؒ کے سب سے بڑے صاحب زادے مولانا عبد الاعلیٰ تھے، جنھوں

نے اپنے والد سے تعلیم حاصل کی۔ کثیر کتابیں تصنیف کیں، جو اہمیت کی حامل ہیں۔ ان میں سے چند حسب ذیل ہیں:

- شرح فقہ اکبر
(اس کتاب میں آپ نے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں زبان طعن دراز کیا ہے)
- رسالہ قطبیہ (یہ رسالہ تاریخ کے موضوع پر ہے)
- شرح مناقب رزاقیہ (اپنے جد امجد کے مناقب و محاسن پر)
- رسالہ فی الاوراد

[۲۸ر شعبان] ۱۲۰۷ھ [اپریل ۱۷۹۳ء] کو آپ کے والد کی حیات میں آپ کا وصال ہوا۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے۔

[67]

ملا عبدالواحد

[وفات—۱۸۴۵ء]

مولانا عبدالاعلیٰ کے پہلے بیٹے ملا عبدالواحد[۱] تھے، جنھوں نے ملا ازھار الحق اور بحر العلوم ملا عبدالعلی سے علم حاصل کیا۔ [۲۹ر محرم] ۱۲۶۱ھ [۷ر فروری ۱۸۴۵ء] میں وصال ہوا۔ پس ماندگان میں ایک بیٹے ملا عبدالوحید محمد تھے، انھوں نے ملا قدرت علی اور اپنے چچا [ملا عبدالرب] (جن کا تذکرہ آگے آئے گا) سے پڑھا۔ علم فرائض میں ان کو مہارت تامہ حاصل تھی، یہاں تک کہ اس فن میں ضرب المثل ہو گئے۔ [۴ر شعبان] ۱۲۷۹ھ [جنوری ۱۸۶۳ء] میں لاولد فوت ہوئے۔

[68]

ملا عبدالواجد

[وفات—۱۸۲۵ء]

مولانا عبدالاعلیٰ کے دوسرے بیٹے ملا عبدالواجد نے اپنے دادا بحر العلوم ملا عبدالعلی اور اپنے چچا ملا عبدالرب سے تلمذ حاصل کیا[۱]۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔ تعزیہ داری کے جواز میں آپ کا ایک رسالہ ہے۔

[69]

ملا عبدالنافع

[وفات—۱۸۰۸ء]

بحرالعلوم ملا عبدالعلی کے منجھلے صاحب زادے مولانا عبدالنافع لہ تھے، جنھوں نے اپنے والد بحرالعلوم ملا عبدالعلی، ملا ولی ابن ملا غلام مصطفی اور ملا یعقوب ابن ملا عبدالعزیز سے علوم و فنون سیکھا۔ [۲۸ رشعبان] ۱۲۲۳ھ [اکتوبر ۱۸۰۸ء] میں وصال ہوا۔ ایک بیٹے ملا عبدالجامع ہوئے۔

[70]

ملا عبدالجامع

[وفات—۱۸۵۶ء]

ملا عبدالجامع نے ملا عبدالرب، ملا نورالحق اور ملا قدرت علی سے پڑھا لہ اور حیدرآباد دکن چلے گئے اور وہیں ہیضے کے مرض میں [۲۳ رشوال] ۱۲۷۲ھ [جون ۱۸۵۶ء] کو انتقال فرما گئے۔ چار بیٹے ہوئے۔ سب سے بڑے ملا ابوالحسن محمد صالح جن کا تذکرہ حرف "ح" کے تحت گزر چکا ہے۔

[71]

ملا عبدالرحمن

[وفات—۱۸۸۶ء]

ملا ابوالحسن محمد صالح سے چھوٹے مولوی عبدالرحمن [ابن ملا عبدالجامع] نے ملا عبدالحلیم ابن ملا امین اللہ، اور ملا ظہور علی ابن ملا حیدر سے تعلیم پائی۔ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور [۵ رذی الحجہ] ۱۳۰۳ھ میں وفات پائی لہ۔

[72]

ملا محمد عبدالغفار

[وفات—۱۹۰۴ء]

مولوی عبدالرحمن سے چھوٹے مولانا محمد عبدالغفار [ابن ملا عبدالجامع] نے میرے دادا مولانا

عبدالرزاق اور ملا محمد نعیم سے تلمذ پایا[۱]۔ بیعت اور اجازت و خلافت اپنے عہد کے شیخ مولانا عبدالوالی سے حاصل کی۔ آپ نے متعدد کتابیں تصنیف کیں:

- رسالہ (ملا نظام الدین کے احوال و آثار)
- رسالہ (ملا عبدالحق ابن ملا سعید کے احوال و آثار)
- رسالہ (سید اسماعیل بلگرامی کے احوال و آثار)
- الاسرار العالیہ [فی مناقب الوالیہ] (اپنے شیخ مولانا عبدالوالی کے احوال و آثار پر)
- رسالہ فی التصوف

میں [قیام الدین عبدالباری] نے آپ سے مثنوی مولانا روم کا درس لیا، کیوں کہ آپ نے اس کو اپنے شیخ سے متعدد بار پڑھا تھا۔ [۲۴ رشعبان] ۱۳۲۲ھ [نومبر ۱۹۰۴ء] میں آپ لاولد فوت ہوئے۔ ایک بیٹے عبدالستار[۲] تھے، جو آپ کی زندگی میں ہی فوت ہو گئے تھے۔

[73]

ملا عبدالعلی مکنی بابی تراب

[وفات — ۱۸۷۵ء]

مولانا محمد عبدالغفار سے چھوٹے ملا عبدالعلی مکنی بابی تراب [ابن ملا عبدالجامع] نے ملا نعیم ابن ملا عبدالحکیم سے پڑھا، لیکن ان سے تشفی نہیں ہوئی، اس لیے علی گڑھ چلے گئے اور مولانا لطف اللہ کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا اور عالم و فاضل ہوئے[۱]۔ اپنی جوانی میں تعلیم سے فراغت کے سال [۲ رجمادی الاولی] ۱۲۹۱ھ [جون ۱۸۷۵ء] میں وفات پائی۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔

[74]

ملا عبدالرب

[وفات — ۱۸۳۷ء]

بحرالعلوم ملا عبدالعلی کے چھوٹے بیٹے ملا عبدالرب تھے، جنھوں نے اپنے والد سے تحصیل علوم و فنون کیا اور خاصی استعداد حاصل کر لی[۱]۔ [۶ ررمضان] ۱۲۵۳ھ [دسمبر ۱۸۳۷ء] میں

وفات پائی۔ ایک بیٹے [ملا عبدالحکیم] ہوئے۔

[75]

ملا عبدالحکیم

[وفات ـــــ ۱۸۷۰ء]

ملا عبدالحکیم نے اپنے والد (ملا عبدالرب)، مولانا دائم (مرید ملا انوار الحق قدس سرہ)، ملا نورالحق ابن ملا انوارالحق سے تعلیم حاصل کی[1]۔ چند کتابوں پر حواشی اور شروحات لکھے، جو حسب ذیل ہیں: شرح ہدایۃ العرف (از بحرالعلوم ملا عبدالعلی)، حاشیہ حمد اللہ، حاشیہ دائرۃ الاصول۔ ہم نے سنا ہے کہ آپ نے ہدایہ پر بھی حاشیہ لکھا تھا، لیکن ان کی اولاد نے اسے صندوق سے باہر نکال کر شائع نہیں کیا۔ شاہ نجابت اللہ کرسوی کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ [۲۴؍صفر] ۱۲۸۷ھ [مئی ۱۸۷۰ء] میں وفات پائی۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے، ان میں چھوٹے ملا محمد نعیم ہیں، جن کا ذکر حرف نون کے تحت آئے گا۔

[76]

ملا ابوالحیا عبدالحلیم

[وفات ـــــ ۱۸۸۳ء]

ملا عبدالحکیم کے بڑے صاحب زادے ملا عبدالحلیم نے ملا قدرت علی اور مولوی نورالکریم دریابادی سے پڑھا۔ اپنے والد سے بیعت ہوئے۔ یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ آپ نے کوئی کتاب تصنیف کی تھی یا نہیں[1]۔ [۱۵؍شعبان] ۱۳۰۰ھ [جون ۱۸۸۳ء] میں وصال ہوا۔ آپ کے چھوٹے بیٹے [ملا عبدالحمید] نے آپ کی مستقل سوانح لکھی ہے جس کا نام "روضۃ النعیم" ہے۔ چار بیٹے یادگار ہوئے۔

[77]

ملا عبدالخالق

[وفات ـــــ ۱۹۱۰ء]

ملا عبدالحلیم کے سب سے بڑے صاحب زادے مولانا عبدالخالق ہیں، جنھوں نے اپنے والد اور چچا سے تعلیم پائی[1]۔ مسئلہ علم غیب پر ایک رسالہ تصنیف کیا[2]۔ آپ کے ایک بیٹے مولوی

محمد عبدالقادر ہیں سہ، جو مولوی محمد اسلم، مولانا عبدالحمید اور مولانا عبدالمجید سے پڑھ رہے ہیں۔ (اللہ کریم انھیں علم کی دولت سے مالا مال فرمائے۔)

[78]

مولوی محمد عبدالغنی

[——————]

مولانا عبدالخالق سے چھوٹے مولوی محمد عبدالغنی [ابن ملا عبدالحلیم] ہیں، جنھوں نے علم دین کی تکمیل نہیں کی ہے لہ۔ (اللہ کریم انھیں زندگی عطا فرمائے اور انھیں حفظ وامان میں رکھے۔)

[79]

ملا عبدالمجید ابوالغنا

[وفات——۱۹۲۲ء]

مولوی محمد عبدالغنی سے چھوٹے مولانا عبدالمجید ابوالغنا [ابن ملا عبدالحلیم] ہیں، جنھوں نے کچھ کتابیں میرے بھائی مولانا عبدالحی سے، اپنے چچا ملا محمد نعیم اور میرے استاذ مولانا عین القضاۃ سے پڑھیں لہ۔ آپ شرح ہدایۃ الصرف لکھ رہے ہیں۔ آپ کے دو بیٹے ہیں:

[80]

مولوی عبدالرشید

[——————]

مولانا عبدالمجید ابوالغنا کے بڑے بیٹے مولوی عبدالرشید اپنے والد اور چچا مولوی عبدالحمید سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں لہ۔ (اللہ کریم انھیں علم نافع عطا کرے۔)

[81]

حافظ عبدالماجد

[——————]

مولانا عبدالمجید ابوالغنا کے دوسرے بیٹے جن کا نام عبدالماجد ہے، ابھی بچے ہیں اور قرآن

کریم حفظ کر رہے ہیں- (اللہ ان کی حفاظت فرمائے اور علم نافع عطا کرے-)

[82]

ملا عبدالحمید

[وفات — ۱۹۳۵ء]

مولانا عبدالمجید ابوالغنا ابن ملا عبدالحلیم سے چھوٹے مولانا عبدالحمید [ابن ملا عبدالحلیم] ہیں، جنھوں نے ملا عبدالمجید اور ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ کی شاگردی اختیار کی- کہا جاتا ہے کہ آپ نے میرے استاذ ملا معین القضاۃ مدظلہ سے بھی پڑھا ہے، مگر میرے استاذ نے میرے سامنے ان کی شاگردی کا انکار کیا ہے- آپ نے اپنے والد کے ہاتھ پر بیعت کی اور ان کے جانشین ہوئے- خلق کثیر نے آپ سے بیعت کی[۱]- آپ کی چند تصانیف ہیں جو حسب ذیل ہیں:

- حاشیہ قدوری
- حاشیہ شرح وقایہ (جلد سوم)
- ضمین الصرف
- الکلام القدسی تفسیر آیۃ الکرسی

آپ کے ایک بیٹے جن کا نام عبدالولی[۲] ہے- (اللہ کریم انھیں سلامت رکھے اور علم نافع عطا فرمائے-)

[83]

ملا عبادالحق

[وفات — ۱۸۷۷ء]

مولوی عبادالحق ابن ملا نظام الحق، ابن ملا سراج الحق، ابن ملا نورالحق، ابن ملا انوارالحق، ابن ملا احمد عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ اور ملا عبدالحی ابن ملا عبدالحلیم سے اکتساب علم کیا[۱]- [۲۸ رصفر] ۱۲۹۴ھ [مارچ ۱۸۷۷ء] میں اپنی جوانی میں وفات پائی- ایک بیٹے مولوی نصیرالحق ہوئے جن کا ذکر حرف نون کے تحت آئے گا-

[84]

ملا عظمت اللہ

[وفات ـــــ ۱۹۳۷ء]

ملا عظمت اللہ ابن مولانا احمد اللہ، ابن ملا نعمت اللہ، ابن ملا نور اللہ، ابن ملا ولی، ابن قاضی غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے مولانا عبد الحمید، مولانا محمد افہام اللہ، مولانا عبد الباقی، مولانا عین القضاۃ، مولانا فضل اللہ اور مولوی محمد فاروق پوربی [چریاکوٹی] کی درس گاہوں میں زانوئے تلمذ تہ کیا۔[1] آپ کی متعدد تصانیف ہیں، جن میں سے ایک "حاشیہ نجم الیمن" ہے۔ آپ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں مدرس اول ہیں۔ اسی سال انگریزی مدرسے (اسکول) سے سبک دوش ہوئے ہیں۔ آپ کے ایک بیٹے عزت اللہ سلمہ ہیں۔ (اللہ انھیں سلامت رکھے اور علم نافع عطا فرمائے۔)

[85]

ملا علیم اللہ

[ـــــــــــــــ]

مولوی علیم اللہ ابن مولوی حبیب اللہ، ابن مولوی محب اللہ، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید فعال عالم دین تھے۔[1] اپنی جوانی میں لاولد فوت ہوئے۔

غ

[86]

ملا غلام مصطفیٰ

[—————]

ملا غلام مصطفیٰ ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے چچا ملا نظام الدین سے تلمذ پایا اور تعلیم سے فراغت کے بعد حصول معاش کے لیے دہلی چلے گئے لے۔ اپنے لیے سند قضاءت حاصل کر لی، جس کی وجہ سے معزول قاضی اور آپ کے درمیان دشمنی ہو گئی تو اس نے چند لوگوں کو آپ اور آپ کے بڑے بیٹے ملا محمد علی کے قتل کے لیے مقرر کیا، ان لوگوں نے آپ دونوں کو شہید کر ڈالا۔ دو بیٹے چھوڑے۔ ملا محمد حسن، جن کا تذکرہ پیچھے گزرا اور ملا ولی جن کا ذکر [حرف واؤ کے تحت] آئے گا۔

[87]

ملا غلام دوست محمد

[—————]

ملا غلام دوست محمد ابن ملا حسن نے قرآن کریم حفظ کیا اور مروجہ علوم و فنون پڑھے لے۔ حج بیت اللہ کے لیے سورت کی طرف روانہ ہوئے اور وہیں وفات پائی۔ تین بیٹے یادگار چھوڑے۔

[88]

ملا غلام یحییٰ

[——————]

ملا غلام دوست محمد کے سب سے بڑے بیٹے ملا غلام یحییٰ نے مفتی ظہور اللہ سے تعلیم پائی اور بنارس میں "صدر الصدور" کے عہدے پر فائز ہوئے[۱]- وطن میں جس خاتون سے عقد ہوا ان سے چار بیٹے ہوئے؛ ملا حبیب اللہ، ملا خلیل اللہ (ان دونوں کا تذکرہ پیچھے گزرا)، ملا نظام الدین اور ملا قطب الدین (ان دونوں کا ذکر آگے آئے گا)- دوسری زوجہ جو غیر کفو تھیں، ان سے دو بیٹے ہوئے[۲]، ملا محمد رضا اور ملا الٰہی بخش- دونوں عالم و فاضل ہو گئے ہیں- ان کی اولادوں کے ناموں کا مجھے علم نہیں ہے-

[89]

ملا غلام ذکریا

[——————]

ملا غلام دوست محمد کے منجھلے صاحب زادے ملا غلام ذکریا عالم و فاضل تھے- تحصیل علم کے بعد بنارس میں منصف (جج) مقرر ہوئے[۱]- آپ کی چند اولادیں ہوئیں، ان میں ایک مولوی غلام مرتضیٰ تھے، جنھوں نے مولانا عبد الحلیم وغیرہ سے پڑھا- ۱۳۲۳ھ [۱۹۰۵ء] میں ان کا وصال ہوا[۲]- ان کے تین بیٹے ہوئے، مولوی غلام محی الدین[۳]، مولوی غیاث الدین[۴] اور مولوی غلام جیلانی[۵]، یہ تینوں ریاست نظام [دکن] میں وکالت کے عہدے پر فائز تھے، جن میں سب سے بڑے بیٹے مولوی غلام محی الدین نے آخر عمر میں قرآن کریم حفظ کر لیا، اور منجھلے بیٹے مولوی غیاث الدین کے دو بیٹے معین الدین[۶] اور فرید الدین ہیں- (اللہ انھیں سلامت رکھے اور علم نافع عطا فرمائے-)

ملا غلام ذکریا کے ایک اور بیٹے مولوی غلام نبی جید عالم و فاضل تھے، جن کے دو بیٹے مولوی عبد الغفور اور مولوی عبد الغنی ہیں- (اللہ انھیں سلامت رکھے-)

ملا غلام ذکریا کے آخری بیٹے مولوی غلام رسول کا وصال ۱۲۹۱ھ [۱۸۷۴ء] میں ہوا۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔

[90]

ملا غلام محمد

[————]

ملا غلام دوست محمد کے سب سے چھوٹے صاحب زادے مولوی غلام محمد ہوئے۔ صاحب "خیر العمل" نے لکھا ہے کہ جید علما میں سے تھے [۱]۔ آپ کے تین صاحب زادے ہوئے۔

مولوی غلام علی [ابن مولوی غلام محمد] کی وفات ۲۹ رصفر ۱۲۹۱ھ [اپریل ۱۸۷۴ء] میں ناگ پور میں ہوئی، ان کے بیٹے غلام حسن ہیں، جو ناگ پور میں ہیں۔

مولوی غلام قادر [ابن مولوی غلام محمد] کا وصال ۱۲۶۵ھ [۱۸۴۹ء] کو باندہ میں ہوا۔ ان کے ایک بیٹے غلام ستار ہیں۔ (اللہ ان کی حفاظت فرمائے۔)

مولوی غلام مجتبیٰ [ابن مولوی غلام محمد] کا انتقال ۱۲۷۵ھ [۱۸۵۸ء] کو لکھنو میں ہوا۔ ان کے ایک بیٹے مولوی احسن اللہ ہیں، جو مدرسہ نظامیہ [فرنگی محل] میں مدرس ہیں۔

صاحب "خیر العمل" نے لکھا ہے کہ سب کے سب عالم وفاضل تھے۔

[91]

ملا محمد غضنفر

[وفات — ۱۸۵۳ء]

مولانا محمد غضنفر ابن مولانا حیدر، ابن ملا مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے مفتی ظہور اللہ وغیرہ سے اکتساب علوم وفنون کیا۔ ایک زمانے تک طالبان علوم کو درس دیا۔ اپنے والد کے ساتھ حج کیا، پھر ان کے ساتھ ہی حیدر آباد دکن چلے گئے۔ [ربیع الاول] ۱۲۷۰ھ [دسمبر ۱۸۵۳ء] میں وفات پائی۔ قادر الکلام شاعر تھے۔ آپ نے "تہذیب" کی شرح بھی لکھی ہے۔ اولاد ذکور نہیں تھی [۱]۔

ف

[92]

ملا ابوالفضل

[――――――]

ملا ابوالفضل ابن ملا محمد یعقوب، ابن ملا عبدالعزیز، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے بڑے بھائی ملا عبدالقدوس سے علوم وفنون حاصل کیا- اپنے والد کے وصال کے بعد لاولد فوت ہوئے[۱]-

[93]

ملا فضل اللہ

[وفات―― ۱۸۹۳ء]

ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ، ابن ملا نور اللہ، ابن ملا محمد ولی، ابن ملا غلام مصطفی، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے مولوی عبدالحلیم ابن مولوی امین اللہ، مولوی عبدالوحید، میرے دادا مولوی عبدالرزاق اور اپنے والد سے مروجہ کتابیں پڑھیں- تدریس وافادہ میں مشغول رہے[۱]- اپنے عہد میں علم منطق میں بے نظیر تھے- آپ نے کثیر حواشی رقم فرمائے، ان میں حاشیہ بر حواشی جلالیہ للتہذیب اور حاشیہ بر حواشی زاہدیہ جلالیہ ہیں- میرے دادا مولانا عبدالرزاق قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے- حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے- [ربیع الثانی] ۱۳۱۱ھ [اکتوبر ۱۸۹۳ء] میں لاولد فوت ہوئے[۲]- آپ کے تلامذہ کی تعداد شمار سے باہر ہے-

ق

[94]

مولانا قطب الدین

[——————]

مولوی قطب الدین ابن ملا غلام یحییٰ، ابن ملا غلام دوست محمد، ابن ملا حسن، ابن قاضی غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے مفتی محمد یوسف اور مولوی عبدالحکیم سے علم حاصل کیا[1]- [پہلے عقد سے] تین بیٹے ہوئے- بڑے ملا اسحق، دوسرے ملا الیاس اور سب سے چھوٹے محمد یوسف- دوسرا عقد کیا، اس زوجہ سے چار بچے ہوئے، ملا حیدر، ملا محمد سلیمان، ملا عیسیٰ اور محمد عمر- آپ کی چند تصانیف اور متفرق حواشی ہیں، ان میں شرح معارج العلوم، شرح غایۃ العلوم، تفسیر سورہ یوسف ہیں- حیدر آباد دکن میں سکونت کے دوران آپ کا وصال ہوا-

ـــــ ک ـــــ

[95]

ملاابوالکرم

[ــــــــــــــ]

ملاابوالکرم ابن ملایعقوب، ابن ملاعبدالعزیز، ابن ملا[محمد] سعید، ابن ملاقطب الدین شہید ظاہری علوم وفنون میں کمال حاصل کرنے کے بعد باطنی علوم اور اوراد واشغال کی طرف متوجہ ہوئے- شیخ عبداللہ بغدادی کے ہاتھ پر بیعت تھے- ایک صاحب زادے مولوی عبدالوالی قدس سرہ ہوئے، جن کا ذکر پیچھے گزرا[۱]-

[96]

ملاکرامت اللہ

[وفات ــــ ۱۸۹۰ء]

ملاکرامت اللہ ابن ملاعبدالرب، ابن ملاسعدالدین، ابن ملااحمد حسین، ابن ملارضا، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملاامین اللہ، ملانعمت اللہ اور ملاقدرت علی سے مروجہ کتابیں پڑھیں[۱]- وعظ میں مشغول رہے، پھر فکر معاش میں لگ گئے- [۳؍صفر] ۱۳۰۸ھ [ستمبر ۱۸۹۰ء] میں وفات پائی-

مولوی شرافت اللہ [ف: ۱۹۱۷ء]:

ایک بیٹے مولوی شرافت اللہ[۲] ہوئے، جنھوں نے اپنے نانا ملاحامد سے مروجہ کتابیں پڑھیں

اور انہی کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حکومت انگلشیہ میں ڈپٹی کلکٹر کے عہدے سے سرفراز ہوئے۔

اور اوراد واذکار میں مشغول رہتے ہیں۔ ان کے تین بیٹے ہوئے۔

مولوی ہدایت اللہ [ف:۱۹۱۲ء]:

مولوی شرافت اللہ کے بڑے بیٹے مولوی ہدایت اللہ[3]، جنھوں نے قرآن کریم حفظ کیا اور ملا انعام اللہ اور ملا عبد الباقی سے تعلیم پائی۔ میرے دادا مولانا عبد الرزاق کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور ان ہی سے تمام سلاسل اور اوراد واذکار کی اجازت پائی۔ میرے والد سے بھی انھوں نے اذکار کے دو رسالے پڑھے۔ ان کے تین بیٹے ہیں، سخاوت اللہ، صبغت اللہ اور ارادت اللہ۔ (اللہ کریم انھیں اپنے حفظ و امان میں رکھے۔)

مولوی سلامت اللہ [ف:۱۹۳۲ء]:

مولوی شرافت اللہ کے منجھلے بیٹے سلامت اللہ[4] ہیں، جنھوں نے مجھ سے اور مولوی عبد المجید سے تعلیم حاصل کی۔ اب تک مجھ سے عربی کتابیں پڑھ رہے ہیں۔ انھوں نے انگریزی کتابیں بھی پڑھیں اور ان میں فائق ہو گئے۔ ان کے ایک بیٹے محمد شفیع ہیں، جو قرآن کریم حفظ کر رہے ہیں۔

مولوی عنایت اللہ [ف:۱۹۴۱ء]:

مولوی شرافت اللہ کے سب سے چھوٹے بیٹے مولوی عنایت اللہ[5] ہیں۔ انھوں نے مجھ سے، مولانا عبد الباقی، مفتی محمد یوسف ابن مولوی محمد قاسم اور مولوی عظمت اللہ ابن مولوی احمد اللہ سے تلمذ پایا۔ ان کی تصانیف بھی ہیں۔

ل

[97]

ملا لمعان الحق

[وفات ــــ ۱۹۰۵ء]

ملا لمعان الحق ابن مولانا برہان الحق، ابن ملا نور الحق، ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد، ملا عبد الحکیم ابن ملا عبد الرب اور ان کے صاحب زادے ملا محمد نعیم سے پڑھا[۱]۔ اپنے والد سے بیعت ہوئے اور ان کے جانشین ہوئے۔

آپ کے تین صاحب زادے ہیں:

ملا شمس الحق [ف: ۱۹۵۰ء]:

ملا لمعان الحق کے سب سے بڑے صاحب زادے مولوی شمس الحق ہیں[۲]، جنھوں نے قرآن کریم کے حفظ کے ساتھ مروجہ علوم وفنون بھی حاصل کیا۔ اس وقت معاش کی وجہ سے حیدرآباد دکن میں مصروف کار ہیں۔

ملا وہاج الحق [ف: ۱۹۶۰ء]:

ملا لمعان الحق کے منجھلے صاحب زادے مولوی وہاج الحق ہیں، انھوں نے اپنے والد، مولانا عبد الباقی اور مولانا عین القضاۃ سے تعلیم پائی۔ حکیم عبد العزیز اور حکیم عبد الوحید سے علم طب پڑھا۔ اس وقت لوگوں کے علاج ومعالجے میں مصروف ہیں، خلق کثیر ان سے نفع اندوز ہوتی ہے[۳]۔

ملا امتیاز الحق:

ملا لمعان الحق کے سب سے چھوٹے لڑکے مولوی امتیاز الحق ہیں، انھوں اپنے والد، مجھ سے اور مولوی حافظ احمد سے پڑھا، اس وقت بھی تحصیل علم میں مشغول ہیں؎-

(اللہ کریم انھیں علم سے نوازے-)

م

[98]

ملا مراد اللہ

[وفات ــــ ۱۸۶۴ء]

ملا مراد اللہ ابن ملا نعمت اللہ، ابن ملا نور اللہ، ابن ملا محمد ولی، ابن ملا غلام مصطفی، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد سے تلمذ پایا اور عالم وفاضل ہوئے- مولانا عبدالحلیم کے ساتھ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور اسہال کے مرض میں واپس آئے- اپنے والد کی حیات میں [۵ رجب] ۱۲۸۱ھ [دسمبر ۱۸۶۴ء] کو لاولد وفات پائی[۱]-

[99]

ملا محب اللہ

[ــــــــــــ]

ملا محب اللہ ابن ملا احمد عبدالحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملا نظام الدین سے پڑھا اور فکر معاش میں مصروف ہوگئے- تدریس آپ کے لیے آسان نہیں رہی- آپ عالم، فاضل اور محنتی تھے[۱]- آپ کے تین بیٹے ہوئے، ملا مبین، ملا حبیب اللہ، ملا اسحق- موخر الذکر دونوں کا تذکرہ پچھلے صفحات میں گزرا-

[100]

ملا محمد مبین

[وفات—۱۸۱۰ء]

ملا محمد مبین ابن ملا محب اللہ نے ملا حسن ابن ملا غلام مصطفی سے تعلیم پائی[۱]۔ آپ نے کثیر کتابیں [اور حواشی و شروحات] لکھیں جو مشکلات کے حل اور شکوک و شبہات رفع کرنے میں مفید ہیں، مثلاً:

- شرح مسلم [الثبوت]
- شرح سلم [العلوم]
- حاشیہ زواہد ثلثہ
- حاشیہ علی مقام المشاۃ بالتکریر للصدر
- رسالہ (مسائل روزہ)[۲]
- رسالہ فضائل اہل بیت[۳]
- کنز الحسنات [فی مسائل الزکوۃ]
- شرح تبصرہ[۴]، وغیرہما[۵]

[۲۲ ربیع الثانی] ۱۲۲۵ھ [مئی ۱۸۱۰ء] میں آپ کا وصال ہوا تین بیٹے ہوئے، ملا حیدر اور ملا صفدر جن کا ذکر پیچھے گزرا۔

[101]

ملا محمد معین

[وفات—۱۸۳۲ء]

ملا محمد معین [ابن ملا مبین] نے اپنے والد اور اپنے بھائی سے پڑھا[۱]۔ تمام کتب درسیہ پر حواشی تحریر کیے اور کتابیں تصنیف کیں:

- رسالۃ فی تراجم أصحاب الرموز المذکورۃ فی الحصن الحصین

- غایۃ البیان فیما یحل ویحرم من الحیوان
- حاشیہ شرح ہدایۃ الحکمۃ
- تفسیر آیات المیراث
- رسالہ (قراءت خلف الامام)[۲]
- المعینۃ فی تحریم المتعۃ
- مجموعہ خطبات
- مجموعہ فتاویٰ[۳]

[۲/ جمادی الثانی] ۱۲۵۸ھ [جولائی ۱۸۴۲ء] میں آپ کا وصال ہوا۔ دو صاحب زادے ہوئے: بڑے مولوی [محمد] امین تھے، جنھوں نے اپنے والد سے کتب درسیہ پڑھی اور [ربیع الثانی] ۱۲۶۲ھ [اپریل ۱۸۴۶ء] کو اپنی جوانی میں لاولد فوت ہوئے۔ چھوٹے بیٹے ملا علی محمد، جن کا تذکرہ پیچھے گزر چکا ہے۔

[102]

ملا محمد مہدی

[وفات — ۱۸۸۴ء]

ملا مہدی ابن مفتی ملا محمد یوسف، ابن مفتی محمد اصغر، ابن مفتی ابو الرحم، ابن مفتی محمد یعقوب، ابن ملا عبد لعزیز، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد سے تلمذ حاصل کیا اور عالم وفاضل ہوئے[۱]۔ ۱۳۰۲ھ [۱۸۸۴ء] کو وفات پائی۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے:

مولوی محمد قاسم نے قرآن کریم حفظ کیا[۲]۔ ان کے ایک بیٹے محمد یوسف ہوئے، جن کا ذکر آگے آئے گا اور [ملا مہدی کے دوسرے بیٹے] مولوی ابو محمد لاولد فوت ہوئے[۳]۔

ن

[103]

ملا نظام الدین محمد

[وفات — ۱۷۴۸ء]

ملا نظام الدین ابن ملا قطب الدین شہید، جن کا لقب "استاذ الہند" ہے، نے اپنے والد، بھائیوں، حافظ امان اللہ بنارسی، ملا علی قلی جائسی اور غلام نقش بند لکھنوی سے اکتساب علوم وفنون کیا۔ جن طلبہ کو پڑھایا وہ اکمل روزگار ہو گئے، ان میں قاضی مبارک اور ان جیسے دیگر افراد شامل ہیں۔ آپ کی تصنیفات یہ ہیں:

- شرح مسلّم [الثبوت]
- شرح تحریر الاصول
- الصبح الصادق
- شرح المنار
- حاشیہ شرح عقائد جلالی
- حاشیہ بر حواشی قدیمہ جلالیہ
- حاشیہ شرح ہدایہ [از صدر الدین شیرازی]
- حاشیہ شمس بازغہ
- شرح الرسالۃ المبارزیہ

- المناقب الرزاقیہ
- رسالہ فی وضوء الرسول

حضرت سید عبدالرزاق بانسوی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔ آپ زاہد، متقی اور بے مثال شخصیت کے مالک تھے۔ [۹ رجمادی الاولیٰ] ۱۱۶۱ھ [مئی ۱۷۴۸ء] میں وفات پائی۔ دینی نصاب تعلیم کی ترتیب وتہذیب آپ کے ذریعے عمل میں آئی، اس وجہ سے اس نصاب کا نام "نظامیہ" رکھ دیا گیا۔ آپ کی کرامات اور اخلاق حسنہ کا کافی شہرہ رہا ہے، جس کا ذکر آپ کے ممدوحین نے کیا ہے۔ ایک صاحب زادے بحر العلوم ملا عبدالعلی ہوئے، جن کا تذکرہ پیچھے گزر چکا ہے[1]۔

[104]

ملا نور الحق

[وفات ــــ ۱۸۲۲ء]

مولانا نور الحق ابن ملا انوار الحق، ابن ملا عبدالحق، ابن ملا سعید نے بحر العلوم ملا عبدالعلی سے اکتساب علوم کیا۔ آپ سے خلق کثیر نے تلمذ پایا، آپ کے تلامذہ میں مولانا فضل رحمن [گنج مرادآبادی] اور ان کے معاصرین مشہور ہیں۔ آپ نے سورہ فاتحہ کی تفسیر لکھی، اور کتب درسیہ پر متعدد تعلیقات وحواشی قلم بند کیے۔ [۲۳ ربیع الاول] ۱۲۳۸ھ [دسمبر ۱۸۲۲ء] میں وفات پائی[1]۔ آپ اپنے والد ماجد سے بیعت تھے۔ مولانا عبدالرحمن صوفی سے بھی آپ کی بیعت واجازت مشہور ہے، لیکن یہ درست نہیں ہے۔ دو صاحب زادے مولانا سراج الحق اور ملا برہان الحق یادگار چھوڑے، جن کا تذکرہ پیچھے گزرا۔

[105]

ملا نظام الحق

[وفات ــــ ۱۸۵۷ء]

ملا نظام الحق ابن ملا سراج الحق، ابن ملا نور الحق نے قرآن کریم حفظ کیا۔ صاحب خیر العمل نے لکھا ہے کہ آپ حافظ قرآن، نیک بخت، فاضل اور صالح تھے۔ خوب صورت آواز کے مالک

اور عمدہ وعظ و نصیحت کرنے والے عالم دین تھے- آپ پوربی علاقے کی طرف رحلت کر گئے جہاں بیعت و ارشاد کا سلسلہ شروع کیا[۱]- خلق کثیر نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی- ۲۵ محرم ۱۲۷۴ھ [ستمبر ۱۸۵۷ء] کو آپ کا وصال ہوا- چار بیٹے ہوئے- بڑے مولوی حسام الحق نے ملا محمد نعیم سے پڑھا- علمی استعداد بنائی- فی الحال حیدرآباد دکن میں وکالت میں مصروف ہیں[۲]- ان سے چھوٹے مولوی صمصام الحق تھے اور ان سے چھوٹے مولوی عباد الحق، جن کے تذکرے پیچھے گزرے- ان سے چھوٹے مولوی زہاد الحق[۳] تھے، جنھوں نے [شعبان] ۱۳۲۳ھ [۱۹۰۵ء] میں وفات پائی- ان کی کوئی اولاد نرینہ نہیں تھی-

[106]

ملا حکیم نصیر الحق

[وفات ــــ ۱۹۳۵ء]

ملا نصیر الحق ابن مولوی عباد الحق نے حافظ شاہ علی انور کاکوروی، مولانا عبد الباقی اور مولانا عین القضاۃ سے تعلیم حاصل کی- حکیم عبد العزیز سے علم طب سیکھا- فی الحال لوگوں کے علاج و معالجے میں مشغول ہیں[۱]- (اللہ آپ کو زندگی دے اور صالح اولاد عطا فرمائے-)

[107]

ملا نور اللہ

[وفات ــــ ۱۸۳۵ء]

ملا نور اللہ ابن ملا محمد ولی، ابن قاضی غلام مصطفی، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے اپنے والد اور ملا عبد الواجد خیرآبادی سے پڑھا[۱] اور متعدد علوم و فنون، خصوصاً حساب، ہندسہ اور ہیئت میں ممتاز ہوئے اور مذکورہ فنون میں اپنے ہم عصروں پر فوقیت لے گئے- قلم دان افتا آپ کے حوالے کیا گیا[۲]- زندگی کے آخری ایام میں ترک دنیا کر کے اذکار و اوراد کی طرف متوجہ ہو گئے- متعدد کتب درسیہ پر آپ نے حواشی و تعلیقات لکھے- علم جبر و مقابلہ میں آپ کا ایک مستقل رسالہ بھی ہے- لوگوں نے بڑی تعداد میں آپ سے تلمذ پایا- طالب علم کی ذہنی سطح کے مطابق

مطالب کی توضیح اور اس کی تفہیم کے لیے آپ مشہور تھے۔ [۲۹ر جمادی الثانی] ۱۲۶۱ھ [جولائی ۱۸۴۵ء] میں وفات پائی۔ تین بیٹے ہوئے: ملا اسد اللہ اور ملا رحمت اللہ کا تذکرہ پیچھے گزرا۔

[108]

ملا نعمت اللہ

[وفات — ۱۸۷۳ء]

ملا نور اللہ کے منجھلے بیٹے ملا نعمت اللہ نے اپنے والد اور اپنے چچا مفتی ظہور اللہ سے تعلیم پائی اور تدریس و مطالعے میں مشغول ہو گئے، یہاں تک کہ علوم عقلیہ خصوصاً علم ریاضی میں درجہ کمال کو پہنچ گئے، گویا یہ فن آپ کو اپنے والد سے وارثت میں ملا اور آپ اس فن میں ان کے جانشین ہوئے۔ شہر فیض آباد اور لکھنو کی عدالت میں منصب افتا پر متمکن کیے گئے، پھر گجرات کے شہر بڑودہ میں حکیم ہاشم علی خان موہانی کے پاس ملازم ہو گئے اور انہی کے دولت کدے پر رہائش اختیار کی۔ امرا کے درمیان آپ معزز و محترم تھے[1]۔ آپ اپنے زمانے کے بہت بڑے معقولی عالم تھے، معاصرین میں کوئی بھی آپ کا ہم سر و مقابل نہیں تھا۔ تمام کتب درسیہ پر آپ کے حواشی و تعلیقات ہیں۔ آپ نے مستقل کوئی کتاب تصنیف نہیں کی۔ [۳ر محرم] ۱۲۹۰ھ [مارچ ۱۸۷۳ء] کو بنارس میں وفات پائی۔ دو بیٹے یادگار چھوڑے، ایک مولوی فضل اللہ، جن کا تذکرہ پیچھے گزرا۔

ملا احمد اللہ:

دوسرے مولانا احمد اللہ ہیں، جنھوں نے قرآن حفظ کیا اور اپنے والد، اپنے چچا ملا رحمت اللہ اور اپنے بھائیوں مولانا مراد اللہ، مولانا فضل اللہ اور مولوی عبد اللہ ابن مولوی خلیل اللہ سے پڑھا[2]۔ ان کے دو بیٹے ہوئے: ایک مولوی عظمت اللہ، جن کا ذکر گزرا۔

ملا برکت اللہ [ف: ۱۹۲۵ء]:

ملا احمد اللہ کے دوسرے بیٹے مولوی برکت اللہ ہیں، جنھوں نے ملا محمد افہام اللہ، اپنے بھائی ملا عظمت اللہ اور اپنے بھائی اور محب محمد قیام الدین عبد الباری سے تعلیم حاصل کی اور قرآن کریم حفظ کیا۔ آپ کی کثیر تصانیف ہیں، چند کتابیں درج ذیل ہیں:

- التحقیق المنطقیة علی شرح الشمسیة [منطق]
- دفع الاشتباہ عن شرح السلم لحمد اللّٰہ [منطق]
- تحقیق الأتقن علی شرح السلم لملاحسن [منطق]
- تنویر المصباح علی مراح الأرواح [صرف]
- ترتیب القیومی علی شرح الجامی [نحو]
- أنوار الأتقیاء ترجمة تذکرة الأولیاء [تذکرہ، اردو]
- مرآة الواعظین ترجمہ درة الناصحین [تفسیر، اردو]
- الزواہر ترجمة الجواہر الخمس [تصوف، اردو]
- منیة الراغبین ترجمہ غنیة الطالبین [تصوف، اردو]
- ترجمہ فصوص الحکم [تصوف، اردو]
- انوار الہدایة ترجمہ شرح الوقایة [فقہ، اردو]

کتب درسیہ پر آپ کی اکثر تعلیقات شائع ہو چکی ہیں- مولانا محمد عبد الروف ابن ملا عبد الوہاب قدس اسرارہما کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور ان سے اجازت وخلافت پائی- (اللہ آپ کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور آپ کی زندگی سے ہم اور تمام مسلمان مستفید ہوں-[۳])

[109]

ملا محمد نعیم اللہ

[وفات—۱۸۶۶ء]

ملا محمد نعیم اللہ ابن ملا حبیب اللہ، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب شہید نے اپنے بڑے بھائی ملا ولی اللہ اور ملا مبین سے تلمذ حاصل کیا- حکمرانوں اور امرا کے درمیان آپ کی بہت عزت اور بڑا احترام تھا[۱]- آپ نے علم فرائض میں ایک رسالہ[۲] تصنیف کیا-

ملا احسان اللہ [ف: ۱۹۰۶ء]:

ملا محمد نعیم اللہ کے ایک صاحب زادے ملا احسان اللہ ہوئے، جنھوں نے ملا ولی اللہ اور ملا

محمد معین سے علم حاصل کیا۔ انھوں نے بعض کتب درسیہ پر حواشی لکھے اور اور کتابیں تصنیف کیں، جو حسب ذیل ہیں:

- احسن القصص
- تاریخ الخلفاء
- ریاض المسلمین فی ذکر مناقب الخلفاء الراشدین

۱۳۲۴ھ [۱۹۰۶ء] میں فوت ہوئے۔ دو بیٹوں کے علاوہ کوئی بیٹا یادگار نہیں رہا[۳]۔

ملا مجیب اللہ:

ملا احسان اللہ کے پہلے بیٹے ملا مجیب اللہ ہیں، جنھوں نے ملا فضل اللہ اور ملا فضل الحسن ابن ملا ظہور علی سے علوم و فنون پڑھا اور حصول معیشت کے لیے حیدر آباد دکن میں عہدۂ وکالت پر متمکن ہوئے۔ چند کتابیں تصنیف کیں، جن میں نہج البیان اور الافادۃ فی باب الشہادۃ وغیرہ ہیں۔

ملا محب اللہ [ف: ۱۹۱۹ء]:

ملا احسان اللہ کے دوسرے بیٹے مولوی محب اللہ ہیں، جنھوں نے ملا افہام اللہ وغیرہ سے تعلیم پائی۔ علم طب کی طرف میلان ہو گیا، پھر حیدر آباد دکن میں عہدۂ وکالت پر فائز ہو گئے[۴]۔ ان کے تین بیٹے ہیں: روح اللہ[۵]، نور اللہ[۶] اور ظہور اللہ [عرف ثناء اللہ][۷]۔ (اللہ انھیں زندگی اور علم نافع عطا فرمائے۔)

[110]

ملا نظام الدین ابن غلام یحییٰ

[وفات — ۱۸۷۳ء]

ملا نظام الدین ابن ملا غلام یحییٰ، ابن ملا غلام دوست محمد، ابن ملا حسن، ابن ملا غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملا عبد الحلیم ابن ملا امین اللہ سے حصول علم کیا اور ایک زمانے تک ناگ پور میں پڑھایا۔ [جمادی الاولیٰ] ۱۲۹۰ھ [جولائی ۱۸۷۳ء] کو ابدی نیند سو گئے۔ کوئی اولاد نرینہ نہیں تھی[۱]۔

[111]

ملا محمد نعیم

[وفات ــــ ۱۹۰۰ء]

ملا محمد نعیم ابن ملا عبد الحکیم، ابن ملا عبد الرب، ابن بحر العلوم ملا عبد العلی، ابن ملا نظام الدین نے اپنے والد اور مولوی کمال الدین موہانی سے تلمذ حاصل کیا۔ حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ مسند تدریس، وعظ اور افتا پر متمکن ہوئے۔ دنیاداری کی طرف آپ کی توجہ نہیں تھی۔ اپنے والد ماجد سے بیعت ہوئے، ان ہی سے اجازت وخلافت پائی اور کثیر لوگوں کو داخل سلسلہ کیا۔ اخیر عمر میں بے مثال شہرت پائی[۱]۔

آپ نے مختلف اور متفرق کتابیں لکھیں، تاہم تنقید الکلام کے علاوہ کوئی مکمل نہیں ہو سکی۔ یہ رسالہ زیور طباعت سے آراستہ ہوا۔ [۲۳؍ ربیع الثانی] ۱۳۱۸ھ [اگست ۱۹۰۰ء] میں وفات پائی۔ پس ماندگان میں آپ کے پوتے مولوی [محمد] اسلم[۲] ابن ملا محمد اکرم ہیں۔ (اللہ انھیں زندہ وتابندہ رکھے۔)

و

[112]

ملا محمد ولی

[وفات — ۱۷۸۴ء]

ملا محمد ولی ابن قاضی غلام مصطفیٰ، ابن ملا اسعد، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملا نظام الدین اور ملا کمال الدین فتح پوری [سہالوی] سے تعلیم پائی۔ علم باطنی کی تحصیل ملا نظام الدین سے کی۔ آپ کی کرامات مشہور ہیں اور ''خیر العمل'' وغیرہ میں مذکور ہیں[۱]۔ آپ متعدد حواشی اور شروحات تحریر فرمائے، مثلاً: شرح سلّم العلوم، حواشی بر زاہدیہ قطبیہ، حواشی بر زاہدیہ تہذیبیہ۔ یہ تحریریں تمام علوم وفنون میں آپ کی تبحر علمی کا ثبوت ہیں۔ وفات کے وقت تین بیٹے یادگار چھوڑے: ملا عزیز اللہ، مفتی ظہور اللہ اور ملا نور اللہ، جن کے تذکرے پچھلے صفحات میں گزرے۔

[113]

ملا ولی اللہ

[وفات — ۱۸۵۳ء]

مولانا ولی اللہ ابن ملا حبیب اللہ، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید، مولانا عبد القدوس، مفتی ظہور اللہ، اپنے والد ماجد اور اپنے چچا ملا محمد مبین سے پڑھ کر فارغ ہوئے اور تمام علوم وفنون میں مہارت حاصل کر لی۔ امرا اور روسا کی نظر میں آپ کے لیے بہت عزت واحترام تھا[۱]۔ کثیر تعداد میں آپ نے کتابیں تصنیف وتالیف فرمائیں۔ اس پورے

خاندان عالی شان میں آپ کی طرح کسی نے نہیں لکھا ۲؎:

- حواشی بر حاشیہ سید زاہد بر رسالہ قطبیہ
- حواشی بر حاشیہ زاہد بر حواشی تہذیب جلالیہ
- حواشی بر شرح ہدایت الحکمۃ (از صدر الدین شیرازی)
- حواشی بر حاشیہ ملا کمال الدین فتح پوری بر شرح عقائد
- الایقاظات في بحث العلم
- شرح الایقاضات
- رسالۃ في مسئلۃ التشکیک
- رسالۃ في بحث ”کلامي ھذا کاذب“
- شرح سلم العلوم
- [نفائس الملکوت] شرح مسلم الثبوت (۲ر جلدیں)
- رسالہ (ریاست و سلطنت کے موضوع پر) (فارسی) ۳؎
- عمدۃ الوسائل (فارسی)
- الأغصان الأربعۃ للشجرۃ الطیبۃ (فارسی)
- تفسیر قرآن کریم (۸ر جلدیں)
- حواشی بر حاشیہ زاہدیہ متعلقہ شرح مواقف

ان کے علاوہ بھی آپ کی مفید تالیفات ہیں۔ [۱۰ر صفر] ۱۲۷۰ھ [نومبر ۱۸۵۳ء] میں وفات پائی اور تین بیٹے یادگار چھوڑے:

ملا انعام اللہ [ف: ۱۹۰۳ء]:

ملا ولی اللہ کے پہلے صاحب زادے مولانا انعام اللہ ہیں، جنھوں نے مفتی محمد یوسف، اپنے والد ماجد اور مولوی لطف اللہ غازی پوری سے تعلیم حاصل کی۔ انگریزوں کے یہاں آپ کی کافی عزت تھی ۴؎۔ چند کتابیں لکھیں، ان میں ایک رسالہ میرے دادا مولانا عبدالرزاق کے احوال

میں ہے[۵]۔ آپ کے ایک صاحب زادے ہوئے مولوی افہام اللہ جن کا ذکر گزر چکا ہے، مولوی افہام اللہ نے کوئی اولاد نرینہ نہیں چھوڑی۔

ملا افضال اللہ [ف: ۱۹۰۸ء]:

ملا ولی اللہ کے منجھلے صاحب زادے مولانا افضال اللہ ہیں، مروجہ علوم حاصل کرنے کے بعد علم طب کی تحصیل میں مصروف ہوئے، اس وقت فیض آباد میں مقیم ہیں[۶]۔ کوئی اولاد نہیں ہے۔

ملا صفی اللہ [ف: ۱۹۱۵ء]:

ملا ولی اللہ کے سب سے چھوٹے صاحب زادے مولوی صفی اللہ ہیں، کچھ علوم وفنون پڑھنے کے بعد حصول معیشت میں لگ گئے۔ فی الحال سلطنت نظام [دکن] میں ملازم ہیں[۷]۔ (اللہ ان دونوں کی حفاظت فرمائے۔)

ی

[114]

مفتی محمد یعقوب

[وفات — ۱۷۷۳ء]

ملا محمد یعقوب ابن ملا عبد العزیز، ابن ملا سعید، ابن ملا قطب الدین شہید نے ملا نظام الدین اور ملا حسن سے اکتساب علوم کیا۔ فقہ میں مہارت حاصل تھی، اس لیے مفتی عدالت ہو گئے[۱]۔ پھر ضعف بصارت کی شکایت ہو گئی۔ ۱۱۸۷ھ [۱۷۷۳ء] میں وصال ہوا۔ چار صاحب زادے ہوئے: ملا عبد القدوس، ملا ابو الفضل، ملا ابو الکرم، ملا ابو الرحم، جن کے تذکرے پیچھے گزرے۔

[115]

مفتی محمد یوسف ابن محمد اصغر

[وفات — ۱۸۷۰ء]

ملا محمد یوسف ابن مفتی محمد اصغر، ابن مفتی ابو الرحم، ابن مفتی محمد یعقوب نے مفتی ظہور اللہ سے بعض کتابیں پڑھیں اور بعض ملا نور اللہ ابن ملا محمد ولی سے اور علوم عقلیہ ونقلیہ میں درک حاصل کر لیا۔ آپ فقہیات میں ید طولی رکھتے تھے۔ مولانا انوار الحق کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور اشغال باطنیہ کی تحصیل مولانا عبد الوالی سے کی۔ آپ حسن صورت اور حسن سیرت کے مالک تھے۔ لکھنؤ کی عدالت میں منصب افتا پر متمکن کیے گئے[۱]۔ سلطنت کا سورج غروب ہونے کے بعد بحیثیت مدرس ومعلم جون پور چلے گئے۔ بے شمار لوگوں نے آپ سے تلمذ حاصل کیا۔ پھر آپ حج وزیارت

کے لیے نکلے اور [۱۹ رذی قعدہ] ۱۲۸۷ھ [فروری ۱۸۷۱ء] [۲] کو مدینے میں وفات پائی اور جنت البقیع میں سیدنا ابراہیم علیہ وعلی آباءہ السلام کے گنبد کے سامنے مدفون ہوئے۔ سبحان اللہ کیا مزار اور کیا مقام ہے! آپ نے چند کتابیں تصنیف کیں جو حسب ذیل ہیں:

- حواشی شرح سلم (از ملا حسن)
- حواشی شرح سلم (از قاضی مبارک)
- حواشی شمس بازغہ
- تکملہ حواشی ملا حسن بر شمس بازغہ
- حواشی بر تعلیقات الشفاء

ایک بیٹے مولوی محمد مہدی کو یادگار چھوڑا، جن کا ذکر پیچھے گزر چکا ہے۔

[116]

مفتی محمد یوسف ابن محمد قاسم

[وفات — ۱۹۲۵ء]

مفتی محمد یوسف ابن مولوی محمد قاسم، ابن مولوی محمد مہدی، ابن مفتی محمد یوسف نے مولانا عبدالحی، مولانا عین القضاۃ، مولوی حفیظ اللہ پوربی اور مولوی عبدالوہاب بہاری وغیرہم سے تعلیم پائی اور کتابوں اور علوم وفنون کی اشاعت کی طرف متوجہ ہوئے [۱]۔ آپ علمی ملکہ رکھتے ہیں اور عملی قوت کے مالک ہیں۔ تین بیٹے ہیں: ابوالرحم محمد ایوب [۲]، ابوالفضل محمد یونس [۳] اور ابوالکرم محمد ادریس [۴]۔ اللہ کریم انہیں زندگی اور علم نافع عطا فرمائے۔

جو میں لکھنا چاہتا تھا وہ اختتام کو پہنچا۔ والحمد للہ اولہ وآخرہ والصلوۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد وآلہ وأصحابہ أجمعین۔

□□□

[احوال والدہ ماجدہ]

بسم اللہ الرحمن الرحیم
حامداً و مصلیاً و مسلماً

جان لیں کہ اس تذکرے کی تالیف کے دوران میری والدہ رحمۃ اللہ علیہا وصال فرما گئیں۔ اس لیے مجھ پر واجب ہے کہ میں ان کے احوال کو بیان کروں۔ آپ اپنے ہم عصروں میں باعتبار علم، صلاح، عبادت، تقویٰ، فیاضی اور سخاوت جیسے محاسن جیلہ اور اخلاق حمیدہ میں ممتاز تھیں۔

آپ عمدۃ العلماء مولانا ظہور علی ابن ملک العلماء ملا محمد حیدر، ابن ملا محمد مبین، ابن ملا محب اللہ، ابن ملا احمد عبد الحق، ابن ملا محمد سعید، ابن ملا قطب الدین شہید کی صاحب زادی تھیں۔

آپ کی ولادت ۱۲۶۳ھ [۱۸۴۷ء] کو حیدر آباد دکن میں ہوئی۔ آپ کے والد کا وصال ۱۲۷۵ھ [۱۸۵۹ء] میں ہوا، اس لیے آپ کی والدہ اور بڑے بھائی مولوی ظہور الحسن نے آپ کی پرورش کی، ادب سکھایا، قرآن اور علوم دینیہ کی تعلیم دی۔ بڑے بھائی سے لکھنا سیکھا اور صنعت وحرفت سیکھا جو ہماری خواتین کے لیے مفید وزیبا ہے۔ اللہ نے آپ کو قوت حفظ سے خوب نوازا تھا اور علوم وفنون کی تحصیل کا جذبۂ فراواں بخشا تھا، لہٰذا آپ نے اپنے بھائی سے فقہ وحدیث کی متعدد کتابیں پڑھیں، بخاری کا ایک حصہ اور ہدایہ کے کثیر مسائل حفظ کر لیے، یہاں تک کہ ہدایہ کے مختلف مسائل کو حل کرنے میں میری رہنمائی فرماتیں، جب جب میں آپ کے ذکر کردہ مسائل کو ازراہ تحقیق ہدایہ میں دیکھتا تو انھیں آپ کے ارشاد کے مطابق پاتا۔ پھر میں حیرت سے ان سے

پوچھتا کہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ ہدایہ میں یہ مسائل اسی طرح ہیں، جب کہ آپ عربی زبان سے اچھی طرح واقف نہیں ہیں؟ فرماتیں کہ میرے بڑے بھائی کی عادت تھی، جب وہ کتابیں پڑھتے تو اُن اسباق کو مجھے سناتے اور سمجھاتے، اس طرح مجھے علوم دینیہ کے بہت سے مسائل یاد ہو گئے۔

اللہ نے والدہ ماجدہ کو کئی بار حرمین کی زیارت کا موقع نصیب فرمایا۔ آپ کو تمام مناسک حج اور مسائل زیارت اور اس کے آداب یاد تھے۔ پہلی بار آپ نے ۱۲۷۹ھ [۱۸۶۳ء] میں اپنی والدہ، بھائی، علاتی بہن اور اپنے بھتیجے مولوی محمد عبدالحی رحہم اللہ کے ساتھ حج کیا۔

پھر آپ کی والدہ اور بھائی آپ کو وطن لے آئے اور ہمارے والد مولانا حافظ محمد عبدالوہاب ابن مولانا عبدالرزاق قدس سرہما سے ۱۲۸۲ھ [۱۸۶۵ء] میں آپ کا عقد کروا دیا۔ ایک بیٹے عبدالقادر کی ولادت ہوئی، جن کا بچپن میں ہی وصال ہو گیا، پھر تین برسوں کے بعد ایک بیٹی تولد ہوئی، جن کی آپ نے بہترین پرورش اور تربیت فرمائی۔ آپ ان سے بہت محبت کرتی تھیں۔ جب ان کے نکاح کی عمر ہوئی تو آپ نے ان کے عقد کا ارادہ فرمایا، لیکن اسی سال ان کا انتقال ہو گیا۔ یہ سنہ ۱۳۰۴ھ [۱۸۸۶ء] کا سانحہ ہے۔ میری والدہ نے ان کی وفات پر بہت صبر و رضا سے کام لیا۔ اللہ آپ کو اجر جزیل عطا فرمائے۔ اس بیٹی کے بعد ۱۲۹۱ھ [۱۸۷۴ء] میں ایک بیٹے کی ولادت ہوئی، دادا نے ان کا نام عبدالفتاح رکھا۔ یہ بھی شیر خواری میں فوت ہو گئے، پھر ایک سال کے بعد اللہ نے ایک بیٹا عطا فرمایا، دادا نے اس کا نام محمد عبدالرؤف تجویز فرمایا۔ پھر دو سال کے بعد ایک اور بیٹا، یعنی میں محمد قیام الدین عبدالباری پیدا ہوا۔ پھر میرے بعد ایک بہن کی ولادت ہوئی، (اللہ اسے درازی عمر عطا فرمائے)۔ یہ مولوی عبدالباقی مدظلہ کی زوجہ ہیں۔

آپ کے تمام بچوں میں میں سب سے زیادہ آپ کو عزیز تھا۔ آپ نے شفقت و آسائش سے ہماری پرورش کی، درس ادب دیا اور اچھے اخلاق سکھائے۔ آپ نہ اپنا وقت ضائع کرتی تھیں اور نہ بے کار اور واہیات قصے اور کہانیوں میں ہمارا وقت، جیسا کہ عموماً عورتوں کی عادت ہوتی ہے، بلکہ سونے کے وقت ہمیں صالحین کے احوال سناتیں، اچھی نصیحتیں کرتیں، برائیوں، لہو و لعب اور لغو باتوں سے ہمیں روکتیں۔ مجھے بچپنے میں ہی آپ نے لکھنا سکھا دیا اور حضور اکرم ﷺ اور

صحابہ کرام کی سیرت سے واقف کرا دیا۔ فقہ کے کثیر مسائل یاد کرا دیے۔

آپ کی وہ خصوصیات اور محاسن جنھوں نے آپ کو دوسری عورتوں سے ممتاز کر دیا تھا، حسب ذیل ہیں:

- خوش حالی اور تنگی ہر حال میں اللہ پر توکل؛ جب بھی آپ کی کوئی اولاد، یا رشتہ دار بیمار ہوتا آپ اللہ کی طرف رجوع فرماتیں، اسی سے مدد چاہتیں، قرآن کریم اور اوراد و وظائف پڑھتیں۔
- تکلیف میں صبر؛ یہاں تک کہ اپنے بچوں میں سے کسی کی وفات پر بے قابو نہیں ہوتیں۔ آپ کی زندگی میں آپ کے متعدد بیٹے بیٹیاں فوت ہوئے، مگر میں نے آپ کو ہر موقع پر صابر و شاکر پایا۔
- شوہر، اولاد اور قرابت داروں سے حسن معاشرت۔
- رشتہ داروں کا خیال اور ان سے حسن سلوک، لوگوں پر احسان اور ان کی خاموش امداد۔
- فقرا سے دل جوئی، ضرورت مندوں کی اعانت اور بچوں اور خادموں پر شفقت۔
- عبادت میں اخلاص اور اس کی کثرت۔
- خطا پر ندامت۔

مجھ سے آپ نے کئی مرتبہ کہا کہ میرے لیے دعا کرو کہ کسی مسلمان کے لیے میرے دل میں سوئے ظن پیدا نہ ہو۔ آپ کہتی تھیں کہ میں خواتین کے معاشرت کا حصہ ہوں، اس لیے غیبت، حسد اور بہتان سے بچنا مشکل ہے، اللہ کریم ہمیں معاف فرمائے اور ان برائیوں سے محفوظ رکھے۔ میں کسی سے گفتگو کرنا پسند نہیں کرتی ہوں کہ مبادا کسی کی غیبت میں مبتلا نہ ہو جاؤں، لیکن گوشہ نشین ہو کر بیٹھ بھی نہیں سکتی، کیوں کہ لوگ اسے میرے کبر پر محمول کریں گے۔

آپ میرے دادا مولانا عبدالرزاق قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت تھیں۔ ان کے وصال کے بعد ۱۳۰۹ھ [۱۸۹۱ء] میں آپ نے اپنے شوہر، بچوں، چھوٹے بھائی مولوی افضل حسن اور چچا مولوی نورالحسنین اور دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ دوسری بار حج بیت اللہ کی سعادت پائی۔ حرمین میں سے کسی ایک جگہ آپ مستقل سکونت اختیار کرنا چاہتی تھیں، مگر اپنے خاوند سے حسن معاشرت کی

وجہ سے یہ ممکن نہیں تھا۔ تیسری بار اپنے خاوند کی وفات کے بعد ۱۳۲۱ھ [۱۹۰۳ء] میں آپ نے اپنے بچوں کے ساتھ حج کیا اور بغداد معلیٰ اور دیگر مقامات کے آثار و مزارات کی زیارت فرمائی۔ جب آپ مدینہ پہنچیں (ہزار ہا ہزار درود و سلام ہو اس کے مکیں پر) آپ نے مجھ سے الحاح و زاری کی کہ آپ کو مدینے میں چھوڑ دوں، لیکن قضائے الٰہی کی وجہ سے ہم آپ کو وہاں نہیں چھوڑ سکے، لہٰذا مجبوراً والدہ ماجدہ کو وطن لوٹنا پڑا۔ آپ ہمیشہ مدینہ واپس چلنے کی ضد کرتی تھیں۔ گویا آپ نبی کریم صلوۃ اللہ وسلامہ کی ایسی عاشق تھیں جو اپنی اولاد اور وطن کو بھی چھوڑنے کے لیے تیار تھیں۔

۱۳۲۲ھ [۱۹۰۵ء] کو آپ کے صاحب زادے مولوی عبدالرؤف کا وصال ہوا۔ آپ کی توجہ عبادت اور ریاضت شاقہ کی طرف بڑھ گئی، آپ تہجد پڑھتیں، شب و روز نمازوں میں مصروف رہتیں، قرآن کریم کی تلاوت کرتیں، دلائل الخیرات، سیرت رسول کریم ﷺ اور خلفائے کرام کے غزوات کا مطالعہ کرتیں اور ان پر روتیں۔ کتب حدیث کا املا کرنے میں مصروف رہتیں، یہاں تک کہ آپ نے شمائل نبویہ (ترمذی) کے (اردو زبان میں اس کے ترجمے و شرح کے ساتھ) دو نسخے اپنے ہاتھ سے لکھے۔

آپ دعا کرتی تھیں کہ آپ کے چھوٹے بچے کے سامنے آپ کا وصال ہو جائے۔ آپ ہر سال حرمین کی زیارت کرنا چاہتی تھیں، لیکن اس پر اصرار نہیں کرتیں، کیوں کہ ان کے علم میں تھا کہ میرے پاس زادِ راہ کی گنجائش نہیں ہے۔ اس کے باوجود آپ نے کئی بار مجھ سے کہا کہ اگر تم مجھے دیار حبیب ﷺ پہنچا دو تو میرے دل کو سکون مل جائے۔ وصال کے وقت آپ اصرار کرنے لگیں کہ خواہ تمھیں دقت اٹھانی پڑے، لیکن مجھے مدینے لے چلو۔ یہ بات آپ نے ۹رذی الحجہ کو فرمائی، پھر تین دنوں کے بعد اسی ماہ کی ۱۲رتاریخ کو اپنی چچازاد بہنوں کو جمع کیا اور ان کی ضیافت میں کھانے بنوائے۔ پھر رات میں آپ کی طبیعت بگڑ گئی، مگر صبح تک مجھے نہیں بتایا، جب صبح ہوئی تو میری بہن نے مجھے خبر دی، میں آپ کے پاس گیا، میں نے دیکھا کہ آپ کو ہیضہ ہو گیا ہے اور نبض کی رفتار مدھم پڑ گئی ہے، جسم سرد پڑ گیا ہے اور آپ اپنی زندگی سے مایوس ہو چکی ہیں۔ آپ نے مجھ سے فرمایا کہ میں اس مرض سے اچھی نہیں ہوں گی، میں مروں گی اور اس دنیا سے یہ حسرت

لے کر جاؤں گی کہ مجھے مدینے میں موت نہیں آسکی۔

پھر طبیب حضرات آئے اور ان کے علاج میں لگ گئے، لیکن کوئی علاج کارگر نہیں ہوا اور رض میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ آپ نے فجر اور ظہر کی نمازیں اپنے وقت پر ادا کیں۔ فرمایا کہ میں نے آج دلائل الخیرات ختم کرنے کا ارادہ کیا تھا، مگر قوت نہیں پاتی۔ پھر ہم لوگوں سے رخصت لیا اور فرمایا کہ میں نے تم لوگوں کو اللہ کے سپرد کیا۔ تمام موجود اعزہ واقارب سے اجازت لی اور کہا کہ تم لوگ میری تقصیرات کو معاف کر دو۔ پھر اٹھ کر بیٹھ گئیں اور مجھ سے فرمایا کہ میں قادر مطلق کی بارگاہ میں کیسے جاؤں؟ پھر کلمہ پڑھا اور مجھ سے فرمایا کہ تم میرے کلمہ پڑھنے پر گواہ رہنا:

أشهد أن لا إله إلا الله وأشهد أنّ محمد رسول الله

(تم گواہ ہو جاؤ کہ میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتی ہوں کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں)۔

پھر فرمایا:

رضيت بالله ربا، وبالإسلام دينا، وبمحمد صلى الله عليه وسلم نبيا ورسولا

(میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی اور رسول ہونے پر برضا ورغبت ایمان رکھتی ہوں۔)

پھر فرمایا: اگر میں اس مرض سے اچھی ہو جاؤں تو رسول کریم ﷺ کی قبر انور کی زیارت کروں گی۔ کچھ لمحوں کے بعد بارگاہ رسالت مآب میں درود پیش کیا: الصلوة والسلام علیک یارسول اللہ۔ جب عصر کا وقت قریب ہوا تو فرمایا رمضان میں سفر کے دوران مجھ سے پورے ایک مہینے کا روزہ چھوٹ گیا تھا، میری جانب سے تم فدیہ ادا کر دینا۔ پھر کہا کہ: سورۂ یٰسین پڑھو، میں بھی تمہارے ساتھ پڑھتی ہوں، مگر میں غم واندوہ کی وجہ سے پڑھ نہیں سکا تو میں نے مولوی عبدالمجید صاحب مدظلہ سے تلاوت کو کہا، انھوں نے پڑھنا شروع کیا، والدہ ماجدہ نے بھی ان کے ساتھ نصف یا اس سے کچھ زیادہ پڑھا، اس کے بعد آپ کو تلاوت کی قوت نہیں رہی اور پھر سورے کے اختتام پر میری گود میں بعد عصر، بروز پیر ۱۳ر ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ [۲۸ر جنوری ۱۹۰۷ء] کو

آپ کا وصال ہو گیا۔ آپ کا چہرہ منور و تاباں تھا، جس سے حسن خاتمہ کے آثار ہویدا تھے۔ اس نعمت پر میں اللہ کی حمد بجالایا۔ عشا کے بعد میں نے نماز جنازہ پڑھائی اور آپ خاندانی قبرستان میں اپنی بہن اور خالہ کی قبروں کے قریب مدفون ہوئیں۔

اللہ آپ کو ہماری جانب سے بہتر جزا عطا فرمائے، اس لیے کہ مائیں جتنی اپنے بچوں پر شفقت کرتی ہیں اس سے کہیں زیادہ آپ مجھ پر محبت و شفقت فرمایا کرتی تھیں، یہاں تک کہ جب تک لیتیں کہ میں نے کھانا کھا لیا ہے، اس کے بعد ہی کھانا کھاتی تھیں۔ میرا انتظار کرتی رہتیں رات کافی گزر جاتا، مگر اس وقت تک آرام نہیں کرتیں جب تک آپ کو یہ معلوم نہیں ہو جاتا کہ میں بستر پر چلا گیا، اگر میں کہیں چلا جاتا تو آپ کے دل کو سکون نہیں ملتا اور مجھے دیکھے بغیر آپ سوتی نہیں۔ اللہ کی بے پایاں رحمت ہو آپ پر۔ اللہ آپ کو ہماری طرف سے ان سے بھی بہتر جزا عطا فرمائے جو امہات المومنین کو ان کی اولاد کے بدلے عطا کیا جاتا ہے۔

اے اللہ ان کی مغفرت فرما، رحم فرما، ان کے ساتھ احسان میں اضافہ فرما، ان کی خطاؤں کو درگزر فرمادے۔ انھیں اپنی رحمت کا امیدوار بنادے اور عذاب سے نجات عطا فرما۔ اے اللہ! انھیں سلامتی عطا فرما، انھیں معاف فرمادے، ان کی توقیر میں اضافہ فرما، ان کی قبر کو کشادہ فرمادے اور ان پر اپنی باران رحمت، غفران اور بخشش کو انڈیل دے، انھیں گناہوں سے پاک وصاف فرمادے، دنیا کے بالمقابل آخرت میں بہتر ٹھکانہ اور اچھے مکین عطا فرما، انھیں جنت میں داخل فرما، قبر کی ہولناکی سے محفوظ رکھ، عذاب قبر اور جہنم کی آگ سے نجات عطا فرما۔

اے اللہ یہ تیری کنیز ہے، جو تیرے حفظ و امان اور آغوش رحمت میں ہے۔ یہ گواہی دیتی تھی کہ تیرا سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں۔ تو ہی اس کا رب ہے، تو ہی اس کا خالق ہے، تو نے ہی اسے اسلام کی ہدایت بخشی، تو نے ہی اسے موت دی، تو اس کے ظاہر و باطن کو جانتا ہے، تو وعدوں کی تکمیل فرمانے والا ہے۔ ہم تیری حمد کو تیری بارگاہ میں وسیلہ بناتے ہیں تو اے اللہ سید ابرار اور رسول مختار اور ان کی آل اطہار کے صدقے ان کی مغفرت فرما اور اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے ہمارا حشر بھی صالحین کے ساتھ فرما۔ □□□

[چوتھا باب]

حواشی وتعلیقات

الف

[1]

[۱] انصان اربعہ میں مذکور ہے کہ ملا محمد اسعد برہان پور میں صدر الصدور کے عہدے پر فائز تھے "بخدمت صدر الصدورے برہان پور سرفراز شدہ" (ص: ۱۳۳)۔

[۲] والد ماجد ملا قطب الدین سہالوی کی حیات میں ہی ملا محمد اسعد اپنی اہلیہ اور خورد سال بیٹے ملا غلام مصطفی کو والد کے پاس چھوڑ کر بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے پاس چلے گئے، آپ بادشاہ کی مصاحبت میں دکن میں تھے کہ والد ماجد کی شہادت کی خبر موصول ہوئی مگر وطن واپس نہیں آئے۔ آپ کے سنہ وفات اور جائے مدفن کے تعلق سے تمام معاصر مآخذ خاموش ہیں۔

[۳] مولانا عنایت اللہ انصاری فرنگی محلی (ف: ۱۹۴۱ء) نے "تذکرۂ علمائے فرنگی محل" میں اس حاشیہ کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انھوں نے اسے مولانا ابو الحسنات عبد الحی فرنگی محلی کے کتب خانے میں دیکھا تھا۔ یہ کتب خانہ مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی منتقل ہو گیا ہے، جس کے تعلق سے مولانا محمد رضا انصاری فرنگی محلی (ف: ۱۹۹۰ء) نے "بانی درس نظامی" میں ذکر کیا ہے کہ مولانا عبد الحی کے اس ذخیرۂ کتب میں اب اس حاشیے کا کچھ اتا پتا نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۲
بانی درس نظامی:	ص: ۴۹
انصان اربعہ (فارسی):	ص: ۵-۱۳۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۲۰

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۳۵۲

[2]

۱؎ ملا احمد عبد الحق کی ولادت قصبہ سہالی، ضلع بارہ بنکی میں ۱۹ر رجب ۱۱۰۳ھ مطابق ۲۷ر مارچ ۱۶۹۲ء کو ہوئی، کیوں کہ اسی دن آپ کے دادا ملا قطب الدین کی شہادت ہوئی تھی۔

تفصیلی احوال کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۲-۱۳

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۵، ۱۳۳

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۲۳-تا-۲۵

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۰۷

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۶،ص:۶۹۵

[3]

۱؎ ملا احمد انوار الحق ''اغصان الاربعة للشجرة الطيبة'' (فارسی) کے مصنف ملا ولی اللہ فرنگی محلی کے پیر و مرشد اور جد حقیقی ملا محب اللہ کے چھوٹے بھائی تھے، اس لیے ان کے ذکر کے لیے مصنف نے الگ سے ایک باب باندھا ہے، جو صفحہ ۳۳ر سے شروع ہو کر ۱۰۲ر پر ختم ہوتا ہے- یہ کتاب کل ۱۴۰ر صفحات پر مشتمل ہے اور اس کا موضوع شجرۂ خانوادۂ فرنگی محل ہے، تاہم اس کا بیشتر حصہ ملا احمد انوار الحق کے احوال و کرامات پر محیط ہے، مگر ان کے احوال و کرامات کے ضمن میں خانوادے سے متعلق تاریخی مواد بھی جمع ہو گیا ہے-

۲؎ ملا احمد انوار الحق علوم اسلامیہ کے ساتھ معرفت و سلوک میں بھی اعلیٰ مقام رکھتے تھے، آپ کا شمار سلسلۂ قادریہ چشتیہ کے کبار مشائخ میں ہوتا ہے- بے شمار لوگوں نے آپ سے بیعت و ہدایت حاصل کی- مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی (ف:۱۹۲۱ء) کے پردادا حافظ کاظم علی خاں بھی آپ کے مرید تھے-

۳؎ ملا احمد انوار الحق نے دو عقد فرمائے تھے، آپ کی پہلی زوجہ ملا احمد حسین (ابن ملا رضا ابن

ملا قطب الدین) کی صاحب زادی تھیں، جن سے تین صاحب زادے ملا نور الحق، ملا علاء الدین، ملا اسرار الحق اور ایک صاحب زادی ہوئی۔ صاحب زادی کا عقد ملا ابو الکرم (ابن مفتی یعقوب ابن ملا عبد العزیز ابن ملا سعید ابن ملا قطب) سے ہوا۔

دوسری زوجہ نجابت علی شاہ صدیقی کی ہمشیرہ تھیں، جن سے دو صاحب زادے ملا احمد، ملا عبد الصمد اور تین صاحب زادیاں متولد ہوئیں۔ پہلی صاحب زادی کا عقد اپنے چچا زاد بھائی ملا ظہور الحق (ابن ملا ازہار الحق ابن ملا احمد عبد الحق) سے ہوا۔ دوسری کا عقد شیخ مقبول علی ابن شیخ جعفر علی (محلہ مفتی گنج لکھنؤ) سے ہوا اور تیسری کا عقد ملا صفدر (ابن ملا مبین ابن ملا محب اللہ ابن ملا احمد عبد الحق) سے ہوا۔

تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۳-۱۴
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۳۳-تا-۱۰۲
تذکرۂ علمائے اہل سنت: ص:۳۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۲۵-تا-۲۸
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۰۸
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۹۴
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۲۹

[4]

[1] ملا اسرار الحق کی سنہ ولادت و وفات کے تعلق سے تمام معاصر مآخذ خاموش ہیں۔

[2] آپ کی دو صاحب زادیاں بھی تھیں۔ ایک کا عقد ملا محمد شائق ابن ملا عبد الرب (نبیرہ ملا رضا) سے ہوا۔ دوسری کا عقد شیخ حسین بخش ابن شیخ جعفر علی (محلہ مفتی گنج لکھنؤ) سے ہوا۔

مزید دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۴

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۲۹-۳۰

[5]

۱؎ ملا امین الحق کی سنہ ولادت و وفات کے تعلق سے تمام معاصر ماخذ خاموش ہیں۔

۲؎ ملا امین الحق کا نکاح شیخ رعایت اللہ لکھنوی انصاری ابن شیخ عزیز اللہ کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے ایک صاحب زادی متولد ہوئیں۔

مزید دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۴-۱۵

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۰

[6]

۱؎ ''تذکرۂ علمائے فرنگی محل'' میں آپ کی تاریخ و سنہ وفات ۱۵ر صفر ۱۲۶۷ھ درج ہے، جو درست نہیں لگتا، کیوں کہ ''آثار الاول'' کے علاوہ دیگر قدیم خاندانی تذکروں میں بھی ملا محمد احمد کی سنہ وفات ۱۲۶۹ھ ہی مذکور ہے۔

۲؎ ملا محمد احمد کے (دو صاحب زادوں کے علاوہ) ایک صاحب زادی بھی تھیں، جن کا نکاح ملا رحمت اللہ ابن ملا نور اللہ سے ہوا۔

مزید ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۵

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۰

[7]

۱؎ ملا ازہار الحق کی ولادت لکھنؤ میں ہوئی، ''اغصان اربعہ'' میں مذکور ہے کہ آپ کے والد

ماجد ملا احمد عبدالحق نے آپ کو بحرالعلوم ملا عبدالعلی کے سپرد کردیا، ان سے شرح جامی تک تعلیم پائی، جب ملا عبدالعلی تدریس کے سلسلے میں لکھنؤ سے شاہ جہاں پور (روہیل کھنڈ) تشریف لے گئے تو ملا احمد حسین سے علم بلاغت اور اصول اور ملا محمد حسن سے علم منطق وحکمت کی تحصیل کی۔ اس کے بعد شاہ جہاں پور جاکر ملا عبدالعلی کی خدمت میں فاتحہ فراغ پڑھا۔ یہاں روہیل کھنڈ کے حکمراں حافظ الملک نواب حافظ رحمت خاں نے آپ کے لیے وظیفہ جاری کردیا، آپ نے ایک عرصے تک یہاں طالبان علوم کو سیراب کیا۔ حافظ الملک کی شہادت (۱۷۷۴ء) کے بعد جب ملا عبدالعلی رام پور چلے گئے تو آپ اپنے وطن لکھنؤ واپس آگئے اور ایک مدت تک وہاں پڑھاتے رہے، پھر رائے بریلی پہنچے اور وہاں مسند درس لگائی اور سلسلہ نقش بندیہ میں شیخ محمد عدل سے بیعت ہوگئے۔ جب بحرالعلوم بغرض تدریس قصبہ بوہار (بنگال) جانے لگے تو آپ بھی ان کی مصاحبت میں بوہار چلے گئے اور کافی عرصے طلبہ کو مستفیض کرتے رہے، پھر جب بحرالعلوم وہاں سے مدراس چلے گئے تو آپ لکھنؤ واپس آکر گوشہ نشین ہوگئے۔

[۲] سید محمد عدل نقش بندی رائے بریلوی، عرف شاہ لعل صاحب سلسلۂ نقش بندیہ کے معروف شیخ طریقت تھے۔ آپ کی ولادت ۱۱۱۵ھ/ ۰۳-۱۷۰۴ء میں ہوئی اور وصال ۱۱ر رمضان ۱۱۹۲ھ/ اکتوبر ۱۷۷۸ء کو ہوا۔ آپ کا تعلق رائے بریلی کے معروف خانوادۂ علم اللہی سے تھا تذکرہ نگاروں نے آپ کے زہد وورع، صبر وقناعت اور اہتمام شریعت کا والہانہ ذکر کیا ہے۔ خطہ اودھ میں متعدد مشاہیر علما اور مشائخ آپ کے خلفا ہوئے ہیں۔ (خانوادۂ علم اللہی، ص: ۶۱ تا ۶۴)

[۳] مولانا ازہار الحق فرنگی محلی کی تاریخ ولادت ووفات کے سلسلے میں معاصر تذکرے خاموش ہیں، تاہم آپ کے شیخ طریقت محمد عدل نقش بندی عرف شاہ لعل (ف: ۱۷۷۸ء) اور استاذ محترم بحرالعلوم ملا عبدالعلی (ف: ۱۸۱۰ء) کے عہد سے آپ کے عہد کی تعیین ہوجاتی ہے۔

تفصیل کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۱۵-۱۶

انغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰۹-تا-۱۱۱

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۲۸-۲۹
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۱۹-۱۲۰
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۱۰۵
نزهة الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۱۰-۹۱۱

[8]

۱؎ یمین الدولہ نواب سعادت علی خاں (ف: ۱۸۱۴ء) ریاست اودھ کے چھٹے حکمراں تھے، جن کا عہد حکمرانی ۱۷۹۸ء سے ۱۸۱۴ء تک رہا۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ اودھ، حصہ چہارم، ص: ۱ تا ۱۳۹)

۲؎ آپ سید عبداللہ بغدادی سے بیعت ہوئے، تاہم سلوک و معرفت اور طریقۂ تصوف سید شاہ غلام علی (نبیرہ حضرت سید عبدالرزاق بانسوی) سے حاصل کیا۔ آپ کی سنہ ولادت و وفات کے تعلق سے تمام معاصر تذکرے خاموش ہیں۔

ملاحظہ ہو:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۶
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۶
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۸
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۱۰
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۹۱
فقہائے ہند: جلد:۳، ص:۵۳
نزهة الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۰۵-۹۰۶

[9]

۱؎ مزید دیکھیے:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۶

انصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۶-۱۱۷
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۸

[10]

ل مزید دیکھیے:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۶
انصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۷
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۸-۳۹
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۳۵۵-۳۵۶
نزهۃ الخواطر (عربی): جلد:۷،ص:۱۰۸۸

[11]

ل مفتی ظہور اللہ ملا امین اللہ کے نانا تھے۔ مفتی ظہور اللہ اپنے فتووں کے جوابات آپ سے ہی لکھوایا کرتے تھے۔

ملاحظہ ہو:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۷
انصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۷
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۸
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۳۱
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۱۲۲
نزهۃ الخواطر (عربی): جلد:۷،ص:۹۲۸

[12]

سلہ مولانا امیر الدین علی عرف امیر علی ابن شیخ محمد بخش ابن شیخ امام الدین ابن شیخ نور الحق ابن شیخ محمد ابن ملا احمد عرف ملا جیون، خطۂ اودھ کے معروف عالم اور شیخ طریقت تھے۔ آپ

امیٹھی (ضلع رائے بریلی) میں پیدا ہوئے- ابتدائی تعلیم وطن میں ہی پائی، اس کے بعد تحصیل علم کے لیے ۱۲۳۶ھ/ ۱۸۲۱-۲۰ء میں لکھنؤ پہنچے اور شیخ اسد اللہ ابن شیخ نور اللہ فرنگی محلی سے پڑھا، اس کے بعد مولانا عبدالرحمن موحد کی خدمت میں سات سال سے زائد رہے اور مختلف فنون کی کتابیں پڑھیں نیز ان سے بیعت ہو کر تمام سلاسل کی اجازت وخلافت پائی، ان کے علاوہ مولوی نور اللہ بچھرایونی سے بھی تعلیم حاصل کی اور سلوک وتصوف میں استفادہ کیا- مولانا حج وزیارت کے لیے حجاز تشریف لے گئے اور دو سال وہاں قیام کیا، پھر اپنے وطن لوٹ آئے اور ایک مدت تک وہاں قیام کیا، اس درمیان مولانا خلق خدا کی ہدایت وتربیت میں مصروف رہے، مولانا کے ہاتھوں سیکڑوں افراد بیعت ہوئے- اجودھیا میں جب مسجد کی بازیافت کا مسئلہ درپیش آیا تو علم جہاد بلند کیا اور شہادت سے سرفراز ہوئے-

لکھنؤ کے قریب اجودھیا میں مغل بادشاہ بابر نے ۱۵۱۷ء میں رام چندر اور سیتا کی رسوئی (باورچی خانہ) سے متصل ایک مسجد بنادی، یہ ہندو اکثریتی اور مسلم اقلیتی علاقہ تھا، اس لیے مسلمان مسجد کی حفاظت اور آبادی کی طرف سے غافل ہو گئے، یہاں تک کہ مسجد شکستہ ہو کر تقریباً بے نشان سی ہو گئی تھی، ہندو بھی اس کے آثار مٹاتے چلے گئے، یہاں تک کہ انھوں نے صفدر جنگ ابوالمنصور خاں والی اودھ (ف: ۱۷۵۴ء) کے عہد میں ان کے تعاون سے اس سے متصل ایک ہنومان مندر (ہنومان کی بیٹھک) بنالیا، جب نوابان اودھ کی سیاسی قوت کمزور ہونے لگی تو ہندوؤں نے ہنومان کی بیٹھک کی ملحقہ زمین پر ایک چہار دیواری قائم کر لی اور لڑائی کے قابل ایک قلعہ بنالیا جسے ”ہنومان گڑھی“ کہنے لگے-

برسوں کے بعد ۱۲۷۱ھ/ ۱۸۵۵ء میں شاہ غلام حسین کی قیادت میں کچھ مسلمانوں نے اس مسجد کے احیا کی کوشش شروع کر دی اور اس کو ہندوؤں کے قبضے سے نکالنا چاہا- ۱۰/ ذی قعدہ ۱۲۷۱ھ/ ۲۵/ جولائی ۱۸۵۵ء میں تین سو کے قریب مسلمان بابری مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنے کے لیے جمع ہو گئے، جب بیراگیوں اور دیگر ہندوؤں کو یہ بات معلوم ہوئی تو ان لوگوں نے چاروں طرف سے مسجد کو گھیر لیا، سرکاری افسر رشوت کھا کر موقع سے ہٹ گئے، ہنگامہ اتنی دیر رہا کہ مسلمان

جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکے، بیراگیوں کی مدد کے لیے اطراف کے ہندو راجہ اور زمیندار بھی افرادی قوت کے ساتھ وہاں پہنچ گئے، یہ کشمکش چلتی رہی، آخر بیراگیوں نے موقع پا کر بشمول شاہ غلام حسین تمام مسلمانوں پر حملہ کر کے انھیں بے دردی سے شہید کر دیا اور مسجد کو منہدم کر دیا۔ والی اودھ نواب واجد علی (ف: ۱۸۸۷ء) کی کمزوری کی وجہ سے یہ حادثہ روکا نہ جا سکا۔ جب لکھنؤ اس حادثے کی خبر پہنچی تو والی اودھ نے اس کی تحقیقات کا حکم دیا، مگر اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ اُدھر جب عام مسلمانوں تک یہ خبر پہنچی تو انھیں بیراگیوں کی جرأت پر سخت تشویش ہوئی اور پھر مولانا امیر الدین امیر علی اور مولانا عبد الرزاق فرنگی محلی نے علم جہاد بلند کیا۔ والی اودھ نے علما کے درمیان شرائط جہاد کی بحث کروا کر انھیں روکنے کی کوشش کی اور مسجد کی تعمیر کا وعدہ کیا، مگر یہ وعدہ بھی پورا نہ ہو سکا۔ اس حادثے اور پھر جہاد کی خبر ہندوستان میں جوں جوں پھیلتی گئی، جہاد میں حصہ لینے کے لیے مختلف مقامات سے لوگ جمع ہوتے چلے گئے۔ سیاسی سازشوں کا دور چلا، کمپنی سرکار اس زمانے میں سلطنت اودھ پر قابض ہونے کے لیے کوشش کر رہی تھی، اس لیے اس نے اس ہنگامے کو مزید ہوا دی۔ مولانا امیر الدین پر سختی کی گئی، انھیں قید بھی کیا گیا، مگر ان کے ارادے میں کوئی جنبش نہ آئی، تاہم انھوں نے مسجد کی تعمیر کے لیے حکومت کو ایک ماہ کی مزید مہلت دی، یہ وقت بھی گزر گیا تو مولانا امیر الدین تقریبا تین سو افراد کے ہمراہ ۲۶ر صفر ۱۲۷۲ھ/ ۷ر نومبر ۱۸۵۵ء کو جہاد کے لیے نکل کھڑے ہوئے، مگر ردولی کے راستے میں مکر و فریب سے انگریزی سرکار اور ہندو تعلقہ داروں کے لوگوں نے مجاہدین پر توپوں اور بندوقوں سے حملہ کر دیا، جس میں مولانا امیر الدین علی کے ساتھ تمام مسلمان شہید کر دیے گئے۔ اس حادثے کے تین ماہ کے اندر ۴ر فروری ۱۸۵۶ء کو کمپنی سرکار نے والی اودھ واجد علی شاہ کو معزول کر کے اودھ کو اپنے مقبوضات میں شامل کر لیا۔

اس واقعے کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

تاریخ اودھ: حصہ پنجم، ص: ۱۹۹ - تا - ۲۳۶

تذکرۂ علمائے ہند: ص: ۱۲۴ - ۱۲۵

جنگ آزادی ۱۸۵۷ء: واقعات و شخصیات: ص: ۹۲ - تا - ۱۱۶

نزھۃالخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۲۶-۹۲۷

۲ مولانا غلام امام عثانی امیٹھوی ثم الہ آبادی اپنے عہد کے فارسی اور اردو کے قابل قدر شاعر، ماہر لسانیات اور ثناخوان مصطفی ﷺ تھے، 'شہید' تخلص تھا- آپ کی ولادت امیٹھی (یوپی) میں ہوئی، ایک مدت تک وہاں کے اساتذہ سے تعلیم حاصل کرتے رہے، پھر لکھنؤ جا کر ملا اسداللہ فرنگی محلی اور مولانا حیدر علی فیض آبادی (ف:۱۲۹۹ھ/ ۸۲-۱۸۸۱ء) کی درس گاہوں میں زانوے تلمذ تہ کیا- تعلیم سے فراغت کے بعد شعروسخن کی طرف متوجہ ہوئے اور مرزا قتیل اور مصحفی کی شاگردی اختیار کی اور آغا اسماعیل مازندانی سے علم عروض ومعانی پڑھا- آپ کو فارسی زبان اور صنائع وبدائع پر عبور حاصل تھا، فارسی میں آپ کا ایک دیوان بھی ہے- تاہم مرزا غالبؔ نے اپنے ایک شاگرد کو خط لکھتے ہوئے آپ کے کلام پر اچھی رائے ظاہر نہیں کی ہے- اردو میں بھی خوب شعر کہتے تھے، جس پر ان کا اردو دیوان شاہد ہے- اردو نثر و نظم میں آپ کی متعدد تصانیف مطبع نول کشور اور دوسرے مطابع سے شائع ہو کر مقبول خاص وعام ہوئی ہیں اور بعض کتابوں کے متعدد ایڈیشنز چھپے، ان میں مولود شریف، گلزار خلیل (شہدائے کربلا کے منظوم احوال)، رمز الشہادتین اور انشائے بہار بے خزاں اہم ہیں- موخرالذکر تصنیف انشائے اردو کے قواعد پر مشتمل یہ کتاب لفٹنٹ گورنر جیمس ٹامس کے حکم سے آپ نے لکھی، جس کا ساتواں ایڈیشن مطبع نول کشور سے ۱۸۸۶ء میں شائع ہوا، جو راقم کے پیش نظر ہے- آغا سید محمد اصفہانی اور مرزا ناطق آپ کے ہم عصر اور ہم مشاعرہ تھے- آپ اپنے دولت کدے پر خوب دھوم دھام سے مجلس میلاد مصطفی ﷺ منعقد کرتے اور تازہ نعتیہ کلام ترنم کے ساتھ پڑھتے تھے- لالہ سری رام (ف: ۱۹۳۰ء) نے "خم خانہ جاوید" میں آپ کا حسب ذیل نعتیہ قطعہ ترجیع بند نقل کیا ہے:

قدرعنا کی ادا جامۂ زیبا کی پھبن   سرمہ گیں آنکھ غضب ناز بھری وہ چتون
وہ عمامے کی سجاوٹ وہ جبین روشن   اور وہ مکھڑے کی تجلی وہ بیاض گردن
وہ عبائے عربی اور وہ نیچا دامن   دل رُبایانہ وہ رفتار وہ بے ساختہ پن
مردہ بھی دیکھے تو کر چاک گریبان کفن   اٹھ چلے قبر سے بے تاب زباں پر یہ سخن

مرحبا سید مکی مدنی العربی ‏ ‏ ‏ دل وجاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آپ الہ آباد اور آگرہ کی عدالت دیوانی میں عہدۂ پیش کاری صدر نظامت پر فائز تھے۔ جب نواب محی الدولہ نے آپ کے نعتیہ کلام کی شہرت سنی تو ایک ہزار روپے زاد راہ بھیج کر آپ کو حیدر آباد دکن بلا لیا، آپ سرکاری ملازمت چھوڑ کر وہاں چلے گئے، جہاں نظام دکن نے آپ کے لیے چار سو روپے ماہوار وظیفہ مقرر کر دیا۔ جب وہاں سے آپ نے حج وزیارت حرمین کا ارادہ کیا تو ازراہ قدردانی راجہ گردھاری پرشاد نے آپ کو زادراہ پیش کیا، جب کہ نواب سالار جنگ نے پانچ سو روپے عطا کیے۔ نواب کلب علی خاں (والی رام پور) بھی آپ کے بے حد قدرداں تھے۔ آپ کا وصال ۴ر صفر ۱۲۹۶ھ/ ۲۸ر جنوری ۱۸۷۹ء کو الہ آباد میں ہوا۔ ”شہید عشق شاہ عالمین“ سے سنہ وفات ۱۲۹۶ھ برآمد ہوتا ہے۔ (خم خانۂ جاوید: جلد: پنجم، ص: ۲۱۱-تا-۲۱۴/ تذکرہ ماہ وسال، ص: ۲۳۱/ نزهة الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۰۵۰)

ملا اسد اللہ کے تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۷
انغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۲۰-۲۱
نزهة الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۹۱۳

[13]

[1] ملا احمد حسین استاذ الہند ملا نظام الدین کے اُن نامور اور قابل فخر تلامذہ میں تھے، جنھوں نے اپنے استاذ کی زندگی میں ہی ان کے سامنے درس دینا شروع کیا اور ان کی وفات کے بعد بھی فرنگی محل کی علمی عظمت وجلالت کو ماند پڑنے نہیں دی۔ ساری زندگی درس وتدریس کے علاوہ کوئی دوسرا مشغلہ نہیں رہا۔ ملا نظام الدین نے آپ کو اپنا متبنیٰ بھی بنایا تھا۔

[2] ملا محمد مبین کے برادر زادہ اور شاگرد ملا محمد نعیم اللہ فرنگی محلی (ف: ۱۹۰۶ء) اپنے استاذ کے حوالے سے فرمایا کرتے تھے کہ ملا محمد مبین ملا احمد حسین کے ساتھ ملا حسن کے بھی شاگرد تھے، تاہم

ملا احمد حسین کی بے حد تعریف و توصیف کیا کرتے اور فرماتے:

> در تبحر علمی زیادہ از مولوی محمد حسن مرحوم بودند، لیکن بہ باعث بے تصنیفی دریں وقت شہرت آفاقی نمی دارند و در زمانِ حیات خود بسیار نامور بودند۔

(جہاں تک تبحر علمی کا تعلق ہے ملا احمد حسین میں ملا حسن سے زیادہ تھا، لیکن چوں کہ ملا احمد حسین کی کوئی تصنیف نہیں ہے، اس لیے وہ اِس زمانے میں عالم گیر شہرت نہیں رکھتے، اپنے زمانے میں وہ بہت مشہور تھے۔) (بانی درس نظامی، ص: ۱۲۵، ۱۲۶)

اپنے عہد کے نامور حضرات ملا احمد حسین کے تلامذہ ہوئے، جن میں علامہ تفضل حسین خاں لکھنوی، ملا محمد مبین، ملا احمد انوار الحق، ملا ازہار الحق، قاضی ذوالفقار علی دیوی اور ملا حبیب اللہ فرنگی محلی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

آپ کی سنہ ولادت و وفات کا کوئی ذکر معاصر ماخذ میں نہیں ملتا، البتہ ملا محمد نعیم اللہ فرنگی محلی کی قلمی یادداشت سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ اُس وقت اودھ کی راجدھانی فیض آباد سے آپ واپس آرہے تھے کہ مرض الموت میں مبتلا ہوئے اور وفات پاگئے۔ وفات سے پہلے اپنے برادر عم زاد کے پوتے اور شاگرد ملا حبیب اللہ کو وصیت کی کہ مجھے میرے عم محترم ملا نظام الدین محمد قدس سرہ کے مزار کے مشرق میں بالکل ان کے برابر دفن کرنا۔ چنانچہ انھوں نے عشرۂ محرم کو ان کی وصیت پوری کردی۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۷
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۳۷-۱۳۸
بانی درس نظامی:	ص: ۱۲۵-تا-۱۲۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۴۲
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۹۰۶

[14]

لے مزید دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۳۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۱

[15]

لے مزید دیکھیں:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۱۸-۱۹
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۴
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۳۰-۳۱
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۸، ص:۱۱۹۳

[16]

لے ملا محمد اکرم تعلیم سے فراغت کے بعد درس و تدریس سے وابستہ رہے اور اسی سلسلے میں کچھ عرصے رام پور میں بھی قیام رہا۔ اپنے والد ماجد سے بیعت تھے، ان کی معیت میں حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور وہاں کے شیوخ و محدثین سے اجازت حدیث سے سرفراز ہوئے۔

ملاحظہ ہو:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۲۱-۲۲
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۷
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۴۰

[17]

لے مولانا افہام اللہ فرنگی محلی کا شمار اپنے عہد کے ممتاز علما میں ہوتا تھا، اصول اور علم کلام میں خاص مہارت تھی، آپ کے علم و فضل کا اعتراف آپ کے عہد کے کثیر علما نے کیا ہے۔ آپ طبیب حاذق بھی تھے، طب کی تعلیم حکیم عبد العلی سے حاصل کی۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا عین القضاۃ لکھنوی (ف:۱۹۲۵) بھی ہیں۔

۲۔ علوم وفنون سے فراغت کے بعد لکھنؤ میں ہی درس وتدریس میں ایک زمانے تک معروف رہے، اس کے بعد بسلسلۂ درس وتدریس ویلور (جنوبی ہند) چلے گئے، جہاں درس کے علاوہ کئی کامیاب مناظرے کیے، جس سے آپ کی شہرت عام ہوئی۔ وہاں کچھ مدت گزارنے کے بعد نظام دکن کی حکومت میں مدرس مقرر ہوئے اور گلبرگہ میں خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے سجادہ نشین کو درس دینے کے لیے مقرر ہوئے۔ قیام گلبرگہ کے دوران آپ سخت علیل ہو گئے تو اپنے وطن لکھنؤ واپس آ گئے اور ۳۶ رسال کی مختصر عمر میں انتقال فرمایا۔

۳۔ ”حاشیہ خیالی“ مکمل نہیں ہو سکا۔

۴۔ آپ نے درس وتدریس کے علاوہ متعدد رسائل وکتب تصنیف کیے اور متعدد کتابوں پر علمی حواشی لکھے، متن میں مذکور کتب وحواشی کے علاوہ آپ نے رسالہ افہامیہ اور حاشیہ شرح عمیہ بھی تحریر فرمائے۔

تفصیل کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۲۰-۲۱
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۲۸
تذکرۂ علمائے حال:	ص:۱۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۳۳
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۱۰۹-۱۱۰
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۸، ص:۱۱۹۱

ب

[18]

۱؎ مولانا برہان الحق محرم ۱۲۱۴ھ/ جون ۱۷۹۹ء کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس کا سلسلہ شروع فرمایا، تذکرہ نگاروں نے ذکر کیا ہے کہ انسانوں کے علاوہ اجنہ بھی آپ سے پڑھتے تھے۔ آپ نے پوری زندگی علم ظاہری و باطنی کی خدمت میں بسر فرمائی۔

۲؎ "تذکرۂ علمائے فرنگی محل" میں مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی نے ذکر کیا ہے کہ آپ اپنے جد امجد ملا احمد انوار الحق سے بیعت تھے اور تجدید بیعت اپنے پھوپھی زاد بھائی اور مرشد کے خلیفہ ملا عبد الوالی سے کی تھی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۲۳
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۰۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۴۴-۴۵
نزهة الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۹۳۵

ج

[19]

۱ـ ملا جمال الدین احمد لکھنوی فرنگی محلی اپنے عہد کے ممتاز و یگانہ عالم دین اور شیخ تھے۔ تعلیم کے بعد کچھ عرصے اپنے وطن میں قیام کیا اور پھر ایک مذہبی مناقشہ کی وجہ سے ترک وطن کر کے اپنے والد کے پاس مدراس (جنوبی ہند) چلے گئے، جہاں ان کے والد اپنے خسر بحر العلوم ملا عبد العلی کی جگہ مسند درس پر متمکن تھے۔ وہاں پہنچ کر مولانا جمال الدین نے بھی تدریس کا سلسلہ شروع کر دیا اور اپنے والد کی وفات (ف: ۱۸۲۶-۲۷ء) کے بعد ان کے قائم مقام ہو گئے۔ حسب معمول رئیس کرناٹک نے آپ کے نانا بحر العلوم ملا عبد العلی کا مدرسہ آپ کے والد کے وصال کے بعد آپ کے سپرد کر دیا۔ نواب محمد غوث خاں جو اُس وقت ولی عہد تھے، ان کے استاذ بھی مقرر ہوئے۔ علم تفسیر اور کلام سے آپ کو خاصا شغف تھا، آپ فرماتے تھے کہ فن تفسیر کی چار سو سے زائد کتابوں کا میں نے مطالعہ کیا ہے اور وہ سب میرے ذہن میں محفوظ ہیں۔ میر زاہد شرح مواقف اور بیضاوی کا بے مثال درس دیتے تھے۔ اکثر علما اور امرائے مدراس آپ کے درس میں شرکت کرتے اور آپ کے تلمذ پر فخر کرتے۔ آپ ہر جمعہ کو مسجد شاہی میں وعظ بھی دیا کرتے تھے۔ آپ کو اپنے والد سے اجازت و خلافت حاصل تھی اور مشائخانہ رنگ غالب تھا، اس لیے ہمیشہ گیروے رنگ کی چادر اور عمامہ استعمال کرتے۔ آپ کی باضابطہ کسی تصنیف کا تذکرہ نگاروں نے ذکر نہیں کیا ہے، البتہ مختلف درسی کتابوں پر آپ کے عالمانہ حواشی ملتے ہیں۔ آپ کا عقد مولانا ابو الکرم ابن مفتی محمد یعقوب (نبیرۂ ملا سعید) کی دختر کے ساتھ ہوا۔ ملا جمال الدین کا وصال مدراس میں ہی ہوا اور وہیں مسجد والا جاہی کی مشرقی دیوار کے قریب مدفون ہوئے۔

[1] آپ نے سید احمد رائے بریلوی (ف:۱۸۳۱ء) اور شاہ اسماعیل دہلوی (ف:۱۸۳۱ء) کے افکار و نظریات اور تحریک (جسے تاریخ میں "وہابی تحریک" کے نام سے جانا جاتا ہے) کا خوب رد کیا اور موخر الذکر کی تصنیف "تقویۃ الایمان" کی بعض عبارتوں کی بنیاد پر اپنے عہد کے درجنوں جلیل القدر علما کی طرح ان کی تکفیر کی۔ جس زمانے میں آپ کا قیام جنوبی ہند میں تھا، اُسی عہد میں سید احمد صاحب کے حقیقی بھانجے، مرید و خلیفہ اور ان کی تحریک کے ساتھی مولوی سید محمد علی رائے بریلوی ثم ٹونکی (ف:۱۲۴۵ھ/۲۹-۱۸۳۰ء) بھی پہنچے اور اپنے ماموں اور شاہ اسماعیل کے مذہبی افکار کی تبلیغ کرنے لگے نیز بہت سے افراد کو اپنے حلقۂ ارادت میں شامل کر لیا۔ یہ دیکھ کر ملا جمال الدین فرنگی محلی نے مولوی سید محمد علی سے مسئلۂ شفاعت پر مناظرہ کیا اور ان کو مجبور کیا کہ وہ "تقویۃ الایمان" کی قابل اعتراض عبارتوں سے اپنی براءت کا اظہار کریں، مولوی صاحب نے نماز جمعہ کے بعد مسجد والا جاہی (مدراس) میں تحریری براءت نامہ پیش کیا جسے پڑھ کر حاضرین کو سنایا گیا، مگر آپ (ملا جمال الدین) اس مجمل براءت نامے سے مطمئن نہیں ہوئے، پھر مولوی محمد علی نے دوسرا براءت نامہ پیش کیا، مگر ساتھ ہی اپنے مواعظ میں سید احمد صاحب اور شاہ اسماعیل کی تعریف و توصیف بھی کرتے۔ ان کے اس رویے کو دیکھتے ہوئے آپ نے ایک فتویٰ مرتب کیا اور اس پر متعدد علمائے جنوبی ہند کے تائیدی دستخط حاصل کیے اور مولوی صاحب کے واجب القتل ہونے کا شرعی فرمان جاری کیا۔ نواب ارکاٹ کو قتل کا اختیار نہیں تھا، اس لیے مدراس کے چیف مجسٹریٹ نے مولوی محمد علی کو بحری جہاز کے ذریعے کلکتہ روانہ کر دیا۔ اس کے بعد آپ نے ان کے تمام مریدین و متبعین کو مسجد والا جاہی میں فرداً فرداً توبہ کروائی۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۲۳-۲۴

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۵

تذکرۂ علمائے اہل سنت: ص:۷۵-تا-۷۷

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۴۶

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۵۱

حدیقۃ المرام (عربی): ص:۱۴-۱۵

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۴۶

ح

[20]

[۱] ملا محمد حامد اپنے دادا ملا احمد انوار الحق سے بیعت تھے اور اجازت وخلافت اپنے والد ملا محمد سے حاصل تھی۔

[۲] ''تذکرۂ علمائے فرنگی محل'' میں مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی نے ذکر کیا ہے کہ ''میں نے مرزاہد کی تقریباً ہر کتاب پر آپ کے حواشی دیکھے ہیں۔'' (ص:۵۵)

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۲۴
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۰۹
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۵۵-۵۶

[21]

[۱] ملا عبد الاعلی ابن بحر العلوم (ف: ۱۷۹۲ء) کے بیان کے مطابق ملا نظام الدین فرنگی محلی کی وفات ۱۷۴۸ء کے بعد ان کے صاحب زادے بحر العلوم ملا عبد العلی نے دار العلم والعمل فرنگی محل کی علمی وراثت اور درس گاہ کی قیادت فرمائی، بحر العلوم کے ترک وطن کے بعد فرنگی محل کی یہ علمی اور درس گاہی قیادت ملا حسن کے حصے میں آئی اور آپ نے تقریباً بیس برس تک فرنگی محل کی مسند علم وفن کو رونق بخشی، اس درمیان علما اور طالبان علوم آپ کو ملا نظام الدین کا جانشین سمجھنے لگے، لوگ آپ کے تلمذ پر فخر کرتے اور اپنے استفتا کے جوابات آپ سے اسی طرح لیتے جس طرح ملا

نظام اور بحر العلوم سے لیا کرتے تھے۔

ملا حسن بھی بحر العلوم کی طرح شیعہ سنی قضیہ کے شکار ہوئے اور حکام کی بے توجہی کی وجہ سے دل برداشتہ ہو کر روہیل کھنڈ کے حکمراں حافظ الملک نواب حافظ رحمت خاں کے پاس چلے گئے اور شاہ مدن (تلمیذ ملا کمال الدین سہالوی) کے پاس قیام کیا، بحر العلوم بھی وہاں موجود تھے، مگر حافظ الملک مرہٹوں کے خلاف برسر پیکار تھے، اس لیے آپ کی طرف توجہ نہیں دے سکے تو نجیب الدولہ کے صاحب زادے ضابطہ خاں نے آپ کو اپنے یہاں دارانگر (نزد امروہہ نجیب آباد) بلا لیا، آپ کی تشریف ارزانی پر اس نے خوب توقیر کی، تاہم جب ضابطہ خاں کو مرہٹوں سے شکست ہوئی اور ریاست ہاتھ سے نکل گئی تو ملا حسن مغل بادشاہ شاہ عالم ثانی (ف:۱۸۰۶ء) کے پاس کچھ عرصے کے لیے دہلی چلے گئے، پھر جب ضابطہ خاں اپنی ریاست پر دوبارہ قابض ہوا تو اس نے پھر سے آپ کو دہلی سے بلوا لیا اور پوری شان و شوکت کے ساتھ رکھا، لیکن اس کی ریاست میں ہمیشہ سیاسی اتھل پتھل مچی رہتی تھی، اس لیے آپ وہاں سے رام پور چلے گئے، جہاں والی رام پور نواب فیض اللہ خاں (ف: ۱۷۹۴ء) نے آپ کو اعزاز و اکرام سے نوازا۔ اس تمام عرصے میں آپ جہاں بھی گئے طالبان علوم کو سیراب کرتے رہے، جس کے نتیجے میں آپ کے بے شمار تلامذہ ہوئے، جن میں بہت سے اپنے وقت کے علامہ و فہامہ کہلائے۔ صفر ۱۱۹۹ھ (دسمبر ۱۷۸۴ء) میں رام پور میں ہی آپ کا وصال ہوا اور وہیں مدفون ہوئے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۲۴-۲۵
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۸-۹
بانی درس نظامی:	ص:۱۳۱-تا-۱۳۵
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۴۶-تا-۴۹
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۳۶۳-۳۶۴
تذکرۂ کاملان رام پور:	ص:۳۵۳
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۶، ص:۸۱۳

[22]

[۱] مزید دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۲۵

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۴۹

[23]

[۱] مولانا محمد حیدر فرنگی محلی اپنے وقت کے جید عالم دین تھے۔ آپ مدتوں تک حکومت اودھ میں نہایت عزت واکرام کے ساتھ رہے، حکومت کی جانب سے آپ کو وظائف کے ساتھ بطور اعزاز سواری فیل مع ہودہ مرحمت ہوا تھا اور رہنے کے لیے ایک محل سرا بھی۔ ایک بار وزیر سلطنت سے ایک مذہبی مباحثہ ہو گیا، جس کے بعد آپ نے لکھنؤ میں رہنا مناسب نہیں سمجھا اور حج و زیارت کی غرض سے حجاز کے لیے نکل پڑے، حج سے واپسی پر آپ کو شمس الامراء حیدرآباد لے گئے اور وہاں سلطنت آصفیہ کی جانب سے منصب اور ایک ہزار روپے کی جاگیر عطا ہوئی اور "افضل الدولہ" اور "ملک العلماء" کے خطاب سے نوازے گئے۔ وہاں پوری زندگی آپ تدریس، افتانویسی اور وعظ میں مشغول رہے۔ شہر کے روؤسا، امرا اور علما آپ کی بے حد عزت کرتے۔ نظام دکن نے آپ کی سواری کے لیے پالکی اور خلعت شاہی بھی مرحمت فرمایا تھا۔ آپ کا وصال حیدرآباد میں ہوا۔

[۲] مولانا نور الحسنین اپنے عہد کے جلیل القدر عالم دین تھے، شہر حیدرآباد دکن کے امرا، علما اور لوگوں کے درمیان مقبول و محترم تھے۔ تدریس کے علاوہ تبلیغ و رشد و ہدایت میں مصروف رہتے۔ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے، وہاں مختلف علما و شیوخ خصوصاً علامہ محمد عابد سندھی (ف: ۱۸۴۱ء) نے اجازت حدیث سے نوازا۔ امرا کے درمیان قدر و منزلت کا یہ عالم تھا کہ نظام سلطنت آصفیہ اور دیگر امرا آپ کے مکان پر بنفس نفیس تشریف لاتے اور انعامات سے نوازتے۔ شہر کی اکثر تقریبات آپ کے ذریعے انجام پاتیں۔ حیدرآباد میں آپ کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ سے ایک صاحب زادی اور دوسری سے ایک صاحب زادہ مولوی نور الرزاق اور تین صاحب زادیاں

متولد ہوئیں۔ مولانا نورالحسنین کا وصال ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء میں ہوا۔

(ملاحظہ ہو: تذکرۂ علمائے فرنگی محل، ص:۱۸۶،۱۸۷)

مزید دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۲۵-تا-۲۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۸-تا-۲۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۴۹-تا-۵۲
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۳۶۴-۳۶۵
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۳۴۳
حدیقۃ المرام (عربی): ص:۴۹

[24]

۱؎ مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (ف:۱۹۴۱ء) ''تذکرۂ علمائے فرنگی محل'' میں فرماتے ہیں:

''تدریس وتالیف کی نوبت بوجہ انتظام جائداد وخانہ داری نہیں آئی۔'' (ص:۵۲)

فرنگی محل میں جب ملا قطب الدین شہید سہالوی کے صاحب زادگان اور ان کی اولادیں رہنے کے لیے آئیں تو امور انتظامیہ ملا احمد عبدالحق (ابن ملا محمد سعید ابن ملا قطب الدین) کے حوالے تھا، جس کی وجہ سے حضرت استاذ الہند ملا نظام الدین فرماتے تھے کہ ''میاں عبدالحق کی بدولت نظام الدین، نظام الدین ہوئے کہ انھوں نے تمام امور خانہ داری اور افکار دنیا اپنے سر پر لے لیے ہیں۔'' (ص:۵۳) ملا احمد عبدالحق نے آخر عمر میں فرنگی محل کی انتظامی ذمہ داری اپنے صاحب زادے ملا محب اللہ کے سپرد کر دی، ان کی وفات کے بعد یہ ذمہ داری ان کے صاحب زادے ملا حبیب اللہ کے کاندھوں پر آ گئی۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۲۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۲۴-تا-۲۷
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۵۲-۵۳

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۵۶

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۱۴۵

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۴۹

[25]

۱ مولانا حفیظ اللہ لکھنوی فرنگی محلی مقتدر عالم دین تھے۔ سلطنت اودھ میں جب آپ کو عدالت فیض آباد کا داروغہ مقرر کیا گیا تو آپ فیض آباد منتقل ہو گئے اور ساری زندگی وہیں گزار دی۔ اُس عہد کا مشہور واقعہ عالم گیری مسجد (ہنومان گڑھی) سے متعلق تحقیقات کا آپ کو ہی حکم دیا گیا تھا، وزیر اور حکام بالا کی سخت دھمکیوں کے باوجود آپ نے تفتیش کی اور صحیح حالات لکھ کر والی اودھ نواب واجد علی شاہ (ف:۱۸۸۷ء) کو بھیج دیے۔ آپ کو مولانا عبد الوالی فرنگی محلی سے بیعت و ارادت تھی۔ آپ کا عقد مفتی ظہور اللہ فرنگی محلی کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے تین صاحب زادوں کے علاوہ چار صاحب زادیاں تولد ہوئیں۔ فیض آباد میں آپ کا وصال ہوا اور نعش لکھنؤ لا کر ”باغ مولانا انوار الحق“ میں سپرد خاک کی گئی۔ آپ کی کسی تصنیف و تالیف یا حاشیے کا ذکر نہیں ملتا۔

۲ ”احوال علمائے فرنگی محل“ اور ”تذکرۂ علمائے فرنگی محل“ میں آپ کی تاریخ وصال ۲۳ر ربیع الثانی درج ہے، مگر ”اغصان اربعہ“ میں ۲۰ر ربیع الثانی ہے۔ ہم نے مؤخر الذکر کے اعتبار سے لکھا ہے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۲۸-۲۹

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۳۰

تاریخ اودھ: جلد: پنجم، ص:۲۰۷-۲۰۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۵۳-۵۴

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۱۶۲

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۱۵۰

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۹۵۷

[26]

۱؎ تعلیم سے فراغت کے بعد آپ درس و تدریس میں مصروف رہے، بڑی علمی شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا عقد مولانا عبدالحکیم کی صاحب زادی سے ہوا، کثرت سے اولاد ہوئی مگر کوئی بھی زندہ نہ رہ سکی۔ مولانا عبدالوالی قدس سرہ سے آپ کو بیعت تھی۔

۲؎ اس کتاب میں آپ نے مولانا ابوالحسنات عبدالحئیؒ کے والد مولانا عبدالحلیم فرنگی محلی کی کتاب ”غایۃ الکلام“ کا رد کیا ہے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۰
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۲۹
تذکرہ علمائے فرنگی محل:	ص: ۴۱
تذکرہ علمائے ہند:	ص: ۹۳-۹۴
تذکرہ علمائے ہندوستان:	ص: ۸۶
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۸۹۱

خ

[27]

۱؎ مزید دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۰-۳۱

اغصان اربعہ (فارسی): ص:

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۵۷

[28]

۱؎ ملا خلیل اللہ تعلیم سے فراغت کے بعد معاش کی تلاش میں پٹنہ چلے گئے اور وہیں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ لوگ آپ کی بہت تعظیم و توقیر کرتے تھے۔

۲؎ آپ ہندوستان کی معروف ''خدا بخش لائبریری'' کے مہتمم تھے، اس لیے پوری زندگی وہیں مقیم رہے اور غالباً ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء میں آپ کا وصال ہوا۔ (تذکرۂ علمائے فرنگی محل، ص:۱۷۶)

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۱-۳۲

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۳۰

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۵۸

[29]

۱؎ مولانا خادم احمد فرنگی محلی کا شمار اپنے زمانے کے مشاہیر علما و فقہا میں ہوتا تھا۔ تعلیم سے فراغت کے بعد درس و تدریس کے علاوہ کار افتا بھی آپ کے حوالے تھا۔ نواب واجد علی شاہ کے عہد

میں ۱۸۵۵ء کو اجودھیا کی مسجد اور ہنومان گڑھی سے متعلق مشہور حادثے میں آپ نے امیر الدین امیر علی (ف: ۱۸۵۵ء) اور مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی (ف: ۱۸۸۹ء) کے خلاف عدم جہاد کا فتویٰ دیا تھا۔ اس حادثے کی تفصیل کچھ اس طرح ہے:

لکھنؤ کے قریب اجودھیا میں مغل بادشاہ بابر نے ۱۵۱۷ء میں رام چندر اور سیتا کی رسوئی (باورچی خانہ) سے متصل ایک مسجد بنادی، یہ ہندو اکثریتی اور مسلم اقلیتی علاقہ تھا، اس لیے مسلمان مسجد کی حفاظت اور آبادی کی طرف سے غافل ہوگئے، یہاں تک کہ ہندوؤں نے اسے صفدر جنگ ابوالمنصور خاں والی اودھ (ف: ۱۷۵۴ء) کے عہد میں ختم کر کے اس سے متصل ہنومان گڑھی بنالی۔ صدیوں کے بعد ۱۸۵۵ء کے اوائل میں شاہ غلام حسین کی قیادت میں کچھ مسلمانوں نے اس مسجد کے احیا کی کوشش شروع کردی اور اس کو ہندوؤں کے قبضے سے نکالنا چاہا، تاہم ہنومان گڑھی کے بیراگیوں اور دیگر ہندوؤں نے بھرپور مزاحمت کی اور بشمول شاہ غلام حسین، تمام مسلمانوں کو ۱۴؍ ذی قعدہ ۱۲۷۱ھ/ ۲۸؍ جولائی ۱۸۵۵ء کو شہید کر کے مسجد کو مسمار کردیا۔ یہ اندوہناک حادثہ اور حکومت کی ناکامی کی خبر جب علاقے کے اطراف میں پھیلنے لگی تو مولانا امیر الدین امیر علی اور مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی نے جہاد کا فتویٰ دیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت ان کی قیادت میں جہاد کے لیے نکل کھڑی ہوئی، جس میں ڈھائی سو سے زائد مسلمان شہید ہوگئے۔ دراصل کمپنی سرکار اس زمانے میں سلطنت اودھ پر قابض ہونے کے لیے کوشش کر رہی تھی، اس نے اس ہنگامے کو مزید ہوا دی۔ والی اودھ نواب واجد علی شاہ (ف: ۱۸۸۷ء) نے اس قضیے کے حل کے لیے چار ثالثوں پر مشتمل ایک مجلس مصالحت تشکیل دی، جس کے ایک رکن علامہ فضل حق خیرآبادی (ف: ۱۸۶۱ء) بھی تھے۔ مگر انگریزی سازش سے مجلس مصالحت کا کوئی اجلاس نہ ہوسکا۔ اس دوران کچھ علما نے حالات کے پیش نظر متفقہ طور پر عدم وجوب جہاد کا فتویٰ دیا، اس فتوے پر مولانا خادم احمد فرنگی محلی کے بھی تائیدی دستخط تھے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: 'قیصر التواریخ' اور 'تاریخ اودھ')۔

۲؎ متن میں مذکور کتابوں کے علاوہ شرح جامی، شرح وقایہ، نورالانوار اور شرح سلم از ملا حسن پر بھی آپ کے حواشی اور تعلیقات ہیں۔

تفصیل کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۳۱
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۲۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۵۷-۵۸
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۱۶۹
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۱۵۳
حدائق الحنفیہ:	ص:۴۹۳-۴۹۴
عمدۃ الرعایہ فی حل شرح الوقایہ (عربی):	مقدمہ، ص:۳۱
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۹۶۱

[30]

ل آپ نہایت زاہد و عابد اور متقی تھے، نیز امور انتظامیہ میں مہارت حاصل تھی- آپ کے دادا ملا احمد انوار الحق کے باغ کا انتظام و انصرام آپ ہی کے ذمہ تھا- صحن مسجد، باغ اور کنواں آپ نے ہی بنوایا تھا- ابتدائے عمر میں اپنے دادا سے بیعت ہوئے اور تجدید بیعت مولانا عبد الوالی قدس سرہ سے کی-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۱۵
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۰۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۵۸

ر

[31]

۱۔ ملا محمد رضا علوم ظاہری کے ساتھ معرفت باطنی میں بھی درجہ کمال پر فائز تھے- والد ماجد ملا قطب الدین کی شہادت (۱۶۹۲ء) کے وقت آپ کی عمر بارہ برس کی تھی اس حیثیت سے آپ اپنے بڑے بھائی استاذ الہند ملا نظام الدین سے دو یا تین برس چھوٹے تھے- مورخین نے آپ کے اساتذہ کا ذکر نہیں کیا ہے، لیکن قرائن بتا رہے ہیں کہ آپ بڑے بھائی ملا نظام الدین کے نہ صرف "ہم پیر" تھے بلکہ ہم درس بھی تھے- فرنگی محل کو ملا نظام کی درس گاہ سے یاد کیا جاتا ہے، تاہم اس درس گاہ کی زلف سنوارنے میں ملا محمد رضا کا بھی کلیدی کردار ہے، فرنگی محل کے ابتدائی عہد میں صرف دو ہی مدرس تھے، ایک خود ملا نظام الدین اور دوسرے ان کے پہلو بہ پہلو ملا محمد رضا- جب ملا رضا باطنی کیفیات سے معمور ہو کر تدریس سے دست کش ہوئے تو اُس وقت تک اس منصب کو سنبھالا دینے کے لیے ملا نظام الدین کے دو بھتیجے، ملا احمد عبد الحق ابن ملا محمد سعید اور ملا غلام مصطفیٰ ابن ملا محمد اسعد تیار ہو چکے تھے-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۲-۳۳

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۵

بانی درس نظامی: ص:۸۰-تا-۸۲

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۵۹-۶۰

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۶، ص:۸۱۶

[32]

[1] مولانا رحمت اللہ فرنگی محلی کتب درسیہ کی تکمیل کے بعد ایک عرصے تک فرنگی محل میں درس وافادہ میں مصروف رہے۔ آپ کی ذہانت وفطانت اور تدبر وفہم کا بہت شہرہ تھا۔ کچھ عرصے کے بعد آپ غازی پور چلے گئے، وہاں عوام اور حکام وقت کے درمیان آپ کی بڑی عزت ووقعت تھی۔ وہاں حکومت انگلشیہ کی طرف سے آنریری مجسٹریٹ بھی بنائے گئے۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۳
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۶۱
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۱۷۸-۱۷۹
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص: ۱۲۶
قاموس المشاہیر:	جلد: اول، ص: ۲۴۵
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۸، ص: ۱۳۲۹

س

[33]

۱۔ ملا محمد سعید ملا قطب الدین شہید کے منجھلے صاحب زادے تھے، باصلاحیت اور جلیل القدر عالم دین تھے۔ آپ قصبہ سہالی، ضلع بارہ بنکی (اتر پردیش) میں پیدا ہوئے، والد ماجد سے علوم و فنون کی تحصیل و تکمیل کی اور فراغت کے بعد اپنے والد کے ساتھ مسند تدریس پر متمکن ہوئے۔ ملا قطب الدین کی شہادت (۱۶۹۲ء) کے وقت آپ وہیں تھے اور اس دردناک حادثے میں کافی زخمی بھی ہوئے۔ اس حادثے کے بعد آپ نے ہی اس مظلوم اور لٹے پٹے خاندان کو سنبھالا، کیوں کہ آپ کے چار بھائیوں میں، سب سے بڑے ملا محمد اسعد بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے پاس دکن میں تھے، دوسرے آپ خود تھے، تیسرے ملا نظام الدین تھے، جو صرف چودہ برس کے تھے اور چوتھے ملا محمد رضا، جو بارہ برس کے تھے۔ اس لیے خاندان کی ساری ذمہ داری آپ کے کاندھوں پر آ گئی۔

واقعۂ شہادت کے بعد آپ نے محضر تیار کیا اور اس پر ۷۵ رگواہان کے دستخط لے کر بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے پاس دکن پہنچے، بادشاہ کو اس حادثے کی پہلے سے ہی خبر تھی، کیوں کہ ملا قطب الدین کے لیے اس کے دل میں کافی قدر و منزلت تھی۔ ملا سعید نے بادشاہ کے حضور اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ ان کا خاندان اب سہالی میں رہنا نہیں چاہتا، اس پر بادشاہ نے آپ ہی کے ذریعے بلدۂ لکھنؤ کو فرمان بھیجا کہ:

"ہر مکانیکہ ملا محمد سعید فرزند ارجمند مولانا قطب الدین شہید برائے سکونت خود و دیگر

فرزندانِ شہید مذکور در بلدۂ لکھنؤ تجویز نماید آں را سپرد کردہ وبقبضۂ اودر آورد۔"

(انغصان اربعہ، ص: ۱۳۳)

ترجمہ: مولانا قطب الدین شہید کے فرزند ارجمند ملا محمد سعید اور ان کے دیگر بیٹوں کے رہنے کے لیے جو مکان بھی لکھنؤ میں پسند کریں، وہ ان کے حوالے کر کے اس پر ان کا قبضہ دلایا جائے۔

ملا سعید بادشاہ کا یہ فرمان لے کر لکھنو پہنچے، حکم کے مطابق مناسب گھر کی تلاش شروع ہوئی، اور پھر فرانسیسی تاجروں کی ایک کوٹھی پر آپ کی نظر انتخاب پڑی، جن کی ہندوستان میں قیام اور معاہدے کی مدت ختم ہو گئی تھی اور وہ ملک چھوڑ کر چلے گئے تھے، اب یہ کوٹھی جو "حویلی فرنگی" کہلاتی تھی، سرکاری ملکیت کا حصہ تھی۔ ملا سعید اس حویلی میں سکونت اور ملکیت کا پروانہ حاصل کرنے کے لیے دوبارہ بادشاہ کی خدمت میں دکن گئے اور کامیاب واپس آئے۔ یہ فرمان باضابطہ ۱۱۰۵ھ/۱۶۹۳ء میں جاری ہوا۔ آپ نے یہاں کچھ عرصے قیام کیا، اپنے مظلوم گھر والوں کو بسایا اور گھر کی تمام تر ذمہ داریاں اپنے سولہ سالہ چھوٹے بھائی ملا نظام الدین کے سپرد کر کے بادشاہ کی خدمت میں دکن چلے گئے اور وہیں ان کا وصال ہوا۔ سنہ وفات اور مدفن کا کسی کو علم نہیں ہے۔

مولوی رحمن علی (ف: ۱۹۰۷ء) نے "تذکرہ علمائے ہند" میں لکھ دیا ہے کہ ملا سعید اپنے گھر والوں کو فرنگی محل میں بسا کر دکن گئے اور بادشاہ سے دیگر اسناد حاصل کرنے کے بعد مکہ معظمہ چلے گئے اور وہیں وفات پائی۔ مولوی رحمن علی کے اس قول کی کسی بھی معاصر یا خاندانی ماخذ سے تائید نہیں ہوتی۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۳-۳۴
انغصان اربعہ (فارسی): ص: ۵، ۱۳۲، ۱۳۳
بانی درس نظامی: ص: ۴۹-۵۰
تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص: ۶۲-۶۳

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۳۷۰-۳۷۱
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۶، ص:۸۱۹

[34]

ل ملا سلام اللہ کا وصال ۱۲۶۴ھ/۱۸۴۸ء کو ہوا۔

دیکھیے:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۴
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۳۰-۳۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۶۲-۶۳

[35]

ل مزید دیکھیے:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۴
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۶۴

[36]

ل ملا سعد الدین نے مروجہ علوم کی تحصیل وتکمیل اپنے والد ماجد سے کی۔ تلاش معاش کی وجہ سے علمی وتدریسی سلسلہ برقرار نہ رہ سکا۔ فوج میں ملازمت کرلی۔ آپ کا وصال وطن میں ہی ہوا اور باغ ملا انوار میں مدفون ہوئے۔ سنہ وفات معلوم نہ ہوسکا۔

ملاحظہ ہو:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۴
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۶۴-۶۵

ص

[37]

[۱] مزید دیکھیں

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۴-۳۵

انصان اربعہ (فارسی): ص: ۲۳

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۷۲

[38]

[۱] ملاعصام الحق تعلیم سے فراغت کے بعد ایک عرصے تک وطن میں ہی درس وتدریس کا سلسلہ رہا، اس کے بعد پٹنہ (بہار) چلے گئے اور وہاں وکالت کی سند حاصل کر کے پیشہ وکالت سے وابستہ ہو گئے۔

[۲] آپ کی وفات ۲ رمحرم ۱۳۱۲ھ/ جولائی ۱۸۹۴ء کو لکھنؤ میں ہوئی۔

مزید دیکھیں

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۵

انصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰۳

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۷۲-۷۳

ظ

[39]

لہ مولانا ظہور الحق فرنگی محلی بڑے عابد و زاہد، خلوت نشین اور قناعت پسند تھے۔ ابتدا میں معاش کے سلسلے میں کلکتہ اور مدراس کا سفر کیا، مگر کامیابی نہیں ملی تو خانہ نشین ہو گئے۔ پوری زندگی عبادت اور قرآن وحدیث کے مطالعے میں گزاری۔ کئی مرتبہ گھر میں فاقے کی نوبت آئی، مگر کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کیا۔ آپ کی دو شادیاں ہوئیں، پہلی زوجہ لاولد انتقال کر گئیں اور دوسری زوجہ سے دو صاحب زادیاں ہوئیں۔ آپ کا سنہ ولادت ووفات معلوم نہ ہو سکا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۳۵-۳۶
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۱۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۷۹-۸۰
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۲۳۴
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۲۰۱
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۹۹۵

[40]

لہ مفتی ظہور اللہ خانوادۂ فرنگی محل کے ممتاز عالم دین اور فقیہ تھے۔ علوم معقول ومنقول، خصوصاً فقہ پر مہارت حاصل تھی۔ چالیس برس تک آپ حکومت اودھ میں عہدۂ افتا پر مامور رہے۔

عدالتی مصروفیات کے باوجود درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رکھا۔ آپ کی درس گاہ سے پڑھ کر بڑے جلیل القدر اور نامور علما پیدا ہوئے۔ تلامذہ کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ مصنف "تذکرہ علمائے فرنگی محل" نے آپ کے تلامذہ میں ۶۱/ بیرونی علما کے نام درج کیے ہیں، ان میں مولانا کفایت اللہ کافی مرادآبادی، مولانا شاہ عین الحق عبدالمجید بدایونی، مولانا شاہ فضل رسول بدایونی، مولانا احمد سعید دہلوی، مولانا حسین احمد محدث ملیح آبادی، مولانا مسیح الدین کاکوروی، مولانا حیدر علی فیض آبادی، مولانا ثابت علی الہ آبادی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ خانوادۂ فرنگی محل کے علما ان پر مستزاد ہیں۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۶
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۷۴-تا-۷۶
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۳۴
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۰۱
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۹۵

[41]

۱ ملا ظہور علی اپنے والد ملک العلماء ملا محمد حیدر کے جانشین کی حیثیت سے حیدرآباد دکن تشریف لے گئے، جہاں سلطنت آصفیہ (سرکار نظام) کی جانب سے منصب اور جاگیر مقرر ہوئی۔ آپ کے فتوے پر عدالتوں میں فیصلے ہوتے تھے۔

۲ مقبرہ حضرت شاہ یوسف قادری، فتح دروازہ (حیدرآباد) میں مدفون ہوئے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۶
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۲۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۷۶-۷۷

نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۹۵

[42]

۱؎ ملا ظہور الحسن تعلیم سے فراغت کے بعد فتوی نویسی اور تدریس میں معروف رہے۔ آپ کے والد ماجد ملا ظہور علی (ف:۱۸۵۹ء) کے وصال کے بعد ان کے جانشین اور قائم مقام ہوئے۔ سرکار نظام دکن سے سرکاری منصب اور جاگیر مقرر ہوئی، نیز ''نجم العلماء'' کے خطاب سے سرفراز کیے گئے۔ اظہار حق میں لومۃ لائم کی پرواہ نہیں کرتے تھے، اس لیے حیدر آباد دکن سے ہجرت کر گئے اور حج و زیارت کی غرض سے حجاز تشریف لے گئے جہاں مدینے میں آپ کا وصال ہوا۔

۲؎ آپ کا عقد امرائے حیدر آباد میں نواب نصیر جنگ بہادر کی صاحب زادی سے ہوا تھا، جن سے دو صاحب زادوں کے علاوہ ایک صاحب زادی پیدا ہوئی۔ ملا ظہور الحسن کی زوجہ نے بھی مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کر لی تھی، وہیں ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۴ء میں وفات پائی اور جنت البقیع میں مدفون ہوئیں۔

۳؎ مولوی ظہور علی نے ۱۳۱۲ھ/ ۱۸۹۴ء میں مدینے میں وفات پائی۔

۴؎ ملا افضل حسن کو بھی اپنے بڑے بھائی ملا ظہور الحسن کی طرح والد ماجد کے وصال کے بعد سرکار نظام دکن سے سرکاری منصب اور جاگیر مقرر ہوئی اور ''افضل العلماء'' کا خطاب عطا ہوا۔ مولانا عبد الرزاق فرنگی محلی سے بیعت تھے۔ دو بار حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے۔

۵؎ آپ کا وصال بھی حیدر آباد میں ہوا اور اپنے والد کی طرح مقبرہ حضرت شاہ یوسف قادری میں مدفون ہوئے۔ سنہ وصال میں اختلاف ہے، ''تذکرۂ علمائے فرنگی محل'' میں آپ کا سنہ وصال ۱۳۱۵ھ درج ہے، جب کہ ''احوال علمائے فرنگی محل'' میں ۱۳۱۴ھ۔

تفصیل کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۲۱-۳۷
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۲۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۳۶-۳۷-۷۷-۷۸

ع

[43]

لے جب بحر العلوم ملا عبد العلی بوہار (بنگال) میں تھے تو ملا علاء الدین اپنے چچا کے ساتھ ان کے پاس گئے اور وہاں جا کر درس کی تکمیل کی اور فراغت پائی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد اپنے وطن میں تدریس کا سلسلہ شروع کیا، پھر تلاش معاش کے سلسلے میں بنگال ہوتے ہوئے ملا بحر العلوم کے پاس مدراس پہنچے اور وہاں تدریس میں مصروف ہو گئے۔ بحر العلوم نے خوش ہو کر آپ کو جملہ سلاسل کی اجازت عطا فرمائی۔ بحر العلوم کا جب ۱۸۱۰ء میں وصال ہوا تو نواب مدراس نے آپ کو ان کا قائم مقام مقرر کیا اور خطاب و اعزاز سے بھی نوازا۔

تفصیل کے لیے دیکھیں:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۷-۳۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰۴
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۹۱-۹۲
تذکرۂ علمائے ہند: ص: ۲۹۴
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص: ۲۷۲
حدیقۃ المرام (عربی): ص: ۳۵-۳۶
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۰۳۸-۱۰۳۹

[44]

۱ مولانا عبدالباری نے "خیر العمل" کی روایت پر تحریر فرمایا ہے کہ ملا عبدالعزیز اپنے والد کے شاگرد تھے، یہ درست نہیں ہے، صاحب خیر العمل کو سہو ہوا ہے، کیوں کہ خاندان کے تمام قدیم ماخذ (رسالہ قطبیہ، عمدۃ الوسائل، اغصان الانساب وغیرہ) میں درج ہے کہ ملا صاحب نے اپنے چچا استاذ الہند ملا نظام الدین سے علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل کی۔ یہ تذکرے کئی جہتوں سے "خیر العمل" پر فوقیت رکھتے ہیں۔ خانوادۂ فرنگی محل کی پہلی پیڑھی، جس نے ملا نظام الدین کی شاگردی اختیار کی، ان میں ملا احمد عبدالحق ابن ملا محمد سعید (بھتیجا)، ملا غلام مصطفی ابن ملا محمد اسعد (بھتیجا) کے ساتھ ملا عبدالعزیز ابن ملا محمد سعید بھی تھے۔

۲ آپ نے بیس برس تک شب میں آرام نہیں کیا، پوری رات عبادت وریاضت اور گریہ ومناجات میں بسر کرتے۔ آپ کے زہد وتقوی کو دیکھتے ہوئے ملا نظام الدین نے آپ کو مسجد فرنگی محل کا امام بھی مقرر کیا تھا۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۸
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۱۲-۱۱۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۱۸-تا-۱۲۰
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۶، ص: ۷۵۱

[45]

۱ ملا عبدالقدوس نے تعلیم کی ابتدا حفظ قرآن سے کی، والد ماجد اور ملا حسن سے پڑھنے کے بعد ملا غلام یحییٰ بہاری سے علم مناظرہ حاصل کرنے کے لیے بنگال تشریف لے گئے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد والد ماجد کی زندگی میں ہی مسند تدریس پر متمکن ہوئے، آپ کا حلقۂ درس بہت وسیع تھا، والد نے چھوٹے بھائیوں کی تعلیم بھی آپ کے ہی ذمہ رکھی تھی، اکثر علما کا سلسلۂ تلمذ آپ پر ہی منتہی ہوتا ہے۔

[۲] معقولات اور علم الفتاویٰ میں مہارت کے باوجود سب کچھ ترک کر کے رجوع الی اللہ ہو گئے۔ اسلاف و بزرگان دین سے بے انتہا عقیدت تھی، اکثر مخدوم شاہ مینا لکھنوی قدس سرہ کے مزار پر حاضر ہو کر مراقب رہتے۔ والی اودھ نواب سعادت علی خاں (ف: ۱۸۱۴ء) کے عہد میں منصب افتا آپ کو دیا جانا طے پایا، جس پر آپ نے حضرت شاہ مینا کی بارگاہ میں حاضر ہو کر ان کی روحانیت سے اجازت طلب کی، ممانعت ہوئی تو آپ نے انکار فرما دیا۔ آپ نے نہایت عسرت اور تنگ دستی میں زندگی گزاری مگر دنیا داری کی طرف کبھی متوجہ نہیں ہوئے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۸
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۱۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۲۰-۱۲۱
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۲۷۸
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۱۰۲۸

[46]

[۱] ملا عبد الرحیم نے اپنے جد امجد ملا عبد القدوس سے مروجہ علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل کی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد درس وتدریس سے وابستہ ہوئے اور اپنے جد امجد کی وفات کے بعد علم وفضل اور تدریس میں ان کے قائم مقام ہوئے۔ اپنے والد کی طرح آپ بھی دماغی مرض کا شکار ہوئے مگر جلد ہی اس پر قابو پا لیا۔ معرکہ سنہ ستاون میں جب پورا ہندوستان انگریزی حکومت سے آزادی کے حصول کے لیے سربکف ہوا تو حکومت میں سراسیمگی پھیل گئی اور ہر جگہ آزادی کے متوالوں پر حکومت کے کارندے ٹوٹ پڑے، افراتفری کے اس عالم میں عام لوگ اپنی جان کی حفاظت میں ادھر اُدھر چھپنے لگے، لکھنؤ میں بھی عام لوگوں نے خوف ودہشت سے شہر خالی کر دیا، اس ماحول میں آپ پاس کی ایک مسجد میں ہتھیار لگا کر بیٹھ گئے اور قرآن کی تلاوت میں مشغول ہو گئے، انگریزی سپاہیوں نے آپ کو باغی سمجھا اور پھر شہید کر دیا۔ ”مولوی عبد الرحیم در ایام غدر ماہ رجب

۱۲۷۴ھ از دست افواج انگریزی شربت شہادت چشید۔" (اغصان اربعہ، ص: ۱۱۴)

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۸-۳۹

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۱-۱۲۲

[47]

[۱] ملا عبدالوہاب نے ملا محمد حامد (ابن ملا احمد، ابن ملا احمد انوار الحق) سے تعلیم حاصل کی، معاشی تنگ دستی کی وجہ سے وکالت کی سند حاصل کی اور بانسی (ضلع بستی، اتر پردیش) میں وکالت شروع کردی، آپ کی دیانت داری اور تقوی کی وجہ سے حکام عدالت کی نظروں میں آپ کی کافی عزت تھی۔ بانسی میں ہی ۱۳۳۰ھ/ ۱۹۱۲ء میں آپ کا وصال ہوا۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۳۹

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۲

[48]

[۱] ملا عبدالاحد شمشاؔد لکھنوی ۲۳ صفر ۱۲۶۶ھ/ جنوری ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ مروجہ علوم وفنون ملا محمد حامد (ابن ملا احمد، ابن ملا احمد انوار الحق)، ملا فضل اللہ (ابن ملا نعمت اللہ) اور مولانا محمد فاروق چریا کوٹی سے پڑھا اور تکمیل غازی پور میں ملا رحمت اللہ سے کی۔ تعلیم کے دوران فارسی ادب کا شوق ہوا، تمام کتب درسیہ ملا عبدالغفور (نواسہ مفتی محمد اصغر فرنگی محلی) سے پڑھیں۔ تعلیم سے فراغت کے بعد شعر وسخن کا شوق ہوا تو ابتدا میں آفتاب الدولہ قلؔق لکھنوی کی شاگردی اختیار کی، شمشاؔد تخلص فرماتے۔ کچھ عرصے کے بعد قلؔق کا انتقال ہوگیا، اُن دنوں غازی پور اور اطراف میں خوب مشاعرے ہوا کرتے تھے اور اہل سخن کا ایک مجمع تھا، آپ بھی مشاعروں میں خوب شرکت کرتے، تاہم اپنے معاصرین کے مقابلے میں فنی لحاظ سے پختہ نہیں تھے، اس لیے سلسلۂ رشیدیہ

کے معروف شیخ طریقت اور کہنہ مشق شاعر حضرت شاہ عبدالعلیم آسی غازی پوری (ف: ۱۹۱۷ء) کی شاگردی اختیار کی اور کچھ ہی عرصے میں آپ کا شمار امیر، داغ اور جلال جیسے باکمال شعرا میں ہونے لگا۔ آپ کی توجہ شعر وسخن کی طرف زیادہ ہوگئی اور تدریس کی طرف کم۔ ملا رحمت اللہ (بانی مدرسہ چشمہ رحمت) کے وصال ۱۸۸۸ء کے بعد آپ ادارے کے مہتمم مقرر ہوئے اور ملا صاحب کے جانشین قرار پائے، پھر شعر وسخن کے ساتھ تدریس کی طرف بھی متوجہ ہوئے۔ مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی سے آپ بیعت وارادت رکھتے تھے۔ بروز جمعرات ۲۵ رذی قعدہ ۱۳۳۵ھ / ۱۲ ر ستمبر ۱۹۱۷ء کو آپ کا وصال ہوا اور خانوادۂ فرنگی محل کے آبائی قبرستان "باغ مولوی انوار" لکھنو میں مدفون ہوئے۔

۲ آپ کے تین دیوان شائع ہو چکے ہیں، ان کے علاوہ آپ کی تصانیف میں کنوز الاسرار، حاشیہ حدائق المعجم، حاشیہ حدائق البلاغہ، زر کامل عیار اور میزان الافکار بھی ہیں۔

۳ آپ نے دو عقد کیے، پہلا ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ کی صاحب زادی سے، جس سے دو لڑکیاں اور متعدد لڑکے ہوئے، مگر سبھوں کا آپ کی زندگی میں وصال ہو گیا۔ دوسرا عقد غازی پور میں کیا، جس سے ایک بیٹی اور ایک بیٹے مولوی عبدالاول ہوئے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۳۹
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۴
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۲۲-تا-۱۲۴
تذکرۂ مشائخ رشیدیہ (سمات الاخیار): ص:۱۹۹--۲۰۰

[49]

---

[1] متن میں مذکور کتب کے علاوہ حسب ذیل تالیفات بھی آپ کی ہیں: تتمہ عمدۃ الرعایہ موسوم بہ حسن الدرایہ، حاشیہ موجزیہ، حاشیہ میر قطبی۔ اول الذکر دونوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں، جب کہ مؤخر الذکر نا تمام ہے۔

[۲] ملا عبدالعزیز نے تعلیم سے فراغت کے بعد فیض آباد اور گونڈہ (اتر پردیش) کے اضلاع میں ملازمت کرتے رہے، اس کے بعد لکھنؤ واپس آ کر کالون اسکول میں دینیات کے مدرس مقرر ہوئے، اور عمر کے اخیر تک اس ملازمت سے وابستہ رہے، اس کے علاوہ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں بھی اعزازاً معقولات کا درس دیتے تھے- علم طب حکیم مظفر حسین خاں سے پڑھا، آپ کو اس میں مہارت حاصل تھی، تاہم کبھی مطب نہیں کیا، البتہ خانوادۂ فرنگی محل کے اعزہ کا علاج آپ ہی کیا کرتے تھے- ۲۵ر صفر ۱۳۳۸ھ/ ۱۸ر نومبر ۱۹۱۹ء کو وصال ہوا، مولانا قیام الدین عبدالباری نے نماز جنازہ پڑھائی اور آبائی قبرستان 'باغ مولوی انوار' میں مدفون ہوئے-

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۹-۴۰
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۱۴
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۲۴

[50]

[۱] ملا عبدالسلام محمد بقا ۲ر ذی الحجہ ۱۳۰۲ھ/ ستمبر ۱۸۸۵ء کو پیدا ہوئے- درس نظامی سے فراغت کے بعد انگریزی تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے اور انٹرنس امتحان پاس کر کے محکمۂ زراعت میں ملازم ہوئے- ۱۹۳۹ء میں آپ سلطان پور میں ملازمت سے سبک دوش ہو گئے، پھر آپ کی ریاست رام پور کے محکمۂ زراعت کے ڈائرکٹر کے طور پر تقرری ہوئی، تاہم کچھ عرصے کے بعد آپ نے اس منصب کو چھوڑ دیا اور بقیہ زندگی اپنے وطن فرنگی محل (لکھنؤ) میں گزاری- بعض تذکرہ نگاروں نے بنارس کی عدالت میں سرکاری ملازمت سے وابستہ ہونے کی بات بھی لکھی ہے- آپ حضرت مولانا قیام الدین عبدالباری سے بیعت تھے- ۱۹۶۸ء میں آپ کا وصال ہوا- دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۴۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۲۵
Combridge of India: Farangi Mahall:	P:169-170

[51]

ل مفتی عبدالقیوم محمد قائم تعلیم سے فراغت کے بعد مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں مدرس ہوئے، اس کے بعد مدرسے کے افسر مدرس ہو گئے، کچھ عرصے کے بعد مدرسہ حنفیہ جون پور میں بحیثیت افسر مدرس تقرری ہوئی اور جلد ہی حکام، نواب اور عام لوگوں کی نظروں میں محترم و معزز ہو گئے۔ حضرت مولانا قیام الدین عبدالباری سے بیعت تھے اور انہی سے اجازت و خلافت بھی حاصل تھی۔ اپنی زندگی کے آخری پڑاؤ میں لکھنؤ واپس آئے اور اپنے چھوٹے بھائی مفتی عبدالقادر کے وصال ۱۹۵۹ء کے بعد بحیثیت مفتی، فرنگی محل کے منصب افتا پر متمکن ہوئے۔ آپ نے ۱۹۷۷ء میں لاولد وصال فرمایا۔ دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۴۰

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۵-۱۲۶

Combridge of India: Farangi Mahall: P:170

[52]

ل مفتی عبدالقادر فرنگی محلی ۳ر جمادی الاخری ۱۳۱۴ھ/ ۹ر نومبر ۱۸۹۶ء کو پیدا ہوئے۔ مولانا قیام الدین عبدالباری سے مروجہ علوم کی تحصیل و تکمیل کی اور ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۴ء میں فراغت پائی۔ آپ نے فارسی کی تمام کتب اپنے چچا ملا عبدالاحد شمشاد سے پڑھیں۔ تعلیم سے فراغت کے بعد مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں تدریس سے وابستہ ہو گئے، اس کے ساتھ آپ کے والد ملا عبدالعزیز نے آپ کو اپنی زندگی میں ہی کالون اسکول میں اپنا قائم مقام کر دیا تھا، جہاں آپ دینیات بھی پڑھایا کرتے تھے۔ فقہ و افتا میں مہارت حاصل تھی، اس لیے فرنگی محل کا عہدۂ افتا بھی آپ کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ آپ کا مجموعہ فتاویٰ مفتی محمد رضا انصاری فرنگی محلی (ف: ۱۹۹۰ء) نے شائع کروایا تھا۔ آپ مولانا قیام الدین عبدالباری سے بیعت تھے اور ان ہی سے اجازت و خلافت بھی حاصل تھی۔ آپ کا عقد ملا نصیر الحق ابن ملا عباد الحق کی بڑی صاحب زادی سے ہوا، اولاد ہوئی، مگر زندہ نہ رہ سکی۔ آپ نے کینسر کے مرض میں ۱۹۵۹ء میں وفات پائی۔

دیکھئے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۴۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۶-۱۲۷
Combridge of India: Farangi Mahall: P:171

[53]

۱؎ ملا عبدالوالی فرنگی محلی کی پیدائش و پرورش لکھنؤ میں ہوئی۔ انتہائی متقی، پرہیزگار اور صاحب حال بزرگ تھے۔ آپ کے ہزاروں مریدین ہوئے، خانوادۂ فرنگی محل کے اکثر لوگ آپ سے ہی بیعت تھے۔ آپ کے نانا ملا احمد انوار الحق نے مسجد فرنگی محل کی امامت آپ کے سپرد کردی تھی اور آپ کی اقتدا میں نماز پڑھتے تھے۔ اس خاندان میں عموماً یہ دستور رہا کہ پیر و مرشد جس کو اپنا نائب اور خلیفہ بناتا، اس کے ذمہ نماز جمعہ کی امامت کردیتا۔ آخر عمر میں آپ نے اپنے بھانجے اور خلیفہ مولانا عبدالرزاق کو امامت سپرد فرمادی تھی۔

آپ کے مرید خاص مولانا عبدالغفار فرنگی محلی (نبیرۂ بحر العلوم ملا عبدالعلی) نے آپ کے ملفوظات و حالات پر فارسی زبان میں ایک کتاب ''الاسرار العالیہ فی المناقب الوالیہ'' لکھی اور ۱۲۹۰ھ/ ۱۸۷۳ء میں مکمل کی۔ فارسی میں اصل کتاب شائع نہیں ہوسکی، البتہ خانوادۂ فرنگی محل کی ایک معزز خاتون ڈاکٹر نزہت فاطمہ نے اس کتاب کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا اور ۱۹۹۹ء میں اتر پردیش اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع کروایا۔ یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے، پہلے باب میں ملا عبدالوالی کے نسب اور سلسلۂ بیعت کا ذکر ہے۔ دوسرے باب میں ملا صاحب کے اوصاف، علوم ظاہری اور حلیے کا بیان ہے۔ تیسرے باب میں آپ کی عمر، وفات اور تدفین کا بیان ہے اور چوتھے باب میں آپ کی خوارق عادات کا ذکر ہے۔ ملاحظہ ہو:

الاسرار العالیہ فی المناقب الوالیہ: عبدالغفار فرنگی محلی/ ترجمہ: نزہت فاطمہ
احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۴۰-۴۱
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۵-۱۱۶

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۲۷-تا-۱۲۹
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۸۸
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۶۸
نزهۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۱۰۳۶

[54]

لہ ملا عزیز اللہ کی ولادت ۱۴ رشعبان ۱۱۶۷ھ/ جون ۱۷۵۴ء کو لکھنؤ میں ہوئی، اپنے والد بحد ملا محمد ولی سے مروجہ علوم کی تحصیل و تکمیل کی- تعلیم سے فراغت کے بعد باطنی کیفیات کا غلبہ ہوگیا، اس لیے تدریس کی طرف توجہ نہیں ہوسکی- اس کے بعد کی تفصیل متن میں موجود ہے- آپ کا عقد بحر العلوم ملا عبد العلی کی صاحب زادی سے ہوا، جو جوانی میں بیوہ ہوگئیں اور لاولد وفات پائیں-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۴۱
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۸۰-۸۱

[55]

لہ ملا علی محمد اپنے عہد کے جلیل القدر فقیہ، عالم ربانی اور عابد شب زندہ دار تھے- ہر جمعہ کو مسجد فرنگی محل میں وعظ فرماتے تھے- عسرت و تنگ دستی کے باوجود بہت محتاط تھے اور کبھی کوئی مال نذر کرے تو پوچھ کر لیتے تھے کہ اس میں کوئی حرام کی آمیزش تو نہیں ہے- آپ مولانا عبد الوالی قدس سرہ سے بیعت تھے- آپ کا عقد ملا محمد غضنفر (ابن ملک العلماء ملا محمد حیدر) کی صاحب زادی سے ہوا تھا- ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۴۱
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۲۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۸۳-تا-۸۵

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۰۴۵

[56]

[1] ملا عبدالباقی مہاجر مدنی خانوادۂ فرنگی محل کے ممتاز عالم دین تھے۔ ۱۸؍ رجب ۱۲۸۶ھ/ ۲۴؍ اکتوبر ۱۸۶۹ء کو آپ کی ولادت ہوئی۔ آپ جب دو برس کے ہوئے تو آپ کے والد وفات پا گئے اور چار برس کی عمر میں والدہ دار فانی سے کوچ کر گئیں۔ برادر اکبر ملا محمد ابراہیم نے پرورش کی۔ خانوادے کے نامور علما سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد صفر ۱۳۰۷ھ/ اکتوبر ۱۸۸۹ء میں فارغ ہوئے۔ فراغت کے بعد مسند تدریس پر متمکن ہوئے، بیکڑوں طالبان علوم آپ کے تلامذہ ہوئے اور ساتھ ہی تصنیف وتالیف کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔

رجب ۱۳۰۸ھ/ فروری ۱۸۹۱ء میں حج کے لیے تشریف لے گئے اور جہاں علمائے حرمین مثلاً شیخ مفتی عباس بند صدیق مکی، علامہ شیخ عبداللہ بن حسن مکی، علامہ احمد ابوالخیر میرداد حنفی، شیخ محمد علی بن ظاہر وتری اور شیخ محمد حریری سے حدیث کی اجازت عامہ حاصل ہوئی۔ اس قیام کے دوران آپ نے شیخ عبداللہ مکی سے شاطبیہ پڑھی اور شیخ مقری حبیب الرحمن کاظمی سے قراءت عشر کی تعلیم پائی۔ کچھ عرصے قیام کے بعد وطن واپس آ کر تدریس اور تصنیف وتالیف میں مصروف ہو گئے۔

دوسری بار پانچ برس کے بعد ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۶ء میں پھر حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے اور وہاں متعدد شیوخ سے کتب حدیث پڑھی اور پھر ان سے حدیث میں اجازت عامہ پائی، ان میں مورخ علامہ احمد الحضراوی اور فقیہ اسلام احمد المیر غنی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ شیخ صالح السناری سے مسلسلات احادیث قولی وفعلی کی اجازت سے سرفراز ہوئے اور بعض علوم وفنون شیخ محمد سعید بابصیل سے پڑھے، پھر وطن واپس آ گئے۔ اس کے بعد فرنگی محل میں آپ کا حلقہ تدریس بہت وسیع ہو گیا اور اکناف ہند سے جوق در جوق طالبان علوم آپ کی خدمت میں آنے لگے۔

۱۳۲۱ھ/ ۱۹۰۳ء میں بغداد تشریف لے گئے اور وہاں نقیب الاشراف شیخ عبدالرحمن گیلانی اور شیخ سید مصطفی قادری گیلانی سے خلافت واجازت پائی۔

تیسری بار دس برس کے بعد ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۴ء میں حج کے لیے تشریف لے گئے اور ہمیشہ

کے لیے ہندوستان سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کرلی، ایک بار پھر اُس عہد کے نامور شیوخ حرمین، مثلاً شیخ محمد امین رضوان، شیخ فالح الظاہری، شیخ احمد بن اسماعیل برزنجی، شیخ شمس مغیلی اور شیخ سلفی عبداللہ القدومی سے آپ نے استفادہ کیا اور پھر ان سے احادیث اور دیگر علوم وفنون کی اجازات پائی۔ ''أعلام من ارض النبوة'' کے مصنف شیخ شریف انس بن یعقوب کتبی حسنی فرماتے ہیں:

> نال من كل هولاء العلماء الأفذاذ علمًا وافرًا واجازات عالية لم ينلها أحد من قبله. (ص: ۳۸۴)
>
> ''ان تمام علما سے آپ نے جتنا علم حاصل کیا اور جتنی اجازات سے سرفراز ہوئے، آپ سے قبل کسی کو یہ اعزاز حاصل نہیں ہوسکا۔''

اس کے بعد آپ نے مسجد نبوی میں اپنے درس کا آغاز کیا اور مختلف علوم وفنون خصوصاً علم حدیث کا درس دینے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے آپ کا حلقہ درس وسیع ہوتا چلا گیا۔ درس کی مقبولیت اور علما، طلبہ اور مستفیدین کی کثرت کو دیکھتے ہوئے آپ نے ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ کو مدینہ منورہ میں ''مدرسہ نظامیہ'' قائم کیا، جہاں سے کثیر تعداد میں علما اور طلبہ فارغ ہوئے۔ ابتدا میں اس ادارے کے سارے اخراجات کا انتظام آپ اپنی جیب خاص سے فرماتے، بعد میں نظام دکن نواب میر عثمان علی خاں (ف: ۱۹۶۷ء) نے مالی امداد دینا شروع کیا۔ مدینہ سے باہر حجاز کے دیگر خطوں میں یہ ادارہ معروف نہ ہوسکا، کیوں کہ ملا عبدالباقی نے اسے مخصوص طلبہ تک محدود کر رکھا تھا، تاہم جن علما اور مورخین نے اس ادارے کو بچشم خود دیکھا وہ اس کی تعریف وتحسین کیے بغیر نہیں رہ سکے۔

۱۳۴۴ھ/۱۹۲۶ء کو نواب مولانا حبیب الرحمن خاں شروانی (ف: ۱۹۵۰ء) حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے تو حج کے بعد ۲۷ محرم ۱۳۴۵ھ/ اگست ۱۹۲۶ء کو ملا صاحب کے مدرسے میں بھی تشریف لے گئے، اپنے سفرنامۂ حج میں فرماتے ہیں:

''مولوی عبدالباقی صاحب فرنگی محلی کا مدرسہ دیکھا، اس مدرسے کو ریاست حیدرآباد سے امداد ملتی ہے، اہتمام تعلیم غنیمت ہے، ناشتے کی ضیافت بھی مولانا نے

فرمائی، یہ مدرسہ اس دور میں علمی خدمت کر رہا ہے، مولوی صاحب کی ذات بھی مغتنمات سے ہے۔" (الفوز العظیم، ص: ۳۷)

خلافت عثمانیہ کے سقوط کے بعد جب ابن سعود کی حکومت حجاز میں ہوئی تو آپ کافی مصائب اور مشکلات سے دوچار ہوئے۔ مولانا شروانی لکھتے ہیں:

"نجدیوں کی وحشت کا مقابلہ جرأت وصداقت سے کیا، کلمۂ حق کے اظہار میں ڈرے نہیں۔" (ایضاً)

یہاں تک کہ دوسری عالمی جنگ (۱۹۳۹ء–۱۹۴۵ء) کے دوران مدینے سے ہجرت کرکے دمشق چلے گئے اور وہاں تقریباً تین برس تک قیام فرمایا، وہاں بھی افادہ واستفادہ کا سلسلہ جاری رکھا، جب حالات کچھ بہتر ہوئے تو آپ مدینے واپس آئے، تاہم عمر کافی ہو چکی تھی، ضعف کی وجہ سے نظر بھی کمزور ہو چلی تھی، اس لیے تدریس وتصنیف کا سلسلہ موقوف کر دیا۔ لیکن یہ بات بڑی اہم ہے کہ آپ نے مدینہ منورہ میں تقریباً چار دہائیوں تک طالبان اسلامیہ اور علما کو سیراب کیا۔ آپ کے تلامذہ کی طویل فہرست ہے، جن میں عرب وعجم کے مشاہیر شامل ہیں۔

آپ کا وصال ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۶۴ھ/اپریل ۱۹۴۵ء کو مدینہ منورہ میں ہوا اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

۲؎ متن میں مذکور تصانیف کے علاوہ حسب ذیل تصانیف وحواشی بھی یادگار ہیں:

- العقود المتلألئة في الأسانيد العالية
- ألاسعاد بالإسناد
- المناهل السلسلة في الأحاديث المسلسلة
- نشر الغوالي في الأحاديث المسلسلة
- الحقيقة في العقيقة
- إزالة الغطاء عن حكم كتابة النساء
- آيات الكبرى في المعراج والإسراء

- تحفة الخطباء من خطب النبی ﷺ و الخلفاء
- تسهيل الميزان وبداية الميزان في المنطق
- بركة الباری في سلالة جدنا ملا حافظ الأنصاری
- رسالة في مناقب الأولياء الخمس
- شرح رسالة طاش كبری زادة في الأدب
- توضيح الصرف وميزان الصرف
- التعليق المحمود حاشيه سنن أبی داؤد (ناتمام)
- زبدة الخصائل شرح عمدة الوسائل
- نور العين في تقبيل الإبهامين
- الجواهر العبقرية لزيارة المصطفوية
- المنح المدنية في مذهب الصوفية
- حاشیہ توضیح تلویح (ناتمام)
- حاشیہ نور الایضاح
- الإرشاد في الأوراد
- رسالہ حلیہ شریف
- ذکر شہادت سبط اصغر
- شرح رسالہ غوثیہ

تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۴۲
أعلام من أرض النبوة (عربی):	ص:۴۸۲-تا-۴۸۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۸۵-تا-۸۷
نزهة الخواطر (عربی):	جلد:۷،ص:۱۲۶۰

[57]

۱؎ ملا عبدالہادی متعدد بار حج وزیارت سے شرف یاب ہوئے۔ غالباً ۱۳۴۵ھ/۱۹۲۶ء میں تیسری بار حج کے لیے گئے تو دو برس تک وہیں اپنے بڑے بھائی ملا عبدالباقی کے پاس مقیم رہے، اس عرصے میں شیخ سنوسی اور دیگر شیوخ حرمین سے اجازت حدیث اور مختلف سلاسل طریقت کی خلافت سے نوازے گئے۔ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ/اگست ۱۹۲۸ء میں وطن واپس آئے اور علمی اشغال میں مصروف ہو گئے۔ آپ کا وصال ۲۴ر اگست ۱۹۴۶ء کو ہوا۔

۲؎ آپ کا عقد سید احمد حسین بجنوری کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے ایک بیٹے مولانا محمد حیدر اور تین بیٹیاں متولد ہوئیں۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۲۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۸۷-۸۸
Combridge of India: Farangi Mahall:	P:72

[58]

۱؎ مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی علمائے صالحین میں ممتاز تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد درس وتدریس اور تصنیف وتالیف میں مصروف ہو گئے، علوم شرقیہ خاص طور پر فقہ اور حدیث کی طرف زیادہ توجہ تھی۔ آپ کی عبادت وریاضت اور تقویٰ وطہارت کا کافی شہرہ تھا۔ خانوادۂ فرنگی محل کے اکثر لوگ آپ سے بیعت تھے، ان کے علاوہ ہزاروں لوگ آپ کے سلسلۂ ارادات میں داخل تھے۔ آپ کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی خوب چرچا تھا۔ آپ سے قبل آپ کے علاقے میں محافل میلاد کم ہوا کرتے تھے۔ آپ نے محبت رسول اور اخلاص سے محافل میلاد کو بہت ترقی دی، اس کا اثر تھا کہ ہر ہر محلے میں محفلیں ہونے لگیں۔ آپ خود بھی ربیع الاول میں شب وروز اہتمام سے محافل میلاد منعقد کرتے، نئے کپڑے پہنتے، گھر کی صفائی کرواتے۔ اسی طرح ربیع الثانی کے گیارہ دن حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی قدس سرہ کے ذکر کی محفلیں اور محرم میں حضرت امام حسین کی

شہادت اور ذکر کے لیے خاص اہتمام کرتے-

۱۸۵۵ء میں اجودھیا میں مسجد ہنومان گڑھی کی بازیافت کے لیے مولانا امیر الدین امیر علی (ف:۱۸۵۵ء) کے ساتھ مولانا عبدالرزاق نے بھی علم جہاد بلند کیا تھا- مولانا امیر علی نے اپنی جانب سے مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی اور دیگر علما کو والی اودھ نواب واجد علی شاہ (ف:۱۸۸۷ء) کے پاس بطور سفارت، گفتگو کے لیے بھیجا تھا- انگریزی حکومت کی سازش سے اجودھیا کے بیراگیوں کے ذریعے جو مسجد منہدم کی گئی اور ڈھائی سو مسلمانوں کو شہید کیا گیا تھا، اس کے تدارک اور مسجد کی ازسرِ نو تعمیر کے لیے نواب اودھ سے آپ نے بڑی جرأت اور سختی سے گفتگو فرمائی- حکومت اودھ نے مسجد کی تعمیر کا وعدہ کیا اور ایک ماہ کی مہلت مانگی، مگر جب یہ وقت گزر گیا تو مولانا امیر الدین تقریباً تین سو افراد کے ہمراہ ۷ رنومبر ۱۸۵۵ء کو جہاد کے لیے نکل کھڑے ہوئے، مگر ردولی کے راستے میں مکروفریب سے انگریزی سرکار اور ہندو تعلقہ داروں کے لوگوں نے مجاہدین پر توپوں اور بندوقوں سے حملہ کر دیا، جس میں مولانا امیر علی کے ساتھ تمام مسلمان شہید کر دیے گئے- دوسری طرف مولانا عبدالرزاق، دیگر علما اور عام مسلمانوں کو مولانا امیر علی تک پہنچنے سے روک دیا گیا- اس واقعے کی تفصیل حواشی وتعلیقات کے ذیل میں شمار نمبر [12] اور [29] کے تحت ملاحظہ ہو-

آپ کو انگریزوں سے سخت نفرت تھی- مولانا کے ایک مخلص مرید کی کوشش سے آپ کو انگریزی حکومت سے ''شمس العلماء'' کا خطاب ملا، جس پر آپ نے اپنے مرید کو بیعت سے خارج کر دیا، پھر معافی تلافی کے بعد داخلہ سلسلہ کیا- خطاب کا تمغہ اور عبا ان کے گھر آیا تو اپنے صاحب زادے کو ان چیزوں کے واپس کرنے کو کہا، مگر حکومت کے خوف سے انھوں نے اپنے پاس رکھ لیں-

تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۴۳-تا-۵۵

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۵-تا-۱۰۷

تاریخ اودھ: حصہ پنجم، ص:۱۹۹-تا-۲۳۶

تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص:۹۲-تا-۱۰۰

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۶۰-۲۶۱

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۳۰

عمدۃ الرعایۃ فی حل شرح الوقایہ (عربی): مقدمہ، ص:۳۱

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۸، ص:۱۲۷۵-۱۲۷۶

[59]

[1] ملا عبدالباسط ۲۰ رذی الحجہ ۱۲۵۷ھ / یکم فروری ۱۸۴۲ء کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد ایک مدت تک فرنگی محل میں درس و تدریس میں مصروف رہے۔ مسجد فرنگی محل میں وعظ و ارشاد کا سلسلہ بھی رہا۔ اس کے بعد معاش کے سلسلے میں ریاست حیدرآباد دکن تشریف لے گئے، وہاں مجلس وضع قوانین کے معتمد کا منصب تفویض ہوا۔ عین جوانی میں انتقال فرمایا۔ آپ کا عقد مولانا خادم احمد ابن ملا حیدر فرنگی محلی کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے دو لڑکیاں متولد ہوئیں۔ تصنیفات میں مجموعۂ فتاویٰ کے علاوہ ''رسالہ رد نیاچرہ'' اور مختلف تحریرات ہیں۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۵۵

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۷

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۰۱

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۴۴

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۰۸

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۹۹۸-۹۹۹

[60]

[1] مولانا عبدالوہاب فرنگی محلی نے زہد و تقویٰ اور پرہیز گاری میں اپنے والد کی حیات میں ہی ایک مقام بنالیا تھا۔ تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس اور تالیف کتب میں سرگرم رہے۔ خانوادۂ فرنگی محل کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگ آپ کے شاگرد ہوئے۔ نہایت منکسر المزاج، متواضع

اور اعزہ واقربا کی دست گیری کرنے والے تھے، اہل خاندان اور دیگر لوگوں پر آپ کا رعب ودبدبہ بہت زیادہ تھا۔ حج وزیارت کے لیے حرمین کا سفر کیا اور وہاں بھی متعدد شیوخ سے اجازت حدیث حاصل کی۔ متن میں مذکور تصانیف وحواشی کے علاوہ 'اضاحۃ الضالین' اور 'ہدایت المؤمنین' بھی آپ کی قلمی یادگار ہیں۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۵۵-تا-۵۷

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۷

تذکرۂ علمائے حال: ص:۵۶-۵۷

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۰۱-تا-۱۰۳

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۶۹

حسرۃ المسترشد لوصال المرشد (عربی): محمد قیام الدین عبدالباری

[61]

[۱] ملا عبدالرؤف شوال ۱۲۹۲ھ/نومبر ۱۸۷۵ء میں پیدا ہوئے، تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس کی نوبت نہیں آئی۔ پہلی بار والد ماجد کے ساتھ ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۱ء میں حج کیا اور علمائے حرمین سے اجازت اور سند حدیث حاصل کی۔ دوسری بار والد ماجد ملا عبدالوہاب کے وصال کے بعد اپنے اہل وعیال کے ساتھ ۱۳۲۱ھ/ ۱۹۰۳ء میں حج کے لیے گئے اور ساتھ ہی بغداد اور کاظمین بھی حاضر ہوئے، اس سفر میں صاحب زادگان شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ سے سلاسل طریقت کی اجازت سے سرفراز ہوئے۔ اس سفر میں مرض لاحق ہوا، اسی حالت میں شعبان ۱۳۲۲ھ/ اکتوبر ۱۹۰۴ء کو وطن واپس آئے، پھر شوال میں حضرت سید السادات شاہ عبدالرزاق بانسوی قدس سرہ کے عرس میں شرکت کے لیے گئے، وہاں ایک ماہ سے زیادہ قیام فرمایا اور وہیں آپ کا تیس سال کی عمر میں وصال ہوا۔ نعش لکھنؤ لائی گئی اور باغ مولوی انوار میں تدفین ہوئی۔

[۲] ملا محمد قطب الدین عبدالوالی (عرف قطب میاں) ۱۹ رجب ۱۳۱۴ھ/ دسمبر ۱۸۹۶ء میں

پیدا ہوئے- حفظ قرآن کے بعد اپنے چچا محترم مولانا محمد قیام الدین عبدالباری سے مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں ہی مروجہ علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل کی اور ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۴ء میں فراغت ہوئی- فراغت کے بعد تدریس وتبلیغ میں مصروف ہوگئے، اس کے علاوہ ہندوستان کے ملی مسائل کی قیادت میں اپنے چچا محترم کے دست وبازو بن گئے- اُس زمانے میں تحریک خلافت اور آزادی کی دیگر تحریکات چل رہی تھیں اور حضرت مولانا عبدالباری ہندوستان کے دیگر نامور علما اور قائدین کے ساتھ ان تحریکوں کی قیادت فرما رہے تھے- قطب میاں 'خلافت کانفرنس' کی استقبالیہ کمیٹی کے صدر بنائے گئے، اس منصبی حیثیت کے ساتھ آپ نے متعدد کانفرنسوں میں پرجوش خطبات صدارت پیش فرمائے- جمعیۃ العلماء کے مدراس کے اجلاس میں اپنے چچا کی نیابت میں صدارت فرمائی، تحریک کے حوالے سے ملک کے طول وعرض میں دورے کیے- آخر میں خلافت کمیٹی اودھ کے صدر مقرر ہوئے- کچھ عرصے کے بعد خلافت کمیٹی میں کچھ اختلافات کی وجہ سے قطب میاں نے استعفیٰ دے دیا اور جب 'تحریک خدام الحرمین' شروع ہوئی تو اس سے وابستہ ہوگئے، اور اپنے چچا محترم کے وصال ۱۹۲۶ء کے بعد باتفاق رائے اس تحریک کے صدر نامزد ہوئے- چچا نے آپ کو اپنی تمام سیاسی، ملی اور مذہبی تحریکات ومعاملات میں اپنا جانشین اور قائم مقام بنا دیا تھا- اپنے چچا محترم سے ہی بیعت بھی تھے اور اجازت وخلافت والد ماجد اور چچا دونوں سے حاصل تھیں- آپ کے دو عقد ہوئے، پہلا عقد چچا محترم مولانا عبدالباری کی بڑی صاحب زادی سے ہوا، جو جوانی میں ہی دو لڑکوں (مولانا محمد سعید عبدالرزاق اور مولانا محمد نور عبدالعلی) کو چھوڑ کر وصال فرما گئیں- دوسرا عقد ملا سلامت اللہ کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے دو لڑکے اور ایک لڑکی متولد ہوئی، بڑے لڑکے اور لڑکی کا وصال ہوگیا، جب کہ چھوٹے بیٹے مولانا جلال الدین عبدالمتین حیات سے تھے، جنھوں نے ۳رربیع الثانی ۱۴۳۹ھ/ ۲۲ردسمبر ۲۰۱۷ء کو دار آخرت کی طرف کوچ فرمایا- ملا محمد قطب الدین عبدالوالی (عرف قطب میاں) کی وفات مئی ۱۹۵۴ء میں ہوئی- ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۵۷-تا-۵۹
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۰۳-۱۰۴

حسرۃالمسترشدبوصال المرشد(عربی): ص:۱۷-۱۸

Combridge of India: Farangi Mahall: P:151

[62]

[1] مولانا محمد قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی کے تفصیلی احوال پہلے باب کے تحت ''اسلامیان ہند کا ایک گم شدہ قائد'' کے ذیل میں ملاحظہ ہو:

تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۵۹-تا-۶۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۰۶-تا-۱۱۸
حسرۃالآفاق بوفاۃ مجمع الاخلاق:	محمد عنایت اللہ فرنگی محلی
حسرۃالمسترشدلوصال المرشد(عربی):	ص:۱۸-تا-۲۵
مولانا عبدالباری فرنگی محلی: حیات وخدمات:	نزہت فاطمہ فرنگی محلی
نزہۃالخواطر (عربی):	ج:۸، ص:۱۲۵۹-۱۲۶۰

[63]

[1] مولانا عبدالحلیم لکھنوی فرنگی محلی اپنے عہد کے نامور اور متبحر عالم دین اور استاذ الاساتذہ تھے- ۲۱ رشعبان ۱۲۳۹ھ/ اپریل ۱۸۲۴ء کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے- دس برس کی ہی عمر میں قرآن کریم حفظ کرلیا- مروجہ علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل ۱۹ ربرس کی عمر میں کی- اس کے بعد پوری زندگی تدریس وتصنیف میں گزاری- فراغت کے بعد ایک عرصے تک وطن میں مسند تدریس پر متمکن رہے، اس کے بعد ۱۲۶۰ھ/ ۱۸۴۴ء باندہ تشریف لے گئے اور وہاں نواب ذوالفقار الدولہ کے مدرسے میں مدرس ہو گئے- یہاں چار برس کے بعد ۲۶ رذی قعدہ ۱۲۶۴ھ/ اکتوبر ۱۸۴۸ء کو مولانا ابوالحسنات عبدالحی کی ولادت ہوئی- مولانا عبدالحلیم ۱۲۶۸ھ/ ۱۸۵۲ء کو یہاں سے مستعفی ہو کر وطن آ گئے، وطن میں ایک سال قیام کے بعد ۱۲۶۹ھ/ ۱۸۵۳ء جون پور تشریف لے گئے، وہاں رئیس جون پور حاجی امام بخش (ف: ۱۸۶۲ء) کے مدرسہ امامیہ حنفیہ میں مسند تدریس لگائی-

نو سال تک جون پور میں اُن طالبان علوم کو سیراب کرتے رہے، جو ملک کے طول و عرض سے آپ کی درس گاہ سے فیض حاصل کرنے کے لیے پہنچتے رہے۔ ۱۲۷۶ھ/۱۸۶۱ء میں وطن آ گئے۔ یہاں مولانا عبدالوالی قدس سرہ سے بیعت ہوئے۔ ۱۲۷۷ھ/ ۶۰-۱۸۶۱ء میں حیدرآباد دکن تشریف لے گئے اور وہاں سالار جنگ سید تراب علی (مدار المہام) نے مدرسہ نظامیہ کا مدرس اعلیٰ مقرر کیا۔ رجب ۱۲۷۹ھ/جنوری ۱۸۶۳ء میں اپنے اہل و عیال کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کی اور مکہ و مدینے کے متعدد علما سے حدیث و تفسیر اور مختلف اوراد و وظائف کی اجازت پائی۔ جمادی الاولیٰ ۱۲۸۰ھ/ اکتوبر ۱۸۶۳ء میں حج سے واپس حیدرآباد آ گئے اور وہاں عدالت عالیہ سے منسلک ہو گئے۔ روسا اور علمائے دکن کے درمیان آپ کی بڑی عزت و توقیر تھی۔ آپ نے ۲۹ رشعبان ۱۲۸۵ھ/ ۱۲ ردسمبر ۱۸۶۸ء کو حیدرآباد میں ہی وفات پائی اور وہیں شاہ یوسف قادری کے مزار کی پائینتی مدفون ہوئے۔ آپ کے ایک ہی صاحب زادے ہوئے جن کے علمی کمالات نے معاصر علما کو انگشت بدنداں کر رکھا تھا، یعنی مولانا ابوالحسنات عبدالحی فرنگی محلی۔

۲؎ مولانا عبدالحی نے ''عمدۃ الرعایہ فی حل شرح الوقایہ'' میں اپنے والد مولانا عبدالحلیم کی ۳۵ رتصانیف کا ذکر کیا ہے۔

تفصیلی احوال کے لیے دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۶۲-۶۳

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۷

الفوائد البھیۃ (عربی) حاشیہ، ص: ۱۰۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۹-تا-۱۳۱

تذکرۂ علمائے ہند: ص: ۲۵۱-تا-۲۵۴

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص: ۲۱۵-تا-۲۱۷

حدائق الحنفیہ: ص: ۵۰۱-تا-۵۰۳

حسرة العالم بوفاة مرجع العالم (عربی): مولانا عبدالحی فرنگی محلی

حدیقۃ المرام (عربی): ص: ۴۰
عمدۃ الرعایۃ فی حل شرح الوقایۃ (عربی): مقدمہ، ص: ۳۰-۳۱
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۰۰۴-۱۰۰۵

[64]

[۱] ہندوستان میں مولانا ابوالحسنات عبدالحی فرنگی محلی جیسے علم و فضل، تفقہ فی الدین، تبحر علمی اور مجتہدانہ فکر و نظر کے حامل علما بہت کم پیدا ہوئے- آپ کے علمی کارناموں اور غیر معمولی مجددانہ کاموں کی وجہ سے علما کی ایک بڑی جماعت آپ کو تیرہویں صدی کا مجدد تسلیم کرتی ہے- مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی لکھتے ہیں:

"حق یہ ہے کہ ہمارے محلے [فرنگی محل] میں اس ذات گرامی کی کوئی نظیر سابق میں سوائے بحرالعلوم [ملا عبدالعلی] کے دوسری نہیں ہوئی ہے اور اگر مولانا کو وہی عمر اور سنہ ہمارے محلے کی خوش قسمتی سے مل جاتا، جو بحرالعلوم کو مل گیا تو یقیناً یہ شہسوارِ میدانِ علم و عمل، یہ جامع علوم معقول و منقول، یہ فقیہ و منطقی و محدث و واعظ اپنے اکابر تو کیا، سچ تو یہ ہے کہ ابن ہمام اور عینی ایک طرف، صدرالشریعہ اور تاج الشریعہ سے بازی لے جاتا-" (تذکرہ علمائے فرنگی محل، ص: ۱۳۱)

مولانا عبدالحی کی ولادت ۲۶ رذی قعدہ ۱۲۶۴ھ/ اکتوبر ۱۸۴۸ء کو باندہ میں ہوئی- دس برس کی عمر میں قرآن کریم حفظ کر لیا اور ۱۲۷۴ھ/ ۱۸۵۸ء میں جون پور کی جامع مسجد میں تراویح سنایا- تمام مروجہ کتب درسیہ اور علوم معقول و منقول پڑھ کر ۱۲۸۱ھ/ ۱۸۶۵ء میں فراغت پائی- دو مرتبہ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے، پہلی بار ۱۲۷۹ھ/ ۱۸۶۳ء میں والد ماجد کے ساتھ اور دوسری بار ۱۲۹۲ھ/ ۱۸۷۶ء میں- تعلیم سے فراغت کے بعد حیدر آباد دکن میں مسند تدریس و تصنیف پر متمکن ہوئے اور والد ماجد کے وصال ۱۸۶۸ء حیدر آباد میں رہے- اراکین سلطنت نے آپ کو والد ماجد کا عہدۂ تدریس و قضا سپرد کرنا چاہا، مگر آپ نے علمی سرگرمیوں میں خلل کی وجہ سے انکار کر دیا اور وطن واپس آکر عسرت میں زندگی گزارنا پسند کیا، یہی وجہ ہے کہ صرف ۳۹ ر برس کی چھوٹی سی عمر میں وہ علمی کارنامے انجام دیے کہ دنیا انگشت بدنداں رہ گئی- وطن واپس آکر

بے تحاشہ علمی، تصنیفی، فقہی اور تدریسی کاموں میں انہماک اور شب و روز محنت کی وجہ سے طبیعت بگڑ گئی، علاج سے افاقہ ہوتا مگر بہت زیادہ محنت اور علمی تگ و دو کی وجہ سے بگڑ جاتی، یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا- جس نے بھی آپ کے وصال کی خبر سنی اس پر سکتہ طاری ہو گیا اور لکھنو کے ساتھ ساتھ پورا ہندوستان ماتم کدہ بن گیا- تین بار آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی، پہلی بار حضرت مولانا عبدالرزاق فرنگی محلی نے فرنگی محل میں نماز جنازہ پڑھائی، پھر آپ کا جنازہ فیوض و برکات کے حصول کے لیے حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی قدس سرہ کے مزار پر لے جایا گیا وہاں مولانا عبدالوہاب فرنگی محلی نے نماز پڑھائی اور تیسری بار خاندانی قبرستان "باغ مولوی انوار" میں مولانا عبدالمجید کی اقتدا میں نماز پڑھی- آپ کے تلامذہ کی تعداد شمار سے باہر ہے، بعض تذکرہ نگاروں نے کچھ علما کے اسما ذکر کیے ہیں- آپ کی ایک صاحب زادی تھیں جن کے لیے سرکار نظام حیدر آباد دکن نے دو سو روپے ماہوار کا وظیفہ مقرر کیا تھا-

تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۶۳ - ۶۴

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۷

الفوائد البهية (عربی) حاشیہ، ص: ۱۰۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۳۱ - تا - ۱۳۷

تذکرۂ علمائے ہند: ص: ۲۵۵ - تا - ۲۵۹

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص: ۲۱۹ - تا - ۲۲۲

حدائق الحنفیہ: ص: ۴۸۵ - تا - ۴۸۶

حسرة الفحول لوفاة نائب الرسول: ملا عبدالباقی فرنگی محلی

عمدة الرعاية في حل شرح الوقاية (عربی): مقدمہ، ص: ۳۱ - تا - ۳۳

مولانا عبدالحی فرنگی محلی: حیات و خدمات: غلام مرسلین

نزهة الخواطر (عربی): جلد: ۸، ص: ۱۲۶۸ - تا - ۱۲۷۰

[65]

ل بحر العلوم ملا عبد العلی فرنگی محلی اپنے عہد کے باکمال عالم دین اور یگانہ روزگار تھے۔ آپ کی ولادت ۱۱۴۳ھ/ ۱۷۳۰ء کو لکھنؤ میں ہوئی۔ سترہ برس کی عمر میں تعلیم سے فراغت پائی اور اس کے چھ ماہ بعد ۱۷۴۸ء کو جب آپ ۱۸ر برس کے تھے تو والد ماجد استاذ الہند ملا نظام الدین کا وصال ہو گیا۔ ابتدا میں تعلیم و تدریس کی جانب رغبت نہیں تھی، تاہم والد ماجد کے وفات کے بعد کچھ ایسے واقعات ہوئے کہ دل کی دنیا بدل گئی اور پھر غیرت و حمیت ایسی جوش میں آئی کہ شب و روز مطالعے میں غرق رہتے یہاں تک کہ کچھ ہی عرصے میں فاضل بے نظیر اور جامع معقول و منقول ہوئے، آپ کے علم و فضل کو دیکھتے ہوئے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی (ف: ۱۸۲۴ء) نے آپ کو "بحر العلوم" کے خطاب سے یاد کیا، جو آپ کے نام کا جز و لاینفک ہو گیا۔ والد کی وفات کے دو تین برس کے بعد فرنگی محل میں آپ نے ان کی مسند درس کو زینت بخشی اور دس برس تک علم و فن کے جوہر لٹاتے رہے۔ یہاں تک کہ ایک شیعہ سنی کے مسلکی نزاع میں اودھ کی شیعی حکومت کے عتاب سے محفوظ رہنے کے لیے لکھنؤ چھوڑ کر شاہ جہان پور چلے گئے، جہاں حافظ الملک نواب حافظ رحمت خاں کی حکومت تھی، یہاں بیس برس آپ نے قیام کر کے ہزاروں طالبان علوم کو فیض یاب کیا اور بیش بہا کتابیں لکھیں۔ اس کے بعد والی رام پور نواب فیض اللہ خاں (ف: ۱۷۹۴ء) کی گزارش پر رام پور چلے گئے، جہاں چار برس قیام فرمایا اور بزم درس و افادہ جاری رکھا۔ اُس وقت والی رام پور نہ صرف بحر العلوم کی علمی اور معاشی ضرورتوں کے ذمہ دار تھے بلکہ آپ کے تمام تلامذہ کے بھی کفیل تھے، تاہم بحر العلوم کے تلامذہ کی تعداد اتنی بڑھ گئی کہ حکومت کے لیے بار بن گئی، جب اس کی اطلاع بوہار، ضلع بردوان (بنگال) کے علم پرور رئیس منشی صدر الدین (میر منشی گورنر جنرل بہادر) کو ملی تو انھوں نے اپنے انگریزی اثر و رسوخ استعمال کر کے رام پور کو مجبور کیا کہ وہ بحر العلوم کو مدرسہ منشی صدر الدین بوہار کی مسند درس کو زینت بخشنے کے لیے بھیج دے، اس طرح آپ بوہار چلے گئے جہاں میر منشی نے آپ اور آپ کے تلامذہ کی بڑی قدر کی اور انھیں بڑی شان و شوکت کے ساتھ رکھا۔ لیکن یہاں بھی کچھ عرصے کے بعد تلامذہ کی تعداد منشی صدر الدین

کے لیے آزمائش بن گئی- جب یہ بات عام ہونے لگی تو نظام حیدرآباد، سلطان ٹیپو اور نواب ارکاٹ (مدراس) نواب محمد علی والاجاہ (ف: ۱۷۹۵ء) نے بیک وقت آپ کی خدمت میں ان کے یہاں قدم رنجہ فرمائی کی درخواست بھیجی، آپ نے نواب ارکاٹ کی درخواست کو شرف تبولیت بخشا اور اپنے چھ سو طلبہ کے ساتھ بوہار سے کوچ کر کے ۲۴ر ذی الحجہ ۱۲۰۵ھ/ اگست ۱۷۹۱ء کو مدراس پہنچے- نواب صاحب نے آپ کے لیے ایک عظیم الشان مدرسہ تعمیر کروایا، بحر العلوم کے لیے گراں قدر وظیفہ مبلغ ایک ہزار روپے ماہوار مقرر ہوا، ان کے دامادوں ملا علاء الدین اور ملا ازہار الحق، نیز تمام طلبہ کے لیے وظائف تعلیم مقرر ہوئے- یہاں ۱۹ر برس تک قیام فرما کر وصال فرمایا-

تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ:

ابجد العلوم (عربی):	جلد: سوم، ص: ۲۵۷-۲۵۸
احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۶۴-۶۵
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۲۱-تا-۱۲۷
بانی درس نظامی:	ص: ۱۰۳-تا-۱۱۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۳۷-تا-۱۴۱
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۲۶۶-تا-۲۶۸
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص: ۲۳۸-تا-۲۳۹
حدائق الحنفیہ:	ص: ۴۶۷
حدیقۃ المرام (عربی):	ص: ۳۵
علم وعمل (وقائع عبد القادر خانی):	ص: ۷۴-۷۵
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۱۰۲۱-تا-۱۰۲۳

[66]

لہ مولانا عبد الاعلیٰ خانوادۂ فرنگی محل کے ممتاز عالم دین تھے اور مختلف علوم وفنون میں شہرت رکھتے تھے- اپنے والد بحر العلوم ملا عبد العلی کی خدمت ورفاقت میں طویل عرصہ رہ کر علوم وفنون کی

تحصیل سے فراغت پائی اور اس کے بعد کلکتہ گئے اور وہاں کے حکام سے قربت پیدا کر لی، لیکن جو توقعات لے کر گئے وہ پوری نہیں ہو سکیں اور اپنے علم وفضل کی بنیاد پر جس منصب کو چاہتے تھے، وہ نہیں مل سکا، اس لیے واپس اپنے وطن لکھنؤ آ گئے، تاہم کچھ عرصے کے بعد دوبارہ کلکتہ گئے، لیکن پھر بھی کامیابی نہیں مل سکی۔ اسی زمانے میں آپ کے والد ماجد مدراس میں قیام پذیر تھے اور تدریس کی خدمت انجام دے رہے تھے، آپ بھی وہاں چلے گئے۔ کچھ دنوں کے بعد بیماری کا حملہ ہوا، بہت کمزور ہو گئے اور اسی حالت میں لکھنؤ کے لیے نکل کھڑے ہوئے، بیماری سخت تھی، اس لیے راستے میں ہی انتقال ہو گیا۔ آپ حضرت شاکر اللہ سندیلوی سے بیعت تھے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۶۵
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۲۷-۱۲۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۴۲
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۲۴۲
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص: ۲۰۵-۲۰۶
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۹۹۷-۹۹۸

[67]

ملا عبدالواحد فرنگی محلی فقہ اور اصول کے ممتاز عالم تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد کلکتہ گئے اور وہاں مدتوں قیام کیا، جب مولانا نجم الدین کاکوروی (قاضی القضاۃ کلکتہ) کا ۱۸۱۳ء میں وصال ہو گیا تو ان کی جگہ پر منصب قضا حاصل کرنے کی کوشش کی، مگر یہ عہدہ مفتی سراج الدین کو مل گیا، کافی عرصے کے بعد مفتی سراج الدین کا وصال ہوا تو ایک بار پھر اس عہدے کے لیے آپ نے کوششیں تیز کر دیں، مگر اس بار بھی کامیابی نہیں ملی۔ آخر رہتک (ہریانہ) کا منصب افتا آپ کے سپرد ہوا اور وہاں مبلغ دو سو پچاس روپے ماہوار مشاہرہ مقرر ہوا۔ یہاں سے تبادلہ ہو کر پانی پت پہنچے اور وہیں وفات پائی اور مدفون ہوئے۔ آپ کا عقد کاکوری میں شیخ غلام قادر کی صاحب زادی

سے ہوا تھا، جن سے مولانا عبدالوحید پیدا ہوئے۔ کلکتہ میں قیام کے دوران بھی آپ نے ایک نکاح کیا تھا۔ دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۶۵-۶۶
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۲۹-۱۳۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۲۲
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۲۸۷
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۲۶۷
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۰۳۵

[68]

ل ملا عبدالواجد لکھنؤ میں پیدا ہوئے، بچپن میں ہی اپنے دادا بحر العلوم ملا عبدالعلی کے پاس چلے گئے، ابتدائی کتابیں اپنے چچا ملا عبدالرب سے پڑھیں، متوسطات دوسرے اساتذہ سے اور مطولات اپنے جد امجد سے پڑھ کر فارغ ہوئے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد لکھنؤ واپس آگئے اور ایک عرصے تک وطن میں ہی رہے۔ ۱۸۱۰ء میں جب بحر العلوم کا وصال ہوا تو آپ اپنے چچا ملا عبدالرب کے ساتھ مدراس چلے گئے اور وہاں پہنچ کر ملا عبدالرب نواب صاحب سے اپنے والد کی جگہ لینے کی خواہش ظاہر کی، حالاں کہ وہ جگہ پہلے ہی بحر العلوم کے داماد ملا علاء الدین ابن ملا احمد انوار الحق کو دے دی گئی تھی، اس لیے نواب نے انھیں ہٹانا مناسب نہیں سمجھا اور بحر العلوم کا جو اپنا ذاتی مدرسہ تھا اسے ان کے صاحب زادے ملا عبدالرب کو دے دیا اور ملا علاء الدین کو سرکاری مدرسے میں بحر العلوم کا قائم مقام کر کے انھیں شاہی خطاب ”ملک العلماء“ سے نوازا اور بحر العلوم کی تنخواہ کو دونوں کے درمیان نصف نصف تقسیم کر دیا۔ اس تنخواہ میں ملا عبدالرب اور ملا عبدالواجد کی گزر بسر نہیں ہو پا رہی تھی، اس لیے ملا عبدالرب اپنے بھتیجے کو اپنا جانشین اور مختار بنا کر وطن واپس آگئے، اس طرح ملا عبدالواجد وہاں مدتوں درس دیتے رہے، یہاں تک کہ ۱۳؍محرم ۱۲۴۱ھ/ اگست ۱۸۲۵ء میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔ آپ کی دو صاحب زادیاں تھیں۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۶
انغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۰-۱۳۱
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۳
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۸۷-۲۸۸
حدیقۃ المرام (عربی): ص:۳۶
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۱۰۳۵

[69]

لے ملا عبدالنافع لکھنؤ میں پیدا ہوئے، مختصرات تک فرنگی محل میں ہی تعلیم پائی، اس کے بعد "انغصان اربعہ" کے مطابق اپنے والد ماجد کے پاس شاہجہان پور چلے گئے، جہاں اکثر کتب درسیان سے پڑھیں- پھر کسی وجہ سے وطن واپس آگئے اور ملا محمد ولی اور ملا محمد یعقوب سے تکمیل کی- تلاش معاش سے مجبور ہو کر والد کے پاس مدراس گئے، مگر وہاں کوئی صورت نہیں پیدا ہوئی، اس لیے وطن واپس آگئے، کچھ دنوں وہاں قیام کیا، پھر امیر خاں پنڈاری ٹونکی (ف: ۱۸۳۴ء) کے لشکر میں ملازم ہو گئے، ملازمت کے دوران وہاں دھوکے سے زہر آلود پانی پی لیا، طبیعت بگڑ گئی اور وطن واپس آگئے، جہاں کچھ عرصے کے بعد اپنے والد ماجد کی زندگی میں وفات پائی-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۶
انغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۲۸-۱۲۹
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۳-۱۴۴
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۱۰۳۴-۱۰۳۵

[70]

سلہ ملا عبدالجامع کے جلد صال کی وجہ سے تدریس کی نوبت نہیں آسکی- آپ کا عقد ملا مبین

کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے چار بیٹوں کے علاوہ ایک بیٹی بھی متولد ہوئی۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۶۶
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۳۴
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۲۴۴
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۲۰۸
نزھة الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۹۹۹

[71]

۱ ملا عبدالرحمن کا قیام حیدرآباد میں رہا اور وہیں وفات پائی۔ آپ زندگی بھر مجرد رہے۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۶۶
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۳۶
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۴۴

[72]

۱ ملا عبدالغفار تعلیم سے فراغت کے بعد پیر و مرشد کی خدمت میں رہے، پھر ان کے وصال ۱۸۶۴ء کے بعد بھاگل پور (بہار) چلے گئے اور وکالت کی سند حاصل کر کے وہاں وکالت شروع کر دی اور ساتھ درس و تدریس اور رشد و ہدایت کا سلسلہ بھی رکھا۔ آپ کے کافی مریدین تھے۔ آخر عمر میں آپ آنکھوں سے معذور ہو کر وطن واپس آ گئے اور وفات پائی۔

۲ ملا عبدالستار نے مروجہ کتابیں اپنے والد اور مولانا محمد حسین الہ آبادی (ف:۱۹۰۴ء) سے پڑھیں، اور انٹرمیڈیٹ تک انگریزی میں تعلیم پائی اور الہ آباد ہائی کورٹ میں ملازم ہو گئے۔ نہایت مہذب اور روشن خیال تھے، فلسفہ جدید سے شغف تھا۔ آپ مولانا عبدالرزاق سے بیعت و ارادت رکھتے تھے۔ عین جوانی میں الہ آباد میں ہی وفات پائی اور دائرہ شاہ محب اللہ میں مدفون ہوئے۔ آپ کی تالیفات میں لارڈ بیکن کی سوانح عمری ہے، جو شائع ہو چکی ہے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۶-۶۷
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۶
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۴-۱۴۵

[73]

لے ملاعبدالعلی مکی بابی تراب کی لکھنؤ میں ولادت و پرورش ہوئی، حفظ قرآن کے بعد ابتدائی کتابیں مولانا محمد نعیم ابن ملا عبدالحکیم سے پڑھیں، اس کے بعد عظیم آباد (پٹنہ) چلے گئے اور وہاں مولانا لطف علی مرزاپوری اور مولانا معین الدین سے مختلف علوم وفنون کی کتابیں پڑھیں، اس کے بعد کول (علی گڑھ) جاکر مولانا لطف اللہ علی گڑھی (ف:۱۹۱۶ء) سے درس کی تکمیل کی۔ بہت ذہین وفطین تھے، اہل خاندان کو آپ سے بڑی امیدیں تھیں، مگر زندگی نے وفا نہ کی۔ آپ مولانا عبدالوالی سے بیعت وارادت رکھتے تھے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۷
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۶
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۶
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۶۸
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۳۹
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۱۰۲۰

[74]

لے ابوالعیاش ملاعبدالرب بچپن سے اپنے والد ماجد بحرالعلوم ملاعبدالعلی کے ساتھ شاہ جہان پور، رام پور، بنگال اور مدراس میں رہے۔ والد ماجد نے بڑی محنت اور توجہ سے جملہ علوم وفنون پڑھائے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس کی طرف متوجہ ہوئے۔ کچھ عرصے کے بعد والد نے

نکاح کے لیے کثیر رقم دے کر لکھنؤ بھیجا، جہاں شیخ عزیز اللہ سہالوی کی صاحب زادی سے آپ کا نکاح ہوا، جن سے ایک صاحب زادے مولانا ابوالبقا محمد عبدالحکیم پیدا ہوئے۔ تدریس سے زیادہ سیاحت کی طرف آپ کی توجہ تھی، متعدد بار مدراس تشریف لے گئے۔ نواب مدراس نے آپ کو ''سلطان العلماء'' کا خطاب دیا۔ کلکتہ اور دکن کے علاقوں کا دورہ بھی کیا۔ آپ نے لکھنؤ اور مدراس میں دو اور شادیاں کیں، ان سے بھی اولادیں ہوئیں۔ والد ماجد کے وصال ۱۸۱۰ء کے بعد آپ اپنے بھتیجے ملا عبدالواجد کو لے کر مدراس چلے گئے اور وہاں پہنچ کر نواب صاحب سے اپنے والد کی جگہ لینے کی خواہش ظاہر کی، حالاں کہ وہ جگہ پہلے ہی بحر العلوم کے داماد ملا علاء الدین ابن ملا احمد انوار الحق کو دے دی گئی تھی، اس لیے نواب نے انھیں ہٹانا مناسب نہیں سمجھا اور بحر العلوم کا جو اپنا ذاتی مدرسہ تھا اسے آپ کو دے دیا اور ملا علاء الدین کو سرکاری مدرسے میں بحر العلوم کا قائم مقام کر کے انھیں شاہی خطاب ''ملک العلماء'' سے نوازا اور بحر العلوم کی تنخواہ کو دونوں کے درمیان نصف نصف تقسیم کر دیا۔ اس تنخواہ میں ملا عبدالرب اور ملا عبدالواجد کی گزر بسر نہیں ہو پا رہی تھی، اس لیے ملا عبدالرب اپنے بھتیجے کو اپنا جانشین اور مختار بنا کر وطن واپس آ گئے، اور مکمل تدریس چھوڑ کر نواب مدراس کے وظیفے اور انگریزی حکومت کی جانب سے جاگیر کے عوض ایک سو پچھتر روپے کی امداد پر گزر بسر کرنے لگے۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۶۷
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۳۱-۱۳۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۳۶-تا-۱۳۷
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۲۵۹-۲۶۰
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۲۲۳
حدیقۃ المرام (عربی):	ص:۳۵
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۰۰۶-۱۰۰۷

[75]

[1] ملا عبدالحکیم کی ولادت اور پرورش لکھنؤ میں ہوئی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد فتویٰ نویسی اور درس و تدریس کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ کا حلقۂ درس بہت وسیع تھا۔ معاشی تنگی کے باوجود طلبہ کی کفالت کرتے۔ تدریس اور فتویٰ نویسی کے علاوہ کثرت سے کتابیں اور حواشی تحریر فرمائے۔

متن میں مذکور کتابوں کے علاوہ حسب ذیل کتابیں بھی آپ کی یادگار ہیں:

- شرح کافی (فارسی)
- تفسیر بسم اللہ (فارسی)
- ترجمہ دقائق الحقائق (فارسی)
- حاشیہ شرح سلم از حمد اللہ
- شرح چہل کاف (فارسی)
- شرح رسالہ نظامیہ (در بیان وضوء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)
- زبدۃ النحو
- حاشیہ تفسیر بیضاوی
- شرح رسائل الارکان
- حاشیہ بر زاہدیہ بر شرح تہذیب ملا جلال
- حاشیہ بر حاشیہ کمالیہ شرح عقائد جلالی
- صرف الصرف
- جدول النحو (فارسی)، وغیرہ۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ٦٧

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۳۲

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۴۷

تذکرۂ علمائے ہند: ص: ۲۵۰

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص: ۲۱۴

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۰۰۳-۱۰۰۴

[76]

[۱] صاحب "تذکرۂ علمائے فرنگی محل" نے "روضۃ النعیم" کی درج ذیل عبارت نقل کی ہے:
"اثنائے درس میں سبقاً سبقاً چند کتب مثل شرح وقایہ وشرح عقائد نسفی وشرح جامی وغیرہ کی تحشی فرمائی اور فیض تدریس جاری کیا، لیکن بلحاظ اخفا تصنیف کی جانب التفات نہ فرمایا۔ آخر زمانہ میں حسب اصرار مسترشدین کتاب "وسائل البرکات فی اوراد الصلوات علی سید الکائنات" تصنیف فرمائی اور اثنائے وعظ میں بیضاوی کو محشی فرمایا۔" (ص: ۱۲۸)۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۶۸

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۳۲

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۲۷-۱۲۸

[77]

[۱] ملا عبد الخالق کی کنیت ابو سعید تھی، بہت منتظم اور ہوشیار تھے۔ درس وتدریس سے وابستہ نہیں ہو سکے۔ آپ نے دو نکاح کیے تھے، جن سے ایک صاحب زادے مولوی عبد القادر اور تین صاحب زادیاں ہوئیں اور یکے بعد دیگرے سب کا انتقال ہو گیا، بیویاں بھی وفات پا گئیں، جس کا آپ کی زندگی پر بڑا گہرا اثر پڑا۔ آخر عمر میں آپ نے گھر بار چھوڑ دیا اور حضرت شاہ دوی کے مزار پر رہنے لگے۔ آپ کا وصال رجب ۱۳۲۸ھ/ جولائی ۱۹۱۰ء میں ہوا۔ "حسن العمل تاریخ فرنگی محل" بھی آپ کی تصنیف ہے۔

[۲] کتاب کا نام "ازالۃ الریب عن مسئلۃ علم الغیب" ہے۔

[۳] مولوی محمد عبد القادر کا وصال عین جوانی کے قریب اپنے والد کی حیات میں ۲۴ / صفر ۱۳۲۵ھ/ اپریل ۱۹۰۷ء میں ہوا۔ ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۸-تا-۱۴۹
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۲۲۳

[78]

ل مولوی محمد عبدالغنی بہت نیک صفت اور قوی الحافظہ تھے، دماغی مرض کی وجہ سے پڑھ نہیں سکے۔ ابوالحسنات مولانا عبدالحی اور مولانا عبدالوہاب سے گہری دوستی تھی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۹

[79]

ل ملا عبدالمجید ابوالغناء جید عالم دین تھے، معقولات میں مہارت حاصل تھی ملا فضل اللہ ابن ملا نعمت اللہ کے وصال ۱۸۹۳ء کے بعد کیننگ کالج لکھنؤ میں عربی استاذ کی جگہ خالی ہوئی تو اس پر آپ کا تقرر ہوا۔ پوری زندگی اس کالج سے وابستہ رہے۔ انگریزی حکام کے درمیان کافی معزز اور محترم سمجھے جاتے تھے۔ "شمس العلماء" کے معزز خطاب سے بھی نوازے گئے۔ کالج میں ملازمت کے باوجود مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں تدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ جمادی الاولی ۱۳۴۰ھ/ جنوری ۱۹۲۲ء کو آپ کا وصال ہوا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۴۹-۱۵۰
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۸، ص:۱۳۰۲-۱۳۰۳

[80]

لہ مولوی عبدالرشید مروجہ علوم وفنون کی تحصیل سے فراغت کے بعد عربی کا سرکاری

امتحان دیا اور بحیثیت عربی مدرس سرکاری اسکول حسین آباد ہائی اسکول میں ملازم ہو گئے۔ اس کے بعد مختلف اسکولوں میں ان کا تبادلہ ہوتا رہا، یہاں تک کہ اسی پوسٹ سے سبک دوش ہوئے۔ آپ کا عقد دوگاداں کے شیخ عبدالرحمن کی صاحب زادی سے ہوا جن سے دو بیٹے ڈاکٹر ابوالقاسم محمد اور مولانا ابوطیب احمد نیز آٹھ بیٹیاں متولد ہوئیں۔ آپ کا سنہ وفات معلوم نہ ہو سکا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۰

Combridge of India: Farangi Mahall: P:190-191

[82]

۱؎ ملا عبدالحمید (ابن ملا عبدالحلیم، ابن ملا عبدالحکیم، ابن ملا عبدالرب، ابن بحر العلوم ملا عبدالعلی) اپنے عہد کے معروف عالم دین تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد مسند فقہ وافتا اور تدریس پر متمکن ہوئے، اس کے ساتھ تصنیف وتالیف کا کام بھی جاری رکھا، جلد ہی لکھنؤ شہر میں آپ کی شہرت ہوگئی اور حکام کی نظر میں بھی عزت بنالی۔ انگریزی سرکار نے آپ کو آپ کے بھائی ملا عبدالمجید کے ساتھ "شمس العلماء" کے خطاب سے نوازا۔ آپ نے فرنگی محل کے باہر ٹکسال چوک میں رہائش اختیار کر لی اور "مدرسہ قدیمہ" کے نام سے ایک مدرسہ تعمیر کروایا، جس کے لیے انگریزی سرکار نے زمین عطا کی، نظام دکن بھی ایک عرصے تک تعاون کرتے رہے۔ ۱۵ر شعبان ۱۳۵۳ھ/جنوری ۱۹۳۵ء میں آپ کی وفات ہوئی۔

۲؎ تمام تذکرہ نگاروں نے آپ کے اکلوتے صاحب زادے کا نام "محمد عتیق" لکھا ہے، جب کہ آپ نے "عبدالولی"، ممکن ہے صاحب زادے کا پورا نام "محمد عتیق عبدالولی" ہو، کیوں کہ فرنگی محل میں اس طرز پر کئی لوگوں کے نام رکھے گئے ہیں۔ بہر حال مولانا محمد عتیق نے اپنے والد اور دیگر اساتذہ سے تعلیم پائی اور گورنمنٹ بورڈ سے امتحانات میں کامیابی حاصل کی۔ اپنے والد کے وصال ۱۹۳۵ء کے بعد ان کے جانشین ہوئے، آپ سے ہزاروں لوگوں نے بیعت کی۔

آپ نے اپنے والد کا قائم کردہ ادارہ "مدرسہ قدیمہ" بھی جاری رکھا اور فرنگی محل میں منصب افتا بھی سنبھالا۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں جن میں قرآن کریم کی تفسیر بھی ہے، جو پاکستان سے شائع ہو چکی ہے۔ پروفیسر ولی الحق انصاری فرنگی محلی (ف: ۲۰۱۳ء) لکھتے ہیں:

(ترجمہ) "آپ اپنی زندگی کی آخری سانس تک فرنگی محل کے سینئر مفتی کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ آپ کی وفات (۷/مئی ۱۹۷۷ء) کے بعد اسلامی تعلیم کے مرکز کی حیثیت سے فرنگی محل کا تابناک عہد ختم ہو گیا۔" (Combridge of India: Farangi Mahall:194)

آپ نے اپنے تایازاد بھائی مولانا عبدالرشید کی صاحب زادی سے عقد کیا تھا، جن سے چار بیٹے اور دو بیٹیاں متولد ہوئیں۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۹
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۰
نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۸، ص:۱۲۶۶-۱۲۶۷

[83]

ملا عباد الحق نے جوانی میں وفات پائی، اس لیے تدریس وتصنیف کی نوبت نہ آسکی۔

مزید دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۹
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۹۰-۹۱

[84]

ملا عظمت اللہ اپنے عہد کے باصلاحیت عالم دین تھے۔ آپ نے درس نظامی کے مروجہ نصاب سے زیادہ پڑھا تھا۔ علم صرف، علم نحو، معقولات اور جیومیٹری میں ملکہ حاصل تھا۔ سرکاری سطح پر مولوی اور فاضل کے امتحانات میں بھی کامیابی حاصل کی۔ آپ کے کثیر تلامذہ ہوئے

ہیں۔ تدریس کی وجہ سے تصنیف کی طرف توجہ کم رہی۔ آپ غازی پور (اتر پردیش) کے سرکاری اسکول میں عربی مدرس کی ملازمت سے سبک دوش ہوکر وطن (لکھنؤ) واپس آئے اور اپریل ۱۹۳۷ء میں وفات پائی۔

[۲] ”حاشیہ نفحۃ الیمن“ کا نام ”ازالۃ المحن“ ہے۔ اس کے علاوہ ملا حسن اور مقامات حریری پر بھی آپ کے حواشی ہیں۔

[۳] ملا عزت اللہ ۲۵؍شعبان ۱۳۱۶ھ/جنوری ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل سے درس نظامی کی تکمیل کی، اس کے بعد مدرسہ ”چشمہ رحمت“ غازی پور جا کر ملا اور فاضل کے سرکاری امتحانات دے کر کامیاب ہوئے۔ ایک عرصے تک مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں درس دیتے رہے، پھر اپنے نانا ملا عبد الاحد شمشاد لکھنوی (ابن ملا عبد الرحیم) کے وصال ۱۹۱۷ء کے بعد مدرسہ ”چشمہ رحمت“ غازی پور کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ تصنیف و تالیف کی طرف کم توجہ رہی، ’تصریح‘ پر آپ کا حاشیہ ہے، اس کے علاوہ اردو قواعد پر ایک کتاب لکھی تھی، جو الہ آباد بورڈ کے مولوی کے امتحان میں شامل نصاب تھی۔ کینسر کے مرض میں ۱۰؍نومبر ۱۹۳۲ء کو آپ نے وفات پائی۔ آپ نے خالہ زاد بہن (دختر ملا محمد بقا عبد السلام) سے عقد کیا، جن سے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہوئی۔ بڑے بیٹے پروفیسر عصمت اللہ (ف: ۳؍مئی ۲۰۰۳ء) ڈاکٹر ذاکر حسین کالج (دہلی یونیورسٹی) میں فلسفہ کے استاذ تھے اور دوسرے عرفت اللہ (ف: ۶؍جولائی ۱۹۸۷ء)، لکھنؤ میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد پاکستان ہجرت کر گئے اور پھر وہاں سے جدہ۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۶۹

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۸۲-۸۳

Combridge of India: Farangi Mahall: P:60-61

[85]

[۱] ملا علیم اللہ نے اپنے چچا ملا مبین اور اپنے بڑے بھائی ملا ولی اللہ سے تعلیم پائی۔ فراغت

کے بعد تدریس کا سلسلہ شروع کیا، کچھ عرصے اپنے بڑے بھائی کے ساتھ باندہ کے اطراف میں رہے، مگر جوانی میں ہی مرض دق میں مبتلا ہو گئے- وطن واپس آئے، علاج شروع ہوا، مگر افاقہ نہ ہو سکا اور فوت ہو گئے- آپ کا عقد ملا نور الحق (ابن ملا احمد انوار الحق) کی صاحب زادی سے ہوا، جنھوں نے اپنے شوہر کی وفات کے عرصے بعد ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۹ء میں وفات پائی-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۴۲

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۸۸-۸۹

غ

[86]

لہ ملا قاضی غلام مصطفیٰ کی ولادت اپنے دادا ملا قطب الدین سہالوی کی حیات میں ہی قصبہ سہالی، ضلع بارہ بنکی میں ہوئی، آپ کے والد ملا محمد اسعد اپنی اہلیہ اور آپ کو اپنے والد ملا قطب کے پاس چھوڑ کر بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے پاس چلے گئے۔ ملا اسعد بادشاہ کی مصاحبت میں دکن میں تھے کہ اپنے والد ملا قطب کی شہادت کی خبر موصول ہوئی، مگر وطن واپس نہیں آسکے اور وہیں وفات پائی۔ ملا قطب کی شہادت ۱۹ ر رجب ۱۱۰۳ھ مطابق ۲۷ ر مارچ ۱۶۹۲ء کو ہوئی، اس وقت ملا غلام مصطفیٰ کی عمر چھ برس کی تھی۔ ملا قطب کی شہادت کے دو برس کے بعد جو لٹا ہوا مختصر کنبہ فرنگی محل میں آکر آباد ہوا، ان میں آپ بھی تھے۔ آپ اپنے چچا استاذ الہند ملا نظام الدین سے آٹھ سال کے قریب ہی چھوٹے تھے، تاہم ان کے اولین شاگردوں میں تھے۔ فراغت کے بعد ملانواں (ضلع اناؤ، یوپی) کے قاضی ہو گئے، جس قاضی کو معزول کر کے آپ کو قضاوت سونپی گئی تھی، اس نے اثر و رسوخ استعمال کر کے آپ کو معزول کروا دیا، پھر آپ نے کوشش کی اور دوبارہ وہاں کے قاضی ہو گئے، ایک بار پھر اس نے حکام پر دباؤ ڈالا اور آپ کو معزول کروا دیا اور پھر منصب حاصل کر لیا۔ آپ دل برداشتہ ہو کر اپنے صاحب زادے ملا محمد علی کے ساتھ دہلی کے لیے روانہ ہو گئے، اُس قاضی نے آپ کے پیچھے چند لوگ لگا دیے، جنھوں نے دہلی کے راستے میں آپ اور صاحب زادے کو شہید کر ڈالا۔ عرصے کے بعد یہ خبر فرنگی محل پہنچی، حکام وقت سے چارہ جوئی کی گئی مگر شرعی ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے مجرموں کو سزا نہیں ہو سکی۔ آپ کا عقد قاضی دولت

انصاری کی صاحب زادی (ہمشیرہ ملا کمال الدین سہالوی) سے ہوا-

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۶۹-۷۰

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۷

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۷

نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۶، ص:۷۷۵

[87]

[1] ملا حسن نے تین عقد کیے تھے، دو رام پور میں اور ایک صفی پور میں- آپ کے یہاں لڑکا تولد نہیں ہوتا تھا، اس لیے حضرت شاہ دوست محمد عرف شاہ دوسی قدس سرہ کے مزار پر حاضر ہو کر دعا فرماتے تھے، حضرت نے فرزند ارجمند کی بشارت دی، جب صفی پور والی زوجہ سے لڑکے کی ولادت ہوئی تو انہی بزرگ کے نام پر اس کا نام "غلام دوست محمد" رکھا گیا- ملا غلام دوست بچپن میں اپنے ننھیال صفی پور میں رہے، پھر ۱۳ برس کی عمر میں فرنگی محل آ گئے، جہاں آپ کی سوتیلی ماں نے آپ کی پرورش کی- تعلیم سے فراغت کے بعد جذبۂ ایمانی غالب آیا اور جہاد فی سبیل اللہ کا سودا سر میں سمایا، جس کے لیے ترک وطن فرما کر سفر حج پر نکل گئے، سفر حج کے دوران سورت کے قریب کسی قزاق نے آپ کو شہید کر دیا- سنہ شہادت کا علم نہ ہو سکا-

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۰

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۹

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۷-۱۵۸

[88]

[1] ملا غلام یحییٰ کی وفات بنارس میں ہی ہوئی اور وہیں مدفون ہوئے-

[2] دوسری زوجہ سے تین بیٹے ہوئے، تیسرے کا نام مولوی ناظر نبی تھا-

دیکھئے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۰

انغصان اربعہ (فارسی): ص:۹

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۸

[89]

۱۔ ملا غلام ذکریا باصلاحیت اور ممتاز عالم دین تھے، تاہم معاش سے مجبور ہوکر بنارس میں انگریزی ملازمت اختیار کرلی اور وہیں وفات پاکر مدفون ہوئے-

۲۔ مولوی غلام مرتضیٰ کو فارسی زبان میں مہارت حاصل تھی- آپ کے تلامذہ میں بہت سے انگریزی حکام بھی تھے، جنھیں آپ فارسی اور اردو پڑھایا کرتے تھے، یہ لوگ آپ کا بےحد احترام کرتے- آپ کا عقد ملا عبدالوالی کی صاحب زادی سے ہوا-

۳۔ مولوی غلام محی الدین نے مروجہ ابتدائی کتابیں پڑھ کر وکالت کے امتحان میں کامیابی حاصل کی اور سند وکالت الہ آباد اور حیدر آباد دونوں جگہ سے حاصل کرلی- حیدر آباد میں وکالت شروع کی اور لاکھوں روپے کمائے- اللہ نے سخاوت بھی خوب عطا کی تھی- آخر عمر میں اپنے پیشے سے سبک دوش ہوکر لکھنؤ میں سکونت اختیار کرلی اور رجب ۱۳۴۵ھ/جنوری ۱۹۲۷ء میں فالج کے زیر اثر وفات پائی-

۴۔ مولوی غیاث الدین نے بھی مروجہ ابتدائی کتابیں پڑھ کر وکالت کے امتحان میں کامیابی حاصل کی- آپ نے بھی حیدر آباد میں وکالت شروع کی اور لاکھوں روپے کی جائداد بنائی- آپ قانونی کونسل کے ممبر بھی رہے- ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ/اکتوبر ۱۹۲۵ء کو حیدر آباد دکن میں ہی آپ نے وفات پائی-

۵۔ مولوی غلام جیلانی نے ابتدائی مروجہ علوم پڑھنے کے بعد یونیورسٹی میں تعلیم پائی اور اپنے دونوں بھائیوں کی طرح حیدر آباد میں وکالت کے پیشے سے وابستہ ہوگئے- لاولد وفات پائی-

۶۔ جسٹس معین الدین نے مروجہ علوم وفنون پڑھنے کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کیا، اس

کے بعد برطانیہ چلے گئے، جہاں سے بی-اے اور ایل-ایل-ڈی کی ڈگری حاصل کی، ۱۹۲۲ء میں لکھنؤ واپس آئے اور وکالت شروع کی، کچھ عرصے کے بعد ریاست رام پور میں بحیثیت جج (جسٹس) مقرر ہوئے- آپ کا وصال ۹ر نومبر ۱۹۵۷ء کو ہوا- آپ کی اہلیہ احمد پور کے بیرسٹر شیخ رضی الدین کی صاحب زادی تھیں، جن سے دو بیٹے حسن جلال الدین مشیر اور حسن نظام الدین حسن اور دو بیٹیاں متولد ہوئیں-

دیکھئے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۰-۷۱

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۶۰-تا-۱۶۲

Combridge of India: Farangi Mahall: P:50-to-53

[90]

لے ملا غلام محمد نے مروجہ علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل ملا ظہور اللہ سے کی- تعلیم سے فراغت کے بعد معاش کی طرف متوجہ ہوئے اور باندہ میں "صدر الصدور" کے عہدے پر فائز ہوئے اور وہیں وفات پائی- آپ نے گڑھی بہلول میں دو عقد کیے تھے، پہلی سے تین بیٹے اور دوسری سے ایک بیٹی ہوئی- ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۱

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۵۸-۱۵۹

[91]

لے مزید ملاحظہ ہو:

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۲۱

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۶۲-۱۶۳

ف

[92]

۱؎ مزید ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۷۲
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۱۴
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۳۷

[93]

۱؎ ملا فضل اللہ اپنے عہد کے ممتاز عالم دین اور معقولات میں یگانۂ روزگار تھے۔ مولانا عبدالحق خیرآبادی (ف: ۱۸۹۹ء) معقولات میں آپ کی صلاحیتوں کے مداح تھے اور آپ سے اکثر ملاقات کے لیے تشریف لاتے تھے۔ آپ کا حلقۂ درس بہت وسیع تھا۔ آپ زندگی کے آخر تک کیننگ کالج لکھنؤ میں بھی دینیات کے مدرس رہے۔ والی رام نواب کلب علی خاں نے آپ کو زیادہ مشاہرے پر رام پور میں رکھنا چاہا مگر آپ نے وطن میں رہنا پسند فرمایا۔ متن میں مذکور کتب وتصانیف کے علاوہ بھی آپ کے متعدد حواشی وتصانیف تھیں، مگر انھیں محفوظ رکھنے کی طرف آپ کی توجہ نہیں رہی۔

۲؎ آپ کا عقد آپ کی چچازاد بہن اور ملا رحمت اللہ کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے دو لڑکیاں تولد ہوئیں۔ مصنف نے اولاد نرینہ کا اعتبار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "لاولد فوت ہوئے۔"

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۲
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۲
تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۶۳-۱۶۴

ق

[94]

۱ مولانا قطب الدین جامع معقول و منقول اور فرنگی محل کے اکابر علماء سے تھے۔ پوری زندگی تدریس، تالیف اور علمی خدمت میں زندگی بسر کی۔ پہلے آپ نے بنارس میں سکونت اختیار کی اور وہاں تدریس و افتا میں مصروف رہے، اس کے بعد حیدر آباد دکن تشریف لے گئے۔ آپ مولانا عبدالوالی سے بیعت تھے۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۲-۷۳
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۰
تذکرہ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۶۶-۱۶۷

ک

[95]

[۱] مزید دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۳

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۵-۱۱۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۳۷

[96]

[۱] ملا کرامت اللہ تعلیم سے فراغت کے بعد کچھ عرصے درس و تدریس میں مصروف رہے، اس کے بعد ریاست منکاپور ضلع گونڈہ (اتر پردیش) کے "ریاست منیجر" مقرر ہوئے، اس کے بعد اناؤ میں تقرری ہوگئی، جہاں آپ نے دوسرا عقد کر لیا، اس لیے وہاں جائیداد وغیرہ بھی خرید لی اور وہیں مستقل سکونت اختیار کر لی، یہاں تک کہ انتقال فرمایا- نعش لکھنؤ لائی گئی اور "باغ مولوی انوار" میں تدفین عمل میں آئی- آپ کا پہلا عقد ملا محمد حامد (نبیرہ ملا احمد انوار الحق) کی صاحب زادی سے ہوا تھا، جن سے صاحب زادہ مولوی شرافت اللہ کے علاوہ ایک اور صاحب زادے مولوی بشارت اللہ اور ایک صاحب زادی بھی متولد ہوئیں-

[۲] مولوی شرافت اللہ ڈپٹی کلکٹر کے عہدے سے ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء میں سبک دوش ہوئے اور وطن میں اقامت گزیں ہو گئے- مولانا محمد قیام الدین عبد الباری (ف: ۱۹۲۶ء) نے جب مدرسہ عالیہ نظامیہ کا افتتاح کیا تو آپ کمیٹی کے سیکریٹری مقرر ہوئے اور دو برس بہت توجہ کے ساتھ

اس خدمت میں معروف رہے۔ اس کے بعد شوال ۱۳۲۵ھ/نومبر ۱۹۰۷ء کو حج کے لیے روانہ ہوئے اور وہاں آٹھ برس قیام کرنے کے بعد جنگ عظیم اول کے درمیان ربیع الثانی ۱۳۳۳ھ/ 1915ء کو واپس آگئے۔ ۴رصفر ۱۳۳۶ھ/ ۳۰رنومبر ۱۹۱۷ء کو آپ کا وصال ہوا۔

۳۔ مولوی ہدایت اللہ ۳ررمضان ۱۲۸۶ھ/ دسمبر ۱۸۶۹ء میں پیدا ہوئے۔ مروجہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد حیدرآباد چلے گئے اور وہاں وکالت کے امتحان میں کامیاب ہو کر اسی پیشے سے وابستہ ہو گئے۔ وطن میں جائیداد کا کوئی منتظم نہیں تھا اس لیے والد کے اصرار پر وطن واپس آگئے۔ نہایت دانش مند تھے، فرنگی محل کی تعمیرات اور اعراس کی تقریبات کا انتظام آپ کے ہاتھوں میں تھا، جس کو بہت خوبی سے انجام دیتے۔ آپ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں تدریس سے بھی وابستہ رہے اور جب مدرسے میں دارالاقامہ (ہاسٹل) قائم ہوا تو آپ اس کے مہتمم بنائے گے، اس عہدے پر آپ تاحیات قائم رہے۔ ۶رمحرم ۱۳۳۱ھ/ دسمبر ۱۹۱۲ء میں وفات پائی۔

۴۔ مولوی سلامت اللہ مروجہ علوم علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل کے بعد مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں مسند تدریس پر متمکن ہوئے۔ علم فرائض اور ریاضی میں مہارت حاصل تھی۔ دارالاقامہ کا انتظام وانصرام بھی آپ کے سپرد ہوا جسے آپ بحسن وخوبی انجام دیتے رہے۔ مولانا قیام الدین عبدالباری سے بیعت تھے اور ان ہی سے اجازت طریقت وحدیث حاصل تھی۔ آپ کی متعدد کتابیں اور حواشی ہیں، جن میں 'فرائض غوثیہ' (علم فرائض)، حاشیہ شرح عقائد نسفی، حاشیہ شرح وقایہ وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ بڑے بھائی مولوی ہدایت اللہ کی طرح آپ بھی نہایت دانش مند تھے، ان کے بعد فرنگی محل کی تعمیرات اور اعراس کی تقریبات کا انتظام آپ کے ہاتھوں میں رہا، جس کو بہت خوبی سے انجام دیتے۔ آپ کو ملی سیاست میں بہت دلچسپی تھی، جب جنگ طرابلس شروع ہوئی تو آپ کو 'انجمن مؤیدالاسلام' کا جوائنٹ سیکریٹری بنایا گیا، اس حیثیت سے آپ نے کافی فنڈ جمع کیے اور جنگ میں حصہ لینے والے جاں بازوں کی امداد کے لیے ترکی بھیجا۔ 'تحریک خلافت' اور 'تحریک ترک موالات' کے بھی آپ سرگرم ممبر رہے۔ اس سلسلے میں آپ نے پورے ملک کا دورہ کیا، یہاں تک کہ ۹ردسمبر ۱۹۲۱ء کو پنڈت جواہر لال نہرو (ف: ۱۹۶۴ء) اور چودھری خلیق الزماں

(ف: ۱۹۷۳ء) کے ساتھ جیل بھیج دیے گئے۔ تین ماہ کے بعد رہائی ہوئی۔ ۱۹۲۷ء سے آپ پر فالج کا حملہ شروع ہوا اور اسی حالت میں ۳۱؍دسمبر ۱۹۳۲ء کو آپ نے وفات پائی۔ آپ کا عقد ملا عبدالعزیز ابن ملا عبدالسلام کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے ایک بیٹے مولانا شفیع حجت اللہ (ف: ۱۹۷۹ء) اور ایک بیٹی (زوجہ ثانیہ مولانا قطب الدین عبدالوالی) ہوئیں، جن کا فالج کے زیر اثر ۱۹۷۸ء میں وصال ہوا۔

۵ مولانا عنایت اللہ (صاحب 'تذکرۂ علمائے فرنگی محل') ۲۳؍ربیع الاول ۱۳۰۶ھ/ نومبر ۱۸۸۸ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے ۱۲؍ربیع الاول ۱۳۲۷ھ/ اپریل ۱۹۰۹ء کو تعلیم سے فراغت پائی۔ آپ کو مولانا قیام الدین عبدالباری، اور متعدد علمائے عرب، مثلاً شیخ الدلائل، شیخ سید احمد برزنجی اور شیخ سید عبدالقادر حموی گیلانی سے اجازت حدیث حاصل تھی۔ آپ نے تعلیم سے فراغت سے قبل ہی ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵ء سے مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں درس دینا شروع کر دیا۔ ۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۳ء میں مدرسہ حنفیہ جون پور کے افسر مدرسی کے عہدے پر تقرر ہوا، وہاں ایک برس تک اس خدمت کو انجام دیتے رہے، اس کے بعد اپنے استاذ اور مرشد حضرت مولانا عبدالباری کے حکم سے صفر ۱۳۳۴ھ/ دسمبر ۱۹۱۵ء میں اس عہدے سے مستعفی ہو کر مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں اسی عہدے پر متمکن ہوئے۔ معقولات اور منقولات دونوں میں اچھی دسترس رکھتے تھے۔ آپ نے متعدد کتابیں اور حواشی لکھے ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

- تذکرۂ علمائے فرنگی محل
- زبدۃ المنطق (عربی)
- ہدایۃ المنطق (اردو)
- اربعون حدیثاً
- الاقتصاد فی فسخ النکاح بالارتداد
- زجر الأولیاء عن إنکاح الصغائر فی الصباء (فقہ)
- تدوین حدیث

- مسند امام احمد ابن حنبل مع اسماء الرجال
- احوال حضرت غوثیت
- الفوائد المتفرقة من الکتب المتشتة
- حسرة الآفاق بوفاة مجمع الأخلاق

آپ کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ سے کوئی اولاد نہیں تھی، دوسری سے تین بیٹے مولوی محمد حامد (ف: ۱۹۸۵ء)، مولوی احمد حسین، مولوی احمد حسن اور تین بیٹیاں متولد ہوئیں۔ موخر الذکر دونوں بیٹے پاکستان ہجرت کر گئے، جہاں ان کی اولادیں موجود ہیں۔ مولوی عنایت اللہ فرنگی محلی نے ۶/ جولائی ۱۹۴۱ء کو وفات پائی۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۷۳
تذکرہ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۶۸-۱۶۹
Combridge of India: Farangi Mahall:	P:218-to-224

ل

[97]

[۱] ملا لعان الحق کی پیدائش و پرورش لکھنؤ میں ہوئی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد درس و تدریس کی طرف متوجہ ہوئے، آخر میں علوم باطنی کی طرف زیادہ توجہ ہوگئی۔ باغ مولوی انوار کی مسجد میں ظہر سے عشا تک لوگوں کی ہدایت اور اصلاح میں مصروف رہتے اور آخر شعبان سے رمضان تک مسجد میں معتکف رہتے۔ آپ کا پہلا عقد ملا عبدالوالی کی صاحب زادی سے ہوا، جو لاولد فوت ہوئیں، پھر سید محمد مرتضیٰ بجنوری کی صاحب زادی سے دوسرا عقد ہوا، جن سے تین بیٹوں کے علاوہ پانچ بیٹیاں ہوئیں۔ آپ کا وصال ۱۷؍ رمضان ۱۳۲۳ھ/ ۱۵؍ نومبر ۱۹۰۵ء کو ہوا۔

[۲] مولوی شمس الحق حیدر آباد دکن کے پائے گاہ کے علاقے میں تحصیل دار مقرر ہوئے، اس کے بعد وہاں سے علیحدہ ہو کر وکالت شروع کی اور اس پیشے میں خوب کامیابی حاصل کی۔ آخری زمانے میں ایک پرنٹنگ پریس بھی قائم کیا۔ آپ نے معاشی طور پر کافی آسودہ زندگی گزاری، تاہم آخری زمانے میں معاشی تنگی کا شکار ہو کر اپنے تین بیٹوں احسان الحق، عرفان الحق اور اکرام الحق کے ساتھ پاکستان ہجرت کر گئے، جہاں ۱۹۵۰ء میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ نے دو عقد کیے، پہلی زوجہ لاولد فوت ہوئیں اور دوسری زوجہ سے متعدد اولادیں ہوئیں، مگر تین بیٹیوں کے علاوہ سب انتقال کر گئیں۔

[۳] حکیم مولوی وہاج الحق کو فن طب میں مہارت حاصل تھی اور آپ کا شمار بڑے اطبا میں

ہوتا تھا۔ آپ نے جدید طرز پر علم طب کا ایک مدرسہ بنام "مدرسہ طبیہ وہاجیہ" قائم فرمایا، جس کی تعلیمی کارکردگی اور وسعت کو دیکھتے ہوئے کالج کے درجے پر ترقی دے دی گئی۔ اس کالج میں آپ نے طلبہ کے لیے ایک ہاسٹل اور اپنے بیٹے مولوی حکیم معراج الحق کی نگرانی میں ایک کلینک بھی قائم فرمایا، جس میں غربا کا مفت علاج ومعالجہ ہوتا اور سرجری بھی ہوتی۔ نومبر ۱۸۹۲ء میں آپ کے والد نے آپ کو اجازت وخلافت سے نوازا اور ان ہی کے ساتھ ۱۹۰۷ء میں آپ حج کے لیے بھی گئے۔ آپ کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ لاولد فوت ہوگئیں اور دوسری سے دو بیٹے مولوی سراج الحق (ف: ۱۹۲۰ء) اور مولوی حکیم معراج الحق (ف: ۱۹۸۱ء) اور تین بیٹیاں ہوئیں۔ آپ نے نوے برس سے زائد طویل عمر پاکر ۹/اپریل ۱۹۶۰ء میں وفات پائی۔

ہے مولوی امتیاز الحق نے متوسطات تک درس نظامی پڑھنے کے بعد علم طب حاصل کیا۔ اس کے بعد حیدر آباد دکن چلے گئے جہاں سلطنت نظام کے شعبۂ طب میں ملازم ہوگئے۔ آپ کا وصال جوانی میں ہوگیا، آپ کے ایک صاحب زادے مولوی سعید الحق تھے، جن کی پرورش ان کے تایا مولوی شمس الحق نے کی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ۷۴ص:-۷۵
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰۴
تذکرۂ علمائے حال: ص: ۷۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۶۹-۱۷۰
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص: ۳۲۳
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد: ۸، ص: ۳۳۶
Combridge of India: Farangi Mahall: P:118-to-124

م

[98]

ل ملا مراد اللہ اپنے عہد کے نہایت فاضل، جید اور عالم ربانی تھے، تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس کا سلسلہ شروع کیا، آپ کا حلقۂ درس بہت وسیع تھا- تدریس کے سلسلے میں بڑودہ گجرات چلے گئے، وہاں سے حج کے لیے اور پھر حج سے واپسی پر وصال فرمایا-

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۵
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۷۰-۱۷۱
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۱۰۸

[99]

ل ملا محب اللہ، ملا احمد عبد الحق کی پہلی زوجہ سے سب سے بڑے بیٹے تھے- آپ نہایت فاضل اور جید عالم دین تھے- تفسیر بیضاوی اور ہدایہ میں کمال حاصل تھا- ملا حسن اور ملا احمد حسین سے ان دونوں کتابوں پر مذاکرۂ علمیہ کے دوران ایسی نکات آفرینی کرتے کہ وہ لوگ بھی داد دیے بغیر نہیں رہتے- معاشی تنگی کی وجہ سے تدریس کی طرف متوجہ نہیں ہو سکے، تاہم ملازمت کے دوران

بھی ہمیشہ مطالعہ کتب میں مصروف رہتے۔ سب سے پہلے آپ نے اکبر یار خاں کے یہاں بحیثیت سوار ملازمت کی، اس کے بعد کچھ عرصے باندہ میں میر باقر قلع دار کی جانب سے تحصیل دار رہے۔ آپ نہایت شفیق انسان تھے، اپنے چھوٹے سوتیلے بھائی ملا احمد انوار الحق اور ملا ازہار الحق کی والد کی طرح پرورش کی اور ان پر دست شفقت رکھا۔ جب آپ کا وصال ہوا تو ملا احمد انوار الحق نے فرمایا: ”آج میں یتیم ہو گیا۔“ آپ کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ سے دو بیٹے ملا محمد مبین اور ملا حبیب اللہ تھے، جب کہ دوسرے عقد سے ایک بیٹے ملا محمد اسحق ہوئے۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۵-۷۶

اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۳-۱۴

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۷۱-۱۷۲

[100]

۱؎ ملا محمد مبین اپنے عہد کے بلند پایہ اور مشہور عالم تھے۔ ملا حسن سے درسیات کی تکمیل کے بعد فرنگی محل، لکھنؤ میں ہی درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا، کچھ ہی عرصے میں آپ کی قابلیت اور درس کی شہرت دور دور تک پہنچ گئی اور آپ کی درس گاہ میں شاگردوں کی کثرت تمام ہم عصر علما سے زیادہ ہو گئی۔ آپ کے علم و فضل کے پیش نظر عوام، خواص، علما اور امرا سب ہی آپ کی بے حد عزت و تکریم کرتے۔ اسی زمانے میں ملا حسن کے رام پور چلے جانے کے بعد آپ کی درس گاہ کی اہمیت اور مرکزیت مزید بڑھ گئی۔ ہر جمعہ کو فرنگی محل کی مسجد میں آپ کا وعظ بھی ہوتا تھا، تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ ایسا اثر انگیز وعظ ہوتا کہ لوگ سن کر زار و قطار روتے تھے۔ آپ کو بزرگان دین سے بڑی عقیدت تھی، چناں چہ مولانا شاہ حقانی اور شاہ شاکر اللہ کی خدمت میں اکثر حاضر ہو کر اکتساب فیض کرتے تھے۔ آپ نے دو نکاح کیے تھے، پہلا نکاح اپنے پھوپھا ملا حسن کی صاحب زادی سے کیا، جن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی تو دوسرا نکاح کیا، جس سے تین لڑکوں کے علاوہ دو لڑکیاں ہوئیں۔

۲ اس کتاب کا نام "جواہر الفرائد" ہے۔

۳ اس کتاب کا نام "وسیلۃ النجاۃ" ہے۔

۴ یہ کتاب تصوف کے موضوع پر ہے۔

۵ آپ کی تصانیف کی تعداد بہت زیادہ ہے، بحر العلوم ملا عبد العلی کے بعد خانوادۂ فرنگی محل میں سب سے زیادہ شروح اور حواشی آپ ہی کے ہیں، اُس عہد کی تقریباً ہر درسی کتاب پر آپ کی تعلیقات موجود ہیں۔ متن میں مذکور تصانیف وحواشی کے علاوہ یہ کتابیں بھی قابل ذکر ہیں:

- شرح اسمائے حسنی
- احوال ائمہ اثنا عشر
- حاشیہ رسالہ میر زاہد
- حاشیہ میر زاہد ملا جلال
- حاشیہ میر زاہد شرح مواقف
- ترجمہ حکایات الصالحین، وغیرہ۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۵-۷۶
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۴-تا-۱۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	۱۷۲-تا-۱۷۴
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۴۰۱
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۳۵۹-۳۶۰
نزهة الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۰۷۷

[101]

۱ ملا محمد معین بھی اپنے والد ماجد ملا مبین کی طرح معروف اور بے مثال عالم دین تھے، علم حدیث، فقہ، اصول اور ادب میں اپنے معاصرین پر فوقیت رکھتے تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد

درس و تدریس، وعظ و تذکیر اور فتویٰ نویسی میں مشغول ہو گئے۔ ان مصروفیات کے باوجود عابد شب زندہ دار اور متقی و پرہیزگار تھے۔ اپنے والد کی جگہ ہر جمعہ کو فرنگی محل کی مسجد میں آپ کا وعظ بھی ہوتا۔ آپ کا نکاح ملا محمد یوسف کی صاحب زادی سے ہوا، جن سے دو لڑکے تولد ہوئے۔ ملا محمد معین کا وصال جوانی میں ہوا۔

۲ اس کتاب کا نام ''غایة الکلام فی القراءة خلف الامام'' ہے۔

۳ متن میں مذکور تصانیف کے علاوہ شرح رسالہ امام نووی، ابراز الکنوز فی أحوال ارباب الرموز، حاشیہ صدرا (در بحث ہیولیٰ) بھی علمی یادگار ہیں۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۶
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۲۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۷۴
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۳۶۱
نزهة الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۱۰۵

[102]

۱ ابوالجیش ملا محمد مہدی تعلیم سے فراغت کے بعد ایک عرصے تک اپنے والد کی جگہ مسند افتا پر متمکن رہے۔ اس کے بعد انگریزی حکومت کی جانب سے رجسٹرار کے عہدے پر تقرر ہوا۔ منصبی مصروفیات کی وجہ سے تدریس کی نوبت نہیں آسکی۔ ایک سفر کے دوران فیض آباد کے دریا میں غرق ہو کر وفات پائی۔

۲ مولوی محمد قاسم نے حفظ قرآن کے بعد مروجہ علوم و فنون اپنے دادا مفتی محمد یوسف سے پڑھے، معاش کے سلسلے میں حیدر آباد دکن چلے گئے اور پوری زندگی وہیں گزار کر ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۵ء میں وفات پائی۔

۳ مولوی ابو محمد نے مروجہ علوم اسلامی کی تحصیل نہیں کی تھی، محکمہ پولیس میں ملازمت تھی، اس

لیے ہمیشہ وطن سے باہر رہے- نکاح کی نوبت نہیں آسکی- ۱۳۳۵ھ/۱۹۱۶ء میں وفات پائی-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۶
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۱۸
تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص:۱۷۸-۱۷۹

ن

[103]

لہ استاذ الہند ملا نظام الدین محمد کے تفصیلی احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

ابجد العلوم (عربی):	جلد: ۳، ص: ۲۴۱
احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۷۷
اغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۵-۶
بانی درس نظامی:	مفتی محمد رضا فرنگی محلی
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۷۹-تا-۱۸۲
تذکرۂ علمائے ہند:	ص: ۴۴۵-۴۴۶
سبحۃ المرجان (عربی):	ص: ۱۷۶-۱۷۷
حدائق الحنفیہ:	ص: ۳۶۴
مآثر الکرام (فارسی):	دفتر اول: ص: ۲۲۰-۲۲۱
مقالات شبلی:	جلد: ۳، ص: ۹۸-تا-۱۰۷
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۶، ص: ۸۵۱-۸۵۲

[104]

[1] ملا نورالحق اپنے عہد کے متبحر عالم دین اور خانوادۂ فرنگی محل کی ممتاز شخصیت تھی۔ آپ کی ولادت اور پرورش لکھنؤ میں ہوئی۔ اپنے والد مولانا احمد انوار الحق اور ملا مبین سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے چھوٹے بھائی مولانا علاء الدین کے ساتھ بحر العلوم ملا عبد العلی کی خدمت میں رام پور اور بوہار (بنگال) گئے اور تمام علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل کرکے فراغت حاصل کی۔ فراغت کے بعد وطن واپس آئے اور مسند تدریس لگائی، جلد ہی آپ کے درس کی شہرت ہونے لگی اور ہندوستان کے مختلف حصوں سے سیکڑوں طلبہ آپ کی خدمت میں پہنچ کر اکتساب علم کرنے لگے، آپ کے سیکڑوں شاگرد ہوئے، ان میں مولانا شاہ فضل رسول بدایونی، مرزا حسن علی محدث اور مولانا حسین احمد محدث بھی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ علم ظاہری کے ساتھ علم باطنی میں بھی یگانہ تھے، آپ کے مریدین بھی کثرت سے ہوئے، کیوں کہ یہ سلسلہ آپ نے والد ماجد کے حکم سے ان کی حیات میں ہی شروع کر دیا تھا۔ تنگ دستی کے باوجود امرا اور حکام کی صحبت اور ان سے ملاقات سے پرہیز کرتے تھے۔ آپ کا نکاح آپ کی چچازاد بہن اور ملا محب اللہ کی صاحب زادی سے ہوا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۷
انغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۰۲
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۹۱-تا-۱۹۳
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۴۵۲
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۳۹۳-۳۹۴
نزہۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۱۲۸

[105]

[1] ملا نظام الحق نے مروجہ علوم وفنون کی تحصیل وتکمیل اپنے چچا ملا برہان الحق سے کی اور ان ہی سے بیعت واجازت بھی حاصل تھی۔

۲؎ مولوی حسام الحق نے کتب درسیہ ملا اسد اللہ (ابن ملا نور اللہ) اور ملا برہان الحق سے پڑھا۔ تعلیم سے فراغت کے بعد معاش کی تلاش میں حیدرآباد دکن چلے گئے، وہاں سند وکالت حاصل کر کے اسی پیشے سے وابستہ ہو گئے، آخر عمر میں فالج ہو گیا، اسی حالت میں واپس آ کر اپنے سسرال کاکوری میں بود و باش اختیار کی اور ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۸ء میں وفات پائی۔ کاکوری میں ہی دو عقد کیے، مگر اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔

۳؎ مولوی زہاد الحق درس نظامی کی ابتدائی کتابیں پڑھ کر معاش کی تلاش میں بھوپال چلے گئے اور وہاں برسوں ملازم رہے۔ بیمار ہو کر وطن (لکھنؤ) واپس آئے اور اسی سال انتقال ہو گیا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۷-۷۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۰۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۹۳

[106]

۱؎ ملا حکیم نصیر الحق کا لکھنؤ میں ایک عرصے تک مطب رہا، اس کے بعد آگرہ کے سرکاری اسکول میں مدرس عربی ہو گئے۔ آپ کا عقد آپ کی چچا زاد بہن (دختر مولوی حسام الحق) سے ہوا، جن سے تین لڑکیاں ہوئیں، اولاد ذکور ہوئیں مگر بچپن میں انتقال کر گئیں۔ آپ کی وفات ۱۹۳۵ء میں ہوئی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص: ۱۹۳-۱۹۴
Combridge of India: Farangi Mahall: P:112-113

[107]

۱؎ ملا نور اللہ اپنے والد سے تعلیم حاصل کر رہے تھے کہ ان کا وصال ہو گیا، اس لیے آپ

تکمیل کے لیے خیرآباد پہنچے اور اپنے ہی والد کے شاگرد ملا عبدالواجد خیرآبادی سے فراغت پائی۔ علم ریاضی بھی وہیں حاصل کیا۔

۲ حکومت اودھ کی جانب سے قلم دان افتا آپ کے حوالے کیا گیا تھا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص: ۷۸
انغصان اربعہ (فارسی):	ص: ۱۰۳
تذکرہ علمائے فرنگی محل:	ص: ۱۸۲-۱۸۳
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد: ۷، ص: ۱۱۳۰

[108]

۱ ملا نعمت اللہ بڑودہ (گجرات) کے بعد بتیا (بہار) کے راجہ کی دعوت پر بتیا چلے گئے اور زندگی کے آخر تک وہاں تدریسی خدمت انجام دیتے رہے۔ اس درمیان نواب کلب علی خاں (والی رام پور) نے آپ کو اپنی ریاست کے لیے طلب کیا، مگر آپ نے انکار کردیا۔ آپ کے طرز تعلیم کا کافی شہرہ تھا، اس لیے ہندوستان کے مختلف حصوں سے سیکڑوں طلبہ آپ سے اکتساب علم و فن کے لیے حاضر ہوتے، مشہور تھا کہ غبی سے غبی طالب علم بھی آپ کے یہاں پڑھ لکھ جاتا۔ بتیا سے آپ اپنے وطن واپس آرہے تھے کہ بنارس پہنچ کر آپ پر فالج کا حملہ ہوا اور وہیں انتقال کرگئے۔ محلہ مرواڈیہہ، بنارس میں شاہ طیب بنارسی قدس سرہ کے مقبرے میں مدفون ہوئے۔

۲ ملا احمد اللہ تعلیم سے فراغت کے بعد کبھی کبھی درس دیا کرتے۔ عمر کا زیادہ حصہ قرآن کریم کی تلاوت میں گزارا، روزانہ کم از کم ایک قرآن ختم کرتے۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں:

- شرح خلاصۃ الحساب
- ترجمہ شریفیہ
- رسالہ ذکر ولادت شریف
- رسالہ شہادت نامہ

- رسالہ نصائح
- رسالہ وعظ
- رسالہ (رد اہل تشیع)

آپ کی سنہ وفات کا علم نہ ہو سکا۔

۳؎ ملا برکت اللہ تعلیم سے فراغت کے بعد مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں ایک زمانے تک درس دیتے رہے۔ فارسی اور اردو کے قادر الکلام اور صاحب دیوان شاعر تھے، فارسی میں خواجہ عزیز الدین لکھنوی (ف:۱۹۱۵ء) سے اور اردو میں امیر احمد مینائی (ف:۱۹۰۰ء) سے تلمذ حاصل تھا۔ آپ کا اردو دیوان شائع ہو چکا ہے۔ اپنے مرشد ملا عبدالرؤف کے وصال کے بعد مولانا قیام الدین عبدالباری سے تجدید بیعت کی۔ آپ کے دو عقد ہوئے، دوسری زوجہ سے ایک صاحب زادے مولوی فرحت اللہ (ف:۱۹۷۴ء) اور تین بیٹیاں تھیں۔ آپ کی وفات ۱۲رذی الحجہ ۱۳۴۳ھ/ جولائی ۱۹۲۵ء کو ہوا۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۷۸-۷۹
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۸۳-تا-۱۸۵
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۴۴۸
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۳۹۰
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۷،ص:۱۱۲۵-۱۱۲۶
Combridge of India: Farangi Mahall:	P:62-to-64

[109]

۱؎ ملا محمد نعیم اللہ نے تعلیم سے فراغت کے بعد تدریس میں مصروف ہو گئے، مگر معاش کی وجہ سے تدریس سے دست بردار ہو کر حکومت اودھ میں اہم عہدے پر رہے اور نہایت شان وشوکت سے زندگی بسر کی۔ معرکہ سنہ ستاون کے بعد آپ خانہ نشین ہو گئے اور سرطان کے مرض میں ۱۶رشوال

۱۲۸۲ھ/مارچ ۱۸۶۶ء کو وفات پائی۔ آپ کے تین عقد ہوئے، دوسری زوجہ سے ایک بیٹی اور تیسری سے ایک بیٹے (ملا احسان اللہ) اور دو بیٹیاں ہوئیں۔

۲ اس رسالے کا نام "خلاصۃ الفرائض" ہے، جو شائع ہو چکا ہے۔

۳ ملا احسان اللہ کے تین بیٹے تھے، بڑے بیٹے مولوی عتیق اللہ کا جوانی میں حیدر آباد دکن میں ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۶ء کو انتقال ہو گیا۔

۴ ملا محب اللہ ابن ملا احسان اللہ ۱۳۳۸ھ/۱۹۱۹ء کو حیدر آباد میں فوت ہوئے۔

۵ مولوی روح اللہ مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں ابتدائی کتابیں پڑھ کر اپنے والد کے ساتھ حیدر آباد دکن چلے گئے، وہاں انٹرنس کا امتحان پاس کیا، وطن واپس آئے، ملا انعام اللہ کی بیٹی سے عقد کیا، ایک بیٹی اور ایک بیٹے مولوی محمد سلیم ولی اللہ (ف: ۱۹۷۸ء) ہوئے۔ واپس آ کر مدرسہ نظامیہ فرنگی محل سے ایک بار پھر وابستہ ہو گئے اور یہ وابستگی زندگی کی آخری سانس تک رہی، یہاں تک کہ آپ کا وصال ۲۰ر جولائی ۱۹۶۲ء کو ہوا۔ آپ مولانا قیام الدین عبد الباری سے بیعت تھے۔

۶ مولوی نور اللہ بھی مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں ابتدائی کتابیں پڑھ کر حیدر آباد دکن چلے گئے، جہاں انٹرنس کے امتحان میں کامیاب ہو کر نظام دکن کی حکومت میں ملازم ہو گئے، لیکن بعد میں وکالت کا امتحان پاس کر کے اسی پیشے سے وابستہ ہو گئے۔ ملا عبد الہادی کی صاحب زادی سے عقد کیا، ایک لڑکی متولد ہوئی مگر انتقال کر گئی، پھر دوسرا عقد حیدر آباد میں کیا، جس سے دو بیٹے عتیق اللہ اور مجیب اللہ پیدا ہوئے۔ مولوی نور اللہ نے ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۲ء کو وفات پائی۔

۷ مولوی ظہور اللہ عرف ثناء اللہ بھی مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں ابتدائی کتابیں پڑھ کر اپنے والد کے پاس حیدر آباد دکن چلے گئے، جہاں انٹرنس کے امتحان میں کامیاب ہو کر واپس آئے، اس کے بعد مدرسہ نظامیہ میں مدرس ہو گئے۔ ۱۹۲۵ء میں فتح پور میں عقد کیا، تین بیٹیاں اور ایک بیٹے مولانا لطف اللہ ہوئے۔ مولوی ظہور اللہ عرف ثناء اللہ نے ۱۹۸۰ء میں وفات پائی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۷۹

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۸۹-تا-۱۹۰
تذکرۂ علمائے ہند: ص:۴۴۸-۴۴۹
نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۷، ص:۱۱۲۶
Combridge of India: Farangi Mahall: P:90-to-93

[110]

۱؎ مزید دیکھیے:
احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۸
اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۰
تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۸۵

[111]

۱؎ ملا محمد نعیم معروف عالم اور ممتاز فقیہ تھے- زندگی کے آخر تک تدریس اور فتویٰ نویسی میں مشغول رہے- ہر جمعہ کو مولوی حیدر علی کی مسجد میں وعظ بھی دیتے- نہایت عابد، متقی اور توکل پسند تھے- زندگی تنگی میں گزرتی مگر کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کرتے- آپ کے علم و فضل کے پیش نظر انگریزی حکومت نے آپ کو ''شمس العلماء'' کے خطاب سے نوازا، جس کا ذکر آپ کو پسند نہیں تھا، کبھی کسی امیر کے دربار میں حاضر نہیں ہوتے اور نہ حکام سے ملنا پسند کرتے- آپ کو بیعت و اجازت اپنے والد ماجد سے تھی اور جب حج کے لیے گئے تو مکہ میں مولانا شاہ امداد اللہ مہاجر مکی نے بھی سلسلۂ چشتیہ کی خلافت مرحمت فرمائی تھی- آپ کے مریدین اور تلامذہ کی تعداد ہزاروں میں تھی-

۲؎ ملا محمد نعیم کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ سے ایک بیٹی اور ایک بیٹے مولوی محمد اکرم ہوئے، جنھوں نے اپنے والد سے تمام علوم حاصل کیے اور تدریس سے وابستہ ہو گئے، ان کا وصال اپنے والد کی حیات میں ہی شعبان ۱۳۱۱ھ/فروری ۱۸۹۴ء کو ہوا- آپ کے دو بیٹے ہوئے، مولوی محمد اعلم، جو اپنے دادا ملا محمد نعیم کے سامنے جوانی میں ۱۸۹۸ء کو انتقال کر گئے- دوسرے مولوی محمد اسلم،

جنھوں نے اپنے دادا اور ماموں شمس العلماء ملا عبد المجید اور شمس العلماء ملا عبد الحمید سے مروجہ علوم پڑھے، جب کہ رام پور جا کر مولانا محمد شاہ رام پوری اور مولانا شعیب الدین (تلمیذ مولانا عبد الحق یرآبادی) سے تکمیل کی۔ اپنے دادا سے بیعت ہو کر تمام سلاسل کی اجازت پائی۔ دادا محترم ملا محمد یم کے وصال کے بعد حسب وصیت ان کے جانشین قرار پائے۔ آپ کی متعدد تصانیف وتالیف اور حواشی و ترجمے ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

- السعلم ترجمہ تعلیم المتعلم
- عمدۃ الفرائد ترجمہ شرح عقائد
- کبری (ترجمہ عربی)
- شرح فقہ اکبر از بحر العلوم (ترجمہ اردو)
- التعلیق الاظہر علی الاصغر
- حاشیہ صحیح بخاری
- حاشیہ مشکوۃ المصابیح
- حاشیہ ضابطہ تہذیب
- حاشیہ مختلطات قطبی
- حاشیہ شرح عقائد جلالی
- لوازم الاحناف للاسلاف علی الاخلاف
- الاصول المہمہ فی علم الاحادیث النبویہ
- سہ رسالہ (در صلوۃ التسبیح، صلوۃ الحاجۃ، صلوۃ التوبہ)

آپ کے دو عقد ہوئے، پہلی زوجہ سے ایک بچے کی ولادت ہوئی، مگر ولادت کے وقت زچہ بچہ انتقال کر گئے۔ دوسری زوجہ سے ایک بیٹی اور چھ بیٹے ہوئے۔ آپ کی وفات ۲۲ر اگست ۱۹۵۱ء کو ہوئی۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۷۹-۸۰

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۱۳۷

تذکرۂ علمائے حال: ص:۸۶

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۹۴-تا-۱۹۶

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۲۱۰

تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۳۶۲

نزہۃ الخواطر (عربی): جلد:۸، ص:۱۳۷۵

Combridge of India: Farangi Mahall: P:198-199

[112]

[1] ملا محمد ولی اپنے عہد کے نامور فقیہ اور بے مثال عالم دین تھے- آپ کے والد ملا قاضی غلام مصطفی کی شہادت کے بعد بادشاہ دہلی نے آپ کو پرگنہ ملاواں (لکھنؤ) کا منصب افتا و قضا سپرد کیا، جب تک حکام وقت کی مداخلت نہیں ہوئی، آپ اپنی منصبی ذمہ داری نبھاتے رہے، اس کے بعد مستعفی ہوکر فرنگی محل میں تدریس کا سلسلہ شروع کیا، آپ کے درس کا خوب شہرہ تھا، اس لیے ذہین و فطین طلبہ اکتساب علم و فن کے لیے حاضر ہوتے- آپ کے تلامذہ میں متعدد افراد آگے چل کر نامور علما ہوئے، ان میں مولانا فضل امام خیرآبادی، مولانا عبدالنافع ابن بحر العلوم ملا عبدالعلی، قاضی سراج الدین موہانی، مولانا احسان اللہ انامی، انشاء اللہ خاں انشا (مشہور شاعر)، مولانا عبدالواجد خیرآبادی، قاضی رکن الدین فتح پوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں- ۱۱۹۸ھ/ ۱۷۸۴ء کو آپ کا وصال ہوا-

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل: ص:۸۰

اغصان اربعہ (فارسی): ص:۷-۸

تذکرۂ علمائے فرنگی محل: ص:۱۹۶-۱۹۷

تذکرۂ علمائے ہند: ص:۴۱۱
تذکرۂ علمائے ہندوستان: ص:۳۶۲
نزھۃ الخواطر (عربی): جلد:۶،ص:۸۴۲

[113]

[۱] ملا ولی اللہ کی دنیاوی وجاہت اور علمی ودینی خدمات غیر معمولی تھیں۔ ہمیشہ حکومت اودھ میں مختلف اہم عہدوں پر رہے۔ پوری زندگی تدریس اور تصنیف وتالیف میں بسر کی۔ آپ کا حلقہ درس بہت وسیع تھا۔ آپ ملا احمد انوار الحق سے بیعت تھے۔ پیر ومرشد سے غیر معمولی عقیدت و محبت تھی، آپ نے ''اغصان اربعہ'' جیسی اہم کتاب دراصل اپنے پیر ومرشد کے حالات اور ملفوظات لکھنے کے لیے تصنیف کیا۔

[۲] ملا ولی اللہ خانوادۂ فرنگی محل میں ملا نظام الدین، بحر العلوم ملا عبد العلی اور ملا مبین کے بعد چوتھے شخص ہیں، جو کثرت تالیف وتصنیف میں اپنے اگلوں سے بھی بازی لے گئے، آپ کی تصانیف کی تعداد سو سے زائد تھی۔ فرنگی محل کے آپ پہلے عالم ہیں، جس نے قرآن کریم کی تفسیر لکھی، اس تفسیر کا نام ''معدن الجواہر'' ہے، جو فارسی زبان میں بڑی تقطیع پر آٹھ ضخیم جلدوں میں ہے۔ متن میں مذکور تصانیف کے علاوہ کچھ اور اہم تصانیف درج ذیل ہیں:

- حاشیہ ہدایۃ الفقہ
- مرأۃ المومنین وتنبیہ الغافلین فی مناقب آل سید المرسلین
- شرح غایۃ العلوم
- شرح معارج العلوم
- کشف الابرار فی خصائص سید الابرار
- حاشیہ ہدایہ (چار ضخیم جلد)
- تذکرۃ المیزان
- تکملہ شرح سلم (از ملا احمد عبد الحق)

- تکملہ شرح سلم (از ملا حسن)

[۳] اس رسالے کا نام "آداب السلاطین" ہے۔

[۴] ملا انعام اللہ انگریزی حکومت میں ڈپٹی کلکٹر کے عہدے پر فائز رہے۔ آپ قادر الکلام اور صاحب دیوان شاعر بھی تھے، انعامؔ تخلص تھا۔ آپ کا وصال رجب ۱۳۲۱ھ/ ۱۹۰۳ء میں ہوا۔

[۵] اس رسالے کا نام "سفینۃ النجات" ہے۔

[۶] ملا افضال اللہ فیض آباد میں بہو بیگم کے مقبرے کے مہتمم رہے، اس کے بعد اکبر پور میں ملازم ہو گئے۔ آپ کا وصال رجب ۱۳۲۶ھ/ اگست ۱۹۰۸ء کو ہوا۔

[۷] مولوی صفی اللہ اپنے آخری زمانے میں فالج کے مرض میں مبتلا ہو کر وطن واپس آئے اور برسوں اسی حالت میں رہے، آخر رجب ۱۳۳۳ھ/ مئی 1915ء میں انتقال ہو گیا۔ آپ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔

ملا ولی اللہ کے احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۸۰-۸۱
انغصان اربعہ (فارسی):	ص:۲۷-۲۸
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۱۹۷-تا-۲۰۰
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۵۴۶-۵۴۷
تذکرۂ علمائے ہندوستان:	ص:۴۰۲-۴۰۳
نزهة الخواطر (عربی):	جلد:۷، ص:۱۱۳۵

[114]

[۱] مفتی محمد یعقوب اپنے عہد کے ممتاز عالم اور فقیہ تھے، تعلیم سے فراغت کے بعد مسند درس پر متمکن ہوئے اور بہت جلد استاذ الہند ملا نظام الدین کی حیات میں ہی آپ کے درس کی شہرت پھیل گئی۔ آپ کی دیانت اور تقوی کی مثالیں دی جاتیں، اس لیے حکومت اودھ کی جانب سے عہدۂ افتا آپ کے سپرد ہوا۔ عوام کے ساتھ حکام کو آپ کے فیصلوں اور فتوؤں پر بہت اعتماد تھا،

آپ اپنی پوری زندگی اس سرکاری عہدے پر فائز رہے۔ [illegible] کے عہدوں کے بعد یادِ الٰہی میں مشغول ہو گئے، تاہم گھر پر فتاوے پر دستخط فرماتے اور اپنے صاحب زادوں مفتی احمد ابوالرحم وغیرہ کی تربیت فرماتے۔ آپ کا عقد اپنی چچازاد بہن (دختر ملا احمد عبدالحق) سے ہوا جن سے چار بیٹوں کے علاوہ تین بیٹیاں بھی متولد ہوئیں۔

ملاحظہ ہو:

احوال علمائے فرنگی محل:	ص:۸۱
اغصان اربعہ (فارسی):	ص:۱۱۲-۱۱۳
تذکرۂ علمائے فرنگی محل:	ص:۲۰۵-۲۰۶
تذکرۂ علمائے ہند:	ص:۴۱۴
نزھۃ الخواطر (عربی):	جلد:۶، ص:۸۷۰

[115]

[1] مفتی محمد یوسف تعلیم سے فراغت کے بعد ایک طویل عرصے تک فرنگی محل میں تدریس و تالیف میں مصروف رہے، اپنے والد مفتی محمد اصغر کے وصال ۱۸۳۹ء کے بعد حکومت اودھ نے عہدۂ افتا آپ کے سپرد کیا، اس عہدے پر آپ معرکہ ۱۸۵۷ء تک متمکن رہے، گویا حکومت اودھ کی عدالت کے آپ آخری مفتی تھے۔ معرکے میں آپ کا گھر بار، مال و اسباب اور کتب خانہ لوٹ لیا گیا، اس کے بعد نہایت تنگ دستی میں زندگی گزر رہی تھی۔ آپ کے تلمیذ ملا عبدالحلیم فرنگی محلی جب جون پور سے حیدرآباد جانے لگے تو اپنی جگہ آپ کو مقرر کرا گئے۔ شعبان ۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸ء میں آپ حج کے لیے تشریف لے گئے اور مدینہ منورہ میں وصال فرمایا۔

[2] تمام قدیم تذکروں میں آپ کا سنہ وفات ۱۲۸۶ھ مذکور ہے: "بزیارت روضۂ اقدس نبوی ﷺ بمدینہ منورہ رفتند در آنجا علیل شدہ بتاریخ ۱۹ ر ذی قعدہ ۱۲۸۶ھ مسافر ملک بقا گردیدند۔" (اغصان اربعہ، ص:۱۱۸)۔
تفصیل کے لیے دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۸۲
اغصان اربعہ (فارسی): ص: ۱۱۷-۱۱۸
تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص: ۲۰۶-تا-۲۰۹
تذکرہ علمائے ہند: ص: ۴۱۴
حدائق الحنفیہ: ص: ۵۰۳-۵۰۴
نزهة الخواطر (عربی): جلد: ۷، ص: ۱۱۳۸-۱۱۳۹

[116]

۱؎ مفتی محمد یوسف ابن مولوی محمد قاسم نے تعلیم سے فراغت کے بعد مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں درس دینا شروع کیا، یہ سلسلہ زندگی کے آخر تک چلتا رہا۔ آپ نے "مطبع یوسفی قائم کیا، جس کے ذریعے سیکڑوں کتابوں کی اشاعت عمل میں آئی۔ آپ ملا عبدالرزاق سے بیعت تھے۔ آپ کا عقد مولانا ابوالحسنات عبدالحی کی اکلوتی صاحب زادی سے ہوا، جن سے تین بیٹے ہوئے۔ آپ کی وفات صفر ۱۳۴۴ھ/ اگست ۱۹۲۵ء کو ہوا۔

۲؎ مولانا ابوالرحم محمد ایوب (نواسہ مولانا ابوالحسنات عبدالحی) نے مروجہ علوم وفنون مدرسہ نظامیہ فرنگی محل میں مولانا عبدالباری اور دیگر اساتذہ سے پڑھے۔ اس کے بعد ایک عرصے تک مدرسہ نظامیہ میں ہی تدریس سے وابستہ رہے۔ آپ نے حاشیہ سنن ابی داؤد اور تکملہ عمدۃ الرعایہ تحریر فرمایا اور "مجموعہ فتاوی" کی جدید ترتیب بھی دی۔ مولانا عبدالباری صاحب کے برادر اکبر مولانا عبدالرؤف کی صاحب زادی سے عقد کیا، جن سے دو بیٹیاں اور چار بیٹے محمد احمد عبدالحی، محمد اصغر، محمد یعقوب اور محمد مہدی ہوئے۔ آپ کا وصال ۱۰ر رمضان ۱۳۹۳ھ/ ۷ر اکتوبر ۱۹۷۳ء کو ہوا۔

۳؎ مولانا ابوالفضل محمد یونس نے مدرسہ نظامیہ فرنگی محل سے درس نظامی کی تحصیل وتکمیل کی، آپ نہایت ذہین اور فاضل شخصیت کے مالک تھے، جدید علوم اور انگریزی زبان سے اچھی واقفیت رکھتے تھے۔ جنوبی ہند کی نامور یونیورسٹی "جامعہ عثمانیہ" حیدرآباد میں بحیثیت پروفیسر تقرری ہوئی، تاہم مرض لاحق ہوگیا، بیماری کی حالت میں وطن واپس آئے اور ربیع الاول ۱۳۴۱ھ/ اکتوبر

۱۹۲۲ء میں وفات پائی۔ آپ متعدد اہم کتابوں کے مصنف تھے، آپ کی دو کتابیں دارالمصنفین اعظم گڑھ سے بھی شائع ہوئیں۔

ے مولانا ابوالکرم محمد ادریس نے مدرسہ نظامیہ فرنگی محل سے حفظ کیا اور درس نظامیہ کی تکمیل کی، فراغت کے بعد "تکمیل الطب کالج" سے طب کی سند حاصل کی، پنجاب یونیورسٹی سے فاضل کے امتحان میں کامیابی پائی، اس کے بعد انٹرنس کے امتحان بھی کامیاب ہوئے۔ کچھ عرصے مدرسہ نظامیہ میں درس دیا، پھر اپنے والد کے وصال ۱۹۲۵ء کے بعد "مطبع یوسفی" کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ کا عقد ۱۹۲۷ء میں مولوی انیس احمد کاکوروی (ایڈیٹر اخبار حقیقت) کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوا، جس سے ایک بیٹی ہوئی۔ مولانا ادریس کی وفات ۱۹۶۶ء میں ہوئی۔

دیکھیے:

احوال علمائے فرنگی محل: ص: ۸۳

تذکرہ علمائے فرنگی محل: ص: ۲۱۰-۲۱۱

Combridge of India: Farangi Mahall: P:174-175-177

□□□

تعارف کتب مصادر(۱)

[ا] مقدمہ ہدایہ:

مولانا عبدالحی فرنگی محلی نے فقہ حنفی کی شہرہ آفاق کتاب "الهداية" مصنفہ برہان الدین ابوالحسن علی بن حسن فرغانی مرغینانی (ف ۵۹۳ھ) پر عالمانہ حواشی وتعلیقات کے بعد دو علمی مقدمے تحریر کیے ہیں۔ یہ دونوں مقدمے دو مستقل ناموں سے معروف ہیں: پہلا مقدمہ "مذيلة الدراية لمقدمة الهدايه" اور دوسرا رسالہ "مقدمة الهداية" کے نام سے ہے۔ ہندوستانی نسخوں میں "ہدایہ اولین" کے ساتھ پہلا مقدمہ اور "ہدایہ اخیرین" کے ساتھ دوسرا مقدمہ شائع ہوتا ہے۔

"مذيلة الدراية لمقدمة الهدايه" جہازی سائز کے ۱۱ صفحات پر مشتمل ہے، جو ۱۲۸۷ھ/ ۱۸۷۰ء میں تحریر کیا گیا۔ پوری کتاب ۵/ ہدایات پر مشتمل ہے۔ ہدایت اول میں "ہدایہ" میں مذکور شخصیات کی سوانح وتراجم ہیں، جسے الف بائی ترتیب سے تحریر کیا گیا ہے۔ ہدایت دوم میں "ہدایہ" کے مبہم اور مغلق مقامات کی قولہ اور اقول کے اسلوب میں تشریح وتوضیح کی گئی ہے۔ ہدایت سوم کے تحت ہدایہ میں مذکور انساب وقبائل کی تفصیلات مندرج ہیں۔ ہدایت چہارم میں ہدایہ میں مذکور اماکن ومقامات کا تعارف ہے۔ ہدایت پنجم میں صاحب ہدایہ کے علمی وفقہی تسامحات کا ذکر ہے۔ صاحب ہدایہ کے تسامحات کو بالترتیب "منھا" کے ذریعے علاحدہ علاحدہ ذکر کیا ہے اور ہر

---

(۱) زیر نظر تذکرے کی تصنیف میں مصنف نے جن اہم اور بنیادی کتابوں سے استفادہ کیا ہے، یہ باب ان کے تعارف پر مشتمل ہے۔

تسامح کے ساتھ صاحب مقدمہ نے اپنی علمی رائے بھی رکھی ہے۔

دوسرا مقدمہ بنام "مقدمۃ الھدایۃ" "ہدایہ اخیرین" کے ساتھ شامل ہے۔ یہ رسالہ جہازی سائز کے ۱۵ ؍صفحات پر مشتمل ہے، جو ۱۲۸۱ھ/ ۱۸۶۴ء میں لکھا گیا۔ "مقدمۃ الہدایہ" بھی مسائل ہدایہ کے فہم وادراک میں بصیرت عطا کرتا ہے، جو ۶ ؍ہدایات پر مشتمل ہے: ہدایت اول: صاحب ہدایہ کی حیات اور تصنیفی خدمات کے ذکر پر مشتمل ہے۔ ہدایت دوم میں ہدایہ کے طرز نگارش اور طریقہ کار کو بتایا گیا ہے۔ ہدایت سوم میں ہدایہ کے نصف اخیر میں واقع مصنف کی بعض تسامحات اور اس پر اپنی علمی رائے کو پیش کیا ہے۔ ہدایت چہارم کے تحت کتب احناف میں بعض مستعمل فقہی اصطلاحات کی تشریح وتوضیح کی گئی ہے۔ ہدایت پنجم کے تحت ہدایہ کے نصف اخیر میں مذکور علما کی حیات پر اجمالاً روشنی ڈالی گئی ہے۔ ہدایت ششم کے تحت مقدمہ نگار نے اپنے استاذ سید احمد زینی دحلان مکی سے حاصل شدہ ہدایہ کی سند اجازت کا ذکر کیا ہے۔

[۲]مقدمۃ عمدۃ الرعایۃ فی حل شرح الوقایۃ:

مولانا عبدالحی فرنگی محلی کے درسی ونصابی کتابوں پر تحریر کیے گئے مقدمات میں سے یہ ایک اہم علمی مقدمہ ہے۔ یہ فل سائز کے ۴۴ ؍صفحات پر مشتمل ہے، جو فقہ حنفی کی معروف درسی کتاب "شرح الوقایہ" (جلد اول) مصنفہ شیخ عبیداللہ بن مسعود بن تاج الشریعہ (ف: ۷۴۷ھ) کے شروع میں ہندوستانی نسخوں میں شائع ہوتا ہے۔ "شرح وقایہ" پر صاحب مقدمہ کا علمی حاشیہ وتعلیق "عمدۃ الرعایہ" کے نام سے ہے۔ "شرح وقایہ" کے ساتھ اس کے مقدمہ "عمدۃ الرعایہ" کو بھی شہرت وقبولیت حاصل ہے۔ اس تفصیلی مقدمے میں "شرح وقایہ" پر حاشیہ تحریر کرنے کی ضرورت، متن اور شرح کی فقہ حنفی میں اہمیت کو بیان کرنے کے بعد مقدمہ کے اہم علمی فوائد ونکات کو "دراسات" کے عنوان سے پیش کیا گیا ہے۔ دراسہ اول میں علم فقہ کی اشاعت کی تاریخی حیثیت، مذاہب فقہا خصوصا مذہب حنفی کی ترویج وارتقا کو تحریر کیا گیا ہے۔ دراسہ دوم میں فقہائے احناف کے پانچ طبقات کا ذکر اور دراسہ سوم میں فقہ حنفی سے متعلق مسائل کے تین طبقات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ دراسہ چہارم میں فقہ حنفی کی کتب معتمدہ اور غیر معتمدہ کا بیان ہے۔ دراسہ پنجم میں فقہ حنفی سے

متعلق اہم اصول و مصطلحات کی تشریح و توضیح ہے۔ دراسہ ششم میں صاحب الوقایہ برہان الشریعہ شیخ محمود بن صدر الشریعہ احمد محبوبی اور شارح وقایہ اور ان کے آباواجداد کے احوال وانساب کا تذکرہ ہے۔ دراسہ ہفتم میں شارحین وقایہ کے احوال مندرج ہیں۔ دراسہ ہشتم میں شرح وقایہ کے حواشی نگاران کا تذکرہ ہے، اسی دراسہ کے تحت چوں کہ خود صاحب مقدمہ نے بھی شرح الوقایہ پر ”عمدۃ الرعایہ“ کے نام سے حواشی تحریر کیے ہیں، اس لیے حاشیہ نگاروں کے تذکرے کے بعد اپنا تذکرہ بھی قلم بند کیا ہے۔ دراسہ نہم میں ”متن الوقایہ“ اور ”شرح الوقایہ“ میں مذکور شخصیات کے تراجم تحریر کیے گئے ہیں۔

[۳]خیر العمل بتذکرۃ علماء فرنگی محل:

مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحئ فرنگی محلی کی عربی تصنیف ہے۔ کتاب کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ علمائے فرنگی محل کے تذکروں پر مشتمل ہے۔ مولانا نے کتاب کا بیش تر حصہ مرتب کر لیا تھا، مگر یہ مکمل نہیں ہوسکی، کیوں کہ ۱۸۸۶ء میں مولانا کا وصال ہوگیا۔ یہ کتاب مسودے کی شکل میں رہی اور کبھی شائع نہ ہوسکی۔ مولانا محمد قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی (ف:۱۹۲۶ء) نے اس کتاب کے جابجا اقتباسات اپنی زیر نظر تصنیف میں نقل کیے ہیں، اسی طرح مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (ف:۱۹۴۱ء) نے بھی ”تذکرۂ علمائے فرنگی محل“ میں جگہ جگہ ”خیر العمل“ سے حوالے دیے ہیں۔ مگر پچھلی کئی دہائیوں سے اس کا مسودہ بھی مفقود ہے۔ مفتی محمد رضا فرنگی محلی (ف:۱۹۹۰ء) نے ۱۹۷۳ء میں اپنی کتاب ”بانی درس نظامی“ میں ذکر کیا ہے کہ: ”یہ (کتاب) بھی مخطوطہ کی شکل میں رہی، یہاں تک کہ مفقود الخبر ہوگئی، اس کی ایک نقل مولانا عبدالحئ کے ایک شاگرد اور عزیز مولانا عبدالباقی فرنگی محلی مہاجر مدنی کے کتب خانے میں مدینہ منورہ میں ۱۳۸۴ھ/۱۹۶۵ء تک تھی، وہیں اس کو ایک نظر دیکھ لینے کا موقع ہاتھ آیا تھا، اس تصنیف میں علمائے فرنگی محل کی علمی اور تصنیفی خدمات کا ذکر خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔“ (ص:۱۴)

[۴]حسرۃ العالم بوفاۃ مرجع العالم:

اس کتاب کا مکمل نام ”حسرۃ العالم بوفاۃ مرجع العالم“ ہے، یہ بھی مولانا محمد عبدالحئ

فرنگی محلی کی عربی تصنیف ہے۔ علامہ نے اس رسالے میں اپنے والد ماجد مولانا عبدالحلیم فرنگی محلی (ف: ۱۸۶۸ء) کے احوال زندگی اور محاسن و مناقب لکھے ہیں۔ میرے پیش نظر جو رسالے کا جدید نسخہ ہے، وہ ۲۴ر صفحات پر مشتمل ہے، اس میں مولانا عبدالحلیم کے نام، نسب، خاندان، ولادت، نشوونما، اساتذہ، تلامذہ، اسفار، مناصب و اعزازات، علوم معقولات و منقولات میں جلیل القدر علما کی اجازتیں، وفات اور ان کی تصانیف و رسائل کا تذکرہ ہے۔ سنہ تصنیف ۲۹ر ذی الحجہ ۱۲۸۵ھ/ اپریل ۱۸۶۹ء ہے، یعنی مولانا عبدالحلیم کی وفات کے چار ماہ کے بعد یہ رسالہ تصنیف کیا گیا۔ یہ رسالہ ''مطبع یوسفی'' فرنگی محل، لکھنؤ، پھر ''مطبع چشمہ فیض لکھنؤ'' سے آٹھ رسائل کے مجموعے کے ساتھ ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۷ء میں شائع ہوا۔

[۵] حسرۃ الفحول بوفاۃ نائب الرسول:

کتاب کا پورا نام ''حسرۃ الفحول بوفاۃ نائب الرسول'' ہے۔ یہ مولانا عبدالباقی فرنگی محلی ثم مہاجر مدنی (ف: ۱۹۴۵ء) کا عربی رسالہ ہے، جسے انھوں نے اپنے استاذ مولانا عبدالحی کے احوال و مناقب میں لکھا ہے۔ میرے پیش نظر جو نسخہ ہے، وہ مطبع انوار محمدی سے ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۷ء میں شائع ہوا ہے اور ۴۲ر صفحات پر مشتمل ہے، جس میں مولانا عبدالحی کا نام، نسب، خاندان، ولادت، نشوونما، اساتذہ، تلامذہ، علوم معقولات و منقولات میں جلیل القدر علما کی اجازتیں، وفات اور ان کی تصانیف و رسائل کا تذکرہ ہے۔ تصانیف و رسائل کے ضمن میں انھوں نے ہر رسالے کا مختصر تعارف بھی لکھا ہے۔ سنہ تصنیف بروز منگل ۲۳ر محرم ۱۳۰۵ھ/ اکتوبر ۱۸۸۷ء ہے، گویا مولانا عبدالحی کی وفات کے تیرہ ماہ کے بعد یہ رسالہ تصنیف کیا گیا۔

[۶] تکملہ خیر العمل:

''خیر العمل بتذکرۃ علماء فرنگی محل'' از مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی فرنگی محلی کا تعارف اوپر گزر چکا ہے کہ مولانا نے کتاب کا بیش تر حصہ مرتب کر لیا تھا، مگر یہ مکمل نہیں ہو سکی، کیوں کہ ۱۸۸۶ء میں ان کا وصال ہو گیا۔ یہ کتاب مسودے کی شکل میں رہی اور کبھی شائع نہ ہو سکی۔ اسی کتاب کا 'تکملہ' مولانا عبدالحی کے ایک شاگرد اور عزیز مولانا عبدالباقی فرنگی محلی مہاجر

مدنی (ف: ۱۹۴۵ء) نے لکھا، مگر اب نہ اصل کتاب اور نہ ہی "تکملہ خیر العمل" کا سراغ ملتا ہے۔ فرنگی محل کا بیشتر علمی ذخیرہ امتداد زمانہ کی وجہ سے خرد برد ہو گیا۔

[۷] اغصان الانساب:

یہ فارسی کا ایک رسالہ ہے، جو رضی الدین محمود انصاری فتح پوری کی تصنیف ہے۔ مصنف رسالہ ملا قطب الدین شہید کے چچا کی اولادوں میں تھے، اس لیے خانوادۂ ملا قطب الدین شہید کے ہم نسب تھے اور ان میں باہمی رشتہ داریاں بھی تھیں۔ ۱۲۶۰ھ/ ۱۸۴۴ء میں رضی الدین محمود نے جب اپنے خاندان کی شاخ کے حالات "اغصان الانساب" میں لکھے تو ضمناً بہت سے علمائے فرنگی محل کے احوال و آثار بھی درج کر دیے۔ یہ رسالہ ہنوز مخطوطے کی شکل میں ہے، اب تک شائع نہیں ہو سکا۔

[۸] اغصان الاربعة للشجرة الطیبة:

علمائے خانوادۂ فرنگی محل پر ملا ولی اللہ فرنگی محلی (ف: ۱۸۵۳ء) کی فارسی میں نہایت اہم اور مستند کتاب ہے۔ اس کا شمار خانوادۂ فرنگی محل کے اولین تذکروں میں ہوتا ہے۔ اس کتاب کی حیثیت خاندانی شجرے کی ہے، تاہم مصنف نے اس کے بیشتر حصے میں اپنے پیر و مرشد اور اپنے دادا کے حقیقی بھائی ملا احمد انوار الحق (ف: ۱۸۲۱ء) کے احوال و مناقب اور کرامات کا ذکر کیا ہے اور اس ضمن میں خانوادے کے دیگر علما کے اجمالی حالات بھی لکھ دیے ہیں۔ سنہ تصنیف ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء ہے۔ مصنف کے وصال ۱۲۷۰ھ/ ۱۸۵۳ء کے بعد ان کے بڑے صاحب زادے ملا محمد انعام اللہ، ڈپٹی کلکٹر بہادر (ف: ۱۹۰۳ء) نے اس کا تکملہ لکھا، کیوں کہ کتاب میں ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء تک کے علما اور ان کے احوال درج تھے، اس تکملے میں ملا انعام اللہ نے مذکورہ سنہ سے ۱۲۹۶ھ/ ۱۸۷۹ء تک کے علما اور ان کے احوال کا اضافہ کر دیا۔ اس کے بعد یہ کتاب ۲۸ر محرم ۱۲۹۸ھ/ یکم جنوری ۱۸۸۱ء کو مصنف کے حقیقی بھتیجے اور شاگرد ملا احسان اللہ (ف: ۱۹۰۶ء) کی تصحیح اور ملا محمد انعام اللہ کے تکملے کے ساتھ ۱۴۰ صفحات پر "مطبع کارنامہ" فرنگی محل لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ راقم کے پیش نظر اس وقت کتاب کا یہی نسخہ ہے۔

[۹]عمدة الوسائل للنجاة:

یہ بھی ملا ولی اللہ فرنگی محلی (ف: ۱۸۵۳ء) کی فارسی تصنیف ہے، جو خانوادۂ فرنگی محل کی تاریخ وتعارف پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب ۱۱۰۵ھ/ ۱۷۹۳ء میں مکمل ہوئی۔ یہ ہنوز مخطوطے کی شکل میں ہے، کبھی شائع نہیں ہو سکی، اس کا ایک قلمی نسخہ مولانا ابوالکلام آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ میں محفوظ ہے۔

[۱۰]رسالہ تذکرہ ملا نظام الدین:

[۱۱]رسالہ تذکرہ ملا احمد عبدالحق:

یہ دونوں رسائل ملا عبدالغفار فرنگی محلی (ف: ۱۹۰۴ء) کے ہیں، ان کے نام سے ان کے موضوعات واضح ہیں، تلاش بسیار کے باوجود ان کا سراغ نہیں مل سکا۔

[۱۲]الرسالة القطبية في بيان احوال الفرق النظامية:

یہ بحر العلوم ملا عبدالعلی کے بڑے صاحب زادے ملا عبدالاعلیٰ (ف: ۱۷۹۳ء) کی فارسی تصنیف ہے اور خانوادۂ فرنگی محل کا اولین اور بنیادی ماخذ ہے۔ مختصر ہونے کے باوجود جن قدیم اور مستند تذکرہ نگاروں نے بھی علمائے فرنگی محل کے احوال لکھے ہیں، ان کے پیش نظر یہ رسالہ ضرور رہا ہے۔ یہ رسالہ ہنوز مخطوطے کی شکل میں ہے۔

[۱۳]سبحة المرجان في آثار هندوستان:

یہ مولانا غلام علی آزاد بلگرامی (ف: ۱۷۸۶ء) کی سب سے معروف عربی تصنیف ہے، جو مشاہیر علمائے ہند کے تذکروں اور ہندوستان میں عربی ثقافت کی تاریخ پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب چار فصلوں میں تقسیم کی گئی ہے:

پہلی فصل: تفسیر وحدیث میں وارد ہندوستان کے تذکرے

دوسری فصل: احوال علما

تیسری فصل: سنسکرت اور عربی میں محسنات کلام

چوتھی فصل: محبت کے موضوع پر عشاق اور معشوقات کا بیان

یہ نایاب کتاب ۱۱۷۷ھ/ ۱۷۶۳ء میں تصنیف کی گئی۔ اس کی پہلی طباعت بمبئی سے ۱۳۰۲ھ/ ۱۸۸۵ء میں ہوئی۔ دوسری بار ۱۹۷۶ء میں ڈاکٹر محمد فضل الرحمن ندوی کی تحقیق کے ساتھ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ سے دو جلدوں میں شائع ہوئی۔ اس کتاب کے متعدد قلمی مخطوطے کی شکل میں خدا بخش لائبریری پٹنہ، علامہ شبلی نعمانی لائبریری، ندوۃ العلماء لکھنؤ اور دیگر لائبریریوں میں موجود ہیں۔ کچھ سال پہلے ان تمام قلمی اور مطبوعہ نسخوں کی مدد سے محمد سعید الطریحی نے اس کتاب کو اپنی جامع تحقیق کے ساتھ مرتب کیا ہے اور اس پر طویل مقدمہ لکھا ہے۔ یہ کتاب ۲۰۱۵ء میں ادارہ الرافدین بیرت (لبنان) سے ۴۷۲ر صفحات پر شائع ہوئی ہے۔ ہند و پاک سے اس کتاب کے متعدد اردو ترجمے بھی شائع ہو چکے ہیں۔

[۱۴] مآثر الکرام:

مولانا غلام علی آزاد بلگرامی کی یہ فارسی تصنیف بھی کافی شہرت کی حامل ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے، پہلا حصہ مآثر الکرام کے نام سے موسوم ہے، یہ حصہ دو فصلوں میں منقسم ہے، پہلی فصل میں ۸۰ر مشاہیر صوفیہ کا تذکرہ ہے، جب کہ دوسری فصل میں فتح ہندوستان سے بارہویں صدی تک کے ۷۳ر مشاہیر علما کے احوال درج ہیں۔

کتاب کا دوسرا حصہ شعرا کے تذکروں پر مشتمل ہے، جسے ''سرو آزاد'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ مصنف نے ۱۱۶۶ھ/ ۱۷۵۳ء میں کتاب مکمل کی، ''ختامہ مسک'' مادۂ سنہ تصنیف ہے، جس سے ۱۱۶۶ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ، حیدرآباد دکن میں موجود ہے۔ یہ نسخہ ۱۱۸۰ھ (۱۷۶۷ء) کا ہے، جب کہ مصنف باحیات تھے۔ مولوی عبداللہ خاں (کتب خانۂ آصفیہ) نے اسی نسخے کی نقل تیار کروائی اور پہلی بار ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء کو ۳۱۱ر صفحات پر ''مطبع مفید عام'' آگرہ سے شائع کروایا۔ اس کتاب کے اردو ترجمے ہند و پاک سے شائع ہو چکے ہیں۔

[۱۵] بحر زخار:

بارہویں صدی ہجری میں برصغیر کے علما و مشائخ کی سیرت و سوانح پر ایک اہم فارسی تذکرہ ہے، جس کے مؤلف شیخ وجیہ الدین اشرف ہیں۔ اس کتاب کی تین جلدیں راقم کے پیش نظر ہیں۔

یہ تذکرہ اپنے عہد تالیف (تقریباً ۱۲۰۲ھ/۱۷۸۸ء) کے سوا دو سو سال کے بعد پہلی مرتبہ پروفیسر آذرمیدخت صفوی کی تصحیح و تدوین کے ساتھ مرکز تحقیقات فارسی (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) اور مرکز تحقیقات فارسی (رایزنی فرہنگی جمہوری اسلامی ایران، دہلی) کے اشتراک سے شائع ہوئی ہے۔ پہلی جلد ۶۵۹، دوسری جلد ۸۲۶ اور تیسری جلد ۴۱۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ تینوں جلدیں علی الترتیب ۲۰۱۱ء، ۲۰۱۳ء اور ۲۰۱۵ء میں طبع ہوئی۔

کتاب کے نام کی مناسبت سے اس میں 'باب' اور 'فصل' کی جگہ 'لجہ' اور 'موج' وغیرہ کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ پوری کتاب ۶؍ ابواب (لجہ) اور متعدد فصول (امواج) پر مشتمل ہے۔

پہلی جلد میں تین ابواب (لجہ) اور متعدد فصلیں ہیں۔ لجہ اول: رسول اللہ ﷺ کی اولاد و بنات، ازواج طاہرات، خلفائے راشدین، عشرہ مبشرہ، اصحاب صفہ، اصحاب بدر اور دیگر صحابہ کے احوال درج ہیں۔ لجہ دوم: حضرت علی علیہ السلام، سیدہ فاطمہ زہرا، ائمہ ہدیٰ، شہدائے کربلا، تابعین، محدثین، قراء سبعہ، فقہائے سبعہ اور مجتہدین کے ذکر پر مشتمل ہے۔ لجہ سوم میں امام حسن بصری، ان کے خلفا اور اہل سلسلہ کا تذکرہ ہے۔

دوسری جلد کا آغاز لجہ چہارم سے ہوتا ہے، جس میں چار فصلیں (نہریں) ہیں: پہلی فصل (نہر) میں حضرت معروف کرخی اور ان کے سلسلے سے وابستہ صوفیہ کا تذکرہ ہے۔ دوسری نہر میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی، ان کی اولاد اور ان کے سلسلے سے منسوب مشائخ کا ذکر ہے۔ تیسری نہر میں شیخ نجیب الدین سہروردی اور ان کے سلسلے کے دیگر مشائخ کے احوال ہیں۔ چوتھی نہر میں مشائخ سلسلۂ سہروردیہ کے احوال مرقوم ہیں۔ لجہ پنجم میں پانچ فصلیں (نہریں) ہیں: پہلی نہر میں سرزمین مغرب کے جملہ سلاسل کے اولیا کے حالات ہیں۔ دوسری نہر میں مشائخ سلسلۂ قلندریہ اور تیسری نہر میں شہدائے ہند کے احوال مندرج ہیں۔ چوتھی نہر چار جزؤں (شعبوں) پر منقسم ہے۔ پہلا شعبہ حضرت بایزید بسطامی اور اُن مشائخ کے ذکر پر مشتمل ہے، جنھیں حضرت کی وساطت سے سلسلۂ طریقت پہنچا۔ دوسرا شعبہ خواجہ بہاء الدین نقش بند اور ان کے سلسلے سے وابستہ مشائخ کا تذکرہ ہے۔ تیسرے شعبے میں شطاری مشائخ کے احوال اجمالاً قلم بند کیے گئے ہیں اور

چوتھے شعبے میں شیخ بدیع الدین قطب المدار اور آپ کے سلسلے کے مشائخ کا اجمالاً ذکر ہے۔

پانچویں نہر میں حضرت اویس قرنی اور دیگر اولیا کے احوال ضبط تحریر میں لائے گئے ہیں۔

تیسری جلد لجۂ ششم سے شروع ہوتی ہے، جس میں بعض متقدمین و متاخرین اولیا کے احوال قلم بند کیے گئے ہیں۔ لجۂ ہفتم میں جملہ سلاسل کے مجاذیب کا ذکر ہے، جب کہ لجۂ ہشتم میں خواتین اولیا کے احوال مذکور ہیں۔

[۱۶] احسن العمل بتراجم فرنگی محل:

خانوادۂ فرنگی محل پر ملا عبدالہادی فرنگی محلی (ف: ۱۹۴۶ء) کی تصنیف ہے۔ اس کتاب کا علم نہیں ہو سکا۔

[۱۷] حدیقة المرام فی تذکرة العلماء الأعلام:

مصنف ”آثار الاول“ نے یہاں ”تذکرہ مدراسی“ لکھا ہے، تاہم اس نام کا کوئی تذکرہ کبھی نظر سے نہیں گزرا۔ یہ غالباً ”حدیقة المرام فی تذکرة العلماء الأعلام“ ہے، جسے اختصاراً ”تذکرہ مدراسی“ لکھ دیا گیا ہے۔ یہ عربی زبان میں تقریباً ۶۰ صفحات کا مختصر تذکرہ ہے، جس کے مصنف مولوی محمد مہدی واصف ہیں، انھوں نے جنوبی ہند، خصوصاً مدراس (چنئی) کے مشاہیر علما کے احوال درج کیے ہیں اور ان علما کے احوال بھی جو شمالی ہند سے وہاں تدریس و تبلیغ کے لیے گئے، جن میں فرنگی محل کے متعدد علما شامل تھے۔ اس کتاب کا جو نسخہ راقم کے پیش نظر ہے، وہ ”مطبع مظہر العجائب“ مدراس سے ۱۲۷۹ھ/ ۱۸۶۲ء میں شائع ہوا ہے اور غالباً یہی پہلی طباعت ہے۔ کتاب سے سنہ تصنیف اور احوال مصنف کا پتہ نہیں چلتا، تاہم ملا جمال الدین فرنگی محلی (ف: ۱۸۵۹ء) کے ذکر میں مصنف نے لکھا ہے کہ ”قرأت علیه فی بعض الأیام جزئتین من شرح الموجز النفیسی“ (میں نے ملا جمال الدین سے چند دنوں تک شرح موجز نفیسی کے دو جز پڑھے ہیں) اور اپنے استاذ کا سنہ وصال ۱۸۵۹ء بھی درج کیا ہے۔ کتاب کا زیر نظر نسخہ ۱۸۶۲ء کی طباعت ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ تصنیف کا سنہ ۱۸۶۰ء سے ۱۸۶۲ء کے درمیان رہا ہوگا اور یہی نسخہ کتاب کا پہلا ایڈیشن ہوگا۔

[۱۸] مقدمہ فتاویٰ قیام الملۃ والدین:

مولانا قیام الدین عبدالباری نے ”حسرۃ المسترشد“ میں ”فتاوی قیام الملۃ والدین“ کے تعلق سے ایک اشتہار دیا تھا، جس سے پتہ چلتا ہے کہ مولانا نے علمائے فرنگی محل (جدید وقدیم) کے دستیاب شدہ فتاوے کو بڑی جاں فشانی سے بترتیب ابواب فقہی چار ضخیم جلدوں میں مرتب کیا اور اس کے لیے ایک الگ اور مستقل جلد میں مقدمہ لکھا تھا، جسے ”مقدمہ فتاویٰ قیام الملۃ والدین“ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ جلد تاریخ فرنگی محل اور جن علما کے فتاوے شامل ہیں، ان کے احوال پر مشتمل ہے۔ مفتی محمد رضا فرنگی محلی (ف: ۱۹۹۰ء) کی اطلاع کے مطابق یہ مقدمہ شائع نہیں ہوسکا، البتہ ”فتاویٰ قیام الملۃ والدین“ کی صرف ایک جلد شائع ہو پائی۔

[۱۹] حسرۃ المسترشد لوصال المرشد:

یہ عربی زبان میں مولانا محمد قیام الدین عبدالباری (ف: ۱۹۲۶ء) کا تصنیف کردہ ایک مختصر رسالہ ہے، جسے انھوں نے اپنے والد ماجد مولانا عبدالوہاب (ف: ۱۹۰۳ء) کے احوال و مناقب میں مرتب کیا ہے۔ ۲۷ر صفحات کے اس رسالے میں مولانا عبدالوہاب کا نام، نسب، خاندان، ولادت، تعلیم و تربیت، نشوونما، عادات و خصائل، بیعت و ارادت، سلاسل طریقت، اجازات شیوخ، سفر آخرت اور اولادوں کا ذکر ہے۔ رسالے میں سنہ تصنیف کا ذکر نہیں ہے، تاہم داخلی شواہد کی بنیاد پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ مصنف نے اپنے والد کے وصال ۱۹۰۳ء کے فوراً بعد یہ رسالہ تصنیف کیا اور مطبع مجتبائی لکھنؤ سے شائع کروایا۔

[۲۰] احوال علمائے فرنگی محل:

یہ اردو زبان میں خانوادۂ علمائے فرنگی محل کا پہلا عمومی تذکرہ ہے، اس سے قبل جتنے بھی تذکرے لکھے گئے وہ یا تو فارسی میں تھے یا عربی میں۔ اس تذکرے کے مصنف مولانا شیخ الطاف الرحمن ہیں، جو فرنگی محل کے فیض یافتہ اور مولانا قیام الدین عبدالباری کے شاگرد رشید تھے۔ یہ تذکرہ پہلی بار مطبع مجتبائی لکھنؤ سے شائع ہوا، جس کے مطالعے سے سنہ طباعت اور سنہ تالیف کا پتہ نہیں چلتا، البتہ مصنف نے اپنے پیش لفظ میں یہ ذکر کیا ہے کہ جب وہ ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء میں اپنے استاذ

مولانا عبدالباری کے ساتھ حیدرآباد گئے تو وہاں ان کی ملاقات مولانا سید انواراللہ صاحب سے ہوئی، جنھوں نے علمائے فرنگی محل لکھنے کا مشورہ دیا، جسے مصنف نے بسر و چشم قبول کر لیا۔ ۱۹۰۷ء میں ”آثار الاول من علماء فرنگی محل“ کی تصنیف کے دوران مولانا عبدالباری کے مراجع کتب میں یہ تذکرہ بھی شامل رہا ہے، گویا شیخ الطاف الرحمن نے مولانا سید انواراللہ کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے ۱۹۰۶ میں ہی یہ تذکرہ مرتب کر لیا۔ اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ ۸۸ ر صفحات پر مشتمل یہ مختصر اور جامع تذکرہ ”احوال علمائے فرنگی محل“ ۱۹۰۶ء میں تصنیف کیا گیا۔

[۲۱] تذکرۂ علمائے حال:

کتاب کا اصل نام تطیب الاخوان بذکر علماء الزمان، تاہم یہ ”تذکرۂ علمائے حال“ کے نام سے معروف ہے۔ کتاب کے مصنف مولانا محمد ادریس نگرامی (ف: ۱۹۱۲ء) ہیں، جنھوں نے مولانا سید محمد علی مونگیری کے حکم سے اردو زبان میں اپنے عہد کے مشاہیر علما کا ایک مختصر تذکرہ لکھنا شروع کیا اور ربیع الاول ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۵ء میں اسے مکمل کیا۔ ۱۰۲ ر صفحات پر مشتمل اس کا پہلا ایڈیشن ربیع الاول ۱۳۱۵ھ/ اگست ۱۸۹۷ء کو مطبع نول کشور لکھنؤ سے شائع ہوا، جو اس وقت راقم کے پیش نظر ہے۔ اس میں تمام مسالک کے علما کو جگہ دی گئی ہے۔ اس کی پہلی اشاعت کے تقریباً ایک سو بیس برس کے بعد رمضان ۱۴۳۸ھ/ جون ۲۰۱۷ء میں پروفیسر محمد اقبال مجددی (لاہور) نے کچھ ضمیمہ جات کے اضافے کے ساتھ اسے دوبارہ پروگریسیو بکس لاہور (پاکستان) سے شائع کروایا ہے۔

* * *

وضاحتی اشاریہ

[Index]

اشخاص

[الف]

آزاد سبحانی (مولانا): ۷۱، ۸۹
آغا اسماعیل مازندرانی: ۳۲۶
آغا خان (سر): ۵۲
آغا سید محمد اصفہانی: ۳۲۶
آغا حسن مجتہد لکھنوی (مولانا): ۷۸
ابراہیم دربھنگوی (مولانا محمد): ۸۹
ابراہیم (علیہ السلام): ۳۰۸
ابراہیم فرنگی محلی (مولانا محمد): ۲۶۰، ۳۶۲
ابراہیم ہارون جعفر (سیٹھ): ۸۱
ابن سعود (عبدالعزیز ابن عبدالرحمن): ۶۶، ۷۶،
۹۹، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰۵، ۱۰۶،
۱۰۷، ۳۶۳
ابن سینا (شیخ): ۲۳۷
ابن ہمام (محمد بن عبدالواحد، امام): ۳۷۳
ابوالحسن محمد صالح فرنگی محلی (ملا): ۲۴۳، ۲۷۹
احمد ابوالخیر میرداد حنفی (شیخ): ۳۶۲

ابوالرحم محمد ایوب فرنگی محلی (مولانا): ۳۰۸، ۴۲۰
ابوالعلا فصیحی غازی پوری (مولانا): ۸۶
ابوالفضل فرنگی محلی (ملا): ۲۸۸، ۳۰۷
ابوالفضل محمد یونس فرنگی محلی (مولانا): ۳۰۸، ۴۲۰
ابوالفیض محمد عبدالرحیم (مولانا): ۸۶
ابوالقاسم فرنگی محلی (ڈاکٹر محمد): ۳۸۶
ابوالکرم فرنگی محلی (ملا): ۲۵۸، ۲۹۰
۳۰۷، ۳۱۹، ۳۳۲،
ابوالکرم محمد ادریس فرنگی محلی (مولانا): ۳۰۸، ۴۲۱
۴۲۱
ابوالکلام آزاد (مولانا): ۸۰
ابوالمحاسن محمد سجاد (مفتی): ۸۶
ابوالمنصور خاں (نواب، والی اودھ): ۳۴۴، ۳۴۲
ابوالوفا محمد شمس الہدیٰ (مولانا): ۸۶
ابوایوب انصاری (حضرت): ۴۰، ۴۱،
۲۱۷، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۰
ابوبکر محمد شیث فاروقی جون پوری: ۸۶

ابوسعید مجددی دہلوی (مولانا): ۲۷۱
ابوطیب فرنگی محلی (مولانا): ۳۸۶
ابومحمد فرنگی محلی (ملا): ۲۹۶، ۴۰۶
ابومعاذ (شیخ): ۴۱
ابومنصور مت (شیخ): ۴۱
ابومنصور بلخی (شیخ): ۴۱
اجمل خاں (حکیم): ۶۰
احسان الحق فرنگی محلی: ۴۰۱
احسان اللہ انامی (مولانا): ۴۱۶
احسان اللہ فرنگی محلی (ملا): ۳۰۱، ۴۱۳
احسن اللہ فرنگی محلی (مولوی): ۲۸۷
احمد (عرف ملا جیون): ۳۲۳
احمد ابن احمد انوار الحق (ملا محمد): ۲۲۸، ۲۲۹
۲۳۷، ۲۴۶، ۳۱۹، ۳۲۰، ۳۳۵
احمد ابن حافظ الدین (شیخ): ۴۱
احمد ابن علی (ملا): ۴۱، ۲۲۱
احمد ابوالرحم فرنگی محلی (مفتی): ۲۳۰، ۲۶۹
۲۹۶، ۳۰۷، ۴۱۹
احمد اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۸۴، ۲۹۱
۳۰۰، ۴۱۰
احمد المیر غنی (شیخ): ۳۶۲
احمد انوار الحق فرنگی محلی (ملا): ۴۱، ۲۲۶،
۲۲۷، ۲۲۸، ۲۲۹، ۲۳۳، ۲۳۵، ۲۳۶، ۲۳۷
۲۴۶، ۲۵۰، ۲۵۱، ۲۵۵، ۲۵۸، ۲۶۲، ۲۶۳،
۲۸۱، ۲۸۳، ۲۹۲، ۲۹۸، ۳۰۷، ۳۱۸، ۳۲۸
۳۳۱، ۳۳۵، ۳۵۶، ۳۶۰، ۳۷۸، ۳۸۲،
۳۸۹، ۳۹۷، ۴۰۴، ۴۰۹، ۴۱۷
احمد بن اسماعیل برزنجی (شیخ، سید): ۴۴، ۳۶۳
۳۹۹
احمد بن محمد الخضر اوی المکی: ۴۴، ۳۶۲
احمد پوربی (حافظ): ۲۳۳، ۲۹۳
احمد حسن ابن عنایت اللہ فرنگی محلی: ۴۰۰
احمد حسن ابن ملا افضل حسن فرنگی محلی: ۲۵۴
احمد حسن فرنگی محلی ابن ملا حیدر (ملا): ۲۴۱
احمد حسین ابن عنایت اللہ فرنگی محلی: ۴۰۰
احمد حسین بجنوری (سید): ۳۶۶
احمد حسین فرنگی محلی ابن ملا رضا (ملا): ۲۲۷، ۲۲۹
۲۳۲، ۲۴۱، ۲۴۷، ۲۵۰، ۲۹۰، ۳۱۸، ۳۲۱،
۳۲۷، ۳۲۸، ۴۰۳
احمد خاں (سرسید): ۵۴
احمد رائے بریلوی (سید): ۳۳۳
احمد رضا خاں بریلوی (مولانا): ۷۲، ۱۰۳،
۳۱۸
احمد سعید مجددی دہلوی (مولانا): ۹۰، ۳۵۱
احمد عبدالباری: ۴۵
احمد عبدالحق فرنگی محلی (ملا): ۴۱، ۲۲۵،

۲۲۶، ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۲، ۲۳۳، ۲۳۴،
۲۳۵، ۲۳۶، ۲۳۷، ۲۳۹، ۲۴۱، ۲۴۴، ۲۴۵
۲۴۶، ۲۴۹، ۲۵۰، ۲۵۱، ۲۵۲، ۲۵۳، ۲۵۴
۲۵۵، ۲۵۹، ۲۶۲، ۲۸۰، ۲۸۳، ۲۸۴، ۲۸۷
۲۹۲، ۲۹۴، ۲۹۸، ۳۰۱، ۳۰۴، ۳۱۸، ۳۱۹،
۳۲۱، ۳۳۸، ۳۴۳، ۳۴۴، ۳۵۴، ۳۵۶،
۴۰۴، ۴۱۷، ۴۱۹
احمد علاءالدین: ۳۵
احمد علی لاہوری (مولانا): ۸۷
احمد زینی دحلان (شیخ، سید) ۲۷۱
ادریس کاندھلوی (مولانا): ۸۷
ادریس نگرامی (مولانا، محمد): ۲۱۶
ارادت اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۹۱
ازہار الحق (ملا): ۲۲۶، ۲۲۹
۲۳۱، ۲۵۲، ۲۷۸، ۳۱۹، ۳۲۰، ۳۲۱، ۳۲۸،
۳۷۶، ۴۰۴
اسحٰق ابن ملا غلام دوست محمد (محمد): ۲۳۸
اسحٰق فرنگی محلی ابن قطب الدین (محمد): ۲۸۹
اسحٰق فرنگی محلی ابن محب اللہ (ملا، محمد): ۲۳۲، ۲۹۴
۳۰۴
اسد اللہ سندھی (مولانا): ۸۹
اسد اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۳۱، ۳۰۰
۳۲۴، ۳۲۶، ۳۲۷، ۴۱۰

اسرار الحق (ملا): ۲۲۸، ۲۲۹
۳۱۹
اسعد سہالوی (ملا، محمد): ۴۰، ۲۲۲،
۲۲۵، ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۱، ۲۳۷، ۲۴۴، ۲۴۷
۲۵۴، ۲۵۹، ۲۸۴، ۲۸۵، ۲۸۸، ۲۸۹، ۲۹۴
۲۹۹، ۳۰۲، ۳۰۴، ۳۱۷، ۳۴۴، ۳۴۶،
۳۵۴، ۳۹۰
اسعد کلکیکرب (تبان): ۲۱۹، ۲۲۰
اسلم فرنگی محلی (مولوی، محمد): ۲۳۳، ۲۸۲
۳۰۳، ۴۱۴
اسماعیل (خواجہ): ۴۱
اسماعیل (مولانا، سید): ۸۹
اسماعیل بلگرامی (شیخ، سید): ۲۵۵، ۲۸۰
اسماعیل دہلوی (شاہ): ۳۳۳
اسید الحق قادری بدایونی (مولانا): ۴۰، ۸۹
اصغر ابن ابوالرحم ایوب (محمد): ۴۲۰
اصغر فرنگی محلی (مفتی، محمد): ۲۳۰، ۲۳۱
۲۶۲، ۲۶۹، ۲۹۶، ۳۰۷، ۳۵۶، ۴۱۹
اعلم فرنگی محلی (مولوی، محمد): ۲۳۴، ۴۱۳
افضال اللہ فرنگی محلی (ملا): ۳۰۶، ۴۱۸
افضل حسن فرنگی محلی (مولانا): ۲۵۳، ۲۵۴
۳۰۲، ۳۵۲،
افہام اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۳۴، ۲۶۱

۲۶۵، ۲۸۴، ۲۹۱، ۳۰۰، ۳۰۲، ۳۰۶، ۳۲۹
اکبر الہ آبادی: ۳۰
اکبر فرنگی محلی (ملا، محمد): ۲۳۰، ۲۳۱
۲۶۹
اکبر یار خاں: ۳۰۴
اکرام الحق فرنگی محلی: ۳۰۱
اکرام اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۴۹
اکرم (مولانا، محمد): ۸۹
اکرم فرنگی محلی (ملا، محمد): ۲۳۴، ۳۰۳
۳۲۹، ۴۱۳
الٰہی بخش (مولانا): ۲۸۶
الطاف الرحمن قدوائی (شیخ): ۴۵، ۵۰،
۶۷، ۱۰۲، ۲۱۶
الیاس فرنگی محلی (ملا): ۲۸۹
امام الدین امیٹھوی (شیخ): ۳۲۳
امام بخش (رئیس جون پور): ۳۷۱
امان الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۳۳، ۲۳۵
امان اللہ بنارسی (حافظ): ۲۹۷
امتیاز الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۹۳، ۳۰۲
امداد اللہ مہاجر مکی (شاہ): ۴۱۳
امیر حسن (مفتی، محمد): ۸۶
امیر خاں پنڈاری ٹونکی: ۳۷۹
امیر علی ابن شریف مکہ: ۱۰۳، ۱۰۴
امیر علی امیٹھوی شہید (مولانا): ۲۳۱، ۳۲۳
۳۲۴، ۳۲۵، ۳۴۲، ۳۶۷
امیر فیصل ابن شریف مکہ: ۷۶
امیر احمد مینائی: ۳۵۷، ۴۱۲
امین الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۲۸، ۲۲۹
۳۲۰
امین اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۳۱، ۲۳۹
۲۴۰، ۲۴۸، ۲۵۱، ۲۵۴، ۲۶۹، ۲۷۹، ۲۸۸
۲۹۰، ۳۰۲، ۳۲۳
امین رضوان (شیخ، محمد): ۴۴، ۲۶۵،
۳۶۳
امین فرنگی محلی (ملا، محمد): ۲۹۶
امین محمد محمود احمد الجکینی (ڈاکٹر): ۴۱۹
امینہ فاطمہ: ۴۵
انشاء اللہ خاں انشا: ۴۱۶
انعام اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۳۴، ۳۰۵
۴۱۳، ۴۱۸
انوار اللہ ابن ظہور اللہ فرنگی محلی: ۲۵۴
انوار اللہ فرنگی محلی ابن نصیر اللہ: ۲۴۲
انیس (مولانا، محمد): ۸۹
انیس احمد کاکوروی (مولوی): ۳۲۱
انیس نگرامی (مولانا): ۸۶
اورنگ زیب عالم گیر (سلطان): ۲۲۲، ۲۲۴

۲۲۵، ۲۴۹، ۳۱۷، ۳۳۶، ۳۹۰
ایڈن سیموئل مانٹیگو (وزیر ہند): ۷۷، ۷۹

[ب]

باز قلع دار (میر): ۴۰۴
بخش ایٹھوی (شیخ محمد): ۳۲۳
بدرالدین (مخدوم): ۴۱
برکت اللہ فرنگی محلی (ملا): ۳۰۰، ۴۱۲
برہان الحق فرنگی محلی (ملا محمد) ۲۳۳، ۲۳۵
۲۹۲، ۲۹۸، ۳۳۱، ۴۰۹، ۴۱۰
بشارت اللہ فرنگی محلی (مولوی): ۳۹۶
بندہ نواز گیسودراز (خواجہ): ۳۳۰
بہاء الدین کاکوروی (منشی): ۴۵

[پ]

امام محمد سندھی (مولانا): ۸۹

[ت]

تجمل حسین بہاری (مولانا، سید): ۸۶
تراب علی (سالار جنگ، سید): ۳۷۲
تفضل حسین خاں لکھنوی (علامہ): ۳۲۸

[ٹ]

ٹائیلر (ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ): ۷۱

[ث]

ثابت علی الہ آبادی (مولانا): ۳۵۱
ثناء اللہ امرتسری (مولانا): ۷۸، ۷۹،
۸۰، ۸۸، ۸۹

[ج]

جان مارلے: ۹۳
جعفر (شیخ): ۴۱
جعفر علی لکھنوی (شیخ): ۳۱۹
جلال الدین (خواجہ): ۴۱
جلال الدین عبدالمتین فرنگی محلی: ۳۷۰
جلال الدین محمد اکبر (سلطان): ۲۱۷، ۲۲۴
جلال لکھنوی (سید ضامن علی): ۳۵۷
جمال مکی (مفتی محمد): ۲۳۵
جمال الدین عبدالوہاب (مولانا): ۴۲، ۴۵،
۵۷، ۵۸
جمال الدین فرنگی محلی (ملا): ۴۰، ۲۳۳
۲۳۶، ۲۵۵، ۲۶۲، ۳۳۲، ۳۳۳
جواہر لعل نہرو (پنڈت): ۵۹
جیمس ٹامس (لفٹننٹ گورنر): ۳۲۶
جیمس مسٹن (لفٹننٹ گورنر): ۷۰، ۷۲

[ح]

حاتم علی لکھنوی (حافظ): ۴۱
حافظ الدین محمد سہالوی (شیخ): ۴۱، ۲۱۷،
۲۲۱
حامد (خواجہ): ۴۱
حامد ابن عنایت اللہ فرنگی محلی (محمد): ۴۰۰

حامد حسن فرنگی محلی (مولوی): ۲۵۴
حامد رضا خاں بریلوی (مولانا): ۷۸
حامد علی خاں (والی رام پور، نواب): ۵۵، ۱۱۰
حامد فرنگی محلی (ملا، محمد): ۲۲۹، ۲۳۷، ۳۳۵، ۳۵۶، ۳۹۷
حبیب الرحمن خاں شروانی: ۱۰۱، ۳۶۳، ۳۶۴
حبیب الرحمن کاظمی (شیخ): ۳۶۲
حبیب اللہ فرنگی محلی ابن غلام یحییٰ: ۲۳۸، ۲۸۶
حبیب اللہ فرنگی محلی ابن محب اللہ: ۲۳۴، ۲۴۱، ۲۴۲، ۲۴۴، ۲۴۹، ۲۸۴، ۲۹۴، ۳۰۱، ۳۰۴، ۳۲۸، ۳۳۸، ۴۰۴
حبیب اللہ فرنگی محلی ابن مسیح اللہ: ۲۴۵
حسام الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۹۹، ۴۱۰
حسرت موہانی (مولانا): ۴۱، ۸۹، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰۵
حسن فرنگی محلی (ملا، محمد): ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۷، ۲۳۸، ۲۴۱، ۲۴۴، ۲۵۲، ۲۵۶، ۲۸۵، ۲۸۹، ۲۹۵، ۳۰۲، ۳۰۷، ۳۰۸، ۳۲۱، ۳۲۷، ۳۲۸، ۳۳۵، ۳۳۶، ۳۴۲، ۳۹۱، ۴۰۳، ۴۰۴، ۴۱۸
حسن ابن ملا افضل حسن (محمد): ۲۵۴
حسن ابن علی (امام): ۲۶۳
حسن جلال الدین مشیر: ۳۹۳
حسن علی محدث (مرزا): ۲۶۲، ۴۰۹
حسن نظام الدین حسن: ۳۹۳
حسین (بیرسٹر، سید): ۹۷
حسین ابن علی (امام عالی مقام): ۲۶۳، ۳۶۶
حسین ابن محمد شائق (مولانا، محمد): ۲۵۰
حسین احمد محدث ملیح آبادی (شیخ): ۲۶۲، ۳۵۱، ۴۰۹
حسین الہ آبادی (مولانا، محمد): ۳۸۰
حسین بخش لکھنوی (شیخ): ۳۱۹
حفیظ اللہ پوربی (مولوی): ۳۰۸
حفیظ اللہ سورتی (شاہ): ۲۵۹
حفیظ اللہ فرنگی محلی ابن حبیب اللہ: ۲۴۲، ۲۴۴، ۳۳۹
حفیظ اللہ فرنگی محلی ابن خلیل اللہ: ۲۴۴
حمید اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۴۲
حمیرا فاطمہ (ڈاکٹر): ۴۵
حیات رودولوی (شاہ): ۴۵
حیدر ابن قطب الدین (ملا، محمد): ۲۸۹
حیدر ابن ملا عبد الہادی (ملا، محمد): ۳۶۶
حیدر فرنگی محلی ابن ملا مبین (ملا، محمد): ۲۳۹، ۲۴۰، ۲۴۱، ۲۴۵، ۲۵۱، ۲۵۳، ۲۵۴، ۲۵۹، ۲۶۳، ۲۷۹، ۲۸۷، ۲۹۵، ۳۳۷، ۳۵۱، ۳۶۱، ۳۶۸

حیدر علی فیض آبادی (مولانا): ۳۲۶، ۳۵۱

[خ]

خادم احمد فرنگی محلی (ملا): ۲۳۱، ۲۳۵، ۲۵۹، ۳۴۱، ۳۴۲، ۳۶۸
خدا بخش مظفر پوری (مولانا): ۸۹
خلیق الزماں (چودھری): ۱۰۶
خلیل اللہ فرنگی محلی ابن حفیظ اللہ: ۲۴۲، ۲۴۴، ۳۴۱
خلیل اللہ فرنگی محلی ابن غلام یحییٰ: ۲۴۴، ۲۸۶
خورشید احمد بانسوی (شیخ، سید): ۵۵
خیر الدین سورتی (مولوی): ۲۵۹
خیر اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۲۹، ۲۳۶

[د]

داغ دہلوی (نواب مرزا خان): ۳۵۷
دانیال (ملا): ۲۲۱
داؤد (خواجہ): ۴۱
داؤد غزنوی (مولانا، سید محمد): ۸۹
دائم (مولانا): ۲۸۱
دوست محمد عرف شاہ دوسی (شیخ): ۳۸۴، ۳۹۱
دولت انصاری سہالوی (قاضی): ۳۹۰

[ذ]

ذکاء الحق فرنگی محلی (مولوی): ۲۳۳
ذوالفقار الدولہ (نواب): ۳۷۱
ذوالفقار علی دیوی (قاضی): ۳۲۸

[ر]

رانڈل تھامس ڈیوڈسن: ۶۷
ربیعہ بن نصر: ۲۱۹
رحمان علی (مولوی): ۳۴۷
رحمت اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۴۷، ۲۵۷، ۳۰۰، ۳۲۰، ۳۴۵، ۳۵۶، ۳۵۷، ۳۹۴
رحمت خاں (حافظ الملک، نواب): ۳۲۱، ۳۳۶، ۳۷۵
رحیم اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۴۴
رشید الدین مودودی (سید): ۸۲
محمد رضا فرنگی محلی (ملا): ۴۰، ۲۲۲، ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۲، ۲۴۱، ۲۴۷، ۲۵۰، ۲۹۰، ۳۱۸، ۳۱۹، ۳۴۴، ۳۴۶
محمد رضا انصاری فرنگی محلی (مفتی): ۴۸، ۹۷، ۱۰۶، ۳۱۷، ۳۵۹، ۴۰۷
رضی الدین احمد پوری (بیرسٹر): ۳۹۳
رضی الدین محمود فتح پوری: ۲۱۵
رعایت اللہ فرنگی محلی (مولوی): ۲۳۹
رعایت اللہ لکھنوی انصاری (شیخ): ۳۲۰
رکن الدین فتح پوری (قاضی): ۴۱۲
روح اللہ فرنگی محلی (مولوی): ۳۰۲، ۴۱۳
رئیس احمد جعفری: ۱۰۷

رینجی نالڈ ایڈورڈ ڈائر (جنرل): ۹۱

[ز]

زید ابو کرب: ۲۱۹

زید بن عمر: ۲۱۹

زہاد الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۹۹، ۳۱۰

[س]

سخاوت اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۹۱

سروجنی نائیڈو: ۵۹، ۶۰، ۹۲

سراج الحق فرنگی محلی ابن ملا نور الحق: ۲۵۰، ۲۵۱، ۲۸۳، ۲۹۸

سراج الحق ابن ملا ظہور اللہ فرنگی محلی: ۲۵۴

سراج الحق ابن وہاج الحق (حکیم): ۴۰۲

سراج الدین (مفتی): ۳۷۷

سعادت علی خاں (نواب اودھ): ۲۳۰، ۳۲۲، ۳۵۵

سعد الدین فرنگی محلی (ملا): ۲۳۲، ۲۵۰، ۲۹۰، ۳۴۸

سعید الحق فرنگی محلی: ۴۰۲

سعید باصیل (شیخ محمد): ۳۶۲

سعید سہالوی (ملا محمد): ۴۰، ۴۱، ۲۲۲، ۲۲۵، ۲۳۰، ۲۳۲، ۲۳۳، ۲۳۴، ۲۳۵، ۲۳۶، ۲۳۷، ۲۳۹، ۲۴۱، ۲۴۴، ۲۴۵، ۲۴۶، ۲۴۹، ۲۵۰، ۲۵۱، ۲۵۲، ۲۵۳، ۲۵۴، ۲۵۵، ۲۵۸، ۲۵۹، ۲۶۲، ۲۶۹، ۲۸۰، ۲۸۳، ۲۸۴، ۲۸۷، ۲۸۸، ۲۹۰، ۲۹۲، ۲۹۴، ۲۹۶، ۲۹۸، ۳۰۱، ۳۰۴، ۳۰۷، ۳۱۹، ۳۳۲، ۳۳۸، ۳۴۴، ۳۴۶، ۳۴۷، ۳۵۴

سعید عبد الرزاق فرنگی محلی (مولانا): ۴۵، ۳۷۰

سلام اللہ فرنگی محلی (ملا): ۲۴۴، ۲۴۹، ۳۴۸

سلامت اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۵، ۲۶، ۷۸، ۸۹، ۱۰۶، ۲۹۱، ۳۷۰، ۳۹۸

سلیم (خواجہ): ۴۱

سلیم ولی اللہ فرنگی محلی (مولوی، محمد): ۴۱۳

سلیمان پھلواروی (مولانا محمد) ۸۶، ۱۰۳

سلیمان فرنگی محلی (ملا محمد): ۲۸۹

سید سلیمان ندوی (مولانا): ۸۳، ۸۷، ۹۷، ۹۸

سمیع اللہ فرنگی محلی: ۲۴۵

سیف الدین کچلو (ڈاکٹر): ۱۰۳

[ش]

شاکر اللہ سندیلوی (شاہ): ۲۴۰، ۳۷۷، ۴۰۴

شاہ حقانی (مولانا): ۴۰۴

شاہ رام پوری (مولانا محمد): ۴۱۵

شاہد حسین (بیرسٹر): ۷۰

شاہد علی (مولانا): ۹۳
شائق فرنگی محلی (مولانا محمد): ۲۵۰، ۳۱۹
شبلی نعمانی (علامہ): ۳۹، ۵۳، ۶۹
شرافت اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۹۰، ۲۹۱، ۳۹۷
شرف الدین (شیخ): ۴۱
شرف الدین (مخدوم): ۴۱
شرف الدین اودھی (شیخ): ۲۱۶
شریف انس بن یعقوب حسنی: ۳۶۳
شریف جرجانی (سید): ۲۶۴
شریف مکہ (سید حسین بن علی): ۶۵، ۷۵، ۷۶، ۹۹، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۴
شعیب الدین (مولانا): ۴۱۵
شفیع حجت اللہ فرنگی محلی (مولانا محمد): ۲۹۱، ۳۹۹،
شمس الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۹۴، ۳۰۱، ۳۰۲،
شمس شنقیطی (شیخ): ۳۶۳
شوکت علی (مولانا): ۴۸، ۶۷، ۶۸، ۶۹، ۷۵، ۷۸، ۷۹، ۸۰، ۸۹، ۹۱، ۹۷، ۹۸، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۱۱

[ص]

صادق (مولانا محمد): ۸۹
صالح الستاری (شیخ): ۳۶۴
صباح الدین عبدالرحمن (سید): ۹۷، ۱۰۵
صبغت اللہ فرنگی محلی (مولانا): ۲۹۱
صدرالدین (منشی، رئیس بوہار): ۳۷۵
صدرالدین شیرازی (شیخ): ۲۷۷، ۲۹۷
صفدر فرنگی محلی (ملا محمد): ۲۵۱، ۲۹۵، ۳۱۹،
صفی اللہ فرنگی محلی (ملا): ۳۰۶، ۴۱۸
صمصام الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۵۱، ۲۹۹، ۳۴۹،

[ض]

ضابطہ خاں دارانگری: ۳۳۶
ضیاء الحق فرنگی محلی ابن ازہار الحق: ۲۲۹
ضیاء الحق فرنگی محلی ابن امان الحق: ۲۳۳

[ط]

طیب بنارسی (شاہ): ۴۱۱

[ظ]

ظہور الحسن فرنگی محلی (مولانا): ۲۵۳، ۲۵۴، ۳۵۴،
ظہور الحق فرنگی محلی ابن ازہار الحق: ۲۲۹، ۲۵۲، ۳۱۹، ۳۵۰،
ظہور الحق فرنگی محلی ابن فضل حق: ۲۳۳
ظہور اللہ ابن ظہور الحسن فرنگی محلی: ۲۵۴
ظہور اللہ (عرف ثناء اللہ فرنگی محلی): ۳۰۲، ۴۱۳

ظہور اللہ فرنگی محلی ابن ملا ولی (مفتی): ۲۳۱، ۲۳۷، ۲۴۸، ۲۵۲، ۲۵۳، ۲۶۹، ۲۸۶، ۲۸۷، ۳۰۰، ۳۰۴، ۳۰۷، ۳۲۳، ۳۳۹، ۳۵۰،
ظہور حسامی مانک پوری (مولانا): ۸۶
ظہور حسن فرنگی محلی (مولوی): ۲۵۴
ظہور علی ابن ظہور الحسن فرنگی محلی: ۲۵۴، ۳۵۲
ظہور علی فرنگی محلی ابن ملا حیدر (ملا): ۲۴۰، ۲۴۱، ۲۵۳، ۲۵۴، ۲۷۹، ۳۰۲، ۳۵۱، ۳۵۲،

[ع]

عابد سندھی مدنی (شیخ محمد): ۲۳۵، ۲۳۹، ۲۴۱، ۳۳۷،
عالم ثانی (شاہ): ۳۳۶
عباد الحق فرنگی محلی (ملا): ۲۸۳، ۲۹۹، ۳۵۹، ۳۸۷،
عباس بن صدیق مکی (شیخ، مفتی): ۳۶۲
عبد الاحد شمشاد فرنگی محلی (ملا): ۲۵۷، ۳۵۶، ۳۵۹، ۳۸۸،
عبد الاول فرنگی محلی (ملا): ۲۵۷، ۳۵۷
عبد الاعلیٰ فرنگی محلی: ۲۱۵، ۲۷۷، ۲۷۸، ۳۳۵، ۳۷۶،
عبد الباری فرنگی محلی (مولانا) ☆: ۳۹، ۲۶۵، ۲۸۰، ۳۰۰، ۳۵۴، ۳۵۸، ۳۵۹، ۳۶۹، ۳۷۰، ۳۷۱، ۳۹۷، ۳۹۸، ۳۹۹، ۴۱۲، ۴۱۳، ۴۲۰
عبد الباسط فرنگی محلی (مولانا): ۲۶، ۲۳۴، ۲۴۲، ۲۶۳، ۳۶۸،
عبد الباقی فرنگی محلی (ملا): ۴۲، ۴۴، ۱۰۱، ۲۱۵، ۲۲۷، ۲۳۳، ۲۴۵، ۲۵۴، ۲۵۸، ۲۶۰، ۲۶۱، ۲۶۵، ۲۷۶، ۲۸۴، ۲۹۱، ۲۹۲، ۲۹۹، ۳۶۲، ۳۶۳، ۳۶۶، ۳۷۴،
عبد الجامع فرنگی محلی (ملا): ۲۴۳، ۲۷۹، ۲۸۰، ۳۷۹،
عبد الجلیل لاہوری (مولانا): ۸۷
عبد الحفیظ عجمی مکی (شیخ): ۲۳۹
عبد الحق خیر آبادی (مولانا): ۳۹۴، ۴۱۵
عبد الحق فرنگی محلی (مولانا): ۲۵۹
عبد الحکیم فرنگی محلی (ملا): ۲۳۳، ۲۳۴، ۲۴۳، ۲۸۰، ۲۸۱، ۲۸۹، ۲۹۲، ۳۰۳، ۳۲۰، ۳۸۱، ۳۸۲، ۳۸۳، ۳۸۶،
عبد الحکیم گیاوی (مولانا): ۸۹

☆ کتاب کا پہلا باب مولانا عبد الباری فرنگی محلی کی حیات و کارنامے پر مشتمل ہے، اس لیے اس باب کے تقریباً ہر صفحے پر ان کا ذکر موجود ہے، جس کی وجہ سے اس کے صفحات نمبر نہیں دیے جا رہے ہیں، البتہ تیسرے اور چوتھے باب میں جہاں کہیں بھی اُن کے نام کے ساتھ ان کا ذکر آیا ہے، اس کا اشاریہ درج کیا گیا ہے۔

عبدالحلیم (شیخ): ۴۱، ۲۲۱

عبدالحلیم فرنگی محلی ابن امین اللہ (ملا): ۲۳۱، ۲۳۹
۲۴، ۲۵۱، ۲۵۴، ۲۶۹، ۲۷۱، ۲۷۹، ۲۸۳،
۲۸، ۲۸۸، ۲۹۴، ۳۰۲، ۳۴۰، ۳۷۱،
۳۷، ۴۱۹

عبدالحلیم فرنگی محلی ابن عبدالحکیم: ۲۳۳، ۲۳۴
۲۸، ۲۸۲، ۲۸۳، ۳۸۶،

عبدالحلیم گجراتی (مولانا): ۸۷

عبدالحمید ثانی (سلطان ترکی): ۶۵، ۷۵

عبدالحمید فرنگی محلی (ملا): ۲۳۳، ۲۳۴
۲۲۵، ۲۸۱، ۲۸۲، ۲۸۳، ۲۸۴، ۳۸۶، ۴۱۵

عبدالحی ابن ملا محمد رضا (ملا): ۲۴۷

عبدالحی رائے بریلوی (مولانا سید): ۵۶، ۶۴،

عبدالحی فرنگی محلی (ابوالحسنات، مولانا): ۳۹، ۴۲،
۶۱، ۲۱۵، ۲۳۴، ۲۵۲، ۲۵۷، ۲۶۰، ۲۶۲،
۲۷، ۲۸۲، ۲۸۳، ۳۰۸، ۳۱۷، ۳۴۰، ۳۷۱
۳۷، ۳۷۳، ۳۸۴، ۴۲۰

عبدالخالق فرنگی محلی (ملا): ۲۸۱، ۲۸۲
۳۸،

عبدالرب ابن ملا سعدالدین: ۲۵۰

عبدالرب فرنگی محلی (ملا): ۲۳۳، ۲۳۴
۲۷، ۲۷۹، ۲۸۰، ۲۸۱، ۲۹۰، ۲۹۴، ۳۰۲،
۳۱، ۳۷۸، ۳۸۱، ۳۸۴، ۳۸۶،

عبدالرشید فرنگی محلی (ملا): ۲۸۲، ۳۸۵،
۳۸۷،

عبدالرحمن پنجابی (مولانا): ۲۴۱

عبدالرحمن دوگانوی (شیخ): ۳۸۶

عبدالرحمن صوفی (شیخ): ۲۹۸

عبدالرحمن فرنگی محلی (ملا): ۲۷۹، ۳۸۰

عبدالرحمن گیلانی بغدادی (سید): ۴۳، ۴۴،
۳۶۲،

عبدالرحمن موحد لکھنوی (شیخ): ۳۲۴

عبدالرحیم فرنگی محلی (ملا): ۲۵۶، ۲۵۷
۳۵۵، ۳۸۸،

عبدالرزاق ابن ملا غلام دوست محمد: ۲۳۸

عبدالرزاق بانسوی (شیخ سید): ۵۵، ۲۲۶،
۲۳۰، ۲۴۷، ۲۹۸، ۳۲۲، ۳۶۹،

عبدالرزاق فرنگی محلی (ملا): ۴۰، ۴۱،
۴۳، ۴۴، ۶۶، ۲۳۳، ۲۳۴، ۲۳۶، ۲۵۰،
۲۵۱، ۲۵۷، ۲۶۰، ۲۶۱، ۲۶۲، ۲۶۳، ۲۶۴،
۲۶۵، ۲۸۰، ۲۸۸، ۲۹۱، ۳۰۵، ۳۲۵، ۳۴۲
۳۵۲، ۳۵۷، ۳۶۰، ۳۶۶، ۳۶۷، ۳۷۴،
۳۸۰، ۴۲۰

عبدالرؤف فرنگی محلی (مولانا): ۴۵، ۴۷،
۶۲، ۲۶۵، ۳۰۱، ۳۶۹، ۴۱۰، ۴۲۰

عبدالستار فرنگی محلی (ملا): ۳۸۰

عبدالسلام دیوی (ملا): ۲۲۱
عبدالسلام ابن عبدالقدوس فرنگی محلی: ۲۵۶
عبدالسلام محمد بقا فرنگی محلی (ملا): ۲۵۷، ۳۵۸، ۳۸۸
عبدالشکور مظفر پوری (مولانا): ۸۶
عبدالصمد فرنگی محلی (ملا): ۲۲۸، ۳۱۹
عبدالعزیز (حکیم): ۲۳۳، ۲۹۲، ۲۹۹
عبدالعزیز فرنگی محلی ابن ملا محمد سعید: ۲۳۰، ۲۴۹، ۲۵۵، ۲۵۶، ۲۵۸، ۲۶۹، ۲۷۹، ۲۸۸، ۲۹۰، ۲۹۶، ۳۰۷، ۳۱۹، ۳۵۴،
عبدالعزیز فرنگی محلی ابن ملا عبدالرحیم: ۷۸، ۲۵۷، ۲۵۸، ۳۵۸، ۳۵۹،
عبدالعزیز محدث دہلوی (شاہ): ۲۶۲
عبدالعلی (بحر العلوم، ملا): ۳۹، ۲۱۵، ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۴، ۲۳۶، ۲۴۳، ۲۵۲، ۲۵۵، ۲۶۴، ۲۷۶، ۲۷۷، ۲۷۸، ۲۷۹، ۲۸۰، ۲۸۱، ۲۹۸، ۳۰۳، ۳۲۱، ۳۳۲، ۳۳۵، ۳۳۶، ۳۵۳، ۳۶۰، ۳۶۱، ۳۷۳، ۳۷۵، ۳۷۶، ۳۷۸، ۳۸۱، ۳۸۲، ۳۸۶، ۴۰۵، ۴۰۹، ۴۱۶، ۴۱۷
عبدالعلی (حکیم): ۳۲۹
عبدالعلی مکی بابی تراب فرنگی محلی (ملا): ۲۸۰، ۳۸۱
عبدالعلیم آسی غازی پوری (مولانا): ۳۵۷
عبدالغفار فرنگی محلی (مولانا): ۴۳، ۲۱۵، ۲۷۹، ۲۸۰، ۳۶۰، ۳۸۰
عبدالغفور فرنگی محلی (مولوی): ۲۸۶، ۳۵۶
عبدالغنی فرنگی محلی ابن غلام نبی: ۲۸۶
عبدالغنی فرنگی محلی ابن عبدالخالق (ملا): ۲۸۲، ۳۸۵
عبدالغنی مجددی دہلوی (مولانا): ۲۷۱
عبدالقادر ابن عبدالخالق فرنگی محلی: ۲۸۲
عبدالقادر جیلانی بغدادی (شیخ): ۱۰۲، ۲۴۷، ۲۶۳، ۲۶۴، ۳۶۶، ۳۶۹، ۴۰۰
عبدالقادر حموی گیلانی (شیخ، سید): ۳۹۹
عبدالقادر فرنگی محلی (مفتی): ۲۵۸، ۳۵۹، ۳۸۴
عبدالقدوس فرنگی محلی (ملا): ۲۵۶، ۲۸۸، ۳۰۴، ۳۰۷، ۳۵۴، ۳۵۵
عبدالقدیر عثمانی بدایونی (مفتی): ۸۶، ۸۹، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳
عبدالقیوم محمد قائم فرنگی محلی (ملا): ۲۵۸، ۳۵۹
عبدالکریم (شیخ): ۳۱، ۲۲۱
عبدالکریم (چودھری): ۲۵۰
عبداللہ (مولانا): ۸۹
عبداللہ ابن ابوایوب انصاری: ۲۱۸
عبداللہ ابن ملا غلام دوست محمد: ۲۳۸

بداللہ القدوسی (شیخ): ۳۶۳
بداللہ بغدادی (شیخ): ۲۹۰، ۳۲۲
بداللہ بن حسن مکی (شیخ): ۳۶۲
بداللہ فرنگی محلی ابن خلیل اللہ: ۲۴۵، ۳۰۰
بداللہ الانصاری (شیخ): ۴۱، ۲۱۷
بدالماجد بدایونی (مولانا): ۷۸، ۸۶،
۸، ۱۰۳
بدالماجد دریابادی (مولانا): ۴۶، ۴۸،
۵۵، ۶۰، ۱۰۷، ۱۱۰
بدالماجد فرنگی محلی (حافظ): ۲۸۲
بدالمجید ابوالغنا فرنگی محلی (ملا،): ۲۳۴، ۲۸۲
۲۸۴، ۲۹۱، ۳۷۴، ۳۸۵، ۳۸۶، ۴۱۵
بدالنافع فرنگی محلی (ملا): ۲۴۴، ۲۷۹
۳۷۹، ۴۱۶
بدالواجد خیرآبادی (ملا): ۲۹۹، ۳۱۱،
۴۱
بدالواجد فرنگی محلی (ملا): ۲۷۸، ۳۷۸
۳۸
بدالواحد فرنگی محلی (ملا): ۲۴۵، ۲۷۸
۳۷،
بدالوالی فرنگی محلی (ملا): ۲۳۵، ۲۴۲
۲۴، ۲۵۸، ۲۶۲، ۲۶۴، ۲۸۰، ۲۹۰، ۳۰۷
۳۳، ۳۳۹، ۳۴۰، ۳۴۳، ۳۶۰، ۳۶۱،

۳۷۴، ۳۸۱، ۳۹۲، ۳۹۶، ۴۰۱
عبدالولی محمد عتیق فرنگی محلی (مفتی): ۲۸۳، ۳۸۶
عبدالوحید (حکیم): ۲۳۳، ۲۹۲
عبدالوحید فرنگی محلی (ملا): ۲۴۵، ۲۷۸
۲۸۸، ۳۷۸
عبدالولی (حکیم): ۲۳۳
عبدالوہاب (حافظ): ۴۱
عبدالوہاب ابن عبدالرحیم فرنگی محلی: ۲۵۶، ۳۵۶
عبدالوہاب بہاری (مولوی): ۳۰۸
عبدالوہاب فرنگی محلی (ملا): ۴۰، ۴۲،
۴۴، ۲۳۳، ۲۶۱، ۲۶۴، ۲۶۵، ۳۰۱، ۳۶۸،
۳۶۹، ۳۷۴، ۳۸۵
عبدالہادی بدایونی (مولانا): ۱۰۰، ۱۰۲
عبدالہادی فرنگی محلی (ملا): ۲۱۶، ۲۶۱،
۳۶۶، ۴۱۳
عتیق اللہ ابن احسان اللہ فرنگی محلی: ۴۱۳
عتیق اللہ ابن نور اللہ فرنگی محلی: ۴۱۳
عثمان علی خاں (نظام دکن، نواب): ۵۵، ۳۶۳
عثمان منصور پوری (سید، محمد): ۹۰
عدیل عباسی (قاضی): ۶۱، ۶۸، ۶۹،
۸۱، ۸۳، ۸۹
